# حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت

مصنف:
مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

حضرت مولانا الیاس رحمۃ اللہ علیہ

اوران کی

# دینی دعوت

مفکر اسلام

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ

طیّب پبلشرز

5۔ یوسف مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

فون: 0333-4394686 - 042-7241778

کتاب: حضرت مولانا الیاس رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی دینی دعوت

مصنف: مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ

اشاعت: 2009ء

طبع: حاجی حنیف اینڈ سنز

اہتمام: محبوب الرحمٰن انور

برائے: طیب پبلشرز، 5۔ یوسف مارکیٹ

غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

قیمت: -/180 روپے

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | ''پیغام برقوم'' اوراس کے اصول دعوت (ازعلامہ سید سلیمان ندویؒ) | 9 |
| 2 | مقدمہ (ازمولانا محمد منظور نعمانیؒ) | 26 |
| 3 | باب: اوّل | 36 |
| 4 | خاندان، ماحول، نشوونما، تعلیم وتکمیل | 36 |
| 5 | مولانا محمد اسماعیل صاحبؒ | 36 |
| 6 | مفتی الٰہی بخش صاحبؒ اوران کا خاندان | 36 |
| 7 | مولانا محمد مظفر حسین صاحبؒ | 37 |
| 8 | مولانا محمد اسماعیل صاحبؒ کی زندگی | 38 |
| 9 | عام مقبولیت | 39 |
| 10 | میوات سے تعلق کی ابتداء | 39 |
| 11 | مولانا محمد اسماعیل صاحبؒ کی وفات | 40 |
| 12 | مولانا کے صاحبزادے | 40 |
| 13 | مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی ولادت | 41 |
| 14 | آپ کا خاندان، ماحول اور بچپن | 41 |
| 15 | امی بی | 42 |
| 16 | مولانا کی والدہ ماجدہ اوران کے معمولات | 42 |
| 17 | مکتبی تعلیم اور بچپن کا رنگ | 43 |
| 18 | گنگوہ کا قیام | 43 |
| 19 | مولانا گنگوہیؒ سے بیعت وتعلق | 44 |
| 20 | مولانا محمد یحییٰ صاحبؒ کا طرز تعلیم | 45 |
| 21 | علالت، تعلیم کا انقطاع اوردوبارہ اجراء | 45 |

| | | |
|---|---|---|
| 22 | مولانا گنگوہیؒ کی وفات | 46 |
| 23 | حدیث کی تکمیل | 46 |
| 24 | مولانا خلیل احمد صاحبؒ سے رجوع اور تکمیل سلوک | 47 |
| 25 | عبادات ونوافل کا انہماک | 47 |
| 26 | جذب وشوق کی ایک مثال | 48 |
| 27 | دوسرے مشائخ اور بزرگوں سے تعلق | 48 |
| 28 | مجاہدانہ جذبات | 49 |
| 29 | بزرگوں کی نگاہ میں آپ کی وقعت | 49 |
| 30 | مظاہرالعلوم میں خدمت تدریس | 50 |
| 31 | نکاح | 51 |
| 32 | پہلا حج | 51 |
| 33 | مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ کی وفات | 52 |
| | **باب: دوم** | 53 |
| 34 | بستی حضرت نظام الدین کا قیام، تدریس اور اہتمام | 53 |
| 35 | مولانا محمد صاحبؒ کی وفات | 53 |
| 36 | نظام الدین منتقل ہونے کی تجویز | 54 |
| 37 | تشویشناک علالت اور زندگی سے مایوسی | 55 |
| 38 | نظام الدین منتقلی | 55 |
| 39 | مجاہدہ وعبادت | 57 |
| 40 | درس کا انہماک ومحنت | 57 |
| | **باب: سوم** | 59 |
| 41 | میوات میں اصلاح وتعلیم کے کام کی ابتداء | 59 |
| 42 | میوات | 59 |
| 43 | میو قوم | 59 |
| 44 | میواتیوں کی دینی واخلاقی حالت | 60 |
| 45 | میواتیوں کی قومی صفات | 63 |

| نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 46 | میواتیوں کی آمد و رفت کا سلسلہ | 64 |
| 47 | اصل علاج دینی تعلیم | 65 |
| 48 | میوات چلنے کی شرط | 65 |
| 49 | مکاتب کا آغاز | 66 |
| 50 | مکاتب کے اخراجات | 67 |
| 51 | باب: چہارم | 68 |
| 52 | میوات میں طلب دین کی عمومی تحریک | 68 |
| | مکاتب اور جزئی اصلاح سے نا اُمیدی | 68 |
| 54 | دوسرا حج اور کام کے رُخ میں تبدیلی | 70 |
| 54 | تبلیغی گشت کی ابتداء | 71 |
| 55 | تیسرا حج | 71 |
| 56 | میوات کے دو دورے | 72 |
| 57 | تبلیغی جماعتیں دینی مرکزوں کی طرف | 73 |
| 58 | پہلی جماعت کاندھلہ کے لئے | 74 |
| 59 | دوسری جماعت رائے پور کے لئے | 75 |
| 60 | میوات کے منظم دورے | 75 |
| 61 | میوات میں دین کی عام اشاعت | 76 |
| 62 | فضا کی تبدیلی | 77 |
| 63 | دہلی کے مبغلین | 80 |
| 64 | آخری حج اور حرمین میں دعوت | 80 |
| 65 | ایک عارف کی توثیق | 82 |
| 66 | ہندوستان کو واپسی | 83 |
| 67 | باب: پنجم | 85 |
| 68 | میوات میں کام کا استحکام اور میوات کے باہر شہروں میں دعوت تبلیغ | 85 |
| 69 | مولانا کے قلبی تاثرات اور دعوت کا محرک | 85 |
| 70 | دہلی میں میواتیوں کا قیام | 90 |

| نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 71 | اہل علم کی طرف توجہ | 91 |
| 72 | دینی مرکزوں میں کام کے اصول | 92 |
| 73 | اہل بصیرت کا اطمینان | 93 |
| 74 | مولانا کا جوش ویقین اور اہل علم کی کم توجہی | 94 |
| 75 | بے التفاتی کے اسباب | 95 |
| 76 | سوز دروں | 96 |
| 77 | سہارنپور میں تبلیغی جماعتوں کا تسلسل | 97 |
| 78 | سہارنپور مظفر نگر کے اطراف کے تبلیغی دورے | 98 |
| 79 | باہر سے لوگوں کی آمد | 98 |
| 80 | دہلی کے کام کی تنظیم | 99 |
| 81 | دہلی کے سوداگروں میں دین کی رو | 100 |
| 82 | اہل ثروت کا رجوع اور مولانا کا اصول | 101 |
| 83 | میوات کے جلسے | 102 |
| 84 | نوح کا بڑا جلسہ | 104 |
| 85 | تبلیغی جماعتیں باہر کو | 105 |
| 86 | کراچی کو | 106 |
| 87 | لکھنؤ کا سفر | 106 |
| | باب: ششم | 110 |
| 88 | مرض وفات اور زندگی کے آخری حالات | 110 |
| 99 | علماء سے ربط | 112 |
| 90 | مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کی طرف توجہ | 113 |
| 91 | علالت کا اشتداد | 114 |
| 92 | علماء کی آمد | 115 |
| 93 | سندھ کو تیسری جماعت | 116 |
| 94 | پشاور کی جماعت کی آمد | 116 |
| 95 | نظام الدین کا نظام اوقات اور ماحول | 117 |
| 96 | دعوت کا انہماک | 122 |

| | | |
|---|---|---|
| 97 | آخری مہینہ | 126 |
| 98 | خطرہ کا قرب | 128 |
| 99 | علاج کی تبدیلی | 128 |
| 100 | تیماردار اور خاص خدمت گزار | 129 |
| 101 | باہر کام کا فروغ | 130 |
| 102 | دعوت کی سرگرمی | 130 |
| 103 | خصوصی اہتمام | 132 |
| 104 | دہلی کے جلسے | 134 |
| 105 | مجمع کی زیادتی اور ہجوم | 135 |
| 106 | مولانا عبدالقادر صاحب کی آمد | 135 |
| 107 | غلط خبر | 135 |
| 108 | آخری ایام | 136 |
| 109 | آخری شب | 138 |
| 110 | غسل اور تجہیز و تکفین | 139 |
| 111 | پسماندگان | 140 |
| 112 | حلیہ | 140 |
| 113 | باب: ہفتم | 141 |
| | خصوصی صفات و امتیازات | 141 |
| 114 | ایمان و احتساب | 141 |
| 115 | احسانی کیفیت | 148 |
| 116 | قیامت کا استحضار اور آخرت کا تمثل | 149 |
| 117 | کامل یکسوئی اور انہماک | 150 |
| 118 | مقصد کا عشق | 152 |
| 119 | درد و بےقراری | 155 |
| 120 | جہد و مشقت | 159 |
| 121 | علو ہمت | 164 |
| 122 | | |

| | | |
|---|---|---|
| 123 | دینی حمیت | 168 |
| 124 | اتباع سنت | 170 |
| 125 | حلم وبردباری | 172 |
| 126 | رعایت حقوق | 173 |
| 127 | اخلاق وتواضع | 174 |
| 128 | وسعت قلب | 182 |
| 129 | استقامت | 185 |
| 130 | دُعااورانابت الی اللہ | 187 |
| | **باب: ہشتم** | 193 |
| 131 | مولانا کی دعوت کاذہنی پس منظر،اس کے اصول ومبادی اوراس کی دینی | 193 |
| 132 | وفکری اساس | |
| 133 | مسلمانوں میں ایمان ویقین کے تنزل کااحساس | 193 |
| 134 | زندگی کے رُخ کی تبدیلی | 194 |
| 135 | مسلمانوں میں دینی طلب اورقدر کافقدان | 194 |
| 136 | طلب واحساس کی تبلیغ | 196 |
| 137 | طریق کار | 197 |
| 138 | نظام کار | 199 |
| 139 | دینی کاموں کے لئے زمین ہموار کرنے کی ضرورت | 202 |
| 140 | تحریک ایمان | 203 |
| 141 | غافلوں اوربے طلبوں کودعوت | 204 |
| 142 | دین کی جڑ کی طرف توجہ کی ضرورت | 207 |
| 143 | سیاست سے پہلے دعوت | 209 |
| 144 | اصلاح کے لئے ماحول اورفضا کی تبدیلی ضروری ہے | 210 |
| 145 | ذکروتعلیم کاعمومی طریق | 213 |
| 146 | اس سفر کے خاص تاثرات | 222 |

# پیغامبر قوم اوراس کے اصول دعوت

(از حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ)

**زیر نظر کتاب (مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت) کا جب دوسرا ایڈیشن چھپ کر تیار ہوا تو اس پر مقدمہ لکھنے کے لئے حضرت سید صاحبؒ سے درخواست کی گئی، ذیل کا مقالہ اسی درخواست پر کتاب ھذا کے مقدمہ ھی کے طور پر لکھا گیا ھے جو افادیت کے اعتبار سے مستقل مقالہ کی حیثیت بھی رکھتا ھے۔ ھمارے ناظرین بالخصوص دین کی دعوت و تبلیغ کرنے والے اگر غور سے پڑھیں گے تو نہایت مفید اور بصیرت افروز ھدایت انھیں اس سے ملے گی۔**

**محمد منظور نعمانی عفی اللہ عنہ**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلام ایک پیغام الٰہی اور اس پیغام کی حامل اُمت مسلمہ ہے، یہ وہ حقیقت ہے جس کی طرف سے نہ صرف عام مسلمانوں بلکہ مسلمان علماء ومشائخ تک نے اس سے اعراض اور تغافل برتا، اور اس حقیقت کو بالکل بھلا دیا ہے، اسی کا نتیجہ ہے کہ مسلمان اپنے کوانہیں معنوں میں قوم سمجھنے لگے جن معنی میں دنیا کی قومیں اپنے کو قوم سمجھتی ہیں، ان میں سے کوئی تو وطنیت کے سہارے اپنی قومیت کی دیوار کھڑی کرتا ہے، کسی نے نسل کو قومیت کا معیار سمجھا، اور ان میں سے جو سمجھ سکتے ہیں وہ زیادہ سے زیادہ یہ سمجھتے ہیں کہ مسلمان قوم، قومیت اور نسل سے نہیں، بلکہ مذہب کی بنیاد پر قوم ہے، حالانکہ حقیقت حال اس بھی آگے ہے، اور وہ یہ کہ مسلمان وہ جماعت ہے، جو اللہ کی طرف سے ایک خاص پیغام لے کر دنیا میں آئی ہے، اس پیغام کو قائم رکھنا اور اس کو پھیلانا اور اس کی طرف لوگوں کو دعوت دینا اس کی زندگی کا تنہا فریضہ ہے، اس پیغام کے ماننے والوں کی ایک

برادری ہے، جس کے حقوق ہیں، یہی ان کی قومیت ہے۔

اس حقیقت کے ظاہر ہونے کے بعد مسلمان قوم کا سب سے بڑا فرض اس پیغام الٰہی کی معرفت اس کی بجا آوری، اس کی تعلیم، اس کی دعوت اور اس کی اشاعت، اور اس کے حلقہ بگوشوں کی ایک پوری برادری کا قیام اور اس کے حقوق کو بجالانا ہے۔

لیکن افسوس ہے کہ مسلمانوں نے ایک صدی کے اندر اندر اپنے اس فرض کو بھلا دیا، ہمارے سلاطین اور بادشاہوں نے ملک گیری اور کشور کشائی پر قناعت کی اور عیش و آرام اور جاگیر و خراج کی دولت کو اپنی زندگی کا ماحصل قرار دیا، علماء نے درس و تدریس اور فتنوں سے عزلت نشینی کی زندگی پر کفایت کی، درویشوں اور صوفیوں نے تسبیح و سجادہ کی آرائش پر بس کی، اور زندگی کے کاروبار سے اپنے کو الگ کرلیا، نتیجہ یہ ہے اُمت رہبری اور رہنمائی کے بغیر اپنے حال سے غافل ہورہ گئی، اور اُمت مسلمہ کی زندگی کی غرض و غایت اس کے سارے طبقوں سے مخفی ہوگئی۔

## اُمت مسلمہ کا فریضہ:

قرآن پاک اور احادیث صحیحہ کے نصوص سے یہ ثابت ہے کہ امت مسلمہ اپنے نبی کی تعبیت میں امم عالم کی طرف معبوث ہے، اس امت کو باہر ہی اس لئے لایا گیا ہے اور وہ دعوت و تبلیغ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرض کو انجام دے، جیسا کہ یہ آیت پاک کھلے لفظوں میں ظاہر کررہی ہے۔

| كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (آل عمران۔ رکوع ۱۲) | تم اے مسلمانو! بہترین امت ہو جو لوگوں کے لئے ظاہر کی گئی ہے، اچھے کاموں کو بتاتے ہو اور برے کاموں سے روکتے ہو |
| --- | --- |

اس آیت نے بتایا کہ امت مسلمہ کی دوسری امتوں کے لیے باہر لائی گئی ہے، اس کی پیدائش کی غرض بھی یہی ہے کہ وہ امم عالم کی خدمت کرے، اور ان میں خیر کی دعوت اور معروف کی اشاعت اور منکر کی ممانعت کرے، ایسی حالت میں اگر یہ امت اپنے اس فرض سے غفلت برتے، تو وہ اپنی زندگی کے مقصد کو پورا کرنے سے عاری ہے۔ اس آیت سے چند آیتیں اوپر یہ تصریح ہے کہ ہر زمانے میں امت مسلمہ پر یہ فرض کفایہ ہے کہ اس کی کچھ جماعت اسی کام میں لگی رہے، اور اگر اس سے مسلمانوں نے پہلوتہی کی تو ساری امت مسلمہ گنہگار ٹھہرے گی، اور اگر کچھ جماعتوں نے اس

فرض کو انجام دیا، تو یہ فرض پوری امت کی طرف سے ادا ہو جائے گا۔ ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (آل عمران 11) | اور چاہیے کہ تم میں ایک جماعت ایسی رہے جو لوگوں کو نیک کی دعوت کرتی رہے اور اچھے کاموں کی تعلیم دیتی رہے اور بری باتوں سے روکتی رہے، اور یہی وہ لوگ ہیں جو فلاح پانے والے ہیں |

پوری امت کی صلاح وفلاح اور دوا و معالجہ کے لئے یہی جماعت ذمہ دار ٹھہرائی گئی، اس کے تین فرض قرار دیئے گئے، پوری امت بلکہ ساری انسانیت کو خیر کی دعوت، معروف کی اشاعت اور منکر کی ممانعت۔ جب تک اور جس نسبت سے امت کے اندر اس جماعت کے افراد رہے یہ فریضہ پورا ہوتا رہا، اور حدیث خیر القرون کے مطابق جماعت صحابہؓ جماعت تابعین، جماعت تبع تابعین کے بعد جماعت گھٹ کر افراد رہ گئے۔

دولت وسلطنت مقصود اول نہیں:

اس راہ میں سب سے بڑی ضلالت دولت وسلطنت کے منتہائے مقصود سمجھنے سے آئی، اور حضور انور ﷺ کا یہ خیال ہے کہ:

" اِنِّیْ لَآ اَخَافُ عَلَيْكُمُ الْفَقْرَ وَ لٰكِنْ اَخَافُ اَنْ تَبْسُطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا "

بالکل درست نکلا، دنیا نے جب اپنی وسعتوں، عیش پرستیوں اور دولت مندیوں کے ساتھ مسلمانوں پر سایہ ڈالا، تو وہ صرف کشورستانی، ملک گیری اور باج خراج کو امت مسلمہ کی زندگی کا حاصل سمجھے اور دولت اسلام کے بجائے مسلمانوں کی سلطنت پر قانع ہو گئے، یعنی ایسی سلطنت کو اپنا مقصد سمجھ بیٹھے، جس کا حاکم کوئی مسلمان نام ہو، حالانکہ مقصد یہ تھا کہ اسلام کی شریعت اور اسلام کی سیاست عادلہ کی حکومت قائم کی جائے اور یہ سلطنت وحکومت اس نظام وعدل کے قیام کا سب سے بڑا اور سب سے قوی ذریعہ ہو۔ جیسا کہ اس آیت پاک کا منشا ہے:

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ۔ وَ اَقَامُو الصَّلٰوةَ وَ اٰتوا زكوٰة وامروا بالمعروف و نهوا عن المنكر ولله عاقبة الامور

وہ لوگ جن کو ہم زمین میں طاقت بخشیں، تو نماز کھڑی کریں، اور زکوۃ دیں اور اچھی بات کا حکم

کریں، اور بُری بات سے روکیں، اور اللہ ہی کے لئے ہے کاموں کا انجام۔

## اُمت مسلمہ جانشین نبی ﷺ ہے:

امت مسلمہ فرائض نبوت میں سے دعوت خیر اور بالمعروف اور نہی منکر میں نبی ﷺ کی جانشین ہے، اس لئے رسول کریم ﷺ کو کار نبوت کے جو تین فرض عطا ہوئے ہیں: تلاوت احکام، تعلیم کتاب وحکمت اور تزکیہ یہ تینوں فرض اُمت مسلمہ پر بھی بطور کفایہ عائد ہیں، چنانچہ قرنا بعد قرن اکابر ائمہ اُمت نے ان تینوں فریضوں کی ادائیگی میں پوری توجہ اور کوشش مبذول فرمائی اور انہیں کے مجاہدات کا نور ہے جس سے کاشانہ اسلام میں روشنی ہے، نبوت کے یہ تینوں فرض اس آیت میں یکجا ہیں:

| | |
|---|---|
| رسولاً منهم يتلوا عليهم ايته و يزكيهم و يعلمهم الكتاب و الحكمة | ایک رسول اور انہیں میں سے جو اللہ کی آیتوں کو پڑھ کر سناتا اور ان کو پاک صاف کرتا اور کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے |

## تعلیم اور تزکیہ کی یکجائی:

رسول کریم ﷺ نے ان تینوں فرائض کو بحسن خوبی وانجام دیا، اور لوگوں کو احکام الٰہی اور آیات ربانی پڑھ کر سنائے اور ان کو کتاب الٰہی اور حکمت ربانی کی باتیں سکھائیں اور اسی پر اکتفانہ کیا بلکہ اپنی صحبت، فیض تاثیر اور طریق تدبیر سے پاک وصاف بھی کیا، نفوس کا تزکیہ فرمایا، قلوب کے امراض کا علاج کیا، اور برائیوں اور بدیوں کے زنگ اور میل کو دور کر کے اخلاق انسانی کو نکھارا اور سنوارا، یہ دونوں ظاہری باطنی فرض یکساں اہمیت سے ادا ہوتے رہے، چنانچہ صحابہؓ اور ان کے بعد تابعین اور پھر تبع تابعین کے تین قرنوں تک یہ دونوں ظاہری وباطنی کام اسی طرح توام رہے، جو استاد تھے وہ شیخ تھے اور جو شیخ تھے وہ استاد تھے، وہ جو مسند درس کا جلوہ دیتے تھے، وہ خلوت کے شب زندہ دار اور اپنے ہم نشینوں کے تزکیہ وتصفیہ کے بھی ذمہ دار تھے۔ ان تینوں طبقوں میں استاد اور شیخ کی تفریق نظر نہیں آتی۔

## تعلیم اور تزکیہ میں تفریق:

اس کے بعد وہ دور آنا شروع ہوا جس میں مسند ظاہر کے درس گو باطن کے کورے، اور باطن کے روشن دل ظاہر سے عاری ہونے لگے اور عہد بہ عہد ظاہر وباطن کی یہ خلیج بڑھتی ہی چلی گئی۔ تا آنکہ

علوم ظاہر کیلئے مدارس کی چہار دیواری اور تعلیم وتزکیہ باطن کے لئے خانقاہوں اور رباطوں کی تعمیر عمل میں آئی اور وہ مسجد نبویؐ جس میں یہ دونوں جلوے یکجا تھے، اس کی تجلیات مدرسوں اور خانقاہوں کے دو حصوں میں تقسیم ہو گئیں، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مدارس سے علماء دین کی جگہ علماء دنیا نکلنے لگے اور باطن کے مدعی علم شریعت کے اسرار و کمالات سے جاہل ہو کر رہ گئے۔

فلاح دونوں کی یکجائی میں ہے:

تاہم اس دور کے بعد بھی ایسی مستثنیٰ ہستیاں پیدا ہوتی رہیں جن میں نور نبوت کے یہ دونوں رنگ بھرے تھے اور غور سے دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ اسلام میں جن بزرگوں سے فیوض پہنچے اور پھیلے، وہ وہی تھے جو ان دونوں کے جامع تھے۔ امام غزالیؒ جن سے علوم معقول و منقول نے جلوہ پایا، علم حقیقت نے بھی انہیں کے ذریعہ ظہور پایا، حضرت شیخ ابوالنجیب سہروردیؒ ایک طرف شیخ طریقت ہیں تو دوسری طرف مدرسہ نظامیہ کے مدرس، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ امام وقت اور شیخ طریقت دونوں ہیں، یہاں تک وہ لوگ جن کو علمائے ظاہر سمجھا جاتا تھا جیسے حضرات محدثین امام بخاریؒ، ابن حنبلؒ سفیان ثوریؒ وغیرہ، وہ بھی اس جامعیت سے سرفراز تھے، متوسطین میں علامہ ابن تیمیہ اور حافظ ابن قیم رحمہم اللہ تعالیٰ کو ناواقف باطن سے خالی سمجھتے ہیں، حالانکہ ان کے احوال وسوانح ان برکات باطنی سے لبریز ہیں۔ ابن قیمؒ کی ''مسالک السالکین'' وغیرہ کتابیں پڑھیے تو اندازہ ہوگا کہ وہ آرائش ظاہر اور جمال باطن دونوں سے آراستہ تھے۔

ہندوستان میں جن بزرگوں کے دم قدم سے اسلام کی روشنی پھیلی، وہ حقیقت میں وہی تھے جن کی ذات میں مدرسہ اور خانقاہ کی جامعیت تھی کہ وہ اسوہ نبوت کے قریب تر تھے، اس لئے ان کا فیض بعید سے بعید تر حصہ تک پھیلتا چلا گیا، آسمانی دلی کے مہر و ماہ اور تارے شاہ عبدالرحیم صاحب سے لے کر شاہ اسماعیل تک کو آپ ایک ایک کر کے دیکھیں تو ظاہر و باطن کے علوم والوں کی یکجائی کا نظارہ آپ کو ہوگا، اور اس سے ان کے علمی و روحانی برکات کی وسعت کی حقیقت آشکارہ ہو جائے گی۔ وہ علوم کی تدریس **یعلمھم الکتاب و الحکمۃ** کا جلوہ دکھاتے تھے اور حجروں میں بیٹھ کر ''**یزکیھم**'' کی جلوہ ریزی فرماتے تھے۔

پھر ان کے بعد ان کے فیوض و برکات کے جو حامل ہوئے جن کی نشاندہی چنداں ضروری نہیں کہ ''**سیما ھم فی وجوھھم من اثر السجود**'' ان سے دنیا کو فیض پہنچا اور دین کی اشاعت و تبلیغ اور قلوب ونفوس کے تزکیہ اور تصفیہ کا جو کام انجام پایا وہ بھی ظاہر و باطن کی اسی

جامعیت کے آئینہ دار تھے، اور آئندہ بھی سنن الٰہیہ کے مطابق دین کا فیض جن سے پھیلے گا وہ وہی ہوں گے جن سے مدرسیت اور خانقاہیت کی دو سوتیں ایک چشمہ بن کر بہیں گی۔

آنکھوں کا نور شب بیداری سے بڑھتا اور زبان کی تاثیر ذکر کی کثرت سے پھیلتی ہے، رات کے راہب ہی اسلام میں دین کے سپاہی ثابت ہوئے ہیں۔ سوانح و تراجم کا سیزدہ صد سالہ دفتر اس دعوے کا شاہد ہے، زبان کی روانی اور قلم کی جولانی دل کی تابانی کے بغیر سراب کی نمود سے زیادہ نہیں، خواہ وہ اس وقت کتنا ہی تابناک نظر آتا ہو، مگر وہ مستقل اور مستقبل وجود سے محروم ہے۔

مزاج نبوت توام ملت ہے:

اس کی ایک خاص وجہ ہے، اور وہ یہ کہ ہر قوم اور ہر ملت کا ایک مزاج ہوتا ہے، جب تک پیش نظر اصلاح وتجدید کا کام قوم وملت کے مزاج کے مطابق نہ ہوگا، اس کو کامیابی و سرسبزی حاصل نہ ہو گی۔ اس وقت ملت اسلامیہ کی اصلاح وتجدید کے مدعی مختلف گروہ ہیں، ایک گروہ نے تو اس کی ضرورت سمجھی کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت ورسالت کا عہد پرانا ہو چکا، اب ایک نئی ملکی نبوت و رسالت کی ضرورت ہے، چنانچہ اس نے اس کی دعوت دی اور ناکام رہا، اور ملت محمدیہ سے ان کا رشتہ کٹ گیا، دوسرے گروہ نے نبوت ورسالت محمدیؐ کو تو قائم رکھا۔ مگر وحی محمدیؐ کی تعبیر کی تغیر و تبدیل کی ضرورت سمجھی، احادیث نبویؐ سے انکار کیا۔ قرآن پاک کی تعبیر کے لئے اپنے عقلی قیاسات اور زمانہ حال کی تاثیرات کو موجہ قرار دیا گویا ایک نئے قرآن کا طالب ہے، اس جماعت کا رشتہ بھی ملت محمدیہ سے کمزور پڑ گیا اور اب ان کا ہر مجتہد ''حسبنا کتاب اللہ'' کہہ کر کتاب اللہ کی نئی تعبیر کرتا، اور نئی نماز، نیا روزہ، نیا طریق حج اور نئی شریعت نکال رہا ہے، تیسری جماعت کتاب اللہ اور حدیث رسول ﷺ کو یاد کرتی ہے، مگر ہر آیت وحدیث کو اپنی عقل کے معیار پر جانچنا چاہتی ہے، اور اسی لئے معجزات کی منکر، جنت ودوزخ کی حقیقت سے منحرف، ربا کے جواز کے قائل اور بہت سے ان مسائل کو جن کا زندگی سے تعلق ہے، دین شریعت کے بجائے عقل، اور ''اصول فطرت'' سے طے کرنا چاہتی ہے، نتیجہ یہ ہوا کہ ان کا شمار دین محمدیؐ کے مؤولین میں ہوا، مومنین وقانتین میں نہیں۔

ایک نیا گروہ ہے جو نئی نبوت نہیں چاہتا، نیا قرآن نہیں مانگتا، نئی نماز اور نئے روزے کا مبلغ نہیں، لیکن وہ ایک امامت کا خواستگار ہے، جو اسلام کا نیا نظام مرتب کرے، کفر و ایمان ونفاق اور اطاعت امیر کے نئے نقشے بھرے، اور یورپ کی ''ازم'' والی تحریکوں کی طرح مسلمانوں میں ایک

نئی تحریک کا آغاز کرے، اور اس ''اسلامزم'' کو اسی ''ازم'' والے عزم و جوش و خروش سے نوجوانوں میں پھیلائے اور مسائل کلامی و فقہی کا فیصلہ ایک نئے مجتہدانہ انداز سے کرے، ممکن ہے کہ یہ گروہ اس موجودہ انقلابی دور میں نوجوانوں کے لئے تسلی و تشفی کا پیغام ثابت ہو، اور اقتصادی راہ سے ایجاد کا جو سیلاب آرہا ہے، اس کے روکنے کا کام کرے، لیکن اس کا طریق فکر اور طریق کار امت کے جمیع طبقات کے مطابق نہیں۔ **و لعل اللہ یحدث بعد ذلك امرا۔**

حاصل یہ ہے کہ اُمت محمدیہ کے مزاج کے مطابق یہ ضروری ہے کہ داعی اور دعوت اور طریق دعوت تینوں چیزیں ٹھیک ٹھیک طریق نبوت اور اسوہ نبوت کے مطابق ہوں، داعی خود بھی قلباً اور قالباً داعی اول محمد رسول ﷺ سے نسبت رکھتا ہو، جس حد تک یہ نسبت قوی ہوگی، دعوت میں تاثیر اور کشش پیدا ہوگی، پھر ضرور ہے کہ دعوت وہی ہو، یعنی خالص اسلام اور ایمان و عمل صالح کی دعوت ہو، پھر دعوت کا طریق بھی وہی اختیار جائے جو داعی اسلام علیہ الصلوۃ والسلام نے اختیار فرمایا تھا۔ جس حد تک ان تینوں امور میں عہد رسالت و نبوت کے ساتھ قرب و مناسبت جتنی زیادہ ہوگی، اتنی ہی زیادہ دعوت کی قوت میں تاثیر اور دعوت کے دائرہ میں وسعت پیدا ہوگی، اور راہ کی ضلالت سے حفاظت اور صراط مستقیم کی طرف رہبری میں اضافہ ہوگا، گزشتہ صدی کے جن داعیان امت کے تجدیدی کارناموں کو امت نے تسلیم کیا ہے، ان کی تاریخ سے بھی ان اصولوں کی سچائی ثابت ہوتی ہے۔

الغرض ضرورت یہ ہے کہ داعی اپنے علم و عمل، فکر و نظر طریق دعوت اور ذوق و حال میں انبیاء علیہم السلام اور خصوصاً محمد رسول اللہ ﷺ سے ایک خاص مناسبت رکھتا ہو۔ صحت ایمان اور ظاہری عمل صالح کے ساتھ اس کے باطنی اعمال بھی منہاج نبوت پر ہوں۔ محبت الٰہی خشیہ الٰہی اخلاق اللہ تعلق مع اللہ کی کیفیت ہو، اخلاق و عادات و شمائل میں اتباع سنن نبویؐ کی کیفیت ہو، حب للہ، بغض للہ، رافت و رحمت بالمسلمین اور شفقت علی الخلق اس کی دعوت کا محرک ہو، اور انبیاء علیہم السلام کے بار بار دہرائے ہوئے اصول کے مطابق سوائے اجر الٰہی کی طلب کے کوئی مقصود نہ ہو ان اجری الا علے اللہ اور اس کی طلب کی ایسی دھن ہو، کہ جاہ و منصب، مال و دولت، عزت و شہرت اور نام و نمود اور ذاتی آرام و آسائش کا کوئی خیال راہ میں مانع نہ ہو، اس کا بیٹھنا، بولنا چالنا غرض اس کی زندگی کی ہر جنبش و حرکت اسی سمت میں سمٹ کر رہ جائے۔ **ان صلوتی و نسکی و محیای و مماتی للہ رب العلمین۔**

..............................

صاحب سوانح اس معیار سے:

آئندہ اوراق میں جس داعی حق اور دعوت حق کی تصویر کھینچی گئی ہے، میری آنکھوں نے اس کی چہرے کے خدوخال کا مشاہدہ کیا تھا۔ اس کے ظاہر و غائب کے حالات دیکھتا اور سنتا رہا، اور جن کو یہ سعادت حاصل نہیں ہوئی ان کو اوراق کے پڑھنے سے اس کی کیفیت معلوم ہو جائے گی، اور اسی ضمن میں اس کے اصول دعوت اور خود حقیقت دعوت کے سارے حالات واضح ہو جائیں گے۔

سلسلۂ ولی اللہی:

ہندوستان کے آخری عہد میں اللہ تعالیٰ نے خاندان ولی اللہی کو اس ملک کی قطبیت مرحمت فرمائی تھی، چنانچہ ہندوستان میں آل تیمور کی غلط سیاست سے دین اسلام کو جو نقصان پہنچے، ان کے تدارک اور اصلاح کی خدمت اور اس خانوادہ کے علماء اور ان کے منتسبین کے سپرد ہوئی اور اس وقت آج تک یہ سلسلہ قائم ہے، اس دعوت کے مورث اول بھی اسی سلسلۃ الذہب سے مربوط ہیں۔

صاحب سوانح کا سلسلۂ نسب:

صاحب سوانح کے پرنانا مولانا مظفر حسین صاحبؒ حضرت شاہ محمد اسحٰق دہلویؒ کے عزیز شاگرد اور حضرت شاہ محمد یعقوب صاحب دہلویؒ کے مجاز تھے اور مولانا مظفر حسین صاحب کے حقیقی چچا مفتی الٰہی بخشؒ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کے ممتاز شاگرد اور مرید با اخلاص تھے، اور پھر اپنے شیخ کے خلیفہ حضرت سید احمد شہید بریلویؒ سے بیعت ہوئے، یہ دونوں بزرگوار اپنے وقت کے نامور صاحب تدریس و فتویٰ اور صاحب زہد و تقویٰ تھے، جن کے برکات اس خاندان کے اکثر افراد میں پھیلے جس کی تفصیل اصل کتاب سے معلوم ہوگی۔

صاحب سوانح کے والد اور دو بھائی صاحب زہد و ورع اور صاحب ارشاد تھے، مولانا کے والد پہلے شخص ہیں جن سے اہل میوات کو خلوص اور محبت پیدا ہوا، اور پھر ان کی وفات پر ان کے بڑے بھائی مولانا محمد صاحبؒ فقر و فاقہ اور زہد و توکل کے ساتھ اس مسند ارشاد پر بیٹھے اور صاحب سوانح مولانا محمد الیاس صاحبؒ اس سلسلہ کے تیسرے بزرگ تھے۔

اس عہد میں تبلیغی ناکامی کے وجوہ:

1921ء کی بات ہے کہ ہندوستان میں آریوں کی کوشش سے جاہل نومسلم دیہاتی علاقوں میں ارتداد کی آگ پھیلی، اس آگ کے بجھانے کے لئے ہر چار طرف مسلمان کھڑے ہوئے، بہت سی تبلیغی انجمنیں بنیں، ہزاروں روپے کے چندے ہوئے، مبلغین نوکر رکھے گئے، جگہ جگہ پھیلائے

گئے، مناظرین اسلام نے بحث و مناظرہ کے میدان گرم کئے اور کئی سال تک بڑے دھوم دھام سے یہ کام ہوتا۔ آخر آہستہ آہستہ جوش و خروش کم ہوتا گیا۔ ایک ایک انجمن ٹوٹتی گئی، چندوں کی کمی سے مبلغین برطرف ہوتے گئے، مناظرین کے بلاوے بھی گھٹنے لگے، اور بالآخر سمندر میں بالکل سکون ہو گیا۔

اس ناکامی کے وجوہ کیا تھے، یہ سارا تماشہ کام کرنے والوں کی دلی لگن کا نتیجہ نہ تھا، اور نہ مبلغین و مناظرین و داعیان کے دلوں میں دین کی دھن تھی، بلکہ جو کچھ تھا وہ داد و ستد کا مبادلہ اور نفع عاجل کی حرص و طمع تھی، اور دینی دعوت اور باطنی ارشاد تبلیغ بازار کی قیمت سے خریدی نہیں جاتی۔

انبیاء کے اصول دعوت:

1- انبیاء علیہم السلام کے اصول دعوت کی بنیادی چیز یہی ہے کہ وہ اپنے کام کی اجرت اور مزدوری کسی مخلوق سے نہیں چاہتے۔ وما اسئلکم علیه من اجران اجری الا علی رب العلمین۔ ان کا متحدہ و متفقہ فیصلہ ہے، انتہا یہ ہے کہ اپنے کام کی کسی بندے سے تحسین و آفریں بھی نہیں چاہتے ان کی دعوت کی کشش اور تاثیر دو قوتوں کا نتیجہ ہوتی ہے، مخلوق کے ہر اجر سے استغنا و بے نیازی اور ان کی ذاتی پاکیزہ زندگی۔ ''سورہ یٰسین'' میں چند داعیان حق کا ذکر ہے جس میں ایک کی تکذیب کے بعد دوسرے رسولؑ کی آمد اور اس کی تائید کا بیان ہے، بالآخر اقصائے شہر سے ایک سعید ہستی آتی ہے اور اپنے ہم قوموں سے خطاب کر کے کہتی ہے۔

| | |
|---|---|
| یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ | اے میرے لوگو! ان پیغمبروں کی پیروی کرو ان کی پیروی کرو جو تم سے مزدوری نہیں چاہتے، جو راہ ہدایت پائے ہوئے ہیں۔ |

معلوم ہوا کہ مبلغ کے لئے پاکیزگی اور خلق سے بے نیازی اور اخلاص و للہیت اس کی تاثیر کا اصل سرچشمہ ہے۔

2- ان کی تبلیغ و دعوت کا دوسرا محرک بندگان الٰہی پر رحمت و شفقت اور خیر خواہی کا جذبہ ہے۔ بندوں کی اس تباہ حالت کو دیکھ کر ان کا دل جلتا ہے، اور خیر خواہی سے ان کا دل چاہتا ہے کہ کسی طرح ان کی حالت سدھر جائے، ٹھیک اس طرح جس طرح باپ بیٹے کی اصلاح اور رشد و ہدایت کا طالب محض پدرانہ شفقت اور خیر خواہی کی بناء پر ہوتا ہے، اسی طرح مبلغ اور داعی کے اندر بھی

یہی جذبہ ہو۔ دینی خیر خواہی اور مسلمانوں پر رحمت وشفقت کی تاثیر اس کے دل کو بے چین رکھے۔ حضرت ہود علیہ السلام اپنی اُمت کو کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| یقوم لیس بی سفاهة و لکنی رسول من رب العلمین ابلغکم رسلت ربی و انا لکم ناصح امین (اعراف9) | اے میرے لوگو! میں بے وقوف نہیں لیکن میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا ہوں، تم کو اپنے رب کا پیغام پہنچاتا ہوں، اور میں تمہارا خیر خواہ ہوں معتبر |

حضرت صالح علیہ السلام اپنی اُمت کو خطاب کر کے فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| یقوم لقد ابلغتکم رسلت ربی و نصحت لکم و لکن لا تحبون النصحین (اعراف) | اے میرے لوگو! میں نے تم کو اپنے پروردگار کا پیغام پہنچا دیا، اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی، لیکن تم اپنے خیر خواہوں کو نہیں چاہتے |

حضرت نوح علیہ السلام پر ان کی قوم گمراہی کی تہمت لگاتی ہے، آپ اس کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| یقوم لیس بی ضلاله و لکنی رسول من رب العلمین ابلغکم رسلت ربی و انصح لکم (اعراف 8) | اے میرے لوگو! میں بہکا نہیں ہوں لیکن پرودگار عالم کو بھیجا ہوا ہوں تمہیں اپنے پرودگار کے پیغام پہنچاتا ہوں، اور تمہارا بھلا چاہتا ہوں |

آنحضرت ﷺ کے تبلیغی احوال و کیفیات کا ذکر قرآن پاک میں بار بار ہے، اور ہر بار یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضورانور ﷺ کو امت کا کتنا غم تھا۔ ایسا غم کہ جس کے بوجھ سے پشت مبارک ٹوٹی جا رہی تھی۔

| | |
|---|---|
| اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَکَ . | کیا ہم نے تمہارے سینے کو نہیں کھول دیا اور تم سے اس بوجھ کو نہیں اتار لیا جس نے تمہاری پیٹھ کو توڑ دیا تھا |

امت کے غم میں یہ حال تھا کہ حضورﷺ کو اپنا جینا بھی دوبھر معلوم ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے تسلی دی اور فرمایا:

| | |
|---|---|
| لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (شعرا ۱) | کیا اس بات پر آپ اپنی جان گھونٹ ڈالیں گے کہ یہ ایمان نہیں لاتے |

یہی مفہوم سورہ کہف کی ایک آیت میں بھی ہے:

| | |
|---|---|
| لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا (کھف) | تو کیا ان کے پیچھے اگر وہ ایمان نہ لائیں اپنی جان افسوس کر کے گھونٹ ڈالیں گے |

اسی محبت و رحمت کا اقتضاء تھا کہ حضور انورﷺ پر مسلمانوں کی ہر تکلیف شاق گزرتی تھی اور چاہتے تھے کہ ہر بھلائی اور خیر کا دروازہ ان پر کھل جائے۔ ارشاد ہوا:

| | |
|---|---|
| لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ط (توبہ) | تمہارے پاس تمہیں میں سے ایک رسول آیا جس پر تمہارا تکلیف میں پڑنا شاق ہوتا ہے۔ تمہاری بھلائی کا حریص ہے اور ایمان والوں پر مہربان اور رحیم ہے |

3- دعوت و تبلیغ کا تیسرا اصول یہ ہے کہ نرمی، سہولت، آہستگی، دانش مندی اور ایسے اسلوب سے گفتگو کی جائے کہ جس سے مخاطب پر داعی کے خلوص و محبت اور شفقت کا اثر پڑے، اور بات مخاطب کے دل میں اتر جائے، فرعون جیسے خدائی کے مدعی کافر کے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم نبی بھیجے جاتے ہیں تو ان سے کہا جاتا ہے:

| | |
|---|---|
| **فقولا له قولا لينا** (طٰہٰ) | دونوں (حضرت موسیٰ ہارون) فرعون سے نرم گفتگو کرنا |

منافقین نے اسلام کو نقصان پہنچانے چاہے اور جس طرح اسلام کی دعوت اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو ناکام کرنا چاہا وہ بالکل ظاہر ہے، بایں ہمہ آپ کو یہی حکم دیا جاتا ہے:

**فاعرض عنم و عظهم و قل لهم فى انفسهم قولا بليغا**

تو آپ ان سے درگزر کیجئے اور ان سے ان کے معاملہ میں ایسی بات کیجئے جو ان کے دل میں

اُتر جائے۔

اس سے اندازہ ہوگا کہ جب اس نرمی اور سہولت اور دل میں گھر کر لینے والی بات کا طریق منافقوں سے برتنے کا حکم ہوتا ہے تو عام نادان مسلمانوں کو بتانے اور سمجھانے کا کیسا طریقہ ہونا چاہیے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دعوت کے اس اصول کو آیت ذیل میں تفصیل سے ظاہر فرمادیا ہے۔ ارشاد ہے:

ادع الی سبیل ربك بالحکمة والموعظة الحسنة و جادلهم بالتی حی احسن (نحل)

آپ اپنے پرودگار کی طرف لوگوں کو دانش مندی اور اچھی نصیحت کے ذریعہ سے دعوت دیں اور بحث و مباحثہ کریں تو وہ بھی خوبی ہے

آپ ﷺ نے جب یمن کی سمت دو صحابیوں کو اسلام کا داعی بنا کر بھیجا تو ان کو چلتے وقت یہ نصیحت فرمائی۔

یسرا و لا تعسرا وبشرا و لا تنفرا (صحیح بخاری)

تم لوگوں کو آسانی کی راہ بتانا، ان کو دقت میں نہ ڈالنا، انہیں خوشخبری سنانا اور نفرت نہ دلانا

دیکھنے میں تو یہ ارشاد نبویؐ دو دو لفظ کے دو فقرے ہیں مگر ان میں طریق تبلیغ کا ایک دفتر بند ہے، داعی اور مبلغ کو چاہیے جس جماعت کو دعوت دے، اس میں آسان سے آسان طریقے سے دین کو پیش کرے، اور شروع ہی میں سختی نہ کرے، ان کو خوشخبری اور اعمال کی بشارت اور رحمت و مغفرت الٰہی کی وسعت کا تذکرہ کرے، ان کو دین کا حوصلہ دلائے۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ عقائد اور فرائض میں مداہنت کی جائے، یہ تو کسی حال میں جائز نہیں۔ بلکہ یہ مقصد ہے کہ طریق کار میں سہولت بھی اور نرمی بھی برتی جائے۔ فرائض کے علاوہ دوسرے اعمال میں جو فرض کفایہ یا مستحبات ہوں یا جن کے سبب سے دین میں فتنہ پیدا ہونے کا اندیشہ نہ ہو، ان میں زیادہ سخت گیری نہ کی جائے، یا جن امور میں فقہاء و مجتہدین نے مختلف راہیں اختیار کی ہیں، ان میں سے کسی ایک ہی راہ کے قبول میں شدت نہ کی جائے، یا مسائل کے بیان میں جس حد تک اللہ تعالیٰ نے وسعت پیدا کر رکھی ہے اس میں عزم و تقویٰ کے لئے تنگی نہ کی جائے۔

ان امور کی مثالیں سیرت و سنن نبویؐ میں بکثرت ملی ہیں چنانچہ عقائد و فرائض میں مداہنت

کرنے کی ممانعت قرآن پاک کی کئی آیتوں میں ہے، کفار اسلام کے عقائد میں کچھ نرمی چاہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ودوالوتدھن فیدھون (قلم) | کفار چاہتے ہیں کہ آپ کچھ نرمی کریں، تو وہ بھی نرمی کریں |

مگر اس کی اجازت نہیں دی گئی۔

4- اس اصول کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ دعوت وتبلیغ اسلام میں الاہم فالاہم کی ترتیب مدنظر رہے آپ ﷺ نے تبلیغ شروع فرمائی تو سب سے پہلا زور صرف توحید اور رسالت پر صرف فرمایا۔ قریش پوچھتے ہیں کہ آپ ہم سے کیا چاہتے ہیں؟ فرمایا فقط ایک کلمہ (بات) اگر تم اس کو مان لو گے تو سارا عرب وعجم تمہارا زیرِ فرمان ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی الوہیت اور رسول کی رسالت حقیقت میں وہ تخم ہے، جس کے اندر سے سارے احکام کا برگ وبار نکلتا ہے، سب سے پہلے اسی کی تخم ریزی چاہیے۔ اس کے بعد احکام کا دور آتا ہے۔

قرآن پاک کا طریقہ نزول خود اس طریق دعوت کو صحیح مثال ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ قرآن میں پہلے دلوں کو نرم کرنے والی آیتیں نازل ہوئیں جن میں جنت ودوزخ کا ذکر ہے یعنی جن میں ترغیب وترہیب ہے، پھر جب لوگ اسلام کی طرف مائل ہوئے تو حلال وحرام کی آیتیں نازل ہوئیں، اور اگر پہلے یہی اترتا کہ شراب مت پیو، تو کون مانتا، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرآن پاک کے نزول میں بھی یہ تبلیغی ترتیب ملحوظ رہی ہے۔

طائف کا وفد جب بارہ گاہ نبویؐ میں حاضر ہوا تو اس نے اپنے اسلام لانے کی یہ شرط پیش کی کہ ان سے نماز معاف کر دی جائے، آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جس دین میں اللہ کے سامنے جھکنا نہ ہو وہ کس کام کا (لا خیر فی دین لا رکوع فیہ) پھر انہوں نے یہ شرط پیش کی کہ ان سے عشر وصول نہ کیا جائے اور نہ مجاہدین کی فوج میں ان کو بھرتی کیا جائے، آپ ﷺ نے یہ دونوں شرطیں قبول کرلیں اور ارشاد فرمایا کہ: جب یہ مسلمان ہو جائیں گے تو عشر بھی دیں گے اور جہاد میں بھی شریک ہوں گے۔ محدثین لکھتے ہیں کہ نماز چونکہ فوراً واجب ہوتی ہے،...... اس لئے اس میں نرمی نہیں برتی گئی، اور جہاد کی شرکت چونکہ فرض کفایہ ہے اور کسی وقت خاص پر فرض ہوتی ہے اور زکوۃ اور عشر کے وجوب کے لئے چونکہ ایک سال کی مدت کی وسعت تھی اور بعد کو بھی وہ ادا ہو سکتی ہے اس لئے ان دونوں باتوں میں نرمی ظاہر فرمائی۔

..............................

اس سے تبلیغ کے حکیمانہ اصول پر پوری روشنی پڑتی ہے۔ آپ ﷺ نے جب حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن بھیجا تو ارشاد فرمایا:

''تم ایسے لوگوں میں جا رہے ہو جہاں اہل کتاب بھی ہیں، جب تم وہاں پہنچو تو ان کو سب سے پہلے یہ بتاؤ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، جب وہ یہ مان لیں تو انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر دن میں پانچ وقت کی نمازیں فرض کی ہیں، جب وہ تمہاری یہ بات مان لیں تو انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر زکوۃ بھی فرض کی ہے جو دولت مندوں سے لی جائے اور غریبوں کو دی جائے، اور جب وہ اس کو مان لیں تو زکوۃ میں چن چن کر ان کے اچھے مال چھانٹ کر نہ لو، اور مظلوم کی بددعا سے بچنا کہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں۔''

اس حدیث سے بھی دعوت کی حکیمانہ ترتیب کا اظہار ہوتا ہے۔

5- تبلیغ و دعوت کے ان اصولوں میں سے جو آنحضرت ﷺ کی سیرت میں نمایاں معلوم ہوتے ہیں، ایک غرض ہے، یعنی حضور انور ﷺ اس کا انتظار نہیں فرماتے تھے کہ لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں خود حاضر ہوں، بلکہ آپ اور آپ کے داعی لوگوں تک خود پہنچتے تھے اور حق کی دعوت دیتے تھے، یہاں تک کہ کبھی کبھی لوگوں کے گھروں تک خود پہنچ جاتے تھے، اور کلمہ حق کی دعوت پیش فرماتے تھے۔ مکہ معظمہ سے سفر کر کے طائف تشریف لے گئے اور وہاں عبد یالیل رئیسوں کے گھروں پر جا کر تبلیغ کا فرض ادا فرمایا۔ حج کے موسم میں ایک ایک قبیلہ کے پاس تشریف لے جاتے اور ان کو حق کا پیغام پہنچاتے، اور ان کے ترش و تند جوابوں کی پروا نہ فرماتے تھے، آخر اسی تلاش میں یثرب کے وہ سعادت مند ملے جن کے ہاتھوں سے ایمان و اسلام کی دولت مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو منتقل ہوئی۔

صلح حدیبیہ کے بعد جب ملک میں امن و امان اور اطمینان ہوا تو اسلام کے سفیر مصر و ایران و حبش کے بادشاہوں اور عمان و بحرین اور یمن حدود شام کے رئیسوں کے پاس اسلام کا پیغام لے کر پہنچے اور مختلف صحابہؓ نے عرب کے مختلف صوبوں اور قبیلوں میں جا کر اسلام کی تبلیغ کی، حضرت مصعب بن عمیرؓ مدینہ منورہ گئے، حضرت علیؓ اور معاذ بن جبلؓ نے یمن کا رُخ کیا یہی حال ہر دور کے علمائے حق اور ائمہ دین کا رہا۔

اس سے معلوم ہوا کہ داعی و مبلغ کا خود فرض ہے کہ وہ لوگوں تک پہنچے اور حق کا پیغام پہنچائے۔

بعض صاحبوں کو خانقاہ نشینوں کے موجود طرز سے یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ ان خاصان حق کا ہمیشہ سے یہی طریقہ رہا ہے، حالانکہ یہ سراسر غلط ہے، ان بزرگوں کی سیرتوں اور تذکروں کو کھول کر پڑھیں تو معلوم ہوگا کہ یہ کہاں کے رہنے والے تھے، فیض کہاں پایا، اور جو پایا اس کو کہاں کہاں بانٹا، اور کہاں جا کر زیر زمین آرام کیا' اور یہ اس وقت کیا جب دنیا ریلوں' لاریوں' موٹروں اور سفروں کے دوسرے سامانِ راحت سے محروم تھی' معین الدین چشتیؒ سیستان میں پیدا ہوئے، چشت واقع افغانستان میں دولت پائی اور راجپوتانہ کے کفرستان میں آکر حق کی روشنی پھیلائی، فرید شکر گنج سندھ کے کناروں سے دہلی تک اور دہلی سے پنجاب تک آئے گئے اور ان کے مریدوں در مریدوں میں حضرت نظام الدین سلطان الاولیاءؒ اور پھر ان کے خلفاء کے احوال اور ان کے سفر کے مقامات اور مزارات کی جائے وقوع کو دیکھئے کہ وہ کہاں کہاں ہیں، کوئی دکن میں، کوئی مالوہ میں ہے، کوئی بنگال میں ہے، کوئی صوبجات متحدہ میں ہے۔

6- اسلامی دعوت وتبلیغ کا ایک بڑا اصول نفیر ہے، یعنی دین کی طلب اور تبلیغ کے لئے ترک وطن کر کے ایسے مقامات پر جانا جہاں دین حاصل ہو سکے اور پھر وہاں سے لوٹ کر اپنے وطن میں آکر اپنے قبیلوں اور ہم قوموں کو اس فیض سے مستفید کرنا، سورہ نساء کی حسب ذیل آیت اگرچہ اپنے شان نزول کے لحاظ سے جنگ کے موقع کی ہے۔ مگر الفاظ کے عموم کی بنا پر اس نفیر کو شامل ہے جو کسی کارخیر کے لئے کیا جائے جیسا کہ قاضی بیضادی نے بھی اپنی تفسیر میں اسی طرف اشارہ کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| یا ایها الذین امنوا خذوا | اے ایمان والو! اپنا بچاؤ کرو، اور |
| حذركم فانفروا ثبات | الگ الگ یا جتھا بنا کر گھروں سے |
| او انفروا جميعا (نساء) | نکلو |

ایک دوسری آیت خاص اس مفہوم کی سورہ برأۃ میں ہے۔

وما كان المومن لينفروا كافة فلو لا نفر من كل فوقه منهم ليتفقهوا فى الدين ولينذر وا قومهم يحذرون (براءة)

یہ تو نہیں ہوسکتا کہ سارے مسلمان گھروں سے نکلیں، تو کیوں ہر گروہ سے کچھ لوگ اس فرض کے لئے گھروں سے نہیں نکلتے کہ وہ دین کا علم حاصل کریں اور جب وہ اپنے گھر لوٹ کر آئیں تو اپنے لوگوں کو اللہ سے ڈرائیں، تاکہ وہ بھی برائیوں سے بچنے لگیں

عہد نبوی ﷺ میں اسی طرح وفود بنا بنا کر الگ الگ قبیلوں سے لوگ مدینہ منورہ آتے، اور ہفتہ

عشرہ بعض دو عشرے رہ کر دین کا علم اور عمل حاصل کر کے اپنے اپنے گھروں کو دین سے واقف کرنے کا کام کرتے تھے۔

7- آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں مسجد نبویؐ کے چبوترے پر اصحاب صفہ کا حلقہ تھا جن کا کہیں گھر نہ تھا، گزر بسر کر صورت یہ تھی کہ یہ لوگ دن کو جنگل سے لکڑیاں کاٹ لاتے اور بازار میں بیچتے اور رات کو کسی معلم کے پاس دین کا علم سیکھتے اور ضرورت کے وقت مختلف مقاموں میں بھی مبلغ بنا کر بھیجے جاتے، ضروری مشاغل کے علاوہ دین کی تعلیم اور حضور انور ﷺ کی صحبت سے فیض یابی اور عبادت میں انہماک ان کے کام تھے۔

اس سے معلوم ہوا کہ ایک ایسے گروہ کا انتظام رکھنا بھی نظم جماعت ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ گروہ خاص تربیت کے ماتحت پیدا ہوتا تھا، اور وہ صحبت نبویؐ کی برکت سے ظاہری و باطنی فیوض سے مالا مال رہتا تھا، اور تبلیغ ودعوت کے کاموں کو انجام دیتا تھا۔

8- تعلیم کا طریقہ زیادہ تر فیض صحبت، زبانی تعلیم واحکام ومسائل کا ذکر اور مذاکرہ، اور ایک دوسرے سے پوچھنا اور سیکھنا اور بتاتا تھا۔ ان کی راتیں عبادتوں سے معمور رہتی تھیں، اور شب و روز کاروبار دین میں مصروف۔

## یہ دعوت اصل اوّل سے قریب تر ہے:

اوپر کی سطروں میں تبلیغ ودعوت کے اصول پر جو کچھ آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے، اس سے معلوم ہوگا کہ اسلام کے تبلیغی اصول اور دعوت کے طریق کیا ہیں، اور جہاں تک ہم سمجھ سکے ہیں آئندہ اوراق میں جو کچھ کہا گیا ہے، اور جس دعوت وتبلیغ کے علمی وعملی اصول وآئین کا تذکرہ ہے وہ موجودہ ہندوستان کی تمام دینی تحریکوں میں اصل اول سے زیادہ قریب ہے۔

## تبلیغ کی اہمیت:

حکیمانہ تبلیغ ودعوت امر بالمعروف، نہی عن المنکر اسلام کے جسم کی ریڑھ کی ہڈی ہے، اس پر اسلام کی بنیاد اسلام کی قوت اسلام کی وسعت اور اسلام کی کامیابی منحصر ہے، اور آج سب زمانوں سے بڑھ کر اس کی ضرورت ہے اور غیر مسلمانوں کو مسلمان بنانے سے زیادہ اہم کام مسلمانوں کو مسلمان، نام کے مسلمانوں کو کام کے مسلمان اور قومی مسلمانوں کو دینی مسلمان بنانا ہے حق یہ ہے کہ آج مسلمانوں کی حالت دیکھ کر قرآن کی یہ ندا۔

یا ایھا الذین امنوا امنوا

اے مسلمانو! مسلمان بنو

کو پورے زور شور سے بلند کیا جائے، شہر شہر، گاؤں گاؤں اور در در پھر کر مسلمانوں کو مسلمان بنانے کا کام کیا جائے، اور اس راہ میں وہ جفا کشی، وہ محنت کوشی، اور وہ ہمت اور وہ قوت مجاہدہ صرف کی جائے جو دنیا دار لوگ دنیا کے عز و جاہ اور حصول طاقت میں صرف کر رہے ہیں، جس حصول مقصد کی خاطر ہر متاع عزیز کو قربان کرنے اور ہر مانع کو بیچ سے ہٹانے کے لئے نا قابل تسخیر طاقت پیدا ہوتی ہے، کشش سے، کوشش سے۔ جان و مال سے، ہر راہ سے اس میں قدم آگے بڑھایا جائے اور حصول مقصد کی خاطر وہ جنون کی کیفیت اپنے اندر کی پیدا کی جائے، جس کے بغیر دین و دنیا کا نہ کوئی کام ہوا ہے، اور نہ ہوگا۔

اس جنون کی

اس عہد میں مثالیں آپ دیکھنا چاہتے ہیں

تو

اصل کتاب کو شروع کریں

والسلام

ہیچمداں سید سلیمان ندوی

مئی 1947ء

بھوپال

# مقدمہ

(از محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ)

ذیقعدہ1358ء (دسمبر1939ء) کا ذکر ہے کہ تین دوست اپنی اپنی جگہ سے چل کر سہارنپور میں جمع ہوئے تا کہ چند دینی مرکزوں کو دیکھیں، اور وہاں جو کچھ دینی اصلاحی کام ہو رہا ہے، اس کو دیکھ کر کچھ اپنے متعلق بھی فیصلہ کریں۔

ان مرکزوں کی مختصر سی فہرست میں ایک نظام الدین کا تبلیغی مرکز بھی تھا جس کو اس سفر کے آخر میں رکھا گیا تھا۔

دوستوں کے اس مختصر سے قافلے میں (جس کو شاید دینی طلیعہ'' کہنا بے محل ہوگا) یہ راقم حروف اس مرکز کے روح رواں حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ سے سب سے زیادہ واقفیت رکھتا تھا، اور یاد آتا ہے کہ رفقاء میں مولانا کی اس سیرت کے مولف (مولانا سید ابوالحسن علی صاحب) کو اس مرکز میں حاضر ہونے اور مولاناؒ سے ملنے کا ہم سب سے زیادہ اشتیاق تھا۔

میری واقفیت کی بنیاد تو یہ تھی کہ اجمالی طور پر اس سلسلے کے تمام اکابر ومشاہیر سے واقفیت رکھتا ہوں، دیوبند میں طالب علمانہ قیام ہی کے زمانہ سے اس جماعت کے ساتھ جو دینی وفکری رابطہ اور عقیدت ومحبت کی جو دولت مجھے نصیب رہی اس کی بنیاد پر اس حلقہ کی کوئی ممتاز شخصیت میرے لئے بیگانہ نہ تھی، اس کے علاوہ میوات کے ایک ''تبلیغی جلسہ'' میں مجھے شرکت اور حاضری کا اتفاق بھی ہو چکا تھا جس میں حضرت مولانا مرحوم بھی تشریف رکھتے تھے۔

لیکن مجھے اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ میری واقفیت مولاناؒ سے بالکل سطحی اور سرسری تھی، میں ان کو بس ایک مخلص بزرگ اور حقانی عالم سمجھتا تھا، جو اخلاص کے ساتھ تبلیغ کا کام کررہے ہیں اور تبلیغ کا خاکہ میرے ذہن میں بس یہ تھا کہ وہ جاہل وغافل دیہاتی مسلمانوں کو کلمہ سکھاتے اور نماز روزہ پر لگاتے ہیں۔ جزاہ اللہ خیرا۔

میرا اب خیال ہوتا ہے کہ ایسی ادھوری اور سطحی واقفیت اکثر استفادہ سے مانع اور اچھا خاصا

حجاب ثابت ہوتی ہے۔ آدمی سمجھتا ہے کہ میں تو واقف ہوں، لیکن اس ادھوری واقفیت اور اس سے پیدا شدہ تصور کی وجہ سے اس کے دل میں وہ اشتیاق اور طلب کا وہ جوش پیدا نہیں ہوتا جو اس ناواقف کے دل میں ہوتا ہے جو تحقیق و تلاش کے لئے نکلتا ہے، میرا خیال ہے کہ اپنے زمانہ کے اکابر اور اپنے شہر کی عظیم المرتبت ہستیوں سے اکثر قریب کے لوگوں کی محرومی کا سبب شاید زیادہ تر یہی رہا ہے۔

ہمارے دوست (مولف سوانح) مولاناؒ سے صرف اس تقریب سے واقف تھے کہ ان کے والد کے دوست (منشی محمد خلیل صاحب) نے ایک آدھ بار ان کے سامنے مولاناؒ کا تذکرہ کیا تھا، اور کرنال کے ایک سفر میں (جو مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کی ہمراہی میں ہوا تھا) ایک مجلس میں ایک واقف کار نے مولاناؒ کی تبلیغی سرگرمیوں کا ذکر کیا تھا، اس کے بعد انہوں نے مولانا کی دینی دعوت کے متعلق سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی کا ایک مضمون پڑھا تھا جو موصوف نے میوات کے ایک مختصر سے سفر سے متاثر ہو کر ''ایک اہم دینی تحریک'' کے عنوان سے اپنے رسالہ ''ترجمان القرآن'' (بابت ماہ شعبان 58ء) میں لکھا تھا۔

وہ مجھ سے مولاناؒ کے متعلق پوچھتے تھے اور میں جتنا کچھ جانتا تھا بتلاتا تھا، اور اس خیال سے کہ پہلے وہ کوئی ایسا تصور قائم نہ کرلیں جس کو نہ پاکر انہیں مایوسی ہو، میں یہ ضرور کہتا تھا کہ مولانا کی زبان میں ایک طرح کی لکنت ہے اور وہ بعض اوقات اپنا مدعا بھی پورے طور پر ظاہر نہیں کر پاتے۔

اللہ کا کرنا کہ دہلی پہنچ کر یہ عاجز ایک شدید ضرورت اور طلبی کی بناء پر ان دونوں رفیقوں کو چھوڑ کر بریلی آگیا، اور مولف کتاب اور ان کے بلاواسطہ اور میرے بالواسطہ دوست مولوی عبدالواحد صاحب ایم۔ اے نظام الدین اور وہاں سے میوات گئے اور وہاں سے واپسی پر مولانا کی ملاقات سے مشرف ہوئے جس کی مفصل روئداد اور مولانا سید ابوالحسن علی صاحب ہی کے قلم سے ذی الحجہ 1358ء کے الفرقان میں ''ایک ہفتہ چند دینی مرکزوں میں'' کے عنوان سے شائع ہو چکی ہے۔

اس کے بعد مولانا سید ابوالحسن صاحب کے خطوط سے معلوم ہوتا رہا کہ وہ مولانا کے پاس جاتے رہتے ہیں اور ان کا تاثر مولانا کی دینی دعوت سے اور ان کی مناسبت مولانا کے ارشادات سے بڑھ رہی ہو یہاں تک کہ مجھے بھی ان کی معیت میں مولانا کی خدمت میں حاضر ہونے کے مواقع حاصل ہوئے، اس سلسلہ کے واقعات و تاثرات وقتاً فوقتاً ''الفرقان'' میں شائع ہوتے رہے

..............................................................................

ہیں، اور اس وقت ان کی تفصیل مقصود نہیں۔

یہاں صرف یہ کہنا کہ مولانا کے یہاں جب بار بار حاضری ہوئی اور بعض سفروں میں یکسوئی کے ساتھ حاضر خدمت رہنے اور ان کے ارشادات کو تفصیل سے سننے کا موقع ملا تو قلب و دماغ پر دو اثر ہوئے۔

ایک تو یہ کہ مولانا کی دعوت بڑی عمیق اور اصولی دعوت ہے اور جو محض غلبہ حال کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالی کی خاص عنایت و توفیق کے ساتھ اصول دین میں بہت گہرے غور و تدبر، قرآن و حدیث کے عمیق مطالعہ و تفکر، دین کے مزاج و طبیعت سے واقفیت اور صحابہ کرامؓ اور قرنِ اول کے طرز زندگی کے وسیع اور گہرے علم پر مبنی ہے اور وہ چند منتشر اور غیر مربوط اجزاء کا نام نہیں ہے۔ بلکہ مولانا کے ذہن میں اس کا ایک مرتب خاکہ ہے، البتہ اس کے لئے ان کے نزدیک ترتیب و تدریج بہت ضروری ہے۔

اس حقیقت کے انکشاف کے بعد قلب میں شدت کے ساتھ اس کا تقاضا پیدا ہوا کہ یہ چیزیں کاغذ پر بھی مرتب شکل میں آجائیں اور اس دعوت کے اصول و مبادی اور طریق کار اور اس کی ذہنی اساس اور دینی بنیاد اہل علم کے لئے اس زمانہ کی زبان اور علمی پیرایہ بیان میں سامنے آجائے۔

رجب 62ھ میں مولانا لکھنو تشریف لے گئے اور خاکسار راقم کو بھی آپ کی معیت میں کئی روز رہنے کی سعادت، اور کبھی کبھی ترجمانی کی عزت بھی حاصل ہوئی۔ ہمارے دوست مولف کتاب نے ایک مجلس میں مولانا کی ترجمانی کا فرض ادا کیا اور آپ کی اس دینی دعوت کے جن نہایت عمیق اور طاقتور پہلوؤں کو سرسری نظر سے دیکھنے والے نہیں سمجھ سکتے، مولانا ابوالحسن علی نے اپنی اس تقریر میں ان کو ایسی مفکرانہ ترتیب کے ساتھ اس قدر دل نشین انداز میں اس وقت پیش کیا کہ خود راقم سطور کے لئے بھی اس تحریک کے متعلق علم کا ایک نیا دروازہ کھل گیا۔ چنانچہ خاکسار نے اسی وقت بہ اصرار ان سے کہا کہ آپ تمام کام چھوڑ کر اس تقریر کو قلمبند کرلیں، یا اس کو تحریری شکل میں ازسرنو مرتب کریں، یہ آپ پر اس دعوت کا سب سے بڑا حق اور بڑی ذمہ داری ہے۔ مولانا نے بھی میری فرمائش کی تائید کی، اور غالباً اسی سے متاثر ہوکر مولف نے وہ رسالہ مرتب کیا جو ایک ''اہم دینی دعوت یا مسلمانوں کی عمومی تعلیم و تربیت کا نظام'' کے نام سے شائع ہوچکا ہے۔

اس کے بعد راقم الحروف نے حضرت مولانا کی علالت کے زمانہ میں ہی حضرت ہی کے ارشادات سے اخذ کرکے ''بصیرت دین واصلاح مسلمین کی ایک کوشش'' کے عنوان سے ایک مقالہ

مرتب کیا اور اس میں ایک خاص عنوان سے اس دعوت کی ترجمانی اور توضیح کی کوشش کی، اس طرح جہاں تک دعوت کے اصول و اساس کا تعلق ہے اگر چہ کوئی تحریر کسی انسان کی قائم مقام نہیں ہو سکتی، مگر اس سلسلہ میں دل پر اب اتنا بوجھ نہیں رہا، اور کسی حد تک اس کا اطمینان ہو گیا کہ دل و دماغ کی امانت کاغذ کے سپرد کر دی گئی ہے اور اگر چہ کاغذ بہت ضعیف ہے مگر اس کے امین ہونے میں شک نہیں۔

قلب پر دوسرا اثر مولانا کی شخصیت کا تھا، ہماری آمد و رفت، سفر و حضر کی رفاقت اور ذاتی واقفیت جتنی بڑھتی گئی، مولانا کی شخصیت کا اثر بھی ہمارے اوپر بڑھتا گیا، ہم اور ہمارے بعض دوسرے صاحب بصیرت احباب اس بارے میں ہم خیال و یک زبان تھے، کہ اس زمانے میں ایسی شخصیت اللہ تعالیٰ کی قدرت کی ایک نشانی اور رسول اللہ ﷺ کا ایک معجزہ ہے۔ جس کو دین کے موثر اور زندہ جاوید ہونے کے ثبوت کے طور پر اور صحابہ کرام کے عشق اور خیر القرون کے دینی جنون و بیقراری اور اس دور کی خصوصیات کا ایک اندازہ کرنے کے لئے اس زمانہ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

انسان کی فطرت ہے کہ جب وہ اس طرح کی کسی غیر معمولی شخصیت کو دیکھتا اور اس سے متاثر ہوتا ہے تو چاہتا ہے کہ اس کے دوست احباب بھی دیکھیں اور نعمت و سعادت میں اپنا اپنا حصہ لیں، اس لئے طبعی طور پر ہمارا بھی جی چاہتا تھا کہ ہمارے احباب اور معاصر اس ہستی کو دیکھیں جو قرون اولیٰ کے خزانہ عامرہ کا ایک بچا کھچا موتی ہے، لیکن کسی کو کسی پر اختیار نہیں، بہت سے احباب جو بآسانی پہنچ سکتے تھے اور جن کی نظر دوررس اور حقیقت شناس تھی، اور جو اپنی مناسبت اور صلاحیتوں کی بناء پر یا کسی دوسری وجہ سے ان کی زندگی میں نہ آسکے اور ان کو ان کی خصوصیات و امتیازات کے ادراک اور ان کی دعوت کو اچھی طرح سمجھ سکنے کا موقع نہ مل سکا۔

ہم آپس میں اکثر تذکرہ کرتے تھے کہ اگر ہم مولانا کے حالات کسی کے سامنے بیان کریں، تو وہ مبالغہ پر محمول کرے گا اور دیکھنے والا ہمارے بیان کی تقصیر اور کوتاہی سمجھے گا، واقعہ یہ ہے کہ الفاظ کی بڑی سے بڑی مقدار ذاتی مطالعہ اور عینی مشاہدہ کے قائم مقام نہیں ہو سکتی، الفاظ یا تو آگے بڑھ جاتے ہیں یا پیچھے رہ جاتے ہیں، کاغذی لباس جو بھی تیار کیا جائے گا وہ جسم پر پورے طور پر راست نہیں آئے گا، یا ڈھیلا رہے گا یا تنگ، اگر کوئی چیز کسی کا کچھ صحیح تصور قائم کرا سکتی ہے اور اس کو کسی حد تک اس کی صحیح شکل میں پیش کر سکتی ہے، تو وہ صرف واقعات یا اس کی اپنی تحریریں (خصوصاً خطوط) اور اس کی روزمرہ بے تکلف گفتگو ہے۔

..................................................................................

مولانا کے ساتھ رہنے اور ان کو قریب سے دیکھنے سے ہم پر ایک علمی نکتہ یہ منکشف ہوا کہ بزرگان دین اور اکابر سلف کے جو حالات کتابوں میں جمع کئے گئے ہیں، ان میں خواہ کتنے ہی استقصاء سے کام لیا گیا ہو، وہ ان کی شخصیت اور ان کے اصلی کمالات سے کوئی نسبت نہیں رکھتے، اور واقعات کا بھی وہ بہت تھوڑا سا حصہ ہوتے ہیں جن میں مولف وسوانح نگار کی نظر انتخاب اور اس کے ذوق کو بڑا دخل ہوتا ہے، اور بعض مرتبہ تو جس شخص کی وہ سیرت ہوتی ہے، اس سے زائد خود سوانح نگار کی اپنی سوانح اور اس کا ذہنی مرقع ہوتی ہے۔

پھر کیفیات وجذبات اور بیسیوں ادائیں ہیں، قلم سے جن کی تصویر کشی محال ہے، شاعر نے سچ کہا ہے۔

گر مصور صورت اں دلستاں خواہد کشید
حیرتے دارم کہ نازش راچساں خواہد کشید

اور غریب سوانح نگار کرے بھی کیا، بہت سی کیفیات وحقائق کے لئے شاعری کی لطیف اور بلیغ زبان میں بھی لفظ نہیں۔

بسیار شیوہ ہاست بتاں را کہ نام نیست

ہمیں بعض زندہ ہستیوں کے ساتھ رہنے ہی سے معلوم ہوا کہ اگرچہ محدثین کرام اور اہل سیر سے زیادہ کسی نے امانت نقل اور استقصاء سے کام نہیں لیا، لیکن وہ بہرحال اتنا ہی بیان کر سکے جتنا الفاظ میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

پھر بھی کوئی شبہ نہیں کہ تاریخ اور کتب سوانح نے جو کچھ محفوظ کر دیا، اور ہم تک پہنچا دیا، حافظہ اور زبانی نقل وروایت کے سلسلے اس کا ایک حصہ بھی پہنچا سکتے، اور جن لوگوں کے لئے اس کا کوئی اہتمام نہیں ہوا، اکثر ان کے نام کے سوا دنیا میں کچھ باقی نہیں۔

مولانا کی سیرت وسوانح کے سلسلے میں ہم عرصے تک متامل رہے، مولانا اس کی ہمیشہ تاکید فرماتے رہے کہ ان کی دعوت کو ان کی شخصیت کے ساتھ وابستہ نہ کیا جائے، وہ کسی طرح اس کے روادار نہ تھے کہ ان کی شخصیت کی طرف دعوت دی جائے اور آخر میں اس کو بھی پسند نہیں کرتے تھے کہ دعوت کے تعارف کے سلسلے میں ان کا نام بھی لیا جائے، یہ احتیاط، تواضع، بے نفسی اور اخلاص کے علاوہ اہم دینی مصالح پر مبنی تھی، لیکن اس کام کے داعیوں اور کارکنوں کو (جن میں مولف کتاب ومقدمہ نگار بھی ہیں) اس کا اقرار ہے کہ اس میں کامیابی نہ ہو سکی۔ اکثر دعوت کے

مصالح کا اقتضاء ہوتا تھا کہ اس کے داعی اول کا ذکر کیا جائے، تاکہ ان لوگوں میں جو اس کی شخصیت، اخلاص اور للّٰہیت سے واقف ہیں، اس دعوت کی طرف سے اعتماد اور حسن خیال پیدا ہو، پھر دعوت کے اصول کی تشریح وتفصیل اور اس کے نتائج کے ظہور کے سلسلے میں خود اس کے داعی کے ذاتی تجربات اور اس دعوت کے ان منازل ارتقا کا ذکر ضروری ہوتا تھا جن سے یہ دعوت گزری ہے اور اس سلسلہ میں مولانا کا نام اور ان کی مساعی کا ذکر بالاضطرار زبان پر آجاتا تھا، اور وہ اکثر اوقات مفید ہوتا تھا۔

خاکسار راقم کو اچھی طرح یاد ہے کہ ایک مرتبہ وہ اور مولف کتاب دہلی میں ایک صاحب علم و صاحب قلم دوست سے نظام الدین نہ جانے پر دوستانہ شکایت کررہے تھے اور اس دعوت کی دینی اہمیت اور عظمت کا اظہار کر کے ان کو اس کی طرف متوجہ کررہے تھے، اس ضمن میں جب مولانا کی بلند شخصیت، روحانیت اور ان کے متعلق بعض نامور معاصرین کی رائے سنائی گئی تو ہم نے صاف محسوس کیا کہ دعوت کا وزن ان کی نگاہ میں کہیں سے کہیں پہنچ گیا، اور ان کے لئے کوئی چیز اس سے زیادہ موثر ثابت نہیں ہوئی۔

بعض انہی تجربات اور دوسرے دینی مصالح کے پیش نظر مولانا کی مایوس کن علالت کے دوران میں اس عاجز کو بار بار خیال ہوا کہ مولانا کی سیرت کی ترتیب اور اس دعوت کی مفصل تاریخ بہت ضروری ہے۔ مولانا سید ابوالحسن علی صاحب کا مولانا کی علالت کے آخر زمانہ میں وہیں قیام تھا۔ میں نے ان سے اپنا خیال ظاہر کیا تو معلوم ہوا کہ وہ خود اس خیال سے فارغ نہیں ہیں، اور کچھ چیزیں انہوں نے نوٹ کرنی شروع کردی ہیں۔ اسی عرصے میں مولانا کی وفات کا حادثہ پیش آیا، اور اس تجویز میں جان پڑگئی۔

مولانا کی آخری خدمت وزیارت کے لئے تقریباً تمام پرانے کام کرنے والے دیرینہ رفیق، نیز خاندان کے بزرگ اور اعزا جمع تھے، اور عنقریب یہ سبھا اجڑنے والی تھی، اور کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ یہ بنات النعش پھر کہیں ایک جگہ ملیں گے۔ علی صاحب نے اس موقع سے پورا فائدہ اُٹھایا۔ مولانا کے باخبر اعزہ اور دیرینہ رفقاء سے ضروری معلومات یکجا کئے جن کے بغیر کوئی سوانح مرتب نہیں ہوسکتی، ان سے سوالات کر کے بہت سی کارآمد باتیں اور جزئیات فراہم کیں، صحیح سنہ معلوم کئے اور دعوت کے مختلف مراحل ومدارج کو منضبط کیا۔

اس کے علاوہ پرانے خطوط کا ایک قیمتی ذخیرہ نظام الدین سے اپنے ساتھ لے گئے، جن سے

سیرت وسوانح کے بعض ضروری خلا پر کئے۔ دعوت کے مبادی واصول کے متعلق خطوط کا سب سے پیش قیمت سرمایہ خود ان کے پاس موجود تھا۔ مولانا نے دعوت اور اپنے پیام کی تشریح میں (ہمارے علم میں) سب سے زیادہ اور مفصل خطوط خود مولف کتاب کو لکھے تھے جس سے انہوں نے پورا فائدہ اُٹھایا، بعض دوسرے دوستوں نے بھی یہ سن کر وہ مولانا کی سیرت کی تالیف کا کام کر رہے ہیں، اپنے خطوط ان کے پاس بھیج دیئے جو بہت کار آمد ثابت ہوئے۔

سب سے بڑی اور سب سے قیمتی مدد اس سلسلہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ، سے ملی، آپ نے بڑی جانفشانی اور بڑی تحقیق وتلاش سے معلومات فراہم کئے، بعض مرتبہ ایک سنہ اور تاریخ کی تحقیق میں کئی کئی دن اور کئی راتیں صرف ہوئیں، اپنے روزنامچہ اور پرانے کاغذات اورتحریروں سے یہ کھوئی ہوئی چیزیں برآمد کیں اوراس طرح کتاب کی تکمیل کی، آخر میں (کتاب کی دوسری طباعت کے وقت) مولاناؒ کے خطوط کا ایک بہت بڑا ذخیرہ آپ کی توجہ اور کرم سے ہاتھ آیا۔ (اس ذخیرے کے قریبا70,80 اقتباسات اس اشاعت کا قیمتی اضافہ ہیں جس سے کتاب میں نئی روح اور نئی طاقت پیدا ہوگئی ہے۔

اس طرح اول سے آخر تک اللہ تعالیٰ نے اس کام میں بڑی مدد فرمائی اور ہماری ابتدائی توقع سے بڑھ کر مواد فراہم ہوگیا۔

مسودہ کی تکمیل کر لینے کے لئے یہ مناسب معلوم ہوا کہ خصوصی واقف کار اور دیرینہ رفیقوں کے سامنے یہ کتاب گزر جائے تا کہ واقعات کی صحت اور بیانات کی پختگی کے متعلق پورا اطمینان ہو جائے چنانچہ دسمبر 1944ء میں میوات کے ایک سفر میں کئی مجلسوں میں یہ کتاب سنی گئی اور کتاب کی مزید تنقیح کی گئی۔

ہمارے دوستوں میں مولف کتاب کو بزرگوں اور دینی شخصیتوں کی سیرت نگاری اور دینی و اصلاحی تحریکات کی تاریخ نویسی سے خاص مناسبت ہے، اوراس کا خاص ذوق اللہ نے ان کو بخشا ہے، اس سلسلہ میں مستقل کتاب کی شکل میں ''سیرت سید احمد شہید'' ان کا پہلا نقش تھا، اور مولانا محمد الیاسؒ کی یہ سوانح نقش ثانی ہے۔

اہل دین واہل علم کی سوانح نگاری اور تذکرہ نویسی مولف کتاب کی آبائی سعادت ہے اور یہ موضوع ان کے لئے بہت سے لوگوں سے زیادہ محبوب و دلچسپ اور سہل ہے، مولف کتاب کے دادا مولانا حکیم سید فخر الدین صاحبؒ فارسی کے ایک جلیل القدر مورخ اور دبیر تھے، جن کے رواں

اور سیال قلم کی یادگار ''مہر جہاں تاب'' (قلمی) فارسی کا انسائیکلو پیڈیا (جس کی پہلی جلد فل سکیپ سائز کے تیرہ سو صفحات میں تمام ہوئی ہے) اور ''سیرت السادات'' اور ''تذکرہ علمیہ'' جیسی کتابیں ہیں۔

مولف کے والد نامدار مولانا سید عبدالحی صاحبؒ سابق ناظم ندوۃ العلماء ہندوستان کے ابن خلکان اور ابن الندیم تھے جو ''نزہتہ الخواطر (عربی) کی سی جلیل القدر تصنیف کے مصنف ہیں جو ہندوستان کے مسلمان مشاہیر واعیان علماء ومشائخ اور اہل علم وتصنیف کا آٹھ جلدوں میں سب سے مبسوط تذکرہ ہے۔

اس آبائی مناسبت اور خود اپنے ستھرے علمی ذوق کے علاوہ انہوں نے امیر المومنین حضرت سید احمد شہیدؒ (مکتوبات امام ربانی کے سلسلے میں) حضرت مجدد الف ثانیؒ کی سیرت، تعلیم اور اصلاح و تجدید کا گہرا مطالعہ کیا ہے، اس لئے اس دعوت کے بہت سے گوشوں اور اس کے بہت سے محاسن وخصوصیات سمجھنے میں ان کو مقابلتاً آسانی ہوئی اور اس سلسلہ میں ان کا اعتراف اہمیت سے خالی نہیں۔

ان خصوصیات کے علاوہ خوش نصیب مولف کو اللہ کی بخشی ہوئی کچھ اور خاص صلاحیتیں بھی حاصل ہیں، جن کا جوہر غالباً ان کی فطرت میں پہلے سے موجود تھا، لیکن ان کا نشوونما میرے خیال میں مولانا محمد الیاسؒ کے یہاں آمد و رفت اور ان کے ساتھ قلبی تعلق ہی سے ہوا ہے، اور ان ہی اندورنی خصوصیات نے حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت کی معرفت کو ان کے لئے زیادہ آسان کیا، جس کا اندازہ ناظرین کو انشاءاللہ اس سیرت کے مطالعہ سے کر سکیں گے۔

مقدمہ نگار قارئین سے رخصت ہونے سے پہلے مختصر مختصر چند باتیں اور بھی عرض کرنا ضروری سمجھتا ہے:

(الف) مولف کتاب اپنی خاص صلاحیتوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے اگرچہ اپنی اس محنت میں یقیناً بہت زیادہ کامیاب ہوئے ہیں، اور بلاشبہ اگر کوئی دوسرا اس کام کو کرتا تو میرے خیال میں وہ ہرگز اس درجہ میں کامیاب نہ ہو سکتا، تاہم یہ حقیقت ہے کہ جنہوں نے صاحب سوانحؒ کو قریب سے اور غور سے نہیں دیکھا وہ اس کتاب سے جو کچھ اندازہ کریں گے وہ اصلیت اور حقیقت سے بہت کم ہوگا، خود راقم سطور کو بھی زیادہ قریب سے اور زیادہ غور سے مولانا مرحوم کو دیکھنے کا موقع ان کی آخری علالت ہی میں ملا، اور یہ واقعہ ہے کہ ہر اگلے دن یہ محسوس ہوتا تھا کہ کل ہم نے مولانا

کے متعلق جو کچھ سمجھا تھا مولانا اس سے بھی بہت بلند ہیں۔

عصر حاضر کے ایک بڑے عارف بلکہ یقین و معرفت کے ایک امام نے حضرت مولانا کی وفات سے تقریباً ساڑھے چار مہینے پہلے ایک موقع پر ارشاد فرمایا تھا کہ: یہ (مولانا آج کل ہزاروں میل روزانہ کی رفتار سے جا رہے ہیں، اس وقت تو میں ان الفاظ کا مطلب کچھ نہیں سمجھ سکا، لیکن بعد میں حضرت کے احوال کے مطالعہ سے کچھ سمجھ میں آیا کہ وہ ان کا اشارہ کس ارتقائی پرواز کی طرف تھا۔

مولانا مرحوم اپنی دعوت و تحریک کے متعلق کبھی کبھی فرمایا کرتے تھے کہ "یہ قرن اول کا ہیرا ہے، مگر مجھے یہ کہتے ہیں کوئی مبالغہ محسوس نہیں ہوتا کہ مولانا خود اس چودھویں صدی میں قرن اول کے خزانہ عامرہ کا ایک موتی تھے، بعض سلف کے متعلق بہت سی چیزیں ہم کتابوں میں ایسی پڑھتے ہیں جن کو باور کرنے میں ہماری مادیت سے مغلوب طبیعتوں پر بڑا بوجھ پڑتا ہے، لیکن مولانا مرحوم کے اندر اس قسم کی چیزیں آنکھوں سے دیکھ کر بحمد اللہ ایسا انشراح اور اطمینان نصیب ہوا جو شاید صدہا دلیلوں سے نصیب نہ ہوتا۔ روم کے عارف نے ایسوں ہی کے حق میں کہا ہے۔

اے لقائے تو جواب ہر سوال
مشکل از حل شود بے قیل و قال

(ب) مولانا مرحوم یا ان کے بعض اکابر خاندان کے کچھ ایسے احوال بھی اس کتاب میں ناظرین کرام ملاحظہ فرمائیں گے، جن کو آج کل کی تنگ ذہنیں اور کوتاہ نظریں شاید بعید از عقل و قیاس سمجھیں، لیکن اس قسم کے جو احوال و واقعات اس کتاب میں مولف نے درج کئے ہیں یہ عموماً وہی ہیں جو موجب یقین و اطمینان ذرائع علم سے معلوم ہوئے ہیں۔

(ج) یہ حقیقت بھی ناظرین کرام کے پیش نظر رہنی چاہیے کہ مولف کتاب کی کسی قدر تفصیل کے ساتھ مولانا مرحوم کی زندگی کے صرف وہی واقعات و سوانح لکھ سکتے ہیں جو کبھی کبھی سفر کی ہمرکابی یا نظام الدین کی حاضری کے موقع پر خود ان کے سامنے پیش آئے، اسی بنیاد پر آخری مرض کے اخیر ایام کے حالات اور سفر لکھنؤ کے واقعات وہ اچھی خاصی تفصیل سے لکھ سکے ہیں، حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ مولانا مرحوم کی زندگی کا بڑا حصہ ایسا ہی گزرا ہے، اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر مولف کتاب کو اس پورے زمانے میں رفاقت حاصل رہی ہوتی تو کتاب کی ضخامت کتنی ہوتی، اور اس قسم کے وقائع و معلومات کا کس قدر مفید اور قیمتی مواد اس میں ہوتا، تاہم جو کچھ اس میں آ گیا ہے، غور و فکر اور اللہ کی دی ہوئی بصیرت سے کام لینے والوں کے لئے بہت کچھ ہے۔

(د) جیسا کہ ناظرین کرام کو کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوگا، یہ کتاب صاحب سوانح کی شخصیت کے تعارف سے زیادہ ان کی دعوت کی توضیح اور تفصیل پر مشتمل ہے، اور ایسا ہونا ناگزیر بھی تھا، کیونکہ جب کسی ایسے شخص کی سوانح لکھی جائے گی جس نے اپنی شخصیت کو اپنی دعوت میں اس طرح فنا کر دیا ہو تو لامحالہ وہ شخصی احوال سے زیادہ دعوت کے متعلقات پر مشتمل ہوگی نیز مولف کا اصلی اور اولین مقصد بھی اس محنت و کاوش سے یہی ہے کہ ہمارے ناظرین کی دنیا مولانا مرحوم کی تجدیدی دعوت اور اس کے حیات سے بخش پیغام سے آشنا ہو۔

مقدمہ نگار نے ناظرین کا بہت وقت لیا، لیکن کتاب وصاحب کتاب کے متعلق یہ چند ضروری تھے، مقدمہ نگار سامنے سے ہٹا جاتا ہے، کتاب آپ کے سامنے ہے، لیکن یہ کتاب صرف پڑھ کر رکھ دینے کی نہیں، یہ سراپا دعوت ہے، ناظرین اگر سامعین بن جائیں تو سروش غیب کی آواز کانوں میں آئے گی۔

گوئے توفیق و سعادت در میاں افگندہ اند
کس بمیداں درنمی آید سواراں راچہ شد

یہ خالص دینی جدوجہد کے ایک نئے دور کا آغاز ہے کام مدتوں کا چھوٹا ہوا ہے، جو لوگ ہمت کر کے آگے بڑھیں گے، ان کی سعادت کا کوئی اندازہ نہیں لگا، سکتا صرف وقت اور اللہ کی دی ہوئی قوت کے صرف واستعمال کا سوال ہے، اور سودا ایسا ہے کہ جان کی قیمت میں بھی سستا ہے، بقول حضرت مفتی صدرالدین خاں آزردہ۔

اے دل تمام نفع ہے سودائے عشق میں
اک جان کا زیاں ہے، سو ایسا زیاں نہیں

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

9 جمادی الثانیہ 1364ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## باب اول: 1

# خاندان: ماحول، نشوونما، تعلیم وتکمیل

### مولانا محمد اسماعیل صاحب:

آج سے 70،80 برس پہلے کی بات ہے، دہلی کے باہر حضرت نظام الدین اولیاؒ کے مرقد کے قریب چونسٹھ کھمبے کے نام سے جو تاریخی عمارت ہے، اس کے سرخ پھاٹک پر ایک عمارت میں ایک بزرگ رہا کرتے تھے جن کا نام مولانا محمد اسماعیل صاحب تھا۔

آپ کا قدیم آبائی وطن جھنجھانہ ضلع مظفر نگر تھا، لیکن پہلی بیوی کے انتقال کے بعد آپ نے مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلویؒ کے خاندان میں (جو آپ کے ایک جدی تھے) عقد ثانی کر لیا تھا، جس کی وجہ سے کاندھلہ برابر آمد ورفت رہتی تھی، اور وہ بھی وطن کی طرح ہو گیا تھا۔

جھنجھانہ اور کاندھلہ کا یہ خاندان صدیقی شیوخ کا معتبر گھرانہ تھا، جس میں علم اور دینداری پشتہا پشت سے چلی آرہی تھی، اور ان اطراف میں خاص عزت واعتبار کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ چھ پشت اوپر (مولوی محمد شریف پر) مولوی محمد اسماعیل اور مفتی صاحب کا نسب مل جاتا ہے، سلسلہ نسب اس طرح ہے:

مولانا محمد اسماعیل بن غلام حسین بھی حکیم کریم بخش، بن حکیم غلام محی الدین بن مولوی محمد ساجد بن مولوی محمد فیض بن مولوی محمد شریف، بن مولوی محمد اشرف بن شیخ جمال محمد شاہ بن شیخ بابن شاہ بن شیخ بہاء الدین شاہ بن مولوی شیخ محمد بن شیخ محمد فاضل بن الشیخ قطب شاہ[1]

### مفتی الٰہی بخش صاحبؒ اور ان کا خاندان:

مفتی الٰہی بخش صاحبؒ حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کے ممتاز ترین تلامذہ میں سے تھے، اپنے زمانہ کے نامور صاحب فتویٰ وتدریس اور صاحب تصنیف تھے، کامل طبیب تھے اور علوم عقلیہ ونقلیہ میں اعلیٰ دستگاہ اور عربی وفارسی اور اُردو نظم پر استادانہ قدرت رکھتے تھے، جس کی شاہد ان کی شرح

---

1 (نسب نامہ خاندانی مرسلہ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی-12)

''بانت سعاد'' ہے جس میں حضرت کعبؓ کے ہر عربی شعر کا ترجمہ عربی، فارسی اور اردو شعر میں کیا ہے، عربی فارسی کی تقریباً 40 تصنیف یادگار ہیں۔ ''شمیم الحبیب'' اور ''مثنوی مولانا روم کا تکملہ'' سب سے زیادہ مشہور ہے۔

مفتی صاحب حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ سے بیعت تھے، اخلاص وللہیت کی کھلی ہوئی دلیل یہ ہے کہ شیخ وقت ہونے کے باوجود 65-60 برس کی عمر میں اپنے شیخ کے جواں سال خلیفہ حضرت سید احمد شہیدؒ سے بیعت ہوئے جو مفتی صاحبؒ سے تقریباً 38 سال چھوٹے تھے، اور اس سن وسال اور بزرگی وشہرت کے باوجود آپ سے استفادہ کرنے میں تامل نہیں کیا[1]۔

مفتی صاحب کی ولادت 1162ھ میں ہوئی اور 1245ھ میں 83 کی عمر میں انتقال فرمایا۔ آپ کے صاحبزادے اور پوتے سب ذہین وذکی، ذی علم و باکمال اور صاحب وجاہت تھے، ذہن وذکاوت علم وادب سے فطری مناسبت اور اللہ کی طرف رجوع وانابت اس خاندان کی خصوصیات ہیں، مولوی ابوالحسن صاحب جن کی مثنوی گلزار ابراہیم (جو ان کی مشہور تالیف بحرحقیقت کا ایک جزو ہے) بڑی عارفانہ مثنوی ہے جو ابھی کچھ مدت پہلے گھر گھر پڑھی جاتی تھی[2]

ان کے صاحبزادے مولوی نورالحسن صاحب'' اور انکے چاروں صاحبزادے مولوی ابراہیم صاحب اس خانوادے کے نامور فرزند ہیں۔

مولانا مظفر حسینؒ:

مفتی صاحبؒ کے حقیقی بھتیجے مولانا مظفر حسینؒ جو حضرت شاہ اسحاق کے نہایت عزیز شاگرد حضرت شاہ محمد یعقوبؒ کے مجاز اور حضرت سید صاحب اور ان کے رفقاء کے دیکھنے والے تھے، اپنے زمانے کے بڑے صلحاء میں سے تھے۔ تورع اور تقویٰ آپ کا خاص جوہر تھا۔ مشہور ومسلم بات ہے کہ ان کے معدے نے کبھی مشتبہ چیز قبول نہیں کی۔ ان کی تواضع، استقامت اور نماز کے واقعات اس جوار و اطراف ابھی تک لوگوں کی یاد میں اور وہ قرون اولیٰ کی یاد تازہ

---

1 (مفتی صاحب نے سید صاحب کے طریقہ واذکار میں ایک ایک کتاب بھی لکھی ہے جس کا نام'' طہمات احمدیہ'' ہے-12)

2 (حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ فرماتے تھے کہ: مجھے اس طریق (معرفت وسلوک) کا شوق اسی مثنوی سے پیدا ہوا۔ (روایت حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحبؒ-12)

کرتے ہیں [1]۔

مولانا مظفر حسین صاحبؒ کی نواسی مولانا محمد اسماعیل صاحب کے عقد میں تھیں۔ یہ آپ کا نکاح ثانی تھا جو 85،13ھ (3_ اکتوبر 68) کو ہوا تھا۔

مولانا محمد اسماعیل صاحبؒ کی زندگی:

مولانا اسمٰعیل صاحبؒ مرزا الٰہی بخش صاحب (جو بہادر شاہ کے سمدھی تھے) کے بچوں کو پڑھاتے تھے۔ پھاٹک کے اوپر مکان میں رہتے تھے۔ متصل ہی ایک چھوٹی سی مسجد تھی جس کے سامنے مرزا الٰہی بخش صاحب کی نشست گاہ تھی جس پر ٹین پڑا ہوا تھا، اسی بناء پر اس کو بنگلہ والی مسجد کہتے تھے۔

مولانا اپنی زندگی عزلت اور گمنامی اور عبادت میں گزار رہے تھے۔ خود مرزا الٰہی بخش صاحب کو ان کے مرتبہ کا احساس اس وقت ہوا جب مولانا کے مستجاب الدعوات ہونے کا ان کو ذاتی تجربہ ہوا۔

ذکر و عبادت' آئے گئے مسافروں کی خدمت اور قرآن مجید و دین کی تعلیم شب و روز کا مشغلہ تھا، خدمت و تواضع کا یہ عالم تھا کہ جو مزدور بوجھ لادے ہوئے پیاسے ادھر سے آنکلتے ان کا بوجھ اتار کر رکھ دیتے، اپنے ہاتھ سے ڈول کھینچ کر ان کو پانی پلاتے، پھر دو رکعت نماز شکرانہ ادا کرتے کہ اے اللہ! تو نے مجھے اپنے بندوں کی اس خدمت کی توفیق دی، میں اس قابل نہ تھا۔ عام اجتماع و ہجوم کے زمانہ میں پانی اور لوٹوں کا خاص اہتمام رکھتے، اور رضا الٰہی اور قربت خداوندی کا ذریعہ سمجھ کر خلق خدا کی راحت رسانی اور خدمت میں مشغول رہتے [2]۔

مولانا ہر وقت ذاکر و باخدا رہتے تھے۔ مختلف اوقات و حالات کے متعلق حدیث میں جو اذکار و اوراد آئے ہیں ان کی پابندی کرتے تھے اور آپ کو مرتبہ احسان حاصل تھا [3]۔

ایک مرتبہ آپ نے حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ سے طریق سلوک کے حصول کی خواہش کی۔ مولانا نے فرمایا کہ آپ کو اس کی حاجت نہیں' جو اس طریق اور ان اذکار کا مقصود ہے وہ آپ کو حاصل ہے' اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص قرآن پاک پڑھنے کے بعد یوں کہے

---

1_ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ارواح ص 155،167 و تذکرۃ الخیل-12)2

2_(روایت مولانا محمد الیاس صاحب) 3_ (ارواح ثلثہ)

کہ قاعدہ بغدادی میں نے نہیں پڑھا، اس کو بھی پڑھ لوں [1]۔

مولانا کو قرآن مجید کی تلاوت اور ورد سے خاص شغف تھا۔ پرانی تمنا تھی کہ بکریاں چراتا رہوں اور قرآن پڑھتا رہوں۔

رات کو اس کا خاص اہتمام تھا کہ گھر والوں میں سے کوئی نہ کوئی جاگتا رہے۔ بارہ ایک بجے تک منجھلے صاحبزادے مولانا یحییٰ صاحب مطالعہ میں مشغول رہتے، اس وقت مولانا اسمٰعیل صاحب بیدار ہو جاتے اور مولانا یحییٰ صاحب سو جاتے۔ پچھلے پہر بڑے صاحبزادے مولانا محمد صاحب کو بیدار کر دیتے۔

عام مقبولیت:

طبیعت اتنی صلح کل واقع ہوئی تھی کہ کسی کو آپ سے شکایت نہ تھی، بے ہمہ ایسے تھے کہ اللہ نے باہمہ بنا دیا تھا، آپ کی للّٰہیت، خلوص و بے نفسی ایسی آشکارا تھی کہ دہلی کی مختلف الخیال جماعتیں جو اس زمانے میں ایک دوسرے سے سخت متنفر و متوحش تھیں، اور ان میں سے ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنے کا روادار نہ تھا، ان کے پیشواؤں کو آپ پر یکساں اعتماد اور آپ کی ذات سے بلا اختلاف عقیدت تھی [2]۔

میوات سے تعلق کی ابتداء:

میوات سے تعلق بھی آپ کی حیات میں شروع ہوا، اس کی تاریخ یہ ہے کہ ایک مرتبہ آپ تلاش و فکر میں نکلے کہ کوئی مسلمان آتا جاتا نظر پڑے تو اس کو مسجد میں لے آئیں اور اس کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھ لیں چند مسلمان نظر آئے، ان سے پوچھا کہ: کہاں جاتے ہو؟ انہوں نے کہا: مزدوری کے لئے! کہا کیا مزدوری ملے گی؟ انہوں نے مزدوری بتائی، فرمایا، اگر اتنی مزدوری یہیں مل جائے تو پھر جانے کی کیا ضرورت؟ انہوں نے منظور کر لیا، آپ ان کو مسجد میں لے آئے اور نماز سکھانے اور قرآن پڑھانے لگے، یومیہ مزدوری ان کو دے دیتے اور ان کو پڑھنے اور سیکھنے میں مشغول رکھتے۔ کچھ دنوں کے بعد نماز کی عادت پڑ گئی اور مزدوری چھوٹ گئی۔ یہ بنگلہ والی مسجد کے مدرسہ کی بنیاد تھی، اور یہ پہلے طالب علم تھے، اس کے بعد 12,10 میواتی طالب علم برابر مدرسے میں رہتے، اور ان کا کھانا مرزا الٰہی بخش مرحوم کے یہاں سے آتا [3]۔

---

1 (روایت مولانا محمد الیاس صاحبؒ-12) 2 (روایت مولانا محمد الیاسؒ) 3 (روایت مولانا احتشام الحسن صاحب کاندھلوی-12)

مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کی وفات اور آپکی مقبولیت:

4 شوال 1315ھ (26 فروری 98ء) کو مولانا محمد اسمٰعیل صاحب نے انتقال فرمایا ''غفرلہ'' تاریخ وفات ہے، آپ نے دہلی شہر میں بہرام کے تراہے کی کھجور والی مسجد میں وفات پائی۔ مقبولیت عامہ کا اندازہ اس سے ہوگا کہ جنازے کے ساتھ چلنے والوں کا اتنا ہجوم تھا کہ اگرچہ جنازہ میں دونوں طرف بلیاں بندھی ہوئی تھیں تاکہ لوگوں کو کاندھا دینے میں سہولت ہو، مگر اس کے باوجود بہت سے لوگوں کو دہلی سے نظام الدین تک (جو تقریباً ساڑھے تین میل ہے) کاندھا دینے کا موقع نہیں ملا[1]۔

جنازہ میں مختلف جماعتوں کے بکثرت لوگ تھے، اور مختلف العقیدہ اور مختلف الخیال مسلمان جو کم ایک جگہ جمع ہو سکتے تھے، اس موقع پر مجتمع تھے۔ مولانا کے منجھلے صاحبزادے مولانا محمد یحییٰ صاحب فرماتے تھے کہ: میرے بڑے بھائی مولانا محمد صاحب بڑے نرم مزاج اور متواضع بزرگ تھے۔ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ کسی بزرگ کی تواضع فرمائیں اور نماز پڑھانے کے لئے ان کو اشارہ کر دیں، اور دوسری جماعت کے لوگ اور ان کے پیشوا ان کے پیچھے نماز نہ پڑھیں، اس طرح اس موقع پر ایک نامناسب صورت پیش آئے، اس لئے میں خود آگے بڑھ گیا اور میں نے کہا کہ میں خود نماز پڑھاؤں گا۔ سب نے اطمینان کے ساتھ میرے پیچھے نماز پڑھی اور کوئی اختلاف وانتشار پیدا نہیں ہوا[2]۔

جنازہ میں اتنا ہجوم اور ایسی بکثرت تھی کہ لوگوں نے بار بار نماز پڑھی، جس کی وجہ سے دفن میں کچھ تاخیر ہوئی، اس عرصہ میں ایک صاحب اور اک بزرگ نے دیکھا کہ مولانا اسمٰعیل صاحبؒ فرماتے ہیں۔ '' مجھے جلدی رخصت کردو، میں بہت شرمندہ ہوں کہ حضورﷺ صحابہؓ کے ساتھ میرے انتظار میں ہیں[3]۔

مولاناؒ کے صاحبزادے:

مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کے تین صاحبزادے تھے، پہلی بیوی سے مولانا محمد صاحبؒ جو سب سے بڑے بھائی تھے، اور اپنے والد کے جانشین ہوئے۔ دوسری بیوی سے (جو مولانا مظفر حسین

---

1 (از حضرات بستی نظام الدین-12) 2 (از شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا فرزند مولانا محمد یحییٰ صاحب-12)
3 روایت مولانا محمد الیاس صاحبؒ-12)

صاحبؒ کی نواسی تھیں اور جن سے پہلی بیوی کے انتقال کے بعد نکاح کیا تھا) دو صاحبزادے مولانا محمد یحییٰ صاحب اور مولانا محمد الیاس صاحبؒ۔

**مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی ولادت آپ کا خاندانی ماحول اور بچپن:**

مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی ولادت 1303ء میں ہوئی. اختر الیاس تاریخ نام ہے۔ آپ کا بچپن اپنے ننھیال کاندھلہ اور اپنے والد صاحب مرحوم کے پاس نظام الدین میں گزرا۔ اس وقت کاندھلہ کا یہ خاندان دینداری کا گہوارہ تھا۔ مرد تو مرد عورتوں کی دینداری، عبادت گزاری، شب بیداری، ذکر وتلاوت کے قصے اور ان کے معمولات اس زمانہ کے پست ہمتوں کے تصور سے بلند ہیں۔

گھر میں بیبیاں عام طور پر نوافل میں اپنے اپنے طور پر قرآن پڑھتی تھیں اور عزیز مردوں کے پیچھے تراویح و نوافل میں سنتی تھیں۔ رمضان المبارک میں قرآن پاک کی عجیب بہار رہتی تھی، گھروں میں جابجا قرآن مجید ختم ہوتے اور دیر تک اس کا سلسلہ جاری رہتا[1]۔

عورتوں کو اتنا علم اور ذوق تھا کہ قرآن مجید پڑھ پڑھ کر مزہ لیتیں اور نماز کے بعد اپنے مقامات کا ذکر کرتی تھیں، نماز میں ایسی محویت اور استغراق تھا کہ بعض اوقات بعض بیبیوں کو گھر میں پردہ کرانے اور کسی حادثہ وغیرہ میں لوگوں کے آنے جانے تک کا احساس نہ ہوتا[2]۔

قرآن شریف مع ترجمہ و اُردو تفسیر، مظاہر حق، مشارق الانوار، حصن حصین، یہ عورتوں کا منتہیانہ نصاب تھا جس کا خاندان میں عام رواج تھا۔ اس وقت گھر کے باہر اور اندر کی مجلسیں اور صحبتیں حضرت سید صاحبؒ اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کے خاندان کے قصوں اور چرچوں سے گرم تھیں، ان بزرگوں کے واقعات مردوں اور عورتوں کی زبانوں پر تھے۔ مائیں اور گھر کی بیبیاں بچوں کو طوطے مینا کے قصوں کے بجائے یہی روح پرور واقعات سناتیں، اور یہ کچھ زیادہ پرانی باتیں نہ تھیں، مولانا مظفر حسین صاحب کی آنکھوں دیکھی باتیں اور ان کی صاحبزادی اور عزیزوں کی کانوں سنی حکایات تھیں۔ سننے والوں کو ایسا معلوم ہوتا تھا وہ کل کی باتیں ہیں۔

---

1ے روایت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب) 2ے مولانا محمد الیاس صاحبؒ: مولانا نے ایک روز اس قسم کے حالات بیان کرنے کے بعد فرمایا: یہ وہ گودیں ہیں جن میں ہم نے پرورش پائی۔ اب وہ گودیں دنیا میں کہاں سے آئیں گی۔) 2ے (مولانا محمد الیاس صاحبؒ نے ایک روز مجھ سے فرمایا کہ: آپ کو مجھ سے زیادہ سید صاحب کے حالات کا علم نہ ہوگا۔ آپ کی کتاب "سیرت سید احمد شہید" سے میری معلومات میں اضافہ نہیں ہوا۔12

امی بی:

مولاناؒ کی نانی بی ''امۃ الرحمٰن'' (جو مولانا مظفر حسین صاحبؒ کی صاحبزادی تھیں اور جن کو خاندان میں عام طور پر ''امی بی'' کے نام سے یاد کرتے تھے، ایک رابعہ سیرت بی بی تھیں۔ ان کی نماز کا یہ حال تھا کہ مولانا نے ایک مرتبہ فرمایا کہ: امی بی کی نماز کا نمونہ میں نے مولانا گنگوہی کی نماز میں دیکھا[1]

(اور مولانا گنگوہی کی نماز اپنے طبقہ میں ممتاز تھی) اخیر زمانہ میں ان کا یہ حال تھا کہ خود کھانا کبھی طلب نہیں فرماتی تھیں، کسی نے لاکر رکھ دیا تو کھالیا۔ گھر بڑا تھا۔ اگر کام کی کثرت اور زیادتی مشغولیت کی وجہ سے خیال نہ آیا تو بھوکی بیٹھی رہیں۔ ایک مرتبہ کسی نے کہا: آپ ایسے ضعف کی حالت میں کیسے بے کھائے رہتی ہیں؟ فرمایا: الحمدللہ! میں تسبیحات سے غذا حاصل کر لیتی ہوں[1]۔

مولانا کی والدہ ماجدہ:

مولانا کی والدہ محترمہ ''بی صفیہ'' بڑی جید حافظہ تھیں، انہوں نے قرآن مجید شادی کے بعد مولانا یحیٰی صاحب کی شیر خوارگی کے زمانہ میں حفظ کیا تھا اور ایسا اچھا دیا تھا کہ معمولی حافظ ان کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتا تھا۔ معمول تھا کہ رمضان میں روزانہ پورا قرآن مجید اور دس پارے مزید پڑھ لیا کرتی تھیں، اس طرح ہر رمضان میں چالیس قرآن مجید ختم کرتی تھیں[3]۔

رواں اتنا تھا کہ گھر کے کام کاج اور انتظامات میں فرق نہ آتا، بلکہ اہتمام تھا کہ تلاوت کے وقت ہاتھ سے کچھ نہ کچھ کام کرتی رہتیں۔ رمضان کے علاوہ امور خانہ داری کے ساتھ روزانہ کے معمولات یہ تھے:......... درود شریف 500 ہزار بار۔ اسم ذات اللہ 5 ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (1900 سو بار) یا مغنی (11 سو بار) لا الہ الا اللہ (بارہ سو بار) یا حی یا قیوم (دو سو بار) حسبی اللہ ونعم الوکیل (5 سو بار) سبحان اللہ (دو سو بار) الحمد (دو سو بار) لا الہ الا اللہ (2 سو بار (اللہ اکبر (دو سو بار (استغفار (پانچ سو بار) افوض امری الی اللہ (سو بار) حسبنا اللہ و نعم الوکیل (سو بار) رب انی مغلوب فانتصر (سو بار) رب انی مسنی الضرو انت ارحم لرحمین (سو بار) لا الہ الا انت سبحنك انی کتب من الظلمین (سو بار)

---

مولانا محمد یوسف صاحب بالواسطہ مولانا محمد الیاس صاحبؒ-12) 2 (مولانا محمد الیاس صاحبؒ)

3 (تذکرہ الخلیل)

اس کے علاوہ قرآن مجید کی ایک منزل روزانہ تلاوت کا معمول تھا[1]۔

## مکتبی تعلیم اور بچپن کا رنگ:

خاندان کے دوسرے عزیز بچوں کی طرح آپ بھی قرآن شریف اور مکتب کی ابتدائی تعلیم حاصل کرتے رہے، اور خاندانی دستور کے مطابق قرآن شریف حفظ کیا۔ قرآن شریف کے حفظ کا خاندان میں ایسا عام رواج تھا کہ خاندان کی مسجد کی ڈیڑھ صف میں موذن کے سوا کوئی غیر حافظ نہ ہوتا۔

امی بی مولانا پر بہت شفیق تھیں۔ فرمایا کرتی تھیں کہ: اختر مجھے تجھ سے صحابہؓ کی خوشبو آتی ہے۔ کبھی پیٹھ پر محبت سے ہاتھ رکھ کر فرماتیں۔ کیا بات ہے کہ تیرے ساتھ مجھے صحابہؓ کی سی صورتیں چلتی پھرتی نظر آتی ہیں[2]۔

مولانا محمد الیاس صاحبؒ میں ابتداء سے صحابہ کرامؓ کی والہانہ شان کی ایک ادا، اور ان کی دینی بے قراری کی ایک جھلک تھی، جس کو دیکھ کر (شیخ الہند) مولانا محمود حسن صاحبؒ بھی فرمایا کرتے تھے کہ جب میں مولوی الیاس کو دیکھتا ہوں تو مجھے صحابہؓ یاد آجاتے ہیں[3]۔

دین کی حمیت (جس نے آگے چل کر منظم شکل اختیار کر لی) آپ کی فطرت میں ودیعت تھی، دینی ماحول اور بزرگوں کے واقعات و روایات نے اس چنگاری کو ہوا دی، بچپن ہی میں آپ سے بعض ایسی چیزوں کا اظہار ہوتا تھا جو عام بچوں کی سطح سے اونچی ہیں، آپ کے ہم عمر و ہم مکتب ریاض الاسلام صاحب کاندھلوی بیان کرتے ہیں کہ: جب ہم مکتب میں پڑھتے تھے، ایک دن آپ لکڑی لے کر آئے اور کہا: آؤ میاں ریاض الاسلام! چلو بے نمازیوں پر جہاد کریں۔

## گنگوہ کا قیام:

1 شوال 1311ء میں آپ کے منجھلے بھائی مولانا محمد یحییٰ صاحب حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ کی خدمت میں گنگوہ چلے گئے اور وہیں کا قیام اختیار کیا4۔

مولانا محمد الیاس صاحبؒ اپنے والد ماجد کے پاس نظام الدین اور کبھی کبھی ننہال کاندھلہ میں

---

1۔ تذکرہ الخلیل بحوالہ مولانا محمد یحییٰ صاحب) 2۔ (مولانا محمد الیاس صاحبؒ)

3۔ (مولانا محمد الیاس صاحبؒ-12) 4۔ مولوی یحییٰ صاحب ہی تھے، جب تک باہر رہتے درس رُکا رہتا۔ مولانا کا ایسا اعتماد اور دل میں جگہ کی پیشکار ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے لئے کہیں جاتے تو مولانا بے چین ہو کر فرماتے کہ مولوی یحییٰ نابینا کی لاٹھی ہیں۔ (ملاحظہ ہو تذکرہ الرشید و تذکرہ الخلیل) 4۔ شیخ الاسلام مولانا محمد زکریا صاحب

رہا کرتے تھے۔ نظام الدین میں والد صاحب کی شفقت اور اپنی عبادت میں مشغولی کی کثرت کی وجہ سے تعلیم جیسی ہونی چاہیے تھی، نہیں ہو رہی تھی۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب نے والد صاحب سے عرض کیا بھائی کی تعلیم معقول نہیں ہو رہی ہے، میں ان کو اپنے ساتھ گنگوہ لے جاتا ہوں۔ والد صاحب نے اجازت دے دی اور آپ بھائی کے ہمراہ 14ھ یا شروع 15ھ میں گنگوہ آ گئے اور بھائی صاحب سے پڑھنا شروع کر دیا۔

گنگوہ اس وقت صلحاء وفضلاء کا مرکز تھا، ان کی اور خود حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ کی صحبت میں اور مجالس کی دولت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کو شب و روز حاصل تھی۔ دینی جذبات کی پرورش، تیز دین کی سمجھ اور اس کا سلیقہ پیدا کرنے میں ان کیمیا اثر صحبتوں اور مجالس کو جو دخل ہے وہ اہل نظر سے پوشیدہ نہیں، مولانا کی دینی اور روحانی زندگی میں اس ابتدائی ماحول کا فیض برابر شامل رہا۔ انسان کی زندگی میں مقام و ماحول کا اثر قبول کرنے کا جو بہترین زمانہ ہو سکتا ہے مولانا محمد الیاس صاحبؒ کا وہ زمانہ گنگوہ میں گزرا، جب گنگوہ آئے تو دس گیارہ سال کے بچے تھے۔ جب 1323ھ میں مولانا گنگوہی نے وفات پائی تو بیس سال کے جوان تھے، گویا دس برس کا عرصہ مولانا کی صحبت میں گزرا[1]۔

مولانا محمد یحییٰ صاحب کامل استاد اور مربی تھے۔ وہ اس بات کا خاص اہتمام رکھتے تھے کہ ہونہار بھائی ان صحبتوں اور مجلسوں کے فیوض سے پورے طور پر مستفید ہو۔ مولانا محمد الیاس صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ جب حضرت گنگوہیؒ کے خاص فیض یافتہ اور تربیت یافتہ علماء گنگوہ آئے تو بعض اوقات بھائی میرا درس بند کر دیتے اور کہتے اب تمہارا درس یہ ہے کہ تم ان حضرات کی صحبت میں بیٹھو اور ان کی باتیں سنو!

### مولانا گنگوہیؒ سے بیعت و تعلق:

مولانا گنگوہی بالعموم بچوں اور طالب علموں کو بیعت نہیں کرتے تھے، فراغت و تکمیل کے بعد اس کی اجازت ہوتی تھی، مگر مولانا الیاس صاحبؒ کے غیر معمولی حالات کی بنا پر ان کی خواہش و درخواست کی بنا پر بیعت کر لیا[2]۔

مولانا کی فطرت میں شروع سے محبت کی چنگاری تھی، آپ کو حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ

---

1 (شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب-12) 2 (روایت شیخ الحدیث-12)

سے ایسا قلبی تعلق پیدا ہو گیا تھا کہ آپ کے بغیر تسکین نہ ہوتی۔ فرماتے تھے کہ: کبھی کبھی رات کو اُٹھ کر صرف چہرہ دیکھنے کے لئے جاتا، زیارت کر کے پھر آکر سو رہتا۔ حضرتؒ کو بھی آپ کے حال پر ایسی ہی شفقت تھی۔ فرماتے تھے کہ: ایک مرتبہ میں نے بھائی سے کہا کہ اگر حضرتؒ اجازت دے دیں تو میں حضرت کے قریب بیٹھ کر مطالعہ کیا کروں؟ مولانا محمد یحییٰ صاحب نے حضرت مولانا سے ذکر فرمایا: مضائقہ نہیں! الیاس کی وجہ سے میری خلوت میں فرق اور طبیعت میں انتشار نہیں پیدا ہو گا۔

مولانا فرماتے تھے کہ جب میں ذکر کرتا تھا تو مجھے ایک بوجھ سا محسوس ہوتا تھا۔ حضرت سے کہا تو حضرت تھرا گئے اور فرمایا کہ مولانا محمد قاسمؒ صاحب نے یہی شکایت حاجی صاحب سے فرمائی تو حاجی صاحب نے فرمایا کہ: اللہ آپ سے کوئی کام لے گا۔

## مولانا محمد یحییٰ صاحب کا طرز تعلیم:

مولانا محمد یحییٰ صاحب تعلیم میں مجتہدانہ طرز رکھتے تھے، ابتدائی تعلیم میں درسی کتب اکثر نہیں پڑھاتے تھے، بلکہ خود اصول وقواعد لکھوا کر سہ حرفی دو حرفی لفظ بناتے تھے کہ ان کی گردانیں اور تعلیلیں بناؤ، ادب پر ابتدا ہی سے زور تھا۔ ابتدا شاہ ولی اللہ صاحب کی ''چہل حدیث'' اور ''پارہ عم'' سے کرتے تھے۔ فرماتے تھے کہ مسلمان بچے کو پارہ عم تو یاد ہوتا ہی ہے، لفظ یاد کرنے نہ پڑیں گے، صرف معنی یاد کرنے ہوں گے۔ فرماتے تھے کہ ویسے بھی قرآن وحدیث کے الفاظ میں برکت ہے۔ استعداد آفرینی اور قوت مطالعہ کی طرف مولانا کی اصل توجہ تھی۔ کتابوں کے اختتام کی بھی پابندی نہ تھی۔ عموماً بے حاشیہ وشرح کی کتاب طالب علم کو پڑھنے کے لئے دیتے اور درمیان میں سہارا نہ دیتے، جب اس کا اطمینان ہو جاتا کہ طالب علم بے استاد کے ٹوکے کتاب کے کئی صفحے اچھی طرح سمجھ اور سمجھا سکتا ہے تب دوسری کتاب شروع کراتے۔ عربیت اور استعداد کی پختگی کی طرف خاص توجہ تھی۔ مولانا کے شاگردوں میں ''اتقان'' پیدا ہو جایا کرتا تھا[1]۔

## علالت، تعلیم کا انقطاع اور دوبارہ اجرا:

آپ ابتداء سے نحیف ولاغر تھے۔ اسی گنگوہ کے قیام میں آپ کی صحت خراب ہو گئی دردِ سر کا ایک

---

1۔ شیخ الحدیث

خاص قسم کا دورہ پڑا جس کی وجہ سے مہینوں سر کا جھکانا، حتیٰ کہ تکیہ پر سجدہ کرنا بھی ناممکن تھا۔ مولانا گنگوہی کے صاحبزادے حکیم مسعود احمد صاحب معالج تھے، اور ان کا خصوصی طرز یہ تھا کہ بعض امراض میں پانی بہت دنوں کے لئے چھڑا دیتے، بہت کم لوگ اس پرہیز کو برداشت کر سکتے اور زیادہ مدت کے لئے پانی نہ چھوڑ سکتے تھے، مگر مولانا نے اپنے مخصوص مزاج (اصول کی پابندی اور اطاعت) کے مطابق معالج کی پوری اطاعت کی اور اپنی خداداقوت ارادی اور عزیمت سے (جو ان کی پوری زندگی میں جلوہ گر رہی ہے) پانی سے پورا پرہیز کیا اور سات برس کامل پانی نہیں پیا[1]۔ اس کے بعد پانچ برس تک برائے نام پانی پیا۔

اس شدید علالت اور خاص طور پر دماغی کمزوری کی وجہ سے سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا، اس کے دوبارہ جاری ہونے کی امید نہ تھی، لیکن مولانا کو تعلیم کے نامکمل رہ جانے کا بڑا غم تھا اور اس کی بے کلی رہتی تھی۔ آپ کا پڑھنے کے لئے اصرار تھا اور ہمدردوں کا مشورہ تھا کہ مسلسل آرام کریں۔ مولانا فرماتے تھے کہ ایک روز بھائی نے کہا کہ آخر پڑھ کر ہی کیا کرو گے؟ میں نے کہا: جی کر کیا کروں گا! اسی اصرار طلب کی بناء پر آپ کو پڑھنے کی اجازت ہو گئی اور سلسلہ تعلیم پھر جاری ہو گیا۔

## مولانا گنگوہیؒ کی وفات:

1322ھ میں حضرت مولانا رشید احمد صاحب نے انتقال فرمایا۔ مولانا محمد الیاس صاحبؒ بالیں پر موجود تھے اور سورہ یٰسین پڑھ رہے تھے[2]۔

اس حادثہ کا آپ کے اثر پذیر قلب پر جو اثر ہوا، اس کا اندازہ اس سے ہو گا کہ فرماتے تھے کہ دو ہی غم میری زندگی میں سب سے بڑھ کر ہوئے، ایک والد کا انتقال، ایک حضرتؒ کی وفات اور فرمایا: حضرت! ہم تو ساری عمر کا رونا اسی روز رو لئے جس روز حضرت دینا سے رخصت ہوئے۔

## حدیث کی تکمیل:

1326ء میں آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحبؒ کے حلقہ درس میں شرکت کے لئے دیوبند تشریف لے گئے اور ترمذی شریف اور بخاری شریف کی سماعت کی[3]۔

---

1 یہ بات میں نے خود مولانا کی زبان سے سنی ہے اور شیخ الحدیث اور ان کے خاندان کے تمام بزرگوں سے متواتر سننے میں آیا ہے۔12) 2 (مولانا محمد الیاس صاحبؒ۔12) 3 روایت مولانا محمد ابراہیم صاحب طیاری (جو مولاناؒ کے رفیق درس ہیں۔12)

دیوبند کی شرکت درس کے لئے کئی سال بعد چار مہینے میں آپ نے اپنے بھائی مولانا محمد یحیٰی صاحبؒ سے پھر حدیث کا دورہ کیا۔[1]

## مولانا خلیل احمد صاحبؒ سے رجوع اور تکمیل سلوک:

حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ کی وفات کے بعد آپ نے شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب سے درخواست کی، آپ نے مولانا خلیل احمد صاحب سے رجوع کا مشورہ دیا[2]۔

چنانچہ آپ نے مولانا سہارنپوری سے اپنا تعلق قائم کر لیا اور آپ کی نگرانی اور رہنمائی میں منازل سلوک طے کئے۔

## عبادت و نوافل کا انہماک:

گنگرہ کے قیام کے دوران میں حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ کی وفات کے بعد زیادہ سکوت اور مراقبہ طاری رہتا تھا۔ شاید سارے دن میں کوئی ایک بات کرتے ہوں۔ شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحبؒ فرماتے ہیں کہ:

---

1۔ اس کی دلچسپ تاریخ جو شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحبؒ نے سنائی یہ ہے کہ: ایک سرحدی عالم مولوی شیر محمد نام، مولانا ماجد علی صاحب وغیرہ سے معقولات کی تکمیل کر کے وطن گئے تھے، وہاں عین ان کی شادی کے روز کسی طالب علم نے ان سے ابن ماجہ پڑھنے کی درخواست کی۔ انہوں نے شرمندگی کے ساتھ کہا کہ بھائی میں نے سارا وقت معقولات کی تحصیل میں صرف کیا اور حدیث کی تعلیم بالکل حاصل نہیں کی، البتہ حدیث کا ایک استاد مولوی محمد یحیٰی صاحب مراد ہیں) دیکھ کر آیا ہوں۔ اب واپس جا کر ان سے پڑھ کر آؤں تو تم کو پڑھاؤں۔ بیوی سے انہوں نے 4 مہینے کا وعدہ کیا اور گنگوہ روانہ ہو گئے۔ یہاں آ کر انہوں نے مولانا محمد یحیٰی صاحب سے پڑھنا شروع کیا، مولانا محمد الیاس صاحب ان کے رفیق درس تھے۔ عبارت بھی اکثر مولانا محمد یحیٰی صاحب اور مولانا محمد الیاس صاحب پڑھتے تھے۔ رات بھر درس ہوتا تھا اور حضرت تو دن کو سوتے مگر ولایتی مولوی صاحب کو بہت کم سوتا دیکھا گیا۔ مطالعہ کے انہماک و استغراق کا یہ حال تھا کہ کھانا لانے والے سے یہ کہہ دیا تھا کہ روٹی رکھ جایا کرو اور سالن لے جایا کرو۔ مولوی صاحب کتاب کا مطالعہ کرتے جاتے اور روٹی کا لقمہ توڑ کر منہ میں رکھ لیتے-12)

2۔ (مولانا محمد الیاس صاحبؒ-12)

''ہم لوگ اسی زمانہ میں ان سے ابتدائی فارسی پڑھتے تھے، ان دنوں ان کا دستور یہ تھا کہ حضرت شاہ عبدالقدوس صاحبؒ کے روضے کے پیچھے ایک بوریئے پر بالکل خاموش دو زانو پر بیٹھے رہتے تھے، ہم لوگ ہوتے اور کتاب ان کے سامنے رکھ کر انگلی کے اشارہ سے سبق کی جگہ انکو بتلا کر سبق شروع کر دیتے تھے اور فارسی شعر پڑھتے تھے اور ترجمہ کرتے تھے، جہاں ہم نے غلط پڑھا انگلی کے اشارے سے انہوں نے کتاب بند کر دی اور سبق ختم۔ اس کا مطلب ہوتا کہ دوبارہ مطالعہ دیکھ کر لاؤ۔

نیز اس زمانہ میں نوافل کا بھی بے حد زور تھا۔ مغرب کے بعد عشاء سے پہلے کچھ تک نوافل میں مشغول رہتے۔ اس وقت آپ کی عمر 25,20 سال کے دوران تھی۔

## جذب وشوق کی ایک مثال:

جذب وشوق مولاناؒ کے خمیر میں تھا، اور اس کے بغیر ترقی مشکل ہے۔ اسی جذب وخود فراموشی نے جسم کی لاغری اور قویٰ کی کمزوری کے باوجود اتنا عظیم الشان اور حیرت انگیز کام کرا دیا۔ جوان کی جسمانی حالت سے ذرا مطابقت نہیں رکھتا۔

ایک مرتبہ آخری علالت میں یہ واقعہ بیان کیا[1] کہ ایک مرتبہ میں ایسا بیمار تھا اور اتنا کمزور ہو رہا تھا کہ بالا خانہ سے نیچے نہیں اتر سکتا تھا۔ اتنے میں یہ خبر سنی کہ حضرت سہارنپوری دہلی تشریف لائے ہیں، بس بے اختیار اسی وقت دہلی پیدل روانہ ہو گیا۔ یہ یاد بھی نہیں رہا کہ میں اس قدر بیمار اور کمزور تھا کہ بالا خانہ سے اترنا دشوار تھا، دہلی کے راستے میں مجھے یاد آیا۔

## دوسرے مشائخ اور بزرگوں سے تعلق:

اس عرصہ میں دوسرے مشائخ اور مولانا گنگوہیؒ کے دوسرے خلفاء سے عقیدت مندی اور صحبت و استفادہ کا تعلق برابر قائم رہا، شاہ عبدالرحیم صاحبؒ رائے پوری، مولانا محمود حسن صاحب

---

1 (واقعہ بیان کرنے کی تقریب یہ ہوئی کہ قاری اسحٰق صاحب دہلوی (جو جناب مفتی عزیز الرحمٰن صاحب نقشبندی دیوبندی کے خلیفہ ہیں) مرض وفات میں عیادت کے لئے آئے اور فرمایا کہ میں بالکل آنے کے قابل نہ تھا۔ ایک محبت اور شوق تھا جو جہاں لے آیا۔ فرمایا: حضرت جذب وشوق میں بڑی قوت ہے۔ اس پر اپنا یہ واقعہ بیان فرمایا۔

دیوبندی اور مولانا اشرف علی تھانوی سے ایسا تعلق تھا کہ فرماتے تھے کہ یہ حضرات میرے جسم و جان میں بسے ہوئے تھے، اور ان حضرات کو بھی مولانا کی امتیازی خصوصیات کی وجہ سے خصوصی محبت اور لحاظ تھا۔

## مجاہدانہ جذبات:

ذکر واشغال، نوافل وعبادات کے ساتھ شروع سے مجاہدانہ جذبات سینے میں موجزن تھے، اور جاننے والے جانتے ہیں کہ اس جذبہ وشوق اور اس عزم ونیت سے آپ کی زندگی کا کوئی دور خالی نہیں رہا، اسی کا نتیجہ تھا کہ مولانا محمود حسن صاحبؒ کے ہاتھ پر بیعت جہاد کی۔

## بزرگوں کی نگاہ میں آپ کی وقعت:

ابتدا ہی سے خاندان کے بزرگوں اور مشائخ وقت کی نگاہ میں خاص عزت رکھتے تھے، اور کم سنی کے باوجود بڑے بڑے معمر بزرگ آپ کا وقار لحاظ کرتے تھے۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب باپ کی جگہ پر تھے، مگر آپ کا برتاؤ بھی چھوٹے بھائی کے ساتھ ایسا تھا جیسا حضور ﷺ کا حضرت عثمانؓ کے ساتھ تھا۔

شروع سے چونکہ نحیف ونزار تھے اس لئے جسمانی مشقت کے کاموں میں حصہ نہ لے سکتے تھے اور مطالعہ وذکر وعبادت ہی میں زیادہ وقت صرف ہوتا تھا۔ مولانا یحییٰ صاحب اس کے برعکس بے حد مشغول وجفاکش تھے، آپ کا تجارتی کتب خانہ تھا جس کے تمام کام بڑی دلچسپی اور انہماک سے انجام دیتے، اور یہ ان بھائیوں کا ذریعہ معاش بھی تھا، ایک روز کتاب خانہ کے منتظم نے جو مولانا یحییٰ صاحب کے بڑے مخلص اور ہمدرد تھے، ازراہ ہمدردی کہا کہ مولوی الیاس کتب خانہ کے کاموں میں کچھ ہاتھ نہیں بٹاتے، کوئی خدمت ان کے ذمہ بھی کر دینی چاہیے، اس لئے کہ یہ بھی اس سے منتفع ہوتے ہیں۔ مولانا یحییٰ صاحب نے سنا تو بہت تکدر کا اظہار فرمایا اور کہا کہ حدیث میں آتا ہے "هل ترزقون و تنصرون الا بضعفائكم"[1] (تم کو جو رزق ملتا ہے اور تمہاری خدا کی طرف سے جو مدد ہوتی ہے وہ تمہارے کمزور افراد ہی کی برکت سے تو ہوتی ہے) میرا اعتقاد

---

1 (بخاری (مرسلہ) صحیح حافظ ابوبکر البرقانی (متصلا)

ہے کہ مجھے اسی بچے کی برکت سے رزق مل رہا ہے، آئندہ اس سے کچھ نہ کہا جائے جو کچھ کہنا ہو مجھ سے کہا جائے۔

شیوخ واکابر کے حلقہ میں بھی خاص امتیاز واعزاز کی نظر سے دیکھے جاتے، آپ کا خشوع وتقوی سب کو معلوم تھا، اس لئے کبھی کبھی اکابر کی موجودگی میں امامت کے لئے آپ ہی کو بڑھایا جاتا۔

ایک مرتبہ کاندھلہ میں شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری، مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری اور مولانا اشریف علی صاحب تھانوی موجود تھے، نماز کا وقت آیا تو امامت کے لئے آپ کو بڑھایا مولوی بدرالحسن صاحب خاندان کے ایک بزرگ موجود تھے۔ انہوں نے ازراہ ظرافت کہ کہ اتنی بڑی بڑی گاڑیاں اور ایسا ہلکا پھلکا انجن جوڑ دیا، حضرات میں سے کسی نے کہا کہ یہ تو انجن کی طاقت پر ہے [1]۔

## مظاہرالعلوم میں خدمت تدریس:

شوال 1328ء میں سہارنپور میں ایک بڑا قافلہ حج کو روانہ ہوا، جس میں مدرسہ مظاہرالعلوم کے اکثر بڑے بڑے حضرات مدرسین تھے۔ اس موقع پر متعدد نئے اساتذہ کا تقرر ہوا اسی سلسلہ میں مولانا بھی مدرسہ کے نئے مدرسین میں شامل ہوئے اور متوسط کتابیں آپ کو دی گئیں۔ حضرات حجاج کی واپسی کے بعد دوسرے جدید اساتذہ سبکدوش ہو گئے مگر مولانا بدستور تدریس کی خدمت میں انجام دیتے رہے [2]۔

مظاہرالعلوم کی تدریس کے زمانہ میں اکثر کتابیں ایسی پڑھائیں جو پہلے پڑھی نہیں تھیں، اس لئے کہ مولانا محمد یحییٰ صاحب کے درس میں کتابوں کے پورا کرنے کا معمول نہ تھا، اور بیماری کی وجہ سے بعض درمیانی کتابیں رہ گئیں تھیں [3] لیکن زمانہ تدریس میں آپ نے یہ کتابیں بھی پڑھائیں [4]۔ لیکن پڑھانے کے زمانے میں مطالعہ کی طرف بڑی توجہ تھی۔ چنانچہ کنز الدقائق

---

1 (روایت مولوی اکرام الحسن صاحب کاندھلوی) 2 (شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب)

3 (ایضا) 4 انتقال سے چند سال قبل ایک مرتبہ مولانا ہدایت علی صاحب مہتمم مدرسہ ہدایت المسلمین کرہی (ضلع بستی) مولانا کی خدمت میں دہلی آئے، خاکسار بھی ساتھ تھا، مولانا ہدایت علی صاحب نے مولانا کو یاد دلایا کہ میں نے اس زمانہ میں مدرسہ کی جماعت میں آپ سے قطبی پڑھی تھی اور کئی بار بڑی سادگی سے کہا حضرت ایسی بلند باتیں تو آپ اس زمانہ میں نہیں کرتے تھے اور ایسے معارف وعلوم نہیں بیان کرتے تھے۔ مولانا نے تبسم فرمایا (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

کے لئے بحر الرائق، شامی اور ہدایہ دیکھتے تھے اور نور الانوار کے لئے حسامی کی شرح وتوضیح تک مطالعہ میں رہتی تھیں [1]۔

نکاح: 6 ذیقعدہ 30ھ (17 اکتوبر 12ء) کو جمعہ کے دن بعد نماز عصر کے آپ حقیقی ماموں مولوی رؤف الحسن صاحب کی صاحبزادی سے آپ کا عقد ہوا، مولانا محمد صاحب نے نکاح پڑھایا، مجلس عقد میں مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری، شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی تینوں حضرات موجود تھے۔ مولانا تھانوی کا مشہور وعظ فوائد الصحبت جو بارہا طبع ہو چکا ہے، اسی تقریب میں کاندھلہ تشریف لے جانے پر اسی دن ہوا۔

پہلا حج: 1333ھ میں مولانا خلیل احمد صاحب اور مولانا محمود حسن صاحب نے حج کا قصد فرمایا مولانا کو جب اس کا علم ہوا تو حج کے لئے بہت بے قرار ہوئے، فرماتے تھے کہ مجھے ان حضرات کے بعد ہندوستان تاریک ہوتا نظر آیا، اور یہاں کا رہنا مشکل معلوم ہونے لگا لیکن اجازت کا مرحلہ درپیش تھا، عجیب کشمکش کی حالت تھی، ہمشیرہ (والدہ مولوی اکرام الحسن صاحب) نے بے قراری دیکھی تو کہا کہ میرا زیور لے لو اور چلے جاؤ، امید نہ تھی کہ والدہ صاحبہ آسانی سے اجازت دیں گی اور اتنی طویل مفارقت اور اتنا دور دراز کا سفر گوارا کریں گی، مگر الحمد للہ انہوں نے بھی اجازت دے دی دوسرا مرحلہ بھائی مولانا محمد یحییٰ صاب کی اجازت کا تھا، انہوں نے یہ سمجھ کر والدہ اجازت نہ دیں گی، ان کی اجازت پر محمول کیا، وہ اجازت دے چکی تھی، آخری مرحلہ مولانا خلیل احمد صاحب کی اجازت کا تھا۔ ان کی خدمت میں خط لکھا اور سامان سفر کی سب صورتیں لکھ دیں، کہ ایک صورت یہ ہے کہ ہمشیرہ کا زیور لیا جائے، دوسری قرض، تیسرے بعض اعزہ روپیہ دے رہے ہیں۔ مولانا نے سفر کی اجازت دی اور تیسری صورت کو ترجیح دی [2]۔ خلاف اُمید مولانا محمود حسن صاحب کی ہمرکابی ہوگئی۔ مولانا خلیل احمد صاحب پہلے جہاز سے تشریف لے جا چکے تھے۔ آپ دوسرے جہاز سے شوال 1333ھ میں مولانا کے ہمراہ روانہ ہوئے اور ربیع الثانی 33ھ میں واپس آکر مدرسہ میں فرائض تدریس میں بدستور مشغول ہو گئے [3]۔

---

(بقیہ حاشیہ) کسی دوسرے موقع پر مجھ سے فرمایا کہ مولوی ہدایت علی صاحب قطبی پڑھانے کا ذکر کرتے ہیں، میں نے قطبی خود نہیں پڑھی تھی، مدرسہ میں پڑھائی ہے۔ [1] شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ

[2] از مولوی اکرام الحسن صاحب ومولوی انعام الحسن صاحب [3] شیخ الحدیث مولانا زکریا

## مولانا محمد یحییٰ صاحب کی وفات:

حج کے دوسرے سال 10 ذیقعدہ 34ھ میں مولانا محمد یحییٰ صاحب نے انتقال کیا۔ یہ سانحہ مولانا کے لئے بڑا صبر آزما تھا۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب مربی بھی تھے، استاد بھی، شفیق بھائی بھی تھے۔ اپنی امتیازی خصوصیات [1] اور محبوبیت ومقبولیت کی وجہ سے پورے حلقہ احباب کو مولانا کی مفارقت کا سخت صدمہ ہوا۔ لیکن مولانا محمد الیاس صاحب کے دل پر اس صدمے کی چوٹ لگی، اس کا درد آخر تک محسوس ہوتا تھا، معمول تھا کہ جب مرحوم بھائی کا ذکر کرتے تو ایک محویت سی طاری ہو جاتی اور سب کچھ بھول جاتے۔ ان کے اوصاف، کمالات اور ان کے واقعات کو مزہ لے لے کر ذکر کرتے اور فرماتے، حضرت میرے بھائی ایسے تھے، خصوصیات کے ساتھ ان کی جامعیت، مصالحانہ روش، اعتدال طبیعت، مختلف عناصر اور بظاہر ہر اضداد کو جمع رکھنے اور خداداد قابیلت، غیر معمولی ذکاوت اور سلامت فہم کے واقعات بڑی تفصیل اور دلچسپی سے سناتے تھے، علوم میں آپ کے بعض تحقیقی کلمات اور کلایت کا حوالہ دیتے۔

---

1 (مولانا محمد یحییٰ صاحب عجیب باغ و بہار طبیعت لے کر آئے تھے۔ بکاء باللیل بسام بالنہار رات کو بہت رونے والے، دن کو بہت مسکرانے والے) آپ کی صفت تھی، ادھر گریہ طاری ہے، ادھر دوستوں کو اپنے نکتوں اور بذلہ سنجیوں سے ہنسا رہے ہیں۔ دیدہ گریاں، روئے خنداں اور زبان گل افشاں کا پورا مجموعہ دل کے سوز وگداز اور راتوں کے راز و نیاز کی خبر بہت کم لوگوں کو تھی۔ معمولی آدمیوں کی طرح رہتے، مدرسہ میں پڑھاتے اور تنخواہ نہ لیتے، معاش کے لئے ایک تجارتی کتب خانہ قائم کر رکھا تھا جس کا کام اپنے ہاتھ سے کرتے۔ ادب کی کوئی کتاب اپنے حفظ سے پڑھا رہے ہیں اور پارسل بھی بناتے جاتے جا رہے ہیں۔ علوم سے اعلیٰ مناسبت رکھتے تھے اور محققانہ نظر تھی۔ ادب وحدیث کی کتابیں خاص طور پر مستحضر تھیں۔ مفصل تذکرہ کے لئے ملاحظہ ہو تذکرہ الخلیل)

## باب دوم

# بستی حضرت نظام الدین کا قیام، تدریس اور اہتمام

### مولانا محمد صاحب کی وفات:

مولانا محمد یحییٰ صاحب کی وفات کے دوسال بعد 25 ربیع الثانی 1336ھ شب جمعہ کو بڑے بھائی مولانا محمد صاحب نے انتقال کیا۔

مولانا محمد صاحب ایک فرشتہ سیرت انسان تھے۔ حلم وتواضع، رحمت وشفقت اور خشیت وانابت کی مجسم تصویر، اور عباد الرحمن الذین یمشون علی الارض ھونا الایۃ) کا ایک نمونہ، کم گو، بے آزار، عزلت پسند اور اپنے کام سے کام رکھنے والے بزرگ تھے، متوکلانہ وزاہدانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ نظام الدین کی بنگلہ والی مسجد میں اپنے والد ماجد کی جگہ قیام تھا۔ ایک مدرسہ تھا جوان کے والد مرحوم کا جاری کیا ہوا تھا، جس میں ابتدائی تعلیم ہوئی تھی اور زیادہ تر میوات کے بچے پڑھتے تھے۔ توکل وقناعت پر مدرسہ کا کام چلتا تھا۔ دہلی اور میوات میں آپ سے بہت سے لوگ ارادت وعقیدت رکھتے تھے، اور دونوں جگہ آپ سے فیض [1] تھا۔ مولانا محمد صاحب کی صورت سے تقویٰ کا سبق ملتا تھا، انوار کی چہرے پر نہایت کثرت تھی، اکثر وعظ بھی فرماتے تھے، مگر بیٹھ کر، جیسے کہ کوئی باتیں کرتا ہو، مسلسل تقریر کی صورت نہیں تھی، بلکہ اخلاق وزہد کی احادیث سناتے اور ان کا سادہ ترجمہ اور مطلب بیان فرما دیتے۔

کسی زمانے میں آنکھ کے قریب کوئی پھنسی نکلی تھی، جس پر یکے بعد دیگر سے سات شگاف آئے، ڈاکٹروں نے کلورافارم ضروری بتایا مگر انہوں نے شدت سے انکار کیا اور یونہی بے حس وحرکت لیٹے رہے، ڈاکٹر متحیر تھے، کہ ہم نے عمر بھر اس کی نظیر نہیں دیکھی۔

مولانا محمد صاحب نہایت ذاکر وشاغل اور خوش اوقات بزرگ تھے، حدیث مولانا گنگوہیؒ سے پڑھی تھی، انتقال سے پہلے 16 سال تک ان کی تہجد قوت نہیں ہوئی، آخر وقت تک نماز جماعت

---

1 (از حاجی عبدالرحمٰن صاحب (شاگرد مولانا محمد صاحب) وغیرہ

سے پڑھی، عشاء کی نماز کے بعد وتر کے سجدے میں انتقال ہوا[1]۔

## نظام الدین منتقل ہونے کی تجویز:

مولانا محمد الیاس صاحب بڑے بھائی صاحب کی تیمار داری کے لئے پیشتر سے دہلی تشریف لائے تھے، علاج کی غرض سے قصاب پورے میں نواب والی مسجد میں قیام تھا، وہیں مولانا محمد صاحب کا انتقال ہوا۔ جنازہ حسب سابق نظام الدین آیا، جنازے میں بڑا ہجوم تھا۔

دفن کے بعد خاندان کے محبین و معتقدین نے مولانا محمد الیاس صاحب سے اصرار کیا کہ اب یہیں قیام فرمائیں اور والد اور بھائی کی جگہ کو جوان کی وفات سے خالی ہو گئی ہے، آباد کریں، حاضرین نے مدرسہ کی اعانت و خدمت کا وعدہ بھی کیا، اور مصارف کے لئے کچھ ماہوار رقمیں مقرر کیں، جو مولانا نے اپنے اصول اور خاص شرائط (جن کا آخر تک التزام رہا) کے ساتھ منظور کیں[2] لیکن اپنی آمد کو حضرت سہارنپوریؒ کی اجازت پر معلق کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم خود جا کر اجازت لے آئیں، فرمایا کہ اس طرح اجازت نہیں ہوتی میں تنہا اجازت لوں گا۔

بھائی صاحب کی تجہیز و تکفین اور مدرسہ کے عارضی انتظام سے فرصت پا کر آپ سہارنپور آئے اور مولانا سے ساری کیفیت بیان کی اہل تعلق کے پیہم اصرار اور اس چشمہ فیض کے جاری رہنے کے خیال سے جو دونوں قدسی سیرت باپ بیٹے کی ذات سے فیض رساں تھا، مولانا نے نظام الدین منتقل ہونے کی اجازت دے دی، اور از راہ احتیاط فرمایا کہ فی الحال تجربہ کیلئے مدرسہ سے ایک سال کی رخصت لیجائے، اگر وہاں کا قیام راس آئے اور مستقل سکونت کی رائے قرار پا جائے تو مستقل علیحدگی ہر وقت ممکن ہے[2]۔

اس اجازت اور مشورہ کے مطابق آپ نے مہتمم صاحب مدرسہ مظاہر العلوم کی خدمت میں ضابطہ کی درخواست پیش کر دی جو بجنسہ درج ذیل ہے:

> ''بعد سلام مسنون آنکہ سانحہ انتقال اخوی جناب مولوی محمد صاحب کی وجہ سے بندہ کو نظام الدین کے مدرسہ کے انتظام و خبر گیری کے واسطے وہاں کچھ قیام کرنے کی

---

1؎ (تحریر مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی) 2؎ (مولانا محمد الیاس صاحب)

ضرورت ہے، چونکہ اکثر اہل شہر ومحبان بندہ وخیر خواہان علم متقاضی ہیں کہ بالفعل بندہ وہاں اقامت کرے، اور جو منافع واشاعت علوم حضرت والد حضرت وبرادر مرحوم کی سعی وتعلیم سے ان کورزدہ وگنوار لوگوں میں اور علوم سے نہایت بعید اور نا آشنا لوگوں میں ہوئی ہے، اس کو دیکھ کر اپنے دل میں بھی حرص پیدا ہوتی ہے کہ کچھ دنوں وہاں قیام کر کے اس کے اجرا کا بندوبست کرسکوں اور اس دینی حصے میں بھی کچھ حصہ لے لوں، لہذا عارض ہوں کہ ایک سال کے لئے بندہ کی رخصت منظور فرمائی جائے۔

فقط والسلام بندہ محمد الیاس اختر عفی عنہٗ

## تشویشناک علالت اور زندگی سے مایوسی:

ابھی نظام الدین جانے کی قوت نہیں آئی تھی کہ یک لخت علیل ہو گئے، 20 جمادی الاولی 36ھ کو بیماری کی حالت میں سہارنپور کاندھلہ پہنچے، وہاں جا کر مرض نے شدت اختیار کی، اور ذات الجنب کا دورہ شدید ہوا، ایک رات (جو جمعہ کی رات تھی) سب مایوس ہو گئے، نبضیں ساقط ہو گئیں، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو گئے، لوگوں کی زبان پر انا للہ تھی لیکن اللہ تعالیٰ کو تو ابھی کام لینا تھا، تیمارداروں کی توقع اور ظاہر حالات کے بالکل خلاف طبیعت سنبھلنے لگی، صحت کے آثار شروع ہو گئے اور چند دنوں میں اچھے ہو کر بستر سے اُٹھ گئے، گویا زندگی دوبارہ ہوئی [1]

## نظام الدین منتقلی:

کاندھلہ سے تندرست ہو کر آپ نظام الدین آ گئے، اس وقت نظام الدین کے اس جانب کوئی آبادی نہ تھی، اور مسجد کے قرب وجوار میں جنگل ہی جنگل تھا۔ مولانا احتشام الحسن صاحب جو کچھ مدت کے بعد مولانا کے ساتھ بچپن ہی میں نظام الدین آ گئے تھے، بیان کرتے ہیں باہر نکل کر اس شوق میں کھڑا رہتا کہ کسی انسان کی صورت نظر آ جائے، اگر کوئی آدمی نظر آ جاتا تو ایسی خوشی ہوتی جیسے کسی نادر تحفہ چیز کو دیکھ کر ہو۔

ایک مختصر سی پختہ مسجد اور ایک بنگلہ اور ایک حجرہ و درگاہ کے جنوب میں درگاہ سے متعلق لوگوں کی

---

1۔ شیخ الحدیث ومولوی اکرام الحسن صاحب کاندھلوی

آبادی تھی۔ کچھ تھوڑے سے میواتی اور غیر میواتی غریب طالب علم، بس یہ مدرسہ و مسجد، اس کی عمارتوں اور اس کی آبادی کی کل کائنات تھی۔

مدرسہ کی کوئی ایسی آمدنی نہ تھی جس سے آسانی کے ساتھ اس کے اخراجات پورے ہوں، توکل علی اللہ، قناعت اور اس کے مہتمم کی ہمت عالی اصل سرمایہ تھا، بڑی تنگی اور سختی کے ساتھ گزران ہوتی تھی، کبھی کبھی فاقہ کی نوبت آجاتی، مگر مولانا کے ابرو پر بل نہ آتا، بعض اوقات اعلان فرما دیتے کہ آج کھانے کو نہیں ہے، جس کا جی چاہے رہے اور جس کا چاہے چلا جائے اور اپنا کہیں اور انتظام کر لے، طلبہ کی بھی ایسی ہی روحانی تربیت ہو رہی تھی کہ کوئی جانے کے لئے تیار نہ ہوتا، بعض اوقات جنگلی پھلوں (گولر وغیرہ) سے پیٹ بھر لیا جاتا، طلبہ خود جنگل سے لکڑی لا کر روٹی پکاتے اور چٹنی سے کھاتے، مولانا اس سختی سے ذرا ہراساں نہ تھے، بلکہ اس فارغ البالی اور کشائش سے ڈرتے اور اپنے ساتھیوں کو ڈراتے رہتے تھے جس کی مولانا کو بھی امید نہ تھی، اور اللہ کی سنت کے مطابق اس امتحان و آزمائش کے بعد آنے والی تھی [1]۔

مولانا کو مدرسہ کی ظاہری حالت اور تعمیر کی طرف بالکل توجہ نہ تھی۔ آپ کے رفیق قدیم مدرسہ کے سابق طالب علم حاجی عبدالرحمٰن صاحب [2] کی سعی پر مولانا کی طبیعت کے خلاف دہلی کے بعض حضرات نے کچھ حجرے تعمیر کرا دیئے، مولانا واپس تشریف لائے تو سخت ناراض ہوئے، مدت تک حاجی صاحب سے نہیں بولے، اور فرمایا کہ اصل چیز تعلیم ہے مدرسہ کی عمارت جب سے پکی ہوئی تعلیم کچی ہوگئی۔

---

1 (از حاجی عبدالرحمٰن صاحب۔ 2 (یادش بخیر حاجی عبدالرحمٰن صاحب اٹاوہ (میوات) کے ایک غیر مسلم بنیا گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں خواب میں آپ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور مولانا محمد صاحب کے ہاتھ پر اسلام لائے، نظام الدین کے مدرسہ میں مولانا محمد صاحب سے قرآن اور دین کی تعلیم حاصل کی، مولانا خلیل احمد صاحب سے بیعت کی، مولانا محمد صاحب کے زمانہ میں ان کے معتمد خاص اور ان کے دس راست رہے، مولانا محمد الیاس صاحب کے تمام دینی کاموں میں ان کے قدیم ترین رفیق و معاون تھے، مولانا ان کے متعلق نہایت بلند کلمات فرماتے تھے اور اپنی تحریک کا روح رواں سمجھتے تھے۔ آپ میوات کے حکیم و عارف تھے، اللہ تعالیٰ نے دین کی بڑی دولتیں نصیب فرمائی تھیں۔ آپ کا اصل غیر مسلموں میں تبلیغ تھا جس میں آپ کو ملکہ خاص تھا۔ ہزار سے اوپر آدمی آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے، سنگار میں نومسلموں کا ایک مدرسہ قائم کیا جس سے اولاد کی طرح تعلق تھا۔ میوات کے رسوم کی اصلاح آپ کا کارنامہ ہے۔ ربیع الثانی [illegible]ھ میں انتقال فرمایا-12)

ایک مرتبہ دہلی کے ایک بڑے تاجر نے کسی اہم معاملے میں دعا کی درخواست کی اور ایک معقول رقم نذر کی آپ نے دُعا کا وعدہ کیا اور رقم وصول کرنے سے عذر کیا، مگر حاجی عبدالرحمٰن صاحب نے مدرسہ کی ضرورت کے خیال سے لے لیا، آپ برابر بے چین رہے، اور بہ اصرار وہ رقم واپس کرائی۔

حاجی صاحب سے فرماتے تھے کہ دین کا کام پیسوں سے نہیں چلتا، اگر دین کا کام پیسوں سے چلتا تو حضور ﷺ کو بہت کچھ مال ودولت ملتی۔

مجاہدہ عبادت:

یہ زمانہ مولانا کے بڑے مجاہدہ وریاضت کا تھا۔ یہ ذوق موروثی اور فطری تھا، نظام الدین کے قیام میں اس کا زیادہ ظہور ہوا۔ خلوت وریاضت کی طرف اس زمانے میں خاص میلان تھا، حاجی عبدالرحمٰن صاحب راوی ہیں کہ عرب سرا کے پھاٹک حضرت نظام الدین اولیاء کی قدیم عبادت گاہ (ہمایوں کے مقبرے کے شمال میں عبدالرحیم خانخاناں کے مقبرے اور حضرت مرزا مظہر جانجاناںؒ کے شیخ حضرت نور محمد بدایوانی کے مزار کے قریب) پہروں خلوت میں رہتے۔ کھانا دوپہر کا عموماً وہاں چلا جاتا، رات کو مکان پر آکر کھاتے، نماز سب وقتوں کی جماعت کے ساتھ پڑھتے، ہم لوگ جماعت کرانے میں وہیں چلے جاتے، طلبہ سبق پڑھنے کبھی وہیں پہنچ جاتے، کبھی چکروالی مسجد میں آکر پڑھاتے۔

حدیث کا درس دیتے تو پہلے وضو کرتے، پھر دو رکعت نماز پڑھتے اور فرماتے کہ حدیث کا حق تو اس سے زیادہ ہے، یہ اقل درجہ ہے۔ حدیث پڑھاتے وقت کسی سے بات نہ کرتے، کوئی معزز آدمی آجاتا تو درس چھوڑ کر اس کی طرف التفات نہ فرماتے۔

متعلقین ساتھ تھے، کبھی کھانے کے وقت بے وقت ہو جانے پر خفا نہ ہوتے، کھانے میں کبھی عیب نہ نکالتے۔

درس کا انہماک ومحنت:

مدرسہ کے اسباق اور طلبہ کی طرف ہمہ تن متوجہ رہتے، بڑی جانکاہی اور جانفشانی کے ساتھ طلبہ کو چھوٹے چھوٹے سبق پڑھاتے، بعض ایام میں 80،80 طلبہ خود پڑھائے یا طالب علموں سے پڑھوائے، مشغولیت اور انہماک کا اندازہ اس سے ہوگا کہ کسی زمانہ میں مستدرک حاکم کا درس صبح

کی نماز سے پہلے ہوتا تھا [1]۔

مولانا طریق تعلیم اور کتب درس میں اپنا مخصوص طرز اور ذاتی رائے رکھتے، مطالعہ پر زیادہ زور تھا، چاہتے تھے کہ سبق ایسا تیار کر کے لایا جائے کہ ہوں کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے، عبادت کی صحت، عربیت اور صرف ونحو کے قواعد کے علمی اجراء کی طرف خاص توجہ تھی۔ کتابوں میں عام مدارس کے نصاب ونظام کی پابندی نہ تھی، بہت سی ایسی کتابیں زیر درس تھیں جن کی تعلیم کا مدارس میں رواج نہیں ہے۔ مسائل کے ذہن نشین اور مستحضر کرنے اور طلبہ کی تقسیم کی قدرت پیدا کرنے کے لئے نئی نئی صورتیں اختیار فرماتے جو بہت موثر اور کارگر ہوتیں۔

---

1 (روایت مولانا سید رضا حسن صاحب)

باب سوم

# میوات میں اصلاح تعلیم کے مرکز کی ابتداء

میوات:

دہلی کے جنوب کا وہ علاقہ جس میں میو قوم آباد ہے، میوات کہلاتا ہے، اس علاقہ میں اس وقت گوڑ گانوہ (انبالہ کمشنری صوبہ پنجاب) کا انگریزی ضلع الور اور بھرت پور کی ہندو ریاستیں اور صوبجات متحدہ کے ایک ضلع متھرا کا کچھ حصہ شامل ہے، تمام علاقوں کی طرح اس علاقے کے حدود اور رقبہ میں تغیرات پیش آئے۔ قدیم اور اصلی میوات کا رقبہ موجودہ علاقے سے ضرور کچھ مختلف تھا۔

ایک انگریز مصنف نے قدیم میوات کی حد بندی اس طرح کی ہے۔

"قدیم علاقہ میوات اندازاً اس منحنی خط کے اندر واقع ہے، جو شمالاً ڈیگ سے (جو بھرت پور میں ہے) ریواڑی کے عرض البلد کے کسی قدر اوپر تلک پھیلا ہوا ہے۔ غرباً ریواڑی کے نیچے طول البلد کے اس نقطہ کی تک جو شہر الور کے چھ میل کے فاصلے پر مغرب میں اور الور کے اندر بارہ چشمہ کے جنوب میں واقع ہے، یہ خط پھر شرقاً گھوم کر ڈیگ سے مل جاتا ہے اور قریب قریب اس خطہ کی جنوبی سرحد بناتا ہے"۔

میو قوم: انگریز مورخین کا خیال ہے کہ میو آرین نسل کے بجائے ہندوستان کی قدیم غیر آرین نسل سے تعلق رکھتے ہیں اور اس طرح ان کی تاریخ آرین نسل کے راجپوت خاندانوں سے زیادہ قدیم ہے۔ میوات کے خاں زادوں کے متعلق ان کا بیان ہے کہ وہ نسلاً راجپوت ہیں، فارسی تاریخوں میں میواتی کا لفظ جہاں آتا ہے، اس سے مراد یہی خان زادے ہیں۔ آئین اکبری سے معلوم ہوتا ہے کہ جادو راجپوت مسلمان ہونے کے بعد میواتی کہلائے۔

تاریخ فیروز شاہی میں میوات کا نام سب سے پہلے شمس الدین التمش کے تذکرے میں آتا ہے۔ دہلی کی مسلمان سلطنت کے ابتدائی دور میں میواتی بہت ہی تکلیف دہ عنصر بن گئے تھے، بڑے بڑے گھنے جنگلوں کی مدد سے جو دہلی تک چلے گئے تھے، انہوں نے دہلی پر تاخت کرنی شروع کر دی تھی

اوران کے خوف سے دارالسلطنت کے دروازے سرِشام بند ہو جاتے تھے۔ شام کو شہر پناہ کے کوئی باہر نکلنے کی ہمت نہیں کر سکتا تھا، رات کو بھی وہ کسی نہ کسی طرح شہر کے اندر داخل ہو جاتے اور لوٹ کی تلاش وجستجو میں پھرتے رہتے تھے، اہل شہرت بہت بدامنی محسوس کرتے تھے، غیاث الدین بلبن نے ان کے خلاف ایک بڑی مہم بھیجی، میواتیوں کی ایک بہت بڑی تعداد قتل ہوئی، نیز شہر میں افغانوں کی چوکیاں نصب کی گئیں اور دہلی کے آس پاس کا جنگل بھی فوج کے ذریعہ صاف کیا گیا اور زرعی زمین بنادیا گیا[1]۔ اس کے بعد تقریباً ایک صدی تک تاریخ میں میوات کا ذکر نہیں آتا۔

اس وقفہ کے بعد میوات کے جنگجو حوصلہ مند مرکز کو وقتاً فوقتاً پریشان کرتے رہے اور سلطنت کو ان کے خلاف تادیبی کاروائیاں کرنے کی ضرورت پیش آتی رہی۔ اس سلسلہ میں بہادر ناہر اور اس کے بعض جانشینوں کا نام تاریخ میں خصوصیت کے ساتھ آتا ہے جنہوں نے اپنی دلیری اور قابلیت سے میوات میں حکومت قائم کر لی تھی جو مرکزی سلطنت کی لشکر کشی کے بعد ایک علاقہ اور جاگیر کی صورت میں رہ گئی۔

خان زادوں میں سے ایک دوسرے نامور لکھن پال کا قبضہ پورے میوات اور مضافات پر تھا، فیروز شاہ کے زمانہ میں اس نے اسلام قبول کیا۔

میو قوم نے اسلام کب قبول کیا؟ اور کون سے واقعات اور اثرات اس کا باعث اور محرک ہوئے قوم یا اس کی اکثریت نے دفعتاً اسلام قبول کیا یا تدریجی طور پر صدیوں میں یہ قوم اسلام کی طرف منتقل ہوئی، یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب متعین اور یقینی طور پر دینا اب ممکن نہیں۔ اس قوم کی ابتدائی تاریخ اور خصوصاً اس کے مسلمان ہونے کی تاریخ تاریکی میں ہے، سوائے روایات اور بیانات کے (جن میں خود تعارض واضطراب ہے) کوئی تاریخی ماخذ نہیں [2]

## میواتیوں کی دینی اور اخلاقی حالت:

مسلمانوں کی طویل اور مسلسل غفلت اور اس قوم کی بے توجہی اور جہالت سے مو قوم کی دینی

---

1 (تاریخ فرشتہ) 2 لاکھوں کی قوم کا اس کا طرح کلیۃً مسلمان ہو جانا بہت مہتم بالشان واقعہ تھا جس کا تاریخ میں ذکر نہ ہونا ایک تعجب انگیز امر ہے، لیکن اگر اس حقیقت کو سامنے رکھا جائے کہ ہماری فارسی اور اور اُردو تاریخیں اور سوانح یا تو بادشاہوں کی کشور کشائی اور خانہ جنگی کی تاریخیں ہیں یا بزرگوں اور اولیاء اللہ کی کرامات اور واقعات غریبہ کی روداد یں ہیں، اور یہ واقعہ ان دونوں میں سے کسی موضوع سے تعلق نہیں رکھتا تو تعجب باقی نہیں رہتا۔12)

حالت اس درجہ پر پہنچ گئی تھی جس کے بعد قومی ارتداد کے سوا کوئی درجہ نہ تھا، غیر مسلم مورخین کو بھی (جن کی حس اس بارے میں ایک مسلمان کی حس سے یقیناً کم ہونی چاہیے) میواتیوں کو اسلام سے دوری اور بیگانگی کا احساس ہے۔ مندرجہ ذیل اقتباسات سے اندازہ ہوگا کہ میو قوم کا دینی تنزل اور اخلاقی انحطاط اور اسلام سے بیگانگی کس حد تک پہنچ گئی تھی۔

میجر پاؤلٹ جو انیسویں صدی کے آخر میں ریاست الور کا افسر بندوبست رہا ہے، الور کے گزیٹر شائع شدہ 1878ء میں لکھتا ہے:

"میو اب تمام مسلمان ہیں، لیکن برائے نام، ان کے گاؤں کے دیوتا وہی ہیں جو ہندو زمینداروں کے ہیں، وہ ہندوؤں کے کئی تہوار مناتے ہیں۔ ہولی میواتیوں میں مذاق اور کھیل کھیلنے کا زمانہ ہے اور اتنا ہی اہم اور ضروری سمجھا جاتا ہے۔ جتنا محرم، عید اور شب برات، اسی طرح وہ جنم اشٹمی، دسہرا اور دیوالی بھی مناتے ہیں۔ ان کے یہاں "پیلی چٹھی" لکھنے کے لئے شادی کی تاریخ مقرر کرنے کے لئے برہمن پنڈت بھی ہوتے ہیں۔ ایک رام کے لفظ کو چھوڑ کر وہ ہندوانہ نام بھی رکھتے ہیں، اگرچہ خان جتنا ان کے ناموں کے اخیر میں ہوتا ہے، اتنا نہیں لیکن پھر بھی بکثرت سنگھ ان کے ناموں کا اخیر جزو ہوتا ہے۔ اماوس میں میو بھی ہندو اہیروں اور گوجروں کی طرح چھٹی مناتے اور کام کاج بند کر دیتے ہیں۔ جب وہ نیا کنواں تعمیر کرتے ہیں تو سب سے پہلے بیرو جی یا ہنومان کے نام کا چبوترہ بناتے ہیں، البتہ جب ان کو مال غنیمت حاصل کرنا ہوتا ہے تو وہ ہندو استھانوں اور مندروں کی زیادہ تعلیم و تقدیس نہیں کرتے اور جب اس موقع پر ان استھانوں اور مندروں کا تقدس ظاہر کیا جاتا ہے تو وہ بے تکلف کہہ دیتے ہیں کہ "تم دیو ہم میو"۔ میو اپنے مذہب (اسلام) سے بہت ناواقف ہیں۔ خال خال کوئی کلمہ جانتا ہے، اور پابندی سے نماز پڑھنے والے اس سے بھی کم ہیں اور ان کے اوقات مسائل سے تو وہ بالکل ہی ناواقف ہیں"۔

"یہ سب الور کے میواتیوں کے متعلق کہا گیا ہے، انگریزی علاقہ (ضلع گوڑ گانوہ) میں مدرسوں کی وجہ مذہبی فرائض کی پابندی کی حالت کچھ بہتر ہے، الور کے بعض مقامات میں بھی جہاں مسجد میں ہیں مذہبی فرائض کی پابندی کچھ زیادہ ہے اور کچھ لوگ کلمہ بھی جانتے ہیں، بعض نماز بھی

پڑھتے ہیں، اور مدرسہ کا کچھ شوق بھی پایا جاتا ہے''۔

''جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے، شادی کی ابتدائی رسوم میں برہمن حصہ لیتے ہیں، لیکن اصل رسم قاضی انجام دیتے ہیں۔ مرد دھوتی اور کمری پہنتے ہیں، پاجامہ کا رواج نہیں، ان کا لباس حقیقتاً ہندوانہ ہے، مرد سونے کے زیور بھی استعمال کرتے ہیں''۔

دوسرے مقام پر لکھتا ہے:

''میو اپنے عادات میں آدھے ہندو ہیں۔ ان کے گاؤں میں شاذ و نادر ہی مسجدیں ہوتی ہیں، تحصیل تجارہ میں میوؤں کے باون گاؤں میں صرف آٹھ مسجدیں ہیں، البتہ مندروں کو چھوڑ کر میوؤں کی عبادت کی ویسی ہی جگہیں بنی ہوتی ہیں، جیسی ان کے ہمسایہ ہندوؤں کے یہاں ہوتی ہیں، مثلاً پانچ پیرا، بھسیا اور چاہنڈ، چاہنڈ یا کھیڑا مہادیوی کے نام ہوتا ہے جس پر قربانیاں چڑھائی جاتی ہیں۔

شب برات میں سید سالار مسعود غازیؒ کا جھنڈا بھی ہر میو گاؤں میں پوجا جاتا ہے[1]۔

ضلع گوڑگانوہ کے گزٹیر (شائع شدہ 1910ء) میں ہے:

GAZETTEIR OF ULWURA 1987 LONDON [1]

''میو ابھی تک بہت ڈھیلے ڈھالے اور لاپرواہ قسم کے مسلمان رہے ہیں، وہ اپنی ہمسایہ قوم کے اکثر رسم و رواج میں شریک ہیں، خصوصاً ان رسوم میں جو ذرا دلچسپ اور پُر لطف ہوتی ہیں، ان کا اصول یہ معلوم ہوتا ہے کہ مذہبی جشن اور تہوار تو دونوں قوموں کے مناؤ اور فرائض اور مذہبی پابندیاں کسی ایک کی بھی پوری نہ کرو۔ کچھ عرصہ سے میوات میں کچھ مذہبی معلم پیدا ہو گئے ہیں اور کچھ میو رمضان کے روزے بھی رکھنے لگے ہیں۔ گاؤں میں مسجدیں بنانے لگے ہیں، نمازیں بھی پڑھنے لگے ہیں، ان کی عورتیں ہندووانہ گھگروں کے بجائے پاجامے بھی پہننے لگی ہیں، یہ سب مذہبی بیداری کی علامات ہیں۔''

بھرت پور کی گزٹیر میں ہے:

''میوؤں کے رسوم ہندوؤں اور مسلمانوں کے رسم و رواج کا معجون مرکب ہے۔ وہ ختنہ کرتے ہیں، نکاح کرتے ہیں اور اپنے مردوں کو دفن کرتے ہیں۔ سید سالار مسعود

غازیؒ کے مزار کی زیارت کے لئے بہرائچ جاتے ہیں، اور ان کے جھنڈے کے نیچے جو قسم کھائی جاتی ہے، اس کو بہت پکی قسم سمجھتے ہیں اور اس کا پورا کرنا بہت ضروری جانتے ہیں، وہ ہندوستان کے دوسرے متبرک مقامات کی زیارت کے لئے بھی جاتے ہیں مگر کبھی حج کو نہیں جاتے۔ ہندوؤں کے رسوم میں سے وہ ہولی اور دیوالی مناتے ہیں، ایک گوت میں کبھی شادی نہیں کرتے، لڑکیوں کو ترکہ نہیں ملتا، وہ بچوں کے ملے جلے اسلامی اور ہندووانہ نام رکھتے ہیں۔ وہ تمام تر جاہل اور غیر تعلیمانہ یافتہ ہیں۔ ان میں بھاٹ اور گویئے بھی ہوتے ہیں جن کو وہ بڑی بڑی رقمیں اور انعامات دیتے ہیں، دیہاتی زندگی اور کاشتکاری کے موضوع پر بہت سی چوپائی نظمیں بنی ہوتی ہیں جو وہ مزے لے کر پڑھتے ہیں، بولی ذرا درشت اور سخت ہے جس میں عورت اور مرد سے یکساں طریقے پر خطاب ہوتا ہے۔ ان میں محرک اور نشہ آور چیزوں کے استعمال کا بھی رواج ہے۔ وہ بہت ضعیف الاعتقاد اور قوم پرست واقع ہوئے ہیں، شگون بہت لیتے ہیں، مردوں اور عورتوں کا لباس ہندوانہ ہے، پہلے زمانہ میں ان میں نوزائیدہ بچوں کو مارڈالنے کی بھی رسم تھی، لیکن یہ رسم اب بالکل جاتی رہی ہے۔ غارتگری اور رہزنی ان کا پیشہ رہ چکا ہے، اب اگرچہ ان کی اصلاح اور ترقی ہوگئی ہے، پھر بھی جانور اُڑا کر اور گائے بیل کھول کر لے جانے میں اب وہ بھی بہت مشہور ہیں۔

## میواتیوں کی قومی صفات:

اس دینی انحطاط اور اخلاقی تنزل کے باوجود اس قوم میں بعض اعلیٰ اخلاق وصفات اور شریف قوموں کی نسلی خصوصیات پائی جاتی ہیں، اور جو نقائص اور اخلاقی کمزوریاں اس قوم میں پیدا ہوئیں وہ اسی نوع کی ہیں جو بے تربیتی، جہالت، متمدن دنیا سے بے تعلقی اور مذہب سے بے خبری کے باعث شریف اور بہادر قوموں میں پیدا ہو جاتی ہیں، اور خود زمانہ جاہلیت میں، عربوں میں پیدا ہوگئی تھیں محاسن اور فطری صلاحیتوں کا رُخ ماحول کی خرابی سے غلط ہو گیا تھا، قومی دلیری اور بیبا کی نے لوٹ مار اور غارتگری کی شکل اختیار کر لی تھی، شجاعت، اور فطری بہادری نے کوئی اور مناسب میدان نہ پا کر خانہ جنگی اور خونریزی کو اپنا مظہر بنایا، فطری غیرت اور حمیت کا کوئی جائز استعمال نہ رہا تو حمیت جاہلیت اور فرضی عزت وناموس اور خودتراشیدہ معیار شرافت کی حفاظت میں صرف

ہوئی عالی حوصلگی اور بلند ہمتی کا کوئی شایان شان مصرف نہ رہا تو برادری کے چھوٹے کاموں میں اس نے اپنے جوہر دکھائے، ذہانت، چستی و چالاکی کو شریفانہ مواقع نہ ملے تو مجرمانہ واردات اور خلاف قانون کاموں میں اس نے ہاتھ کی صفائی اور ہنرمندی دکھائی، غرض محاسن اور فطری صلاحیتوں کا رُخ غلط تھا، اور مصرف حقیر تھا، مگر قوم فطری جوہر سے محروم نہ تھی۔

سادگی اور جفاکشی، عزم اور قوت عمل، پختگی اور صلابت اس قوم کے خاص جوہر تھے، جس میں میواتی مسلمانوں کی شہری آبادی سے بہت ممتاز تھے۔ یہ پختگی اور صلابت اور حمیت ہی کا نتیجہ تھا کہ عملاً اسلام سے پہلے اتنے دور ہو جانے کے باوجود اس علاقہ میں انتہائی طغیانی کے زمانہ میں بھی ارتداد کا سیلاب کبھی نہیں آنے پایا، اور باوجود اس کے ہمسایہ ملکانے اس عام سیلاب میں گلے گلے پانی میں تھے، مگر میوات اس کی زد سے باہر رہا، اور اس وسیع علاقہ میں ارتداد کے واقعات پیش نہیں آئے۔

اس قوم کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ صدیوں تک جہالت اور گمنامی کے حصار میں محفوظ رہی ہے، اور گویا بیرونی دنیا سے بے تعلق اور فراموش شدہ قوم رہی ہے، اس حیثیت سے کوئی دوسری قوم جو اتنی بڑی تعداد میں ہوا، اور سلطنت کے مرکز سے اتنی قریب ہوا اور پھر اتنی گمنام اور مہجور ہو، ہندوستا کی تاریخ میں مشکل سے ملے گی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی ذہنی اور عملی قوت بہت کم ضائع ہوئی، اور بہت زیادہ محفوظ رہی اور اس کی لوح جس طرح اچھے نقوش سے سادہ رہی، اسی طرح ان غلط نقوش سے بھی، جو ایک مرتبہ نقش ہو جانے کے بعد مشکل سے مٹتے ہیں، اس زمین پر دراصل کوئی کھیتی ہوئی نہیں، غلط رسوم و عادات اور جاہلانہ اوہام وخیالات محض خس وخاشاک تھے، جو صدیوں کی افتادہ زمین پر آگ آئے تھے، یہ قوم ہندوستان میں اس چودھویں صدی میں بہت کچھ عرب جاہلیت کا نمونہ تھی۔

وہی اپنی فطرت پہ طبع بشر تھی
اللہ کی زمین بن جتی سر بسر تھی

### میواتیوں کی آمد و رفت کا سلسلہ:

اوپر گذر چکا ہے کہ میوات سے اصل تعلق مولانا محمد اسماعیل صاحب کی حیات میں شروع ہوا، یہ محض اتفاقی بات نہ تھی، بلکہ ایک غیبی انتظام تھا کہ مولانا محمد اسماعیل صاحب کو بستی نظام الدین

یعنی میوات کے دہانہ پر ٹھہرایا گیا اور مولانا محمد الیاس صاحب کی آمد سے بہت پہلے میوات کی سر زمین میں اس خاندان کی عقیدت و محبت کا بیج بو دیا گیا، اور اس کی آبیاری سے کبھی غفلت نہیں کی گئی، میوات کے اس آہوئے وحشی کو جو سلاطین دہلی کی جہانگیری کا بھی کبھی صید نہیں ہوا، دو دو پشتوں کے رشتۂ عقیدت مندی وارادات سے اس طرح پابند کر دیا کہ وہ مطلوب کے بجائے طالبین کر آیا۔

میوات میں مولانا محمد صاحب کے مریدین اور مخلصین کو جب معلوم ہوا کہ نظام الدین کی خالی مسند پھر آباد ہے، اور دونوں بزرگوں کے جانشین مولانا محمد اسماعیل صاحب کے فرزند اور مولانا محمد صاحب کے بھائی تشریف رکھتے ہیں تو انہوں نے نظام الدین کی آمد و رفت پھر شروع کی اور وہاں حاضر ہو کر درخواست کی کہ قدیم تعلقات کی بناء پر آپ میوات تشریف لے چلیں اور اپنے خاندانی نیاز مندوں کو اس کا موقع دیں کہ وہ اپنے صحیح جانشین کی زیارت سے اپنی آنکھیں روشن کریں اور ارادت و اخلاص کا پرانا رشتہ پھر مستحکم کریں۔

## اصل علاج دینی تعلیم:

مولانا کے نزدیک میوات کی اصلاح کی تدبیر صرف یہ تھی کہ ان میں دین کا علم پھیلایا جائے، شریعت کے احکام و مسائل سے واقف ہوں اور جہالت و وحشت دور ہو۔

مولانا محمد اسماعیل صاحب اور ان کے بعد مولانا محمد صاحب نے بھی یہی طریقہ علاج اختیار کیا تھا، میوات کے بچوں کو انہوں نے اپنے یہاں رکھ کر اور اپنے مدرسہ میں تعلیم دے کر میوات میں اصلاح و ارشاد کے لئے بھیج دیا تھا اور اس ملک میں جو تھوڑی بہت روشنی اور خال خال دینداری تھی، وہ انہی اشخاص کی بدولت تھی جو انہیں دو بزرگوں کے تربیت یافتہ اور ان کے مدرسہ کے فیض یافتہ تھے۔ مولانا نے اس سلسلہ میں ایک قدم آگے بڑھانا چاہا، آپ نے خود میوات میں دینی مکاتب و مدارس کا قیام ضروری سمجھا، تا کہ دین کا حلقہ وسیع ہو اور اس ملک میں ذرا بڑے پیمانے پر اصلاح و تبدیلی پیدا ہو۔

## میوات چلنے کی شرط:

آپ مریدین اور معتقدین کے حلقہ میں کسی شیخ اور اس کے جانشین کے جانے کے وہ معنی بھی

سمجھتے تھے جو بلانے اور لے جانے والوں کے ذہن میں عام طور پر ہوتے ہیں، اور ان طریقوں اور اصولوں کو بھی جانتے تھے جن میں اہل ارادات اپنے تعلق وعقیدت کا اظہار کرتے ہیں اور اس کو کافی سمجھتے ہیں، لیکن آپ اس پر قطعاً تیار نہ تھے، کہ وہاں جا کر اہل محبت کی پر خلوص دعوتیں قبول کر کے اور کلمہ خیر کہہ کر واپس چلے آئیں۔ آپ صرف اسی صورت میں وہاں جانا چاہتے تھے کہ آپ کے جانے سے وہاں کوئی ایسی پائیدار شکل پیدا ہو جائے جس سے ملک کی اس حالت میں تبدیلی پیدا ہو اور اسلام سے قریب ہو جائیں، اور اس کی شکل میں اس وقت آپ کے ذہن میں صرف یہی تھی کہ میوات میں دینی مکاتب اور مدارس قائم ہوں اور میوات کی کم سے کم نئی نسل دین سے واقف ہو۔

آپ نے خود بیان کیا کہ جب پہلی مرتبہ چند مخلصوں نے بڑے جوش واخلاص کے ساتھ مجھ سے میوات چلنے کی درخواست کی تو میں نے کہا کہ میں صرف اس شرط پر چل سکتا ہوں کہ تم وعدہ کرو کہ اپنے یہاں مکتب قائم کرو گے۔

مکتبوں کو اہل میوات اس وقت اتنا دشوار اور نا قابل عمل سمجھتے تھے کہ ان کے لئے اس شرط سے زیادہ کوئی مشکل شرط نہیں تھی، سب سے مشکل بات یہ تھی کہ بچوں کو کام سے ہٹا کر پڑھنے بٹھایا جائے مکتبوں کی شرط سنتے ہی دعوت دینے والوں کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا اور ان پر اوس پڑ گئی، انہوں نے اس کی ہامی نہیں بھری اور مولانا چلنے پر راضی نہیں ہوئے، دو تین مرتبہ ایسا ہی ہوا، ایک مرتبہ ایک سمجھ دار میواتی نے اس بنا پر اس کا وعدہ کر لیا کہ لے تو چلنا چاہیے، پھر وہاں جا کر دیکھا جائے گا۔

## مکاتب کا آغاز:

مولانا میوات تشریف لے گئے، اور آپ نے اپنی شرط کا مطالبہ کیا، آپ کے بڑے تقاضے اور اصرار اور لوگوں کی بڑی جدوجہد سے ایک مکتب قائم ہوا، اور اس طرح اس کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

مولانا اہل میوات سے فرماتے تھے کہ تم بچے دو، معلمین کی تنخواہ میں لاؤں گا۔ میواتی جو اکثر کاشتکار ہیں، اس کے روادار نہیں تھے کہ ان کے بچے کھیتی باڑی کا کام اور جانور چھوڑ کر کتابیں لے کر بیٹھیں، اور ان کے کام سے جائیں، ان میں دین کی نہ طلب تھی، نہ قدر، کہ وہ اس کے لئے تھوڑی سی بھی تکلیف اور ایثار گوارا کریں، بڑی حکمت اور تالیف قلب سے ان کو اس پر راضی کیا گیا اور بہت کہہ سن کر اور خوشامد درآمد سے ان کے بچوں کو پڑھنے بٹھایا گیا۔

اس سفر میں دس مکتب قائم ہوئے، بعض مرتبہ ایک دن میں کئی کئی مکتب قائم ہوئے اور پھر بکثرت مکاتب قائم ہونے لگے، یہاں تک کہ کچھ مدت بعد میوات میں کئی سو مکتب قائم ہو گئے جن میں قرآن مجید وغیرہ کی تعلیم ہوتی تھی۔

## مکاتب کے اخراجات:

مولانا نے دین کی خدمت کو ایک ''قومی کام'' کی حیثیت سے نہیں شروع کیا تھا، جس کا بار اور جس کی ذمہ داری تنہا قوم پر ہوتی بلکہ اپنا کام سمجھ کر شروع کیا تھا جس میں ان کو اپنی کسی چیز کے لگا دینے میں دریغ نہیں تھا، ان کے نزدیک دین کے کام کی حقیقت یہ تھی کہ آدمی بالکل اپنے ذاتی کام کی طرح اس میں اپنا عزیز وقت اور محبوب مال خرچ کرے۔ وہ اس تقسیم کے قائل نہیں تھے کہ یہ اپنا ہے اور یہ قومی۔

ایک صاحب نے ایک مرتبہ کچھ رقم یہ کہہ کر پیش کی، کہ یہ آپ بالکل اپنے کام میں لائیں، مولانا نے فرمایا کہ ''حضرت! اگر ہم نے اللہ کے کام کو اپنا کام نہ سمجھا تو ہم اپنے آپ کب ہوئے''۔ یہ کہہ کر آنکھوں میں آنسو بھر لائے اور فرمایا کہ: آہ! ہم نے حضور ﷺ کی قدر نہ کی[1]۔

بس یہی مولانا کا اصول تھا، انہوں نے میوات کے دینی کاموں میں سب سے پہلے اپنا سرمایہ اور اپنا روپیہ (جو آبائی جائیداد کی آمدنی یا ہدایا کی شکل میں آتا تھا)، پھر لوگوں کی امداد کو قبول کیا۔

---

1 از حاجی عبدالرحمٰن صاحبؒ

## باب چہارم

# میوات میں ایمان اور طلب دین کی عمومی تحریک

### مکاتب اور جزئی اصلاح سے نا اُمیدی:

مولانا کی زندگی کا اصلی جوہر جس نے انسان کو خدمت دین کے اس بلند مقام تک پہنچایا بلند ہمتی ہے، خدمت دین اور اصلاح کی کسی ابتدائی منزل پر مولانا کی بے قرار طبیعت نے قرار نہ پایا، جب تک اس کو اپنی اصلی منزل نہ مل سکی، اس نے کہیں دم نہ لیا اور کہیں آرام نہ کیا۔

مکاتب کے ذریعہ جو معمولی انفرادی اصلاح تعلیم ہو رہی تھی، مولانا رفتہ رفتہ اس سے غیر مطمئن ہوتے گئے، آپ نے محسوس کیا کہ ماحول کی بے دینی اور ملک کی عمومی جہالت اور ظلمت کا اثر مکاتب پر بھی ہے۔ اول تو طلبہ کی پوری اصلاح اور ان کی دینی تربیت نہیں ہونے پائی، دوسرے جو طلبہ ان مکاتب سے دین کی تعلیم اور تھوڑی بہت اسلامی تربیت حاصل کر کے نکلتے بھی ہیں وہ بھی جہالت اور بے دینی کے اس بحر ظلمات میں جوان کے چاروں طرف سینکڑوں میل تک پھیلا ہوا ہے، ایسے غرق ہو جاتے ہیں کہ پھر ان کا پتہ نہیں چلتا۔

قوم میں دین کی کوئی طلب نہیں جس سے وہ اپنے بچوں کو شوق سے پڑھنے بھیجے [1] اور مکتبوں میں بٹھائے، نہ دین کی قدر ہے کہ ان کے پڑھ لینے کے بعد ان کے علم کی عزت اور ان کی بات کی وقعت ہو، ایسی حالت میں یہ مکاتب ان کی زندگی پر کچھ اثر انداز نہیں ہو سکتے۔

تیسرے یہ انتظامات ان کے لئے ہیں جو سرے سے غیر مکلف و نابالغ بچے ہیں، اور جو عاقل بالغ احکام الٰہی کے براہ راست مخاطب ہیں، اور جو دینی لاعلمی اور بے عملی کی وجہ سے مورد غضب

---

1. (ایک عرصے کے بعد مولانا نے ایک گرامی نامے میں، اس بارے میں اپنا جو خیال ظاہر فرمایا اس جوان الفاظ میں ادا کیا جا سکتا ہے" مکاتب جذبات کی جس مقدار سے چل سکتے ہیں وہ ابھی بہت بعید ہے۔ ابھی ایک طویل مدت صرف تبلیغ پر اقتصار کر کے استقامت اور ترقی فرماتے رہیں جب عمومی استعداد پیدا ہو جائے گی اور اسلام کی رغبت پر کچھ ترقی کرنے لگیں گے تو اللہ چاہے تھوڑی کوشش سے بہت سے مدارس ہو سکیں گے۔"

بن رہے ہیں، ان کے لئے اس میں کوئی انتظام نہیں۔

نیز ساری قوم کو ان مکاتب اور مدارس کے ذریعہ (خواہ ان کی تعداد کتنی ہی زیادہ ہو) دین کی ضروری تعلیم اور اسلامی تربیت نہیں دی جاسکتی، نہ سب ان مکاتب کے طالب علم بن سکتے ہیں، نہ اپنے مشاغل زندگی اور وسائل معاش چھوڑ سکتے ہیں۔

اسی عرصے میں ایک سفر میں مولانا کے سامنے بڑی تعریف کے ساتھ ایک نوجوان پیش کیا گیا کہ یہ میوات کے فلاں مکتب سے قرآن پڑھ کر نکلے ہیں، مولانا فرماتے ہیں کہ اس کی ڈاڑھی منڈی ہوئی تھی، چہرہ، شکل اور لباس سے بھی کسی قسم کی اسلامیت نہیں ظاہر ہوتی تھی، اس کو دیکھ کر مولانا کی غیور اور حساس طبیعت کو دھکا لگا اور خیال ہوا کہ یہ تو کوہ کندن وکاہ برآوردن کا مرداف ہے، اس واقعہ سے مکاتب کی طرف سے مولانا کا دل پھیکا ہو گیا۔

مکاتب کے علاوہ آپ نے اپنے سفروں میں نزاعات اور پرانے جھگڑے چکائے جس کا میوات میں بڑا زور رہا کرتا ہے، فریقین میں صلح اور تصفیہ کرایا، آپ اپنی موقع شناسی، حکمت اور روحانیت سے اس میں بہت کامیاب ہوئے، میوات کے لوگ کہتے تھے کہ یہ شخص دیکھنے میں تو ایک مشتِ استخواں ہے، مگر جس معاملہ میں پڑ جاتا ہے چٹکیوں میں اس کو سلجھا دیتا ہے، اور معلوم نہیں کیا بات ہے کہ بڑے بڑے ضدی اور اپنی بات پر اڑنے والے اس کے کہنے سے فوراً مان جاتے ہیں۔

اسی زمانے میں اور بھی بعض علماء نے میوات میں وعظ واصلاح کا کام شروع کیا تھا اور جیسا سارے ہندوستان علمائے حق کا طریقہ ہے، خلاف شروع امور کی روک تھام اور مسائل دین کی اشاعت کی کوشش شروع کی، اسی سلسلہ میں انہوں نے بعض خاص رسوم کی مخالفت کی تحریک بھی اُٹھائی۔

لیکن مولانا یہ محسوس کر رہے تھے کہ دین کی حالت اس وقت بھیڑوں کے گلے کی سی ہے کہ چوپان ایک طرف سے ان کو سمیٹتا ہے تو دوسری طرف سے کچھ بھیڑیں نکل جاتی ہیں، دوسری طرف سے سمیٹتا ہے تو تیسری طرف سے نکل جاتی ہیں، ایک جزئی کی اصلاح کی جائے تو دوسری صدہا جزئیات قابل اصلاح رہتی ہیں۔ زندگی کی چول اپنی جگہ سے ہٹی ہوئی ہے، وہ چول ہے ایمان اور دین کی طلب اور قدر جو صدیوں سے نکل چکی ہے۔

آپ مختلف تجربوں سے اس نتیجے تک پہنچے تھے کہ خواص وافراد کی اصلاح اور دینی ترقی مرض کا علاج نہیں آپ کے اس تاثر کو ایک میواتی نے اپنے سیدھے سادھے الفاظ میں یوں بیان کیا کہ ''جب تک عام آدمیوں میں دین نہ آئے کچھ نہیں ہوسکتا''۔

اس کے بعد عرصے تک آپ کی میوات میں آمد ورفت رہی اور اہل میوات کو آپ سے دینی اور روحانی فیض پہنچتا رہا۔ لوگ بکثرت آپ کے سلسلہ میں منسلک ہوتے رہے، یہاں تک کہ ربیع الاول 44ھ میں آپ کی اور معتقدین کی درخواست اور خواہش پر علماء اور صلحاء کی ایک جماعت کے ساتھ حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ بھی میوات تشریف لائے، فیروز پور نمک میں تشریف آوری رہی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انسانوں کا ایک جنگل تھا جو ان بزرگوں کی زیارت اور شوق ملاقات میں مجتمع تھا، بکثرت لوگ بیعت میں داخل ہوئے۔

## دوسرا حج اور کام کے رُخ کی تبدیلی:

شوال 44ھ میں آپ دوسرے حج کے لئے روانہ ہوئے، مولانا خلیل احمد صاحب کی ہمرکابی حاصل تھی، ایک ہفتہ مولانا کی معیت میں حیدر آباد دکن میں قیام رہا، کیونکہ حیدر آباد کے احباب کی مولانا سہارنپوری سے اصرار تھا۔

مدینہ منورہ میں قیام کا زمانہ ختم ہوا، اور رفقاء پہلے چلنے کے لئے تیار ہوئے تو انہوں نے مولانا کو عجب بے چینی اور اضطراب میں پایا۔ آپ کسی طرح مدینہ منورہ سے جدا ہونے پر راضی نہ تھے، کچھ دن توقف کے بعد رفقاء نے مولانا خلیل احمد صاحب سے ذکر کیا۔ آپ نے مولانا کی حالت دیکھ کر فرمایا کہ تم ان سے چلنے کے لئے اصرار نہ کرہ، ان پر ایک حالت طاری ہے، یا تم انتظار کرو کہ از خود تمہارے ساتھ چلے جائیں، یا تم خود چلے جاؤ، یہ بعد میں آجائیں گے۔ چنانچہ رفقاء ٹھہر گئے۔

مولانا فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ کے اس قیام کے دوران میں مجھے اس کام کے لئے امر ہوا اور ارشاد ہوا کہ ہم تم سے کام لیں گے۔ کچھ دن میرے اس بے چینی میں گزرے کہ میں ناتواں کیا کر سکوں گا، کسی عارف سے ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ پریشانی کی کیا بات ہے۔ یہ تو نہیں کہا گیا کہ تم کام کرو گے، یہ کہا گیا کہ ہم تم سے کام لیں گے، پس کام لینے والے لے لیں گے۔

اس سے بڑی تسکین ہوئی اور آپ نے مدینہ منورہ سے مراجعت فرمائی۔ پانچ مہینے حرمین میں قیام رہا۔ 13 ربیع الثانی 45ھ کاندھلہ واپسی ہوئی۔

..................................................................................................

### تبلیغی گشت کی ابتداء:

حج سے واپسی پر مولانا نے تبلیغی گشت شروع کر دیا، آپ نے دوسروں کو بھی دعوت دی کہ عوام میں نکل کر دین کے اولین ارکان واصول (کلمہ توحید ونماز) کی تبلیغ کریں، لوگوں کے کان اس دعوت سے نا آشنا تھے، دین کی تبلیغ کے لئے عامیوں کا زبان کھولنا بڑا پہاڑ معلوم ہوتا تھا، چند آدمیوں نے بڑی شرم وحیاء اور رکاوٹ کے ساتھ خدمت انجام دی۔

ایک بار نوح میں اجتماع ہوا، آپ نے مجمع میں اپنی یہ دعوت اور مطالبہ پیش کیا کہ جماعتیں بنا کر علاقہ میں نکلا جائے اور تبلیغ کی جائے، حاضرین نے ایک مہینہ کی مہلت طلب کی، ایک مہینہ کے بعد جماعت بن گئی، آٹھ دن کے لئے وہ گاؤں طے ہو گئے جن کا اس جماعت کو دورہ کرنا تھا، اور یہ طے ہوا کہ یہ دورہ کرتی ہوئی آئندہ جمعہ سوہنے (ضلع گوڑگانوہ) میں پڑھے گی، اور وہیں آئندہ ہفتے کا پروگرام طے ہوگا۔

چنانچہ پہلا جمعہ جماعت نے سوہنے میں پڑھا، مولانا بھی تشریف لائے، آئندہ ہفتے کا نظام طے ہوا، جماعت پھر دورے پر روانہ ہوئی، اور دوسرا جمعہ تاوڑو میں پڑھا گیا، تیسرا جمعہ نگینہ تحصیل فیروز پور میں پڑھا گیا، مولانا نے ہر جمعہ میں شرکت فرمائی اور آئندہ کا نظام طے ہوا۔

عرصے تک میوات میں اسی طرز پر کام ہوتا رہا، اور دینی وعلمی مرکزوں کے لوگوں کو میوات کے جلسوں میں ان جماعتوں کے اجتماع کے موقع پر دعوت دی جاتی رہی اور کئی سال تک یہ سلسلہ جاری رہا۔

### تیسرا حج:

51ھ میں آپ تیسری بار حج کو گئے، رمضان کا چاند نظام الدین میں نظر آ گیا تھا۔ تراویح دہلی کے اسٹیشن پر ہوئی، تراویح سے فراغت پر کراچی کی گاڑی میں سوار ہو گئے، احتشام الحسن اس سفر میں آپ کے ساتھ تھے۔ وہ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے نام ایک خط میں مولانا کے مشاغل واوقات کے متعلق لکھتے ہیں:

''حضرت والا کا اکثر وقت حرم میں گزرتا ہے، تبلیغی جلسے اور چرچے برابر رہتے ہیں، اور ہر جگہ اس کے متعلق ضرور حضرت مولانا کچھ نہ کچھ فرماتے ہیں''۔

مکہ معظمہ سے روانہ ہو کر 2 محرم 52ھ (مطابق 27 اپریل 33ء) مدینہ طیبہ پہنچے اور زیارت سے مشرف ہوئے۔ 27 جمادی الاولی 561ء کو ہندوستان واپسی ہوئی۔

اس حج سے آپ کام اور نظام کے متعلق مزید وثوق واطمینان اور یقین لے کر آئے اور کام کی رفتار کو بڑھادیا۔

### میوات کے دو دورے:

حج سے واپس تشریف لا کر مولانا نے بڑی جماعت کے ساتھ میوات کے دورے کیے، کم سے کم سو آدمی اس سفر میں ہر وقت ساتھ رہتے تھے، باقی جا بجا مجمع بہت ہو جایا کرتا تھا۔ ایک دورہ ایک مہینہ کا تھا دوسرا دورہ کچھ کم ایک مہینہ کا، سفر کے وقت جماعتوں کو گاؤں میں تقسیم کر دیا کرتے تھے، اور فرماتے تھے کہ گشت لگا کر آؤ۔

### تبلیغی جماعتیں دینی مرکزوں کی طرف:

مولانا نے اپنے طویل تجربے اور بالغ نظری سے یہ سمجھ لیا تھا کہ اپنے ماحول اور مشاغل میں گھرے رہ کر ان غریب میواتی کاشتکاروں کا دین سیکھنے کے لئے وقت نکالنا اور اس تھوڑے سے وقت میں جس میں ان کو کامل یکسوئی حاصل نہیں ہو سکتی، دین کے ایسے اثرات کو قبول کر لینا جن سے ان کی زندگی میں انقلابی اصلاح اور تغیر پیدا ہو جائے ممکن نہیں، ان سے یہ مطالبہ کرنا بھی صحیح نہیں کہ سب کے سب اس عمر میں مکاتب اور مدارس کے طالب علم بن جائیں اور یہ توقع بھی غلط ہے کہ وعظ و پند ہی سے ان کی زندگی میں انقلاب ہو جائے گا اور وہ اس جاہلانہ زندگی سے نکل کر اسلامی زندگی میں قدم رکھیں گے ان کے عادات و اخلاق، مزاج و طبائع، شوق و رغبت اور جذبات بدل جائیں گے۔ لیکن مولانا کے نزدیک ایسا ہونا ضروری تھا، مگر کیا تدبیر ہو سکتی تھی۔ مولانا کے نزدیک اس کی تدبیر صرف یہ تھی کہ ان کو کچھ مدت کے لئے جماعتوں کی شکل میں دین اور علم کے مرکزوں کی طرف نکلنے پر آمادہ کیا جائے۔ وہ وہاں کے عوام اور جہلا میں کلمہ اور نماز کی تبلیغ کریں اور اس طرح اپنا پڑھا ہوا سبق پختہ کریں اور وہاں کے اہل علم و دین کی مجلسوں میں بیٹھ کر ان کی باتوں کو بغور سنیں اور ان کی زندگی، نشست و برخاست اور عمل کو بغور دیکھیں، اور اس طرح بالکل فطری طریقے پر جس طرح پختہ زبان سیکھتا ہے، اور آدمی تہذیب و شائستگی حاصل کرتا

ہے، وہ دین اور علم دین حاصل کریں۔

نیز اس نکلنے کے زمانے میں جس سے زیادہ یکسوئی و توجہ کامل کا زمانہ اس کو بظاہر نصیب نہیں ہو سکتا، قرآن پڑھنے، مسائل و فضائل معلوم کرنے اور صحابہ کرامؓ کے حالات و حکایات سننے میں مشغول رہیں اور اس طرح اس گشتی مدرسے سے بہت کچھ سیکھ کر اور لے کر اپنے گھر واپس ہوں۔

لیکن یہ کام بہت مشکل تھا۔ کسی شیخ طریقت نے (الا ماشاء اللہ) اپنے مریدین و معتقدین پر ایسا بوجھ کم ڈالا ہوگا۔ اپنے مشاغل سے چھڑانا، بیوی بچوں سے علیحدہ کرنا اور گھر سے نکالنا آسان کام نہیں، پھر اسی قوم کے افراد کو جس کو بڑی کوششوں کے بعد کچھ مانوس کیا گیا تھا۔

ایک دوسری دقّت یہ تھی کہ اس کا بھی اطمینان نہیں تھا کہ جہاں یہ لوگ جائیں گے وہاں ان کے ساتھ ہمدردانہ سلوک ہوگا۔ ان کی جہالت، سادہ لوحی اور شہروں کے معیار سے بعض اوقات ناشائستگی پر رحم اور شفقت کا سلوک ہوگا، یا مہر و عتاب اور طنز و تعریض کا۔

مولانا کا خیال تھا کہ یوپی کا مغربی حصہ (ضلع مظفرنگر اور سہارنپور جس کے لئے کبھی دوآبہ کی اصطلاح استعمال فرماتے تھے اور کبھی مطلق یوپی کے لفظ سے ادا کرتے تھے) دین و علم کا معدن اور اہل حق کا خاص مرکز ہے، اہل دین کی صحبت و اختلاط اور آنکھوں اور کانوں کے ذریعہ سے دین کے تعلیم و اکتساب کے لئے اس خطے سے زیادہ کوئی موزوں مناسب زمین نہیں۔

مولانا کے نزدیک ملک کی جہالت و غفلت، دینی بے حمیتی اور جذبات کی خرابی تمام فتنوں کی جڑ اور ساری خرابیوں کا سرچشمہ تھی اور اس کا علاج صرف یہ تھا کہ میوات کے لوگ اپنی اصلاح و تعلیم اور دین کو دنیا پر مقدم رکھنے اور اس کے لئے جدوجہد کرنے کی طاقت اور جذبات پیدا کرنے کے لئے باہر اور خصوصاً یوپی کے ان شہروں میں جائیں............. مولانا ایک میواتی کو لکھتے ہیں:

> ”میرے دوست! آدمی کا جاہل اور غافل ہونا اور حق کی کوشش میں سست ہونا یہ ہر فتنہ کی کنجی ہے، اور طبائع اور جذبات کے ان نامبارک اور گندہ صفتوں پر رہنے سے اللہ جانے کتنے فتنے اُٹھتے ہوئے تم دیکھو گے اور کچھ نہ کر سکو گے“۔ اُٹھتے ہوئے فتنوں کو میٹنے اور آئندہ کے فتنوں سے روکنے کے لئے تمہارے ملک میں پیش آئی ہوئی اسکیم کو مشق کرنے کے لئے یوپی کے لئے نکلنے پر زور دینے کے سوا اور کوئی علاج نہیں[1]“۔

---

1 (بنام میاں محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

مولانا کو اس کی بھی اُمید نہ تھی کہ آپ کی یہ دعوت وتحریک اس طرح اس علاقہ کے اہل حق اور اہل علم کے سایہ تلے آجائے گی اور اس بہانے سے ان حضرات کو میوات کے ان غریب و دور افتادہ مسلمانوں کی پسماندگی وزبوں حالی سے واقفیت کا موقعہ ملے گا۔ شاید ان کے دل میں اس کا درد پیدا ہو جائے اور ان کی نگاہ شفقت اُٹھے۔ مولانا کے نزدیک ان حضرات کا تعلق اور ان کی سرپرستی نہایت ضروری تھی جس کے بغیر وہ اس تحریک کو خطرہ اور آزمائش میں سمجھتے تھے۔

غالبًا انہی مصلحتوں کی بناء پر مولانا نے پہلی جماعت کے سفر کے لئے اپنے وطن کاندھلہ کا انتخاب فرمایا کہ وہ بہر حال اپنا وطن ہے۔ عزیزوں سے سابقہ ہے، اور یوں بھی وہ ایک علمی اور دینی مرکز ہے، اس لئے اس سفر کی غرض بھی حاصل ہے۔

## پہلی جماعت کاندھلہ کے لئے:

ایک رمضان میں مولانا نے فرمایا کہ کاندھلہ کے لئے آدمی تیار کرو۔ علماء مشائخ کے مرکز پھر اپنے مرشد و شیخ کے وطن میں تبلیغ کے لئے عامیوں اور جاہلوں اور میوات کے دہقانوں کا جانا سننے والوں کو بہت ہی عجیب اور دشوار معلوم ہوا، اور چونکہ یہ غلط تخیل تھا کہ ہم کو اصلاح اور دوسروں میں تبلیغ کے لئے بھیجا جا رہا ہے، اس لئے اور بھی انوکھی سی بات معلوم ہوتی تھی۔ لوگوں کی سب پہلوؤں پر نظر تھی (اور اب بھی بیک وقت اس کام کے سب پہلو اچھے اچھے اہل نظر کے سامنے نہیں آئے) اس لئے لوگوں نے تعمیل میں جوش وسرگرمی کا اظہار نہیں کیا۔ حاجی عبدالرحمٰن جیسے مخلص ومحب نے کہہ دیا کہ میں تو نہ جا سکوں گا وہ میرے استاد مولانا محمد صاحبؒ کا گاؤں ہے"۔

مگر مولانا کوئی سنجیدہ بات سرسری طریقے سے اور رواداری کے ساتھ نہیں فرماتے تھے کہ بات آئی گئی ہو جائے، اس کے لئے وہ اپنی شخصیت کا پورا بوجھ ڈال دیتے تھے اور اپنی ساری طاقتوں کو کام میں لے آیا کرتے تھے اور جس چیز کو ضروری سمجھتے تھے اس کی طرف سے مطمئن ہوئے بغیر ان کے لئے کھانا پینا اور سونا مشکل تھا، زندگی بھر کا یہ معمول تھا۔ اس لئے ان کی بات کا ٹالنا ان سے تعلق رکھنے والوں کے لئے آسان نہ تھا۔

چنانچہ دس آدمیوں کی ایک جماعت کاندھلہ کے سفر کے لئے تیار ہو گئی، اس جماعت میں چیدہ چیدہ لوگ تھے اور تقریبًا سب وہ تھے جو اعتکاف کر چکے تھے۔ اس جماعت کو ذکر اہتمام کی خاص تاکید تھی۔ کاندھلہ کے لوگوں نے بڑے اعزاز واکرام سے امی بی کے گھر میں ان کو ٹھہرایا، اور

بڑی خاطر کی۔

### دوسری جماعت رائے پور کے لئے:

اس کے بعد رائے پور (ضلع سہارنپور) جماعت کے جانے کی تحریک کی اور شوال ہی میں 10,11 آدمیوں کو اپنے ساتھ لے گئے۔

رائے پور بھی اطمینان کی جگہ تھی، اور دینی و رُوحانی مرکز تھا، نیز مولانا عبدالقادر صاحب (جانشین شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوریؒ) سے یک جہتی اور یگانگت کی بناء پر وہاں سے بھی کوئی تکلف اور اجنبیت نہیں تھی۔

نمبردار محراب خاں کو نمونیا تھا۔ فرمایا: آج نہیں کل چلے آنا۔ آپ نے رات کو ان کے لئے دُعا کی، نمونیا اچھا ہو گیا اور وہ رائے پور کے لئے روانہ ہو گئے۔ قاری داؤد صاحب کا بچہ قضا کر گیا تھا وہ بچے کو دفن کرتے ہی گھر واپس ہوئے بغیر روانہ ہو گئے۔

### میوات کے منظّم دورے:

آپ نے میوات کی تحصیلوں کے نقشے اور پورے ضلع گوڑگانوہ کا نقشہ تیار کرایا۔ سمتیں اور لائنیں قائم کی گئیں اور آپ نے ہدایت کی کہ تمام مبلغین کی کارگزاری قلم بند کریں۔ گاؤں کی آبادی اور ایک گاؤں کا دوسرے گاؤں سے فاصلہ لکھا جائے۔ آس پاس کے گاؤں اور ان کے نمبرداروں کے نام لکھے جائیں اور بتلایا جائے کہ کون لوگ زیادہ آباد ہیں۔

چتوڑا تحصیل فیروز پور میں ایک جلسہ ہوا جس میں سولہ جماعتیں بنیں، ہر جماعت پر ایک امیر اور ہر چار جماعتوں پر ایک امیر الامراء کا تقرر ہوا۔ سارے ملک میوات میں ان جماعتوں کے ایک مرتبہ دورہ کو جانے کا انتظام کیا گیا اور اس کی شکل یہ اختیار کی گئی کہ چار جماعتیں پہاڑ کے اوپر دورہ کرنے کے لئے نامزد ہوں اور چار جماعتیں ان گاؤں میں جو سڑک اور پہاڑ کے درمیان میں واقع ہیں، اور چار جماعتیں اس سڑک کے جو ہوڈل سے دہلی کو جارہی ہے، اور اس سڑک کے درمیان جو الور سے دہلی کو جارہی ہے، اور چار جماعتیں اس سڑک کے جو ہوڈل سے دہلی کو جاتی ہے، اور جمنا کے درمیان کام کریں۔

ہر جگہ نظام الدین سے ایک آدمی خیر خبر لینے اور تقریر کرنے کیلئے آتا۔ فرید آباد میں سب

جماعتیں اکٹھا ہوئیں۔ مولانا بھی تشریف لائے۔ جلسہ ہوا، فرید آباد سے سولہ جماعتیں مختلف راستوں سے چار جماعتوں میں منقسم ہوکر جامع مسجد میں دہلی میں جمع ہوئیں، جلسہ ہوا اور وہاں سے جماعتیں پانی پت، سونی پت اور دوسرے مقامات کی طرف بڑھیں۔

اس عرصے میں میوات میں تبلیغی گشتوں اور دین سیکھنے کے لئے سفر و ہجرت کی تحریص و ترغیب اور تذکیر کا سلسلہ جاری رہا۔ مولانا کا اب یہی مطالبہ اور یہی دعوت تھی جو اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پیش کرتے رہتے تھے، اس سلسلے میں میوات کے بکثرت دورے اور مختلف مقامات پر جلسے ہوئے، ہر جگہ نئے نئے عنوانات اور فضائل و ترغیبات کے ساتھ یہی ایک مضمون پیش فرماتے رہے اور قوم سے اسی کا مطالبہ کرتے رہے، اور اسی میں اس کے دینی و دنیاوی فروغ کا یقین دلاتے رہے، یہاں تک کہ اس مشکل کام سے وحشت کم ہوگئی۔

میوات کے اندر باہر دورہ کرنے کے لئے جماعتیں بکثرت بننے لگیں، اس پر ہمیشہ زور دیا جاتا رہا کہ ملک میں دوسری چیزوں کی طرح اس کا بھی عام رواج ہو جائے، اس کے لئے مناسب مقامات میں جلسے اور اجتماعات بھی کئے جاتے تھے۔ ہر جلسے میں سے کچھ نئی جماعتیں تیار ہوکر اطراف و جوانب یا یو۔ پی کا گشت کرنے کے لئے نکلتیں۔ لوگ اپنے اپنے وقتوں کی پیش کش کرنے لگے۔ روپے پیسے کے چندے کا رواج تو دنیا میں تھا ہی، دین کے واسطے اوقات (ہفتوں اور مہینوں) کے چندے کا پہلی مرتبہ میوات میں رواج شروع ہوا۔

مولانا کام کرنے والوں میں دین کے لئے ایثار و قربانی کی روح پیدا کرنا چاہتے تھے اور ان کو اللہ کے لئے کھیتی باڑی کا نقصان اور اپنے کاروبار کا حرج برداشت کرنے کا عادی بنانا چاہتے تھے۔ میوات میں ایک مدت کے بعد اس کا آغاز ہوا کہ دین کے لئے دنیاوی کاموں کا نقصان برداشت کیا جائے اور دنیا کا خطرہ مول لیا جائے۔ یہ الگ بات ہے کہ اکثر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اس کی نوبت نہیں آنے دی، اور نکلنے والوں کو واپس آکر معلوم ہوا کہ ان کی غیبی مدد ہوئی اور ان کی کھیتی باڑی اور دکانداری کو اس عرصہ میں زیادہ فروغ ہوا۔

### میوات میں دین کی عام اشاعت:

ان رضا کار مبلغین کی وجہ سے بہت بڑی تعداد میں اپنا سامان اپنی پیٹھ پر اُٹھائے اپنا ضروری خرچ یا خوراک ساتھ باندھے ہوئے ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں اور ایک کونے سے دوسرے

کونے تک پھرتے رہتے تھے۔ تھوڑی مدت میں اس وسیع علاقہ میں دین اور دینداری کی ایسی عام اشاعت ہوئی اور اس تاریک خطے میں جو صدیوں سے تاریک چلا آرہا تھا، ایسی روشنی پھیلی جس کی نظیر دور دور نہیں مل سکتی۔ اس میں ذرا بھی شبہ نہیں کہ اگر کوئی اسلامی سلطنت اپنے پورے وسائل استعمال کرتی اور لوگوں کو دین سے قریب کرنے کے لئے اور دین سے واقف کرنے کے لئے بہت بڑا تنخواہ دار عملہ رکھتی یا سینکڑوں کی تعداد میں مدارس و مکاتب قائم کرتی تو وہ اپنی سلطنت کے کسی علاقے میں اس خوبی کے ساتھ دین نہیں پھیلا سکتی اور زندگی کا انقلاب تو مادی وسائل کے قابو سے بالکل ہی باہر ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ دین کے کام صحیح طرز ہی ہے جو قرن اول میں تھا۔ اسلام کے سپاہی لڑنے کے لئے ہتھیار اور کھانے کے لئے سامان خوراک اپنے گھر سے لاتے تھے اور شہادت کے شوق اور رضائے الٰہی کی طلب میں جہاد کرتے تھے، اسی طرح اس کے مبلغ اور داعی، اس کے محتسب اور واعظ اللہ کا حکم اور اپنا فرض سمجھتے ہوئے اپنے فرائض دلچسپی اور دیانت داری سے ادا کرتے تھے۔ میوات کی اس دینی نقل و حرکت میں اس مبارک دور کی ہلکی سی جھلک تھی۔ اگر کوئی ان مبغلین کے قافلوں کو اس حالت میں گزرتا ہوا دیکھتا کہ کاندھوں پر کمبل پڑے ہوئے، بغل میں سیپارے دیئے ہوئے، چادر کے پلو میں چنے یا چند روٹیاں بندھی ہوئی، زبانیں، ذکر و تسبیح میں مشغول ہیں۔ آنکھوں میں شب بیداری کے آثار پیشانیوں سر سجدے کے نشانات، ہاتھ پاؤں سے جفا کشی اور مشقت کا اظہار ہو رہا ہے تو دیکھنے والے کے سامنے بیر معونہ کے ان شہید صحابیوں کی ایک دھندلی سی تصویر پھر جاتی جو قرآن اور احکام دین کی تعلیم کے لئے رسولؐ اللہ کے حکم سے جا رہے تھے اور شہید کر دیئے گئے تھے۔

## فضاء کی تبدیلی:

رفتہ رفتہ میوات کی فضا بدلنے لگی اور موسم کے تغیر کے اثرات جا بجا ظاہر ہونے لگے، زمین میں ایسی روئیدگی اور قابلیت پیدا ہونے لگی۔ اب دین کی ہر چیز کے لئے مستقل جہاد کی ضرورت نہیں رہی۔ اگرچہ کام بہت باقی تھا (اور بعض رسمیں قابل اصلاح اب بھی باقی ہیں) مگر ان مقامات میں جہاں کام زیادہ ہو چکا تھا صرف اتنا کہنا اور بتلانا کافی تھا کہ یہ دین کی چیز ہے، اور اللہ و رسول کا حکم ہے۔

..............................

مولانا کے نزدیک کام کی یہی صحیح ترتیب تھی کہ لوگوں میں حقیقی ایمان، دین کی طلب اور قدر اور آخرت کے لئے دنیا میں اپنے جان و مال کا نقصان گوارا کرنے کی قابلیت پیدا ہوجائے پھر پورے دین کی صلاحیت ازخود پیدا ہوجائے گی۔

چنانچہ میوات میں دینداری کے وہ اثرات ظاہر ہونے لگے جن میں سے ایک ایک کے لئے اس سے پہلے اگر برسوں جدوجہد کی جاتی تو شاید کامیابی نہ ہوتی بلکہ اُلٹی ضد پیدا ہو جاتی۔ ملک میں دین کی رغبت پیدا ہوگئی اور اس کے آثار نظر آنے لگے۔ جس علاقے میں کوسوں مسجد نظر نہیں آتی تھی، وہاں گاؤں گاؤں مسجدیں بن گئیں اور دیکھتے دیکھتے اس ملک میں ہزاروں مسجدیں بن کر کھڑی ہوگئیں۔ صدہا مکتب اور متعدد عربی کے مدرسے [1] سے قائم ہو گئے۔ حفاظ کی تعداد سینکڑوں سے متجاوز ہے۔ فارغ التحصیل علماء کی بھی ایک خاصی بڑی تعداد پیدا ہوگئی ہے۔ [2] ہندوانہ وضع ولباس سے نفرت پیدا ہونے لگی اور اسلامی وشرعی لباس کی وقعت دلوں میں پیدا ہو گئی۔ ہاتھوں سے کڑے اور دکانوں سے مرکیاں اترنے لگیں۔ بے کہے آدمیوں نے داڑھیاں رکھنی شروع کردیں، شادیوں سے مشرکانہ اور خلاف شروع رسوم کا خاتمہ ہونے لگا۔ سودخواری کم ہوگئی، شراب نوشی تقریباً ختم ہوگئی، قتل وغارت گری کی واردات میں بہت کمی ہوگئی، جرائم، فسادات اور بداخلاقیوں کا تناسب پہلے کے مقابلے میں بہت گھٹ گیا۔ بے دینی، بدعات ورسوم اور فسق وفجور کی باتیں اور عادتیں موافق ہوا اور فضا نہ پانے کی وجہ سے خودبخود مضمحل ہونے لگیں۔

اس حقیقت کو ایک سن رسیدہ تجربہ کار میواتی نے بڑی بلاغت کے ساتھ بیان کیا، جس پر کسی اضافے کی گنجائش نہیں۔ قاری داؤد صاحب نے ایک بوڑھے میواتی سے اس کا عندیہ لینے کے لئے پوچھا کہ " تمہارے ملک میں کیا ہورہا ہے؟" بوڑھے میواتی نے کہا " اور تو میں کچھ جانتا

---

1 میوات میں عربی کا مرکزی مدرسہ نوح کا مدرسہ معین الاسلام ہے جس کی بنیاد مولانا کے ہاتھوں 634ھ میں رکھی گئی۔ خان بہادر شیخ عزیز الدین صاحب دہلوی مرحوم کو اس کی تعمیر وترقی سے بڑی دلچسپی تھی اور انہوں نے اس میں بڑی فراخ حوصلگی سے حصہ لیا۔ آپ نے 24 دسمبر 40ء کو انتقال فرمایا۔

2 اس سلسلہ میں سب سے بڑا احسان مولانا عبدالسبحان صاحب کا ہے جو علمائے میوات کے استاد و مربی ہیں۔ آپ کے درس اور آپ کے مدرسہ واقع قرول باغ دہلی سے بکثرت میواتی طلباء عالم اور فارغ التحصیل ہوکر نکلے۔

نہیں، اتنا جانوں کہ جن باتوں کے لئے بڑی کوشش کی جاتی تھیں اور ایک بات بھی نہیں ہوتی تھی، وہ اب آپ ہی آپ ہو رہی ہیں، اور جن باتوں کو بند کرنے کے لئے پہلے بڑی بڑی لڑائیاں جاتی تھیں اور بڑا زور لگایا جاتا تھا اور ایک بات بھی نہیں بند ہوتی تھی، وہ اب بے کہے سنے خود بخود بند ہوئی جا رہی ہیں"۔

مولانا کے نزدیک اس اصلاح وتغیر کا سب سے بڑا سبب اہل میوات کا باہر نکلنا اور خصوصا یوپی کے دینی مرکزوں میں جانا تھا۔ ایک میواتی کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

"جماعتوں کے یو۔پی کے خطے میں نکلنے کی کچھ ایسی تاثیرات ہیں کہ باوجود (افراد کی) صرف تھوڑی سی مقدار کے نکلنے کے جو دو سو کو بھی نہیں پہنچی اور (وقت کی) تھوڑی سی مقدار کے جو اپنے گھروں کے مقابلہ میں کچھ بھی شمار ہونے کی حیثیت نہیں رکھتی اتنے قلیل زمانہ کا اتنا اثر ہوا کہ انقلاب عظیم کا لفظ زبانوں پر آنے لگا اور تمہارے ملک کی ٹھوس اور کامل جہالت والے لوگوں کے ناپاک جذبات، دین پھیلانے کے مبارک جذبات سے بدلنے لگے [1]۔

لیکن مولانا کے نزدیک اگر باہر نکلنے کو قوم جزو زندگی نہ بنائے گی اور دین کے لئے جدوجہد کرنا چھوڑ دے گی تو قوم پہلے سے زیادہ گر جائے گی۔ اب مذہبی بیداری کی وجہ سے دنیا کی نگاہیں میوات کی طرف ہیں۔ ان ہزاروں نگاہوں کے ساتھ ہزاروں فتنے ہیں۔ جہالت و مجہولیت (گمنامی) کا حصار ٹوٹ چکا ہے، اب زیادہ چوکنا اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے، ایک گرامی نامہ میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"جب تک تبلیغ کے لئے چار چار مہینے ملک وملک پھرنے کو اپنی قوم میں جزو زندگی بنانے کی کوشش کے لئے پورے اہتمام کے ساتھ آپ کھڑے نہیں ہوں گے اس وقت تک قومیت صحیح دینداری کا مزہ نہیں چکھے گی اور حقیقی ایمان کا ذائقہ کبھی نصیب نہیں ہوگا۔ اب تک جو مقدار ہے ایک عارضی ہے، اگر کوشش چھوڑ دو گے تو قوم اس سے زیادہ گرے گی۔ اب تک جہالت اس کی حفاظت کر رہی تھی اور شدت جہالت کی

1 (مکتوب بنام محمد عیسیٰ (فیروزپور نمک-12)

وجہ سے دوسری قومیں ان کو ہستی میں شمار نہ کرنے کی وجہ سے توجہ نہیں کرتی تھیں اب تاوقتیکہ دین کی قلعہ بندی سے اپنی حفاظت نہیں کریں گی دوسری قوموں کا شکار ہوجاویں گے"۔

## دہلی کے مبلغین:

دہلی اور دوسرے مقامات پر تبلیغ کرنے کے لئے کچھ عرصے سے پانچ تنخواہ دار مبلغین رکھے ہوئے تھے جو قریب قریب تبلیغ کے مروجہ عام طریقوں پر کام کرتے تھے، انہوں نے تقریباً ڈھائی سال کام کیا، لیکن ان سے مولانا کا مقصود حاصل نہیں ہوتا تھا اور مولانا اس سست اور بے روح کام سے بہت اکتا گئے تھے، ان لوگوں کے کام سے وہ دینی واصلاحی نتائج حاصل نہیں ہورہے تھے اور وہ حرکت و زندگی نہیں پیدا ہو رہی تھی جو میوات کے رضا کار اور طالب اجر اور ایثار پیشہ مبلغین سے پیدا ہوگئی تھی۔ مولانا اس طریقہ کار سے بالکل غیر مطمئن ہوگئے تھے اور اس کو ختم کردینا چاہتے تھے۔

## آخری حج اور حرمین میں دعوت:

مولانا کو اس کی بڑی آرزو تھی جو آخر وقت تک قائم رہی کہ اگر ہندوستان کا کام کچھ جم جائے تو آپ اپنے چند مخصوص رفقاء کے ساتھ اسلام کے مرکز میں جا کر اس کام کی دعوت دیں اور وہاں اس کو شروع کریں کہ یہ وہیں کی سوغات ہیں اور وہاں کے رہنے والے اس کے سب سے زیادہ مستحق ہیں بضاعتنا ردّت الینا کہہ کر اس کا استقبال کریں اور پھر ان کے ذریعہ سے یہ دولت عالم اسلام میں گھر گھر بٹے۔ 56ھ میں آپ کے دل میں بڑی شدت سے اس کا داعیہ پیدا ہوا اور آپ 18 ذیعقدہ کو حج کے لئے روانہ ہوگئے [1]۔

---

1 (آپ کے رفقاء سفر میں مولانا احتشام الحسن صاحب، صاحبزادہ مولوی محمد یوسف، مولوی انعام الحسن صاحب، مولوی نور محمد صاحب، حاجی عبدالرحمٰن صاحب، مولوی محمد ادریس صاحب، مولوی جمیل صاحب اور دوسرے ہمراہیوں میں متوفی طفیل احمد صاحب، مولوی ظہیر الحسن صاحب تھے۔ نظام الدین اور میوات کا تبلیغی کام اور مکاتب مولوی سید رضا حسن صاحب کے اور دہلی کا کام حافظ مولوی مقبول حسن صاحب کے سپرد تھا۔ کام کی نگرانی اور مختلف معاملات و مسائل کی سربراہی شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے ذمے تھی۔ جملہ مدات کی تنخواہیں دینا، جلسوں میں جانا، ترقیاں، نئے مدارس کا قیام اور مشورہ امور شیخ حاجی رشید احمد کی رائے سے طے پاتے تھے۔

جہاز میں تبلیغ اور مناسک حج کا بہت کافی چرچا رہا۔ جدہ سے مکہ مکرمہ جاتے ہوئے بحرہ کے قیام میں وہاں کے روساء کو جمع کر کے مولانا نے تقریر فرمائی اور ان سب نے تحسین کی۔ ایام حج چونکہ قریب تھے، اور رہائش وغیرہ کا سامان بھی کرنا تھا اس لئے مکہ معظمہ میں تبلیغ سے متعلق کسی سے کچھ تذکرہ کرنے کی نوبت نہیں آئی، البتہ منیٰ کے قیام میں مختلف اطراف کے حجاج سے گفتگو ہوئی۔ مولانا نے ایک اجتماع میں تقریر فرمائی جس کا اچھا اثر ہوا[1]۔ حج سے فراغت کے بعد بعض ہندی اہل الرائے اصحاب سے مشورہ ہوا، انہوں نے حجاز کے حالات ومصالح کے پیش نظر تبلیغ کے ارادہ کی سخت مخالفت کی، پھر مولانا شفیع الدین صاحب [2] سے تذکرہ آیا، حضرت موصوف نے بڑے زور سے تائید کی اور فرمایا کہ: مجھے غیبی امداد اور اعانت کی قوی اُمید ہے۔ ایک جمعہ کہ محمد سعید باسلامیہ مکی کے یہاں دعوت تھی۔ کھانے کے بعد مولانا نے کچھ تقریر فرمائی جس کے بعض فقروں پر وہ برافروختہ ہوگئے۔ بہ مشکل ان کو سنبھالا گیا اور پھر انہوں نے بہت سے مفید مشورے دیئے۔

بحرین کی ایک جماعت حجاج سے گفتگو ہوئی اور کافی دیر تک تبادلہ خیالات ہوتا رہا۔ انہوں نے عہد کیا کہ ہم ضرور اس کام کو جا کر شروع کریں گے، ان میں دو شخص ذی علم تھے۔ سب کے بشرے سے معلوم ہو رہا تھا کہ وہ بات کی قدر کر رہے ہیں اور بہت زیادہ اس کام کے لئے آمادہ ہیں۔ حجاز کے بعض سربرآوردہ ہندوستانی تجار سے گفتگو ہوئی، پہلے وہ مولانا کی تقریر سے کچھ چونکے مگر وہ دوبارہ بات چیت کرنے پر بہت حد تک آمادہ ہوگئے۔ ان کی اور سب کی رائے ہوئی کہ پہلے سلطان سے اجازت لی جائے، چنانچہ قرار پایا کہ پہلے اغراض ومقاصد کو عربی میں قلمبند کیا جائے، پھر سلطان کے سامنے پیش کیا جائے۔ مولانا احتشام الحسن، عبداللہ بن حسن شیخ الاسلام اور شیخ بن بلہید سے اپنے طور پر ملے۔ (مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب مورخہ ۲۷ فروری ۳۸ء)

دو ہفتہ کے بعد (14 مارچ 38ء) کو مولانا حاجی عبداللہ دہلوی، عبدالرحمٰن، مظہر شیخ المطوفین اور مولوی احتشام الحسن صاحب کی معیت میں سلطان کی ملاقات کے لئے تشریف لے گئے۔ جلالۃ الملک نے بہت اعزاز کے ساتھ مسند سے اتر کر استقبال کیا اور اپنے قریب ہی معزز ہندی

---

1 (مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب بنام شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب

2 مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب مورخہ 27 فروری 38ء 12

مسلمانوں کو بٹھایا۔ ان حضرات نے تبلیغ کا معروضہ پیش کیا جس پر سلطان نے تقریباً 40 منٹ تک توحید و کتاب و سنت اور اتباع شریعت پر مبسوط تقریر کی، اس کے بعد بہت اعزاز کے ساتھ مسند سے اتر کر رخصت کیا۔ اگلے روز سلطان نے نجد کا قصد کیا اور ریاض کے لئے [1] روانہ ہو گئے۔

مولوی احتشام الحسن صاحب نے مقاصد تبلیغ کو اختصار کے ساتھ نوٹ کر کے شیخ الاسلام رئیس القضادہ عبداللہ بن حسن کے یہاں پیش کیا۔ مولانا اور مولوی احتشام صاحب ان کے یہاں خود بھی گئے۔ انہوں نے بہت اعزاز و اکرام کیا اور ہر بات کی خوب تائید کی، اور زبانی ہمدردی و اعانت کا وعدہ کیا، لیکن اجازت کو نائب عام امیر فیصل کے مشورے پر محول کیا[2]۔

مکہ معظمہ کے دوران قیام میں صبح و شام دونوں وقت جماعت تبلیغ کے لئے جاتی تھی اور حسب استطاعت انفرادی طور پر لوگوں کو تبلیغی باتوں پر آمادہ کرتی تھی۔ چند جلسے بھی ہوئے جن میں مولوی ادریس اور مولوی نور محمد صاحبان نے اُردو میں تقریر کی۔ سننے والے مانوس اور قدردان ہونے لگے [3]۔

رفقاء حج کو مولانا کی تاکید تھی کہ عمرہ اور دوسری عبادات سے زیادہ تبلیغ کا اہتمام کریں۔ کہ اس زمانہ اور اس مقام مقدس میں بالخصوص، اس سے افضل کوئی عبادت اور عمل نہیں 4۔

خواص و علماء کے ایک اجتماع میں آپ نے یہ سوال پیش کیا کہ مسلمانوں کے تنزل کا سبب کیا ہے؟ حاضرین نے اپنے اپنے طرز کے مطابق اس کا جواب دیا۔ آخر میں آپ نے خود اظہار خیال فرمایا اور دعوت پیش کی جس سے لوگوں نے اتفاق کیا اور متاثر ہوئے۔

## ایک عارف کی توثیق:

صاحبزادہ مولوی محمد یوسف صاحب بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگ اپنی قیام گاہ پر جو باب العمرہ کے برابر والے مکان میں تھی، ........... بیٹھے ہوئے تھے، حضرتؒ کچھ فرما رہے تھے اور ہم سب سن رہے تھے کہ ایک شخص دروازہ کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے اور خطاب کر کے کہا کہ: جو کام تم کر رہے ہو اس میں مشغول رہو۔ اس کا اجر و انعام اتنا بڑا ہے کہ اگر تمہیں بتلا دیا جائے تو

---

3،2،1 (مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب بنام شیخ الحدیث-12)

4 مکتوب مولوی انعام الحسن صاحب بنام شیخ الحدیث 12

برداشت نہ کر سکو شادی مرگ ہو جائے۔ یہ کہہ کر وہ وہاں سے چلے گئے اور ہمیں کچھ نہ معلوم ہوا کہ وہ کون بزرگ تھے۔ مولانا بدستور اپنی گفتگو میں مشغول رہے اور ادھر التفات بھی نہ کیا۔

25 صفر 57ھ کو مکہ معظمہ سے موٹر پر روانہ ہو کر 27 کی صبح کو مدینہ منورہ پہنچے اور وہاں بھی تبلیغی سعی شروع ہوئی۔ معلوم ہوا کہ امیر مدینہ کو اجازت دینے کا کوئی اختیار نہیں، وہ کاغذات مکہ مکرمہ بھیج دیں گے وہاں سے جیسا حکم آئے گا تعمیل کی جائے گی۔ مولانا مولوی سید محمود صاحب اور مولوی احتشام الحسن صاحب کی معیت میں امیر مدینہ سے ملے اور ان سے اپنے مقصد کا بھی اظہار کیا جس کو انہوں نے پسند فرمایا اور زبانی کافی تحسین کی۔

انفرادی طور پر مختلف قسم کے لوگوں سے گفتگو اور مذاکرے رہے، اس مقصد کو لے کر دو مرتبہ قبا بھی جانا ہوا۔ وہاں ایک اجتماع میں مولانا نے تقریر بھی فرمائی، چند آدمی آمادہ بھی ہوئے۔

دو مرتبہ اسی مقصد کے لئے احد بھی جانا ہوا۔ ایک اجتماع میں مولوی نور محمد اور دوسرے مولوی یوسف صاحب نے عربی میں اظہار خیال بھی کیا اور لوگوں نے ترحیب و تحسین کی [1]۔

بدوؤں سے بات چیت ہوتی تھی، بچوں کے کلمات بھی سنے جاتے تھے اور رباط میں بھی جانا ہوتا تھا [2]۔ کام کی طرف سے کبھی امید پیدا ہوتی، کبھی ناامیدی، لیکن اس سفر سے اس قدر اندازہ ہو گیا کہ ہندوستان کے مقابلہ میں عرب میں تبلیغ کی زیادہ ضرورت ہے [3]۔

### ہندوستان کو واپسی:

آپ قیام حجاز کے دوران میوات اور دہلی کے کام اور کام کی رفتار سے بے خبر اور بے تعلق نہیں رہے۔ ہندوستان سے برابر خطوط جاتے تھے جن سے کام کی رفتار اور تفصیلات معلوم ہوتی رہتی تھیں۔ آپ ان خطوط کے برابر جواب دیتے تھے جن میں کام کے متعلق ہدایت و ترغیب ہوتی تھی۔

مدینہ منورہ کے پندرہ روزہ قیام کے بعد اہل الرائے کے مشورہ سے آپ نے ہندوستان کی واپسی کا قصد فرمالیا۔ یہاں پہنچ کر آپ نے مکہ مکرمہ کے ایک صاحب کو ان کے استفسار پر ایک خط لکھا تھا جس سے آپ کی کچھ تفصیل معلوم ہو گی۔

---

1 اور 2 (مکتوب مولوی محمد یوسف صاحب بنام شیخ الحدیث۔ 12 ربیع الاول 57ھ)۔12)

3 (مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب بنام شیخ الحدیث۔12)۔

محترم بندہ دام مجدکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آنے کا باعث یہ ہوا کہ مدینہ منورہ میں پندرہ روز قیام کے بعد میں نے صبح کو چائے پیتے ہوئے کام کو بڑے زور استقلال اور محکم بنیاد کے ساتھ شروع کرنے کے بعض طریقوں کی طرف توجہ دلائی تو ہمارے جملہ اہل الرائے نے استحکام کے ساتھ کام جاری ہونے کے لئے کم از کم دو سال کے قیام کو ضروری بتایا جو صحیح تھا۔ میری رائے نے اتفاق کیا، لیکن اتنے قیام سے ہندوستان میں جو کام تھا اس کے ضائع ہونے کا قوی خطرہ تھا، اس لئے یہاں کام کو انداز پر ڈالنے کی نیت ہے کہ جس میں وہاں استقلال سے کام کر سکوں۔ عارضی قیام کی نیت سے واپس ہوا ہوں۔ آپ صاحبوں کو دین محمدی کی اگر حفاظت وبقا کا صحیح درد ہے، اور آپ کے مشاغل سے دین محمدی زیادہ کام کرنے کی چیز اور کارآمد ہے، اور میرا یہ طریقہ آپ کے نزدیک ٹھیک بھی ہے تو میرے اصول کو براہ راست خود سمجھتے ہوئے اور وہاں کی جماعت کے لوگوں کو براہ راست خود اصول کے سمجھنے کی ترغیب دیتے ہوئے اس کام میں اپنی جانبازی و جاں نثاری کے ذریعہ اپنے ایمان کو مضبوط فرمائیں۔ فقط والسلام

از بندہ محمد الیاس

نظام الدین۔ دہلی

باب پنجم

# میوات میں کام کا استحکام اور میوات کے

# باہر شہروں میں دعوت و تبلیغ

ہندوستان واپس آ کر آپ نے میوات میں اپنی تبلیغی سرگرمی بڑھادی، بکثرت دورے اور جلسے اور گشت ہوئے، دوبارہ جماعتوں کی آمد شروع ہوئی اور میواتی جماعتیں یوپی کے شہروں اور قصبات میں پھرنے لگیں، شہری مسلمانوں کی طرف بھی دعوت کا رُخ ہوا، اور میوات کی طرح دہلی میں بھی خالص تحریص و ترغیب کا سلسلہ شروع ہوا، محلوں میں جماعتیں بنیں، اور ہفتہ وار گشت کی ابتداء ہوئی۔

## مولانا کے قلبی تاثرات اور دعوت کا محرک:

شہروں کی حالت دیکھ کر مولانا کی حساس اور ذکی طبیعت پر چند تاثرات غالب تھے جن کی وجہ سے دل میں ایک درد اور بے کلی سی رہتی تھی۔

1- شہر میں دینداری ضرور موجود تھی، مگر وہ برابر سمٹتی اور سکڑتی چلی جارہی تھی، پہلے دینداری جمہور سے نکل کر مسلمانوں کی ایک معتدبہ تعداد میں محدود ہوگئی، اس کے بعد دین کا دائرہ اور تنگ ہوا اور دین عوام سے نکل کر صرف خواص کے دائرے میں رہ گیا۔ دیکھتے دیکھتے خواص سے اخص الخواص میں سمٹ کر آگیا، اب دینداری افراد میں رہ گئی تھی اور ان افراد میں بھی برابر کمی آتی چلی جارہی تھی۔ اس میں شبہ نہیں کہ کہیں کہیں دینداری کی بہت بڑی مقدار بھی ایک جگہ جمع ہوگئی تھی اور بعض اوقات اس کو دیکھ کر آدمی کا دل باغ باغ ہوتا کہ الحمدللہ اس زمانے میں بھی دینداری کے ایسے بلند نمونے موجود ہیں مگر دین کا پھیلاؤ جاتا رہا تھا اور سرعت کے ساتھ انحطاط کی طرف جارہا تھا، اس سے یہ خطرہ تھا کہ ان افراد کے اُٹھ جانے سے دینداری ہی دنیا سے نہ اُٹھ جائے اور سمٹتے سمٹتے مسلمانوں کے صفحۂ زندگی میں دینداری صرف ایک نقطہ بن کر نہ رہ جائے۔

مولانا کی آنکھوں کے سامنے دینداری میں سخت انحطاط اور تنزل ہو گیا تھا، جو خاندان اور قصبات رشد وہدایت کے مرکز تھے اور جہاں صدیوں سے علم وارشاد کی شمع روشن چلی آرہی تھی اور دیئے سے دیا جلتا چلا آرہا تھا، وہ بے نور ہوتے چلے جارہے تھے، جو اُٹھتا تھا اپنی جگہ خالی چھوڑ جاتا تھا، اور پھر وہ جگہ تاریک ہو جاتی تھی۔ ضلع مظفر نگر و سہارنپور دہلی کے مردم خیز قصبات کے دینی انحطاط سے مولانا ذاتی واقفیت رکھتے تھے اور اس کا ان کو بڑا قلق رہتا تھا۔ مولانا نے ایک تعزیت نامہ میں یہ الفاظ لکھے تھے۔

''افسوس کہ حق جل وعلا کے نام کے ساتھ ذائقہ لینے والے دنیا میں تو پیدا ہوتے نہیں، اور جو صحبتوں کی برکتوں سے کچھ ہو چکے ہیں وہ اُٹھتے چلے جاتے ہیں اور کچھ بدل نہیں چھوڑتے''۔

مولانا اس نقصان کی تلافی اس طرح کرنا چاہتے تھے کہ دین عام طور پر مسلمانوں میں پھیلے اور دینداری عام ہو، پھر ان میں خواص اہل دین پیدا ہوں، یہی پہلے بھی ہوا ہے اور اسی طرح آپ بھی ہو تو کام چلے۔

علم دین کا حال دینداری سے بھی بدتر تھا۔ وہ تو بہت پہلے خاص الخاص لوگوں اور گھرانوں سے مخصوص ہو کر رہ گیا۔ عام مسلمان دین سے بالکل بے بہرہ ہوتے چلے جارہے ہیں۔ مولانا کا رجحان اس بارے میں یہی تھا کہ علم دین مسلمانوں میں پھیل جائے اور کوئی مسلمان ایسے ضروری علم دین سے جس کے بغیر بحیثیت مسلمان کے زندگی گزارنا مشکل ہے، بے بہرہ نہ رہے پھر ان میں خواص اہل علم، ماہر فن اور صاحب فضیلت پیدا ہوں۔

2- دین کو شہری مشغول مسلمانوں نے نہایت مشکل سمجھ لیا ہے، اور اس کو ہوا بنا رکھا ہے، ان کے نزدیک دین نام سے ترک دنیا کا، اور چونکہ ترک دینا مشکل ہے، اس لئے دین بھی ناممکن العمل ہوا اور وہ اس بنا پر دین کی طرف سے مایوس ہو کر دنیا میں ہمہ تن منہمک ہو گئے اور غضب یہ ہوا کہ اس زندگی دنیاوی اور اسلامی زندگی سمجھتے ہوئے اس پر راضی اور مطمئن ہو گئے۔ ان کی زندگی کی نسبت اور رشتہ خدا سے کٹ کر نفس سے جڑ گیا، اور ان کی دنیاوی زندگی کی حقیقت وہ ہو گئی جس کو حدیث میں خدا سے بے تعلق ہونے کی وجہ سے خدا کی رحمت سے دور کہا گیا ہے۔

" الدنیا معلونة و ملعون مافیها الا ذکر الله و ما الاه او عالم او متعلم "

(خالص دنیا اور خالص دنیا کی چیزیں (جو اللہ سے علاقہ نہ رکھتی ہوں) اللہ کی رحمت سے دور ہیں، صرف اللہ کا ذکر (وسیع معنی میں) اس کے متعلقات اور علم و تعلم کا سلسلہ اس سے مستثنیٰ ہے (کیونکہ اس کی نسبت اللہ سے ہے)

نوبت یہاں تک پہنچی کہ اگر دین کی طرف توجہ بھی دلائی جاتی ہے تو بعض مسلمان بے تکلف کہہ دیتے ہیں کہ ہم تو دنیادار لوگ ہیں اور بعض تو یہاں تک تواضع اور صاف گوئی سے کام لیتے ہیں کہ کہہ دیتے ہیں:

''صاحب ہم تو پیٹ کے بندے اور دنیا کے کتے ہیں''۔

مولانا کے نزدیک حقیقت اس کے بالکل خلاف تھی۔ اپنے دنیاوی مشاغل اور تعلقات کو شریعت کے احکام کے ماتحت اور دین کے سائے میں گزارنا دین ہے اور یہ ایسی چیز ہے جو ہر مسلمان اپنی دنیاوی مشغولیت اور تعلقات کے ساتھ کر سکتا ہے، لیکن اس کیلئے تھوڑی سی توجہ اور معمولی سے علم دین کی ضرورت ہے، مولانا کے نزدیک اس حقیقت کی تبلیغ کی بڑی ضرورت تھی، اس کے نہ معلوم ہونے اور اس کی طرف توجہ نہ ہونے ہی سے مسلمانوں کا سواد اعظم دین کی دولت سے محروم ہوا جا رہا ہے اور دنیا پرستی اور نفس پروری پر قانع ہوتا چلا جا رہا ہے۔

مولانا ایک مکتوب میں فرماتے ہیں:

''دنیا کا مفہوم نگاہ میں بہت غلط ہے، معیشت دنیا کے اسباب میں مشغول ہونے کا نام دنیا ہرگز نہیں ہے دنیا پر لعنت ہے اور لعنت کی چیز کا خدائے پاک کی طرف سے حکم نہیں ہو سکتا، لہذا جس چیز کا حکم ہے اس کا حکم سمجھ کر اس کے اندر سرگرمی کرنا یعنی حکم کو تحقیق کرنا اور حکم کی عظمت کے ماتحت اس کے حلال و حرام کا دھیان کرنا اسی کا نام دین ہے اور حکم سے قطع نظر کر کے خود اپنی ضرورتوں کو محسوس کرنا اور حکم کے علاوہ کوئی اور وجہ اس کے ضروری ہونے کی قرار دینا اس کا نام دنیا ہے [1]''۔

مولانا دین کی مثال اس لعاب دہن سے دیا کرتے تھے جس کی تھوڑی سی مقدار کی شمولیت کے بغیر نہ کسی چیز میں ذائقہ پیدا ہوتا ہے اور نہ وہ چیز ہضم ہوتی ہے۔ یہ مقدار ہر انسان کے پاس

---

1 (بنام میاں محمد عیسیٰ فیروز پور نمک)

موجود ہے۔ اسی طرح دین کی یہ ضروری مقدار ہر مسلمان کے پاس موجود ہے صرف اس کو اپنے دنیاوی مشاغل اور تعلقات میں شامل کرنے کی ضرورت ہے جس سے اس کی ساری دنیا دین بن جائے۔

3- عرصہ دراز سے علم دین کے متعلق یہ خیال قائم کیا گیا ہے کہ وہ صرف کتابوں اور نصاب اور خاص اساتذہ کے ذریعہ عربی مدارس میں کئی برس کی سخت محنت سے حاصل ہوسکتا ہے اور چونکہ ہر شخص مدرسہ کا طالب علم نہیں بن سکتا، اس لئے عام مسلمانوں نے یہ فیصلہ کرلیا کہ علم دین ان کی قسمت میں نہیں اور طے کرلیا کہ ان کی زندگی جہالت ہی میں گزرے گی۔

یہ صحیح ہے کہ علم دین عربی مدرسوں میں حاصل ہوتا ہے مگر یہ دین کا تکمیلی علم اور درجہ فضیلت ہے، لیکن ہر مسلمان کے لئے یہ علم اور یہ درجہ نہ ضروری ہے نہ ممکن ہے۔ دین کا ضروری علم ہر مسلمان اپنے کاروبار دیناوی علائق ومشاغل کے ساتھ حاصل کرسکتا ہے۔ صحابہ کرامؓ (اصحابہ صفہؓ کی محدود اور ایک مختصر جماعت کے سوا) سب اپنے اپنے مشاغل اور تعلقات زن وفرزند رکھتے تھے۔ وہ تاجر بھی تھے اور کاشتکار بھی تھے اور اہل حرفہ بھی۔ ان کے ساتھ بھی گھر کا بار اور زندگی کا جنجال تھا۔ مدینہ منورہ میں علوم دینیہ کا کوئی مدرسہ بھی نہ تھا، اگر ہوتا بھی تو وہ اس کے باقاعدہ طالب علم نہیں بن سکتے تھے اور اپنے آٹھ دس برس صرف اس کی طالب علمی میں صرف نہیں کرسکتے تھے، مگر سب جانتے ہیں کہ وہ ضروری علم دین رکھتے تھے اور دین کی ضرورت ومسائل واحکام اور فضائل کے علم سے بے بہرہ نہیں تھے، یہ علم ان کے پاس کہاں سے آیا؟ محض رسولﷺ کی مجلس میں شرکت وحضوری، زیادہ جاننے والوں کے پاس بیٹھے اور اہل دین کی صحبت واختلاط اور ان کے حرکات وسکنات کو بغور دیکھنے، سفروں اور جہاد میں رفاقت اور بروقت اور برموقع احکام معلوم کرنے اور دینی ماحول میں رہنے سے۔ اس میں شبہ نہیں کہ اس درجہ اور معیار کی بات آج حاصل نہیں ہوسکتی، لیکن اس سے انکار بھی نہیں کیا جاسکتا کہ اس کی کچھ نہ کچھ صورت انہیں راستوں سے آج بھی پیدا کی جاسکتی ہے۔

مولانا کے نزدیک اس کی تدبیر یہ تھی کہ مشغول اور کاروباری مسلمان کو اور عام اہل شہر کو دین کا ضروری علم حاصل کرنے کے لئے اپنے اوقات کا کچھ حصہ فارغ کرنے کی دعوت دی جائے اور دین کے لئے مال کی طرح وقت کی زکوۃ نکالنے پر آمادہ کیا جائے۔ ان کو اس ماحول سے نکلنے کی

دعوت دی جائے جس کے متعلق ان کا عمر بھر کا تجربہ ہے کہ وہ اس میں رہتے ہوئے اپنی زندگی میں کوئی محسوس تبدیلی پیدا نہ کر سکے اور دین کے ابتدائی اور ضروری مسائل (ان کی ضرورت کا اقرار اور بعض اوقات عزم رکھنے کے باوجود) حاصل نہیں کر سکے۔ جہالت و ناواقفیت کے اس مقام پر جو شخص 25,20 برس پہلے تھا آج بھی ٹھیک اسی مقام پر ہے۔ جس کی نماز غلط تھی اس کی نماز 15 برس سے غلط ہی چلی آرہی تھی۔ جس کو دُعائے قنوت یا نماز جنازہ کی دعا یاد نہیں تھی اس کو سینکڑوں وعظ سننے اور برسوں علماء کے پڑوس میں رہنے کے باوجود اور ہزاروں کتابوں کے بازار میں بکنے کے باوجود ابھی تک وہ یاد نہیں ہے، اس سے ثابت ہوگیا کہ اس ماحول میں اس کے لئے تبدیلی اور ترقی کا صرف عقلی امکان اگرچہ ہے، لیکن تجربہ اس کے بالکل برخلاف ہے۔

پس اس کا ذریعہ صرف یہ ہے کہ ان کو عارضی طور پر اس غیر دینی اور جامد ماحول سے نکال کر کسی زندہ اور بیدار دینی ماحول میں رکھا جائے تا کہ وہ کچھ دنوں کے لئے اپنے قدیم ماحول کے اثرات سے آزاد ہوں، اپنے مشاغل سے فرصت پائیں، ان کی دینی عزیمت اور قوت ارادی جو ماحول کی ناموافقت اور مشاغل کی مزاحمت سے شکست کھا کر افسردہ اور کمزور ہو چکی ہے، پھر زندہ اور بیدار ہو، سویا ہوا دینی احساس اور طلب ان کے دلوں میں انگڑائی لے اور ان میں دین حاصل کرنے کا پھر حوصلہ پیدا ہو۔

4- مولانا کے نزدیک مسلمان کی زندگی اصل ساخت یہ تھی کہ وہ اسلام کی نصرت وخدمت اور اس کے عملی کاموں میں شخصاً شریک ہو یا جو لوگ ان کاموں میں مشغول ہیں ان کے لئے پشت پناہ بنے، لیکن اس کے ساتھ ہی ان کاموں میں خود عملاً شریک ہونے کا عزم اور جذبہ رکھتا ہو اور صرف کسی معذوری یا دینی مصلحت کی وجہ سے ہی وقتی طور پر اس سے علیحدہ ہو۔ شہروں کی پُرسکون اور کاروباری زندگی جس کو مولانا مہاجرانہ اور مجاہدانہ زندگی کے مقابلہ میں سکونی زندگی فرماتے تھے، اسلام کی راہ راست سے ہٹی ہوئی اور بگڑی ہوئی زندگی ہے۔

شہروں کی زندگی مدت ہائے دراز سے خالص کاروباری، کمانے اور کھانے کی زندگی رہ گئی ہے، مولانا اس طرز زندگی کو دیکھ کر کڑھتے رہتے تھے اور چاہتے تھے کہ اہل شہر بھی ''ہجرت و نصرت'' کی زندگی اختیار کریں اور شہروں میں بھی اس کا رواج ہو۔

مولانا اس تقسیم کے قائل نہ تھے کہ کچھ لوگ دین کی خدمت کریں اور کچھ لوگ اطمینان سے اپنا

کاروبار کریں اور دنیاوی ترقی میں مشغول رہیں اور کبھی کبھی اہل دین کی مالی اعانت وخدمت کردیا کریں، اور سمجھ لیں کہ تقسیم عمل کے اصول سے علماء اور اہل دین کے ذمہ دین کی خدمت ہے، اور ان کے ذمہ دنیاوی ترقی اور اہل دین کی حسب توفیق بس مالی امداد ہے۔

مولانا فرماتے تھے کہ: جس طرح زندگی کے ضروری کاموں میں تقسیم عمل نہیں، اس پر کوئی راضی نہیں کہ ایک کھالیا کرے دوسرا پی لیا کرے، اور تیسرا پہن لے، بلکہ ہر شخص ان میں سے ہر کام فرداً فرداً اپنے لئے ضروری سمجھتا ہے، اسی طرح مذہب کے فرائض کی پابندی، دین کا ضروری علم حاصل کرنا، اور فی الجملہ دین کی نصرت، اعلاء کلمۃ اللہ کی کوشش ہر شخص کے لئے کسب معاش کے ساتھ ضروری ہے۔

## دہلی میں میواتیوں کا قیام:

ان تمام وجوہ کی بناء پر مولانا شہروں کے مسلمانوں کیلئے اپنی یہ دعوت بہت ضروری سمجھتے تھے اور بہت زور کے ساتھ ان کے سامنے یہ دعوت پیش کرنا چاہتے تھے، مگر مولانا اس کے لئے محض مواعظ اور تقریر وتحریر کافی نہیں سمجھتے تھے، بلکہ عملی نمونہ اور عملی آغاز کے بعد اس کو مضر سمجھتے تھے۔ ایک گرامی نامہ میں ارشاد فرمایا:

> ”جب تک عوام کے سامنے عملی نمونہ نہ ہو، محض منبروں پر کی تقریر عمل پر پڑنے کے لئے کافی نہیں ہوسکتی۔ اگر تقریر کے بعد عمل پر پڑنے کی تجویز وتشکیل نہ ہوتو عوام کے اندر ڈھٹائی اور بے ادبی کے لفظ بولنے کی عادت پڑجائے گی“۔

چنانچہ آپ نے دہلی شہر اور دوسرے بڑے بڑے مرکزوں میں میواتیوں کی جماعتیں بھیجنی شروع کیں، اور انہوں نے دہلی میں طویل قیام کرنا شروع کیا۔ ابتداء میں ان کو دہلی میں بڑی دقتیں پیش آئیں، ان کو مسجدوں میں رات کو جگہ دینے سے انکار کردیا جاتا، کسی مسجد میں اگر ٹھہر بھی گئے تو ضروریات پوری کرنے میں بڑی تکلیف ہوتی، لوگ ان کی شکاتیں کرتے اور برا بھلا کہتے۔ وہ شہر کی تکلیفوں سے دق ہوکر اہل شہر کی بے مہری سے تنگ آکر اپنے امراء اور ذمہ داروں سے شکوہ کرتے، وہ غریب کبھی اہل محلّہ کی خوشامد کرتے کبھی میواتی بھائیوں کو سمجھا بجھا کر خاموش

کرتے، مگر یہ ایک مستقل جہاد اور آزمائش تھی جو روزانہ [1] پیش آتی تھی۔ رفتہ رفتہ یہ دقتیں دور ہوئیں۔ لوگوں کی نگاہیں اور سلوک بدل گئے اور اپنے جوش واخلاص اور قربانی کی وجہ سے میواتی محبت کی نظر سے دیکھے جانے لگے۔

## اہل علم کی طرف توجہ:

آپ نے اپنے نزدیک اس کا فیصلہ کر لیا تھا کہ جب تک اہل حق اور اہل علم اس کام کی طرف متوجہ نہ ہوں گے اور اس کی سرپرستی نہ کریں گے اس وقت تک اس اجنبی دعوت اور اس نازک اور لطیف کام کی طرف سے (جس میں بڑی دقیق رعاتیں اور نزاکتیں ملحوظ ہیں) اطمینان نہیں کیا جا سکتا آپ کو اس کی بڑی آرزو تھی کہ اہل اشخاص اس کام کی طرف توجہ کریں اور اپنی قابلیتوں اور خدادصلاحیتوں کو اس کام کے فروغ میں لگائیں جس سے اسلام کے درخت کی جڑ شاداب ہوگی، پھر اس سے اس کی تمام شاخیں اور پتیاں سرسبز ہو جائیں گی۔

اس سلسلہ میں آپ علماء سے صرف وعظ وتقریر ہی کے ذریعہ اعانت نہیں چاہتے تھے، بلکہ آپ کی خواہش اور آپ کا مطالبہ علماء عصر سے سلف اول کے طرز پر اشاعت دین کے لئے علمی جدوجہد اور دربدر پھرنے کا تھا۔ شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

''عرصہ سے میرا خیال ہے کہ جب تک علمی طبقہ کے حضرات اشاعت دین کے لئے خود جا کر عوام کے دروازوں کو نہ کھٹکھٹائیں اور عوام کی طرح یہ بھی گاؤں گاؤں اور شہر شہر اس کام کے لئے گشت نہ کریں، اس وقت تک یہ کام درجہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا کیونکہ عوام پر جو اثر اہل علم کے عمل و حرکت سے ہوگا وہ ان کی دھواں دھار تقریروں سے نہیں ہو سکتا۔ اپنے اسلاف کی زندگی سے بھی یہی نمایاں ہے جو کہ آپ حضرات اہل علم پر بخوبی روشن ہے''۔

درس وتدریس سے تعلق رکھنے والے بعض بزرگوں کو شبہ تھا کہ تبلیغ واصلاح کی اس کوشش میں

---

1 (مولانا نے کئی بار ذکر فرمایا کہ ایک روز میاں جی داؤد (جو اکثر میواتیوں اور اہل شہر کے درمیان واسطہ ہوتے دوطرفہ شکایت اور غم وغصہ سن کر اور عاجز آ کر بہت روئے۔ مولانا فرماتے تھے کہ ان کے اس رونے سے راستہ کھل گیا اور کام میں بڑی برکت ہوئی)

مدرسین اور طلبہ مدارس کا اشتغال ان کے علمی مشاغل اور علمی ترقی میں حارج ہوگا، لیکن آپ جس طرح منہاج پر علماء مدارس اور طلبہ سے یہ کام لیا چاہتے تھے، وہ درحقیقت علماء اور طلباء کے علوم کی ترقی و پختگی کا ایک مستقل انتظام تھا، ایک گرامی نامہ میں لکھتے ہیں:

"علم کے فروغ اور ترقی کے بقدر اور علم ہی کے فروغ اور ترقی کے ماتحت دین پاک فروغ اور ترقی پا سکتا ہے، میری تحریک سے علم کو ذرا بھی ٹھیس پہنچے، یہ میرے لئے خسران عظیم ہے۔ میرا مطلب تبلیغ سے علم کی طرف ترقی کرنے والوں کو ذرا بھی روکنا یا نقصان پہنچانا نہیں ہے، بلکہ اس سے بہت زیادہ ترقیات کی ضرورت ہے اور موجود جہاں تک ترقی کر رہے ہیں، یہ بہت ناکافی ہے۔

مولانا چاہتے ہیں کہ اس تبلیغی کام ہی کے ضمن میں طلبہ اپنے اساتذہ ہی کی نگرانی میں اپنے علوم کے حق ادا کرنے اور مخلوق کو ان سے فائدہ پہنچانے کی مشق کرلیں تاکہ ان کے علوم خلق اللہ کے لئے نافع ہوں۔ ایک گرامی نامہ میں لکھتے ہیں:

"کاش تعلیم ہی کے زمانہ میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی استادوں کی نگرانی میں مشق ہو جایا کرے تو علوم ہمارے نفع مند ہوں، ورنہ افسوس کہ بیکار ہو رہے ہیں، ظلمت و جہل کا کام دے رہے ہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون"۔

بہر حال اپنی اس دعوت کو اعلیٰ علمی و دینی حلقوں میں پہنچانے کے لئے آپ نے جماعتوں کا رُخ دینی مرکزوں کی طرف کیا۔

## دینی مرکزوں میں کام کے اصول:

آپ نے میواتوں کو دیوبند، سہارن پور، رائے پور اور تھانہ بھون کی طرف بھیجنا شروع کیا اور ہدایت فرمائی کہ بزرگوں کی مجلسوں میں تبلیغ کا ذکر نہ کریں، 60، 50 آدمی ماحول کے دیہاتوں میں گشت کریں اور آٹھویں روز قصبہ میں جمع ہو جائیں، پھر وہاں سے دیہات کے لئے تقسیم ہو جائیں۔ حضرات اکابر کی طرف سے اگر پوچھا جائے تو بتلا دیا جائے از خود کچھ ذکر نہ کیا جائے۔

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

"میری ایک پرانی تمنا ہے کہ خاص اصولوں کے ساتھ مشائخ طریقت کے یہاں یہ جماعتیں آداب خانقاہ کی بجا آوری کرتے ہوئے خانقاہوں میں فیض اندوز ہوں اور

جس میں باضابطہ خاص وقتوں میں حوالی کے گاؤں میں تبلیغ بھی جاری رہے، اس بارے میں ان آنے والوں سے مشاورت کر کے کوئی طرز مقرر فرما رکھیں، یہ بندہ ناچیز بھی اس ہفتہ بہت زیادہ اغلب ہے کہ چند طلباء کے ساتھ حاضر ہو۔ دیوبند اور تھانہ بھون کا بھی خیال ہے"۔

## اہل بصیرت کا اطمینان:

اس طریقے سے بعض اہل بصیرت کو کام کرنے کی طرف سے اطمینان ہونے لگا اور ان کے شکوک وشبہات جو اس کام سے متعلق تھے زائل ہوئے۔

تھانہ بھون میں اسی طرح ہوا۔ جماعتیں تھانہ بھون کے ماحول اور آس پاس کام کرتی رہیں، اطراف واکناف سے آنے والے مولانا اشرف علی صاحبؒ سے جماعتوں کی کارگزاری، ان کے طرز واصول اور ان برکات کا ذکر کرتے جو ان کے گشت وقیام سے ان مقامات میں نظر آنے لگے تھے۔ مولانا کو پہلے بڑا شبہ اس میں تھا کہ جب ان علماء کو جنہوں نے آٹھ آٹھ دس دس برس مدرسوں میں تعلیم پائی تھی تبلیغ دین میں پوری کامیابی نہیں ہوتی بلکہ صدہا اور نئے فتنے کھڑے ہو جاتے ہیں تو یہ جاہل میواتی بغیر علم وتربیت کے اتنا نازک کام کیسے کریں گے۔

مولانا کی محتاط اور دوررس طبیعت اس کی طرف سے غیر مطمئن تھی کہ کہیں اس طریقہ سے کوئی بڑا فتنہ نہ پیدا ہو، لیکن ان میواتیوں کے عملی کام اور قرب وجوار کی متواتر خبروں اور تصدیقوں سے اور پھر ان کی آمد کی برکات کو خود ملاحظہ کرنے سے آپ کو اس کا اطمینان ہوا۔ چنانچہ ایک موقع پر جب مولانا محمد الیاس صاحب نے اس طرز کے متعلق کچھ گفتگو کرنی چاہی تو مولانا نے فرمایا کہ دلائل کی ضرورت نہیں، دلائل تو کسی چیز کے ثبوت اور صداقت کے لئے پیش کئے جاتے ہیں، میرا تو اطمینان عمل سے ہو چکا ہے۔ اب کسی دلیل کی ضرورت نہیں، آپ نے تو ماشاء اللہ یاس کو آس سے بدل دیا ہے۔

مولانا کو ایک بے اطمینانی یہ تھی کہ علم کے بغیر یہ لوگ فریضہ تبلیغ کیسے انجام دے سکیں گے؟ لیکن جب مولانا ظفر احمد صاحب نے بتایا کہ یہ مبلغین ان چیزوں کے سوا جن کا ان کا حکم ہے کسی اور چیز کا ذکر نہیں کرتے اور کچھ اور نہیں چھیڑتے تو مولانا کو مزید اطمینان ہوا۔

## مولانا کا جوش ویقین اور اہل علم کی کم توجہی:

مولانا کو اپنے کام پر یقین بے حد بڑھ چکا تھا اور جوش حد سے فزوں تھا، مگر اہل علم اس کام کے شایان شان توجہ نہیں کر سکتے تھے جس کا مولانا کو بڑا قلق اور بے چینی رہا کرتی تھی۔ روز بروز یہ یقین بڑھتا ہی جاتا تھا کہ وقت کے تمام فتنوں کا علاج اور زمانے کے ہر تقاضے کا جواب اصل دین کی یہی کوشش ہے، جب کوئی نیا فتنہ پیدا ہوتا تو دل کا یہ جوش زبان اور قلم پر آجاتا۔ ایک ایسے ہی موقع پر ایک دینی مدرسے کے ایک ذمہ دار کو تحریر فرمایا:

''میں کون سی قوت سے سمجھاؤں اور کون سی زبان سے بیان کروں اور اس کے علاوہ کون سی قوت سے اپنے دماغ میں بساؤں اور متیقن اور بدیہی امر معلوم کو مجہول اور مجہول کو معلوم کیونکر بناؤں، میرے نزدیک صاف صاف ان فتنوں کے دریائے اٹک اور ان ظلمات کی جمنا کے سیل کو روکنے کی سد سکندری سوا میری والی تحریک میں قوت کے ساتھ اپنی قوت جہد کو اور اندرونی جذبات کو اور ہمت کیساتھ جملہ مساعی کو متوجہ کردینے کی کوئی صورت نہیں۔ غیب سے اس تحریک کی صورت کا نمایاں ہو جانا ہی صرف اس وبا کا علاج ہے، جیسا کہ عادت ازلیہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ، وبا کے مناسب علاج بھی پیدا فرمایا کرتے ہیں، حق تعالیٰ شانہ، کے یہاں کے پیش کئے ہوئے علاج اور نعمت کا توجہ سے استقبال نہ کرنا کچھ بہتر نہیں ہوا کرتا''۔

اسی یقین، اسی درد اور اسی خطرہ اور خوف کو ایک دوسرے گرامی نامہ میں اس طرح ظاہر فرماتے ہیں:

از بندہ حقیر فقیر ناکارہ دوجہاں محمد الیاس غفرلہ

الحمدللہ الذی بعزتہ و جلالہ تتم الصالحات اللھم لک الحمد شکراً و لک المن فضلا

السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ، میں آپ سے کن الفاظ کے ساتھ ظاہر کروں کہ میں آپ کو اس وقت کس بے کلی کے ساتھ خط لکھ رہا ہوں۔ میرے عزیز دوست بات یہ ہے کہ اس تحریک میں کھڑے ہونے سے جس قدر اللہ جل جلالہ کی رضا اور اس کے قرب اور اس کی نصرت اور اس کا فضل وکرم کھلا اور کثرت سے نظر آتا ہے، وہیں مجھے یہ ڈر پیدا ہوتا

یہ کہ اللہ کے اس قدر بڑے مہمان کا استقبال اور اکرام اور تشریف اس کے مناسب نہ ہو کر موجب حرمان و خسران و بدنصیبی نہ ہو"۔

مگر مولانا اس غم اور سوز سے اندر ہی اندر گھلتے تھے، حتی الامکان شکایت زبان پر نہیں لاتے تھے، کسی کو الزام دینا مولانا کے مسلک اور اصول کے خلاف تھا، بلکہ اگر غیر علماء میں سے کوئی ان حضرات کی سرد مہری کی شکایت کرتا تو فرماتے کہ جب تم سے اس کام کے لئے اپنے وہ مشاغل اور دل چسپیاں نہیں چھوڑی جاتیں جن کے متعلق خود تمہارا خیال ہے کہ وہ دنیاوی ہیں تو یہ حضرات اپنے وہ مشاغل اور دل چسپیاں کیسے چھوڑ دیں جن کے متعلق ان کا یقین ہے اور حق ہے کہ وہ دینی ہیں۔ تم سے اگر دوکان نہیں چھوڑی جاتی تو ان سے مسند درس کے چھوڑ دینے کی توقع کیوں کرتے ہو اور اس پر تمہیں ان سے کیوں شکایت ہے"۔

## بے التفاقی کے اسباب:

اس دعوت کی طرف پوری توجہ نہ ہو سکنے کے چند اسباب تھے۔

1- یہ زمانہ عام تحریکات کا تھا اور ذہن و دل عام طور پر ان میں مشغول تھے۔ مولانا کی خاموش اور تعمیری تحریک کی طرف توجہ کرنا اس ہنگامہ خیز زمانے میں مشکل تھا، نیز تحریکات کا عام تصور اور مسلسل تلخ تجربہ بھی اس کے متعلق کوئی بڑا حسن ظن قائم کرنے سے مانع تھا۔

2- اس کام کے متعلق لوگوں کو بہت کم معلوم تھا اور سوائے قریبی تعلق رکھنے والوں کے عام اہل علم اور خوصاً دور افتادہ لوگوں کو کچھ خبر نہ تھی۔ کام اور اس کے اثرات و نتائج کی کوئی اشاعت نہیں کی گئی تھی۔

3- لفظ تبلیغ جو اس دعوت کا عمومی اور مشہور عنوان ہے، اس تحریک کی گہرائی اور اصلیت سمجھنے سے بڑا حجاب بنتا تھا۔ لوگ اس کی ایک سطحی تبلیغی تحریک سمجھ کر توجہ نہیں کرتے تھے یا فرض کفایہ سمجھ کر اپنے ذمہ کوئی فرض نہیں سمجھتے تھے۔

4- اس دعوت و تحریک کو اہل علم کے سامنے پیش کرنے والے خود مولانا ہی تھے اور ان کا حال یہ تھا کہ نئے نئے مضامین کے ورود اور جوش بیان اور کچھ لکنت کی وجہ سے اکثر گفتگو الجھ جاتی تھی اور مفہوم واضح نہیں ہو سکتا تھا۔ بلکہ کبھی کبھی اس وجہ سے نو وارد کے ذہن

میں انتشار اور طبیعت میں توحش پیدا ہو جاتا تھا اور وہ تحریک کا مغز نہیں سمجھنے پاتا تھا۔
نیز بعض مضامین ایسے بلند ہوتے تھے جو عام درسی اور متداول کتابوں میں نہیں پائے جاتے اور غیر اصطلاحی زبان میں ادا ہوتے جس کی وجہ سے بہت سے علماء کو پہلی مجلس میں مناسبت نہ پیدا ہوتی اور زیادہ وقت صرف کرنا ان حضرات کے لئے مشکل تھا۔

5- لوگ سیدھے سادھے میواتیوں کو دیکھ کر مولانا کی نسبت کوئی بلند خیال قائم نہیں کر سکتے تھے۔ وہ مولانا کو میواتیوں کے شیخ و مرشد کی حیثیت سے جانتے تھے جنہوں نے ان سادہ لوح میواتیوں میں ایک نئی روح پیدا کر دی ہے۔

سوز دروں:

لیکن اب طبیعت کا چشمہ رواں اُبلنے اور بہنے کے لئے بیتاب تھا اور طبعی ارتقاء کے لحاظ سے اس کا وقت آ گیا تھا کہ یہ دعوت عام ہو............ہاتف غیب کی زبان پر بھی بہت دنوں سے تھا[1]۔

ایک سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند
اب مناسب ہے ترا فیض ہو عام اے ساقی

ادھر مولانا کی طبیعت پر دعوت کا غلبہ روز بروز بڑھتا جا رہا تھا۔ مضامین اور علوم کا شدت سے زبان پر ورود تھا، دعوت اور نظام کے مختلف گوشے اور پہلو نظر کے سامنے آتے جاتے تھے اور ان کے نصوص اور مآخذ کتاب و سنت، سیرت رسولؐ اور صحابہ کرامؓ کی زندگی میں مل رہے تھے۔ دوسری طرف ان علوم و معارف کو سننے کے لئے مولانا ہی کے ساختہ پرداختہ دو چار نوعمر اہل علم کے علاوہ بس سیدھے سادھے میواتی تھے جو مولانا کی علمی زبان (جس میں بکثرت تصوف کے اصطلاحات اور شرعی الفاظ ہوتے تھے) تک سے نامانوس تھے۔ اس وقت زبان حال اگر اس طرح گویا

---

1 (علامہ اقبال کے پہلے مصرعہ ''تین سو سال سے ہند کے میخانے بند میں یہ ترمیم اس لئے کی گئی ہے کہ خاکسار راقم کے نزدیک سو سال سے پہلے ہندوستان میں اسلام کا در میخانہ اس طرح کھلا تھا کہ مشکل سے کوئی تشنہ لب رہا۔ حضرتؒ سید صاحب اور شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی تحریک اصلاح وتجدید ہندوستان کی آخری عمومی تحریک تھی جو مخلص دینی بنیادوں پر اُٹھائی گئی تھی)

ہوتی تو عجب نہیں۔

من مثال لالہ صحرا ستم ۔ درمیان انجمن تنہا ستم
شمع را تنہا تپیدن سہل نیست ۔ آہ یک پروانہ من اہل سنت
انتظار غم گسارے تا کجا ۔ جستجوئے راز دارے تا کجا؟
درجہاں یا رب ندیم من کجات ۔ نخل سینا یم کلیم من کجاست

میواتی اگرچہ ان بلند اور دقیق علوم سے بھی علمی مناسبت نہیں رکھتے تھے مگر اس کام سے روحی مناسب رکھتے تھے۔ قوت عمل میں اہل علم اور اہل شہر سے بہت بڑھے ہوئے تھے۔ پندرہ بیس برس کی لگاتار جدوجہد کا حاصل اور تحریک کا سرمایہ تھے۔ مولانا اس حقیقت سے خوب واقف تھے اور آپ نے اس کا بارہا اعتراف فرمایا۔ چند میواتی احباب کو ایک خط میں اپنے دل کی بات لکھتے ہیں:

''میں اپنی قوت اور ہمت کو تم میواتیوں پر خرچ کر چکا۔ میرے پاس بجز اس کے کہ تم لوگوں کو اور قربان کردوں کوئی اور پونجی نہیں، میرا ہاتھ بٹاؤ[1]۔

''دنیاوی کاروبار میں مصروف رہنے والے بہتیرے ہیں، دین کے فروغ کے لئے گھر بار چھوڑنا، اس وقت اللہ نے میوؤں کو نصیب کیا ہے[2]۔

## سہارن پور میں تبلیغی جماعتوں کا تسلسل:

مولانا سہارنپور کے دینی اور علمی مرکز کو نظر انداز نہیں کرنا چاہتے تھے۔ زبانی دعوت اور تحریک تو برابر ہی فرمایا کرتے تھے اور مدرسہ مظاہر العلوم کے اساتذہ اور معلمین مولانا سے شخصی طور پر سب سے زیادہ واقف اور آپ سے مانوس وقریب تر بھی تھے۔ نیز میوات کے جلسوں میں شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب اور جناب مولانا حافظ عبداللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم کے علاوہ بھی مدرسہ کے اساتذہ و مدرسین برابر شرکت کرتے تھے اور مولانا کی دعوت وطلب پر ہمیشہ نظام الدین پہنچ جاتے تھے، لیکن اب مولانا نے اس مقدار کو بڑھانے کے لئے سہار نپو کی طرف تبلیغی جماعتوں کا خاص رُخ کر دیا۔

---

1 (بنام میواتی احباب مخلصین خصوصاً مولوی سلیمان)

2 (بنام میاں محمد عیسٰی فیروز پور نمک)

## سہارنپور و مظفر نگر کے اطراف میں تبلیغی دورے:

مولانا نے مدرسہ مظاہر العلوم کے اساتذہ کے ساتھ سہارنپور کے نواح بہٹ، مرزاپور، سلیم پور اور دوسرے دیہاتوں اور مواضعات میں تبلیغی دورے فرمائے اور جلسے کئے۔

13 جمادی الثانی 56 سے 20 جمادی الثانی ایک بڑی جماعت کے ساتھ کاندھلہ کے نواح کے دیہاتوں میں دورے کئے اور جماعتیں قائم کیں۔ شیخ الحدیث صاحب بھی اس سفر میں ہمراہ تھے۔ اس سفر میں مولانا پر حقوق الوطن کا بہت غلبہ تھا۔ مولانا کے نزدیک ان حقوق کی ادائیگی کی کوئی صورت اور اہل وطن کے لئے اس تبلیغ سے بہتر کوئی اور سوغات اور تحفہ نہیں تھا۔

59ھ میں قرار پایا کہ میوات کی جماعتوں کا تسلسل سہارنپور میں رہنا چاہیے اور پہلی جماعت جب جائے تو دوسری آجائے، ایک سال تک مدرسہ کے مکانات میں قیام رہا۔ محرم 60ھ سے مستقل مکان اس کے لئے کرایہ پر لیا گیا۔ مگر چند ماہ بعد وہ مکان چھوٹ گیا۔ اخیر 62ھ تک مسلسل چار سال تک یہ دور رہا۔ ان شہروں اور قصبات میں جو علم دین سے بڑی حد تک معمور ہیں ان دیہاتی ناخواندہ میواتیوں کو کبھی کبھی ناقدانہ نظر سے دیکھا جاتا اور اس پر تعجب کا اظہار کیا جاتا کہ ان بے علم میواتیوں سے جو خود تعلیم و اصلاح کے محتاج ہیں، تبلیغ و اصلاح کا کام لیا جاتا ہے۔ مولانا نے اس پر متنبہ فرمایا کہ یہ ان کا موضوع ہی نہیں ہے ایک خط میں مقصد کی وضاحت فرماتے ہوئے تحریر فرمایا:

> ''ان لوگوں (میواتیوں) کو مصلح نہ سمجھیں بلکہ اس ایک چیز کے علاوہ یعنی دین پھیلانے کے لئے گھربار چھوڑ کر باہر نکلنا اس چیز کو تو ان سے سیکھیں اور دیگر تمام اشیاء میں ان لوگوں کو اپنا محتاج سمجھیں، اپنے ذہن میں ان کو مصلح سمجھ کر پھر اعتراض کرتے ہیں''۔

## باہر سے لوگوں کی آمد:

55-59ھ میں اس تحریک دعوت کے متعلق رسائل میں بعض مختصر مضامین شائع ہوئے اور میوات دہلی کے باہر اتناذکر شروع ہوا کہ جن لوگوں کو اسی نوع کے کام کی یا مبہم طریقے پر دین کے کام کی طلب و جستجو تھی، انہوں نے سفر کیا۔ مولانا سے ملے اور میوات گئے۔ اس خوش نصیب گروہ میں دارالعلوم ندوۃ العلماء کے بعض مدرسین بھی تھے، ان کے مشاہدات و تاثرات نے کچھ اور

لوگوں کو کھینچا۔ بعض باخبر آدمیوں نے اس کو ایک ''انکشاف'' سے موسوم کیا اور اس پر حیرت کی کہ یہ کام کس طرح اتنی مدت تک گمنامی سے ہوتا رہا۔

مولانا نے اپنی عادت اور تواضع کے مطابق نئے آنے والوں کی آمد پر بڑی مسرت کا اظہار کیا اور ان کی بڑی قدردانی فرمائی۔ علمی اور درسی حلقوں کی توجہ منعطف ہونے لگی اور لوگ باہر سے آنے لگے۔ مولانا نے ان نوواردوں کا ایسا اکرام فرمایا جس پر ان کو بھی حیرت ہوئی اور کام سے لگاؤ پیدا ہونے کا سبب ہوا۔

### دہلی کے کام کی تنظیم:

دہلی کے کام کو منظم کرنے اور اس کو ترقی دینے کے لئے آپ نے حافظ مقبول حسین صاحب کو شہر دہلی کی تمام جماعتوں کا امیر اور ذمہ دار بنایا۔ حافظ صاحب کی مستعدی اور جناب حافظ فخر الدین صاحب کی توجہات سے جماعتوں میں زیادہ باقاعدگی اور انضباط پیدا ہو گیا۔

کارکنوں میں ایک دوسرے سے ربط اور کام میں روح اور سرگرمی پیدا کرنے کے لئے جمعہ کی رات نظام الدین میں قیام کرنے کے لئے اور مہینہ کا آخری چہار شنبہ تمام جماعتوں کے جامع مسجد میں جمع ہونے اپنی کارگزاری سنانے اور کام کے لئے مشورہ کرنے کے لئے تجویز کیا۔ مولانا خود بھی اس اجتماع میں بڑے اہتمام سے شریک ہوتے اور دوسرے علماء وصلحا کو بھی شریک کرنے کی کوشش کرتے۔ شب جمعہ کو نظام الدین نے آنے کی عمومی دعوت دیتے۔ جو لوگ چند بار وہاں رات گزارتے ان کو اکثر اس کام سے روحانی مناسبت پیدا ہو جاتی۔ اکثر رات کا کھانا سب لوگ اکٹھا کھاتے۔ عشاء کی نماز سے پہلے اور اس کے بعد مولانا اپنے موضوع پر گفتگو فرماتے رہتے اور تحریص وترغیب کا سلسلہ جاری رہتا۔ کبھی نہایت جوش وتاثر کے ساتھ تقریر فرماتے، کبھی اتنی محویت اور استغراق طاری ہو جاتا کہ وقت گزرنے کا احساس باقی نہ رہتا اور عشاء کی نماز بہت موخر ہو جاتی۔ ایک مرتبہ نومبر کی تاریخوں میں عشاء کی نماز میں گھڑی نے بارہ بجائے۔ صبح کی نماز کے بعد اکثر مولانا مجمع سے خطاب فرماتے، کبھی حاضرین میں سے کسی دوسرے عالم یا مقرر کو جس کی ترجمانی پر اعتماد ہوتا کچھ کہنے کے لئے حکم ہوتا۔ صبح کی نماز میں کچھ ایسے اصحاب بھی تشریف لے آتے جو رات کو نہیں تھے۔ اکثر نئی دہلی کے بعض معززین اور نو تعلیم یافتہ اور جامعہ ملیہ کے بعض اساتذہ خصوصاً ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب صبح کی نماز میں شرکت کرتے اور تقریر کے بعد واپس

ہوتے۔ اس رات کے اجتماع میں حاضرین کی تعداد روز افزوں تھی اور اس سے کارکنوں میں روح وتازگی اور نو واردوں میں کام سے اُنس ولگاؤ پیدا ہوتا جاتا تھا۔

دہلی کے سوداگروں میں دین کی رو:

دہلی کے سوداگر مولانا سے تعلق رکھتے تھے۔ معمر اور سن رسیدہ لوگ تو مولانا کے والد صاحبؒ اور بھائی صاحب مرحوم کے زمانہ سے آمد ورفت اور عقیدت ومحبت رکھتے تھے نوجوانوں نے اپنے بزرگوں سے یہ عقیدت ومحبت میراث میں پائی اور بہت سے نوجوان سوداگروں نے ازخود تعلق پیدا کیا۔ میواتیوں کے علاوہ دوسرا طبقہ جس کے دل میں مولانا کا پورا وقار اور ان کی بات کا احترام تھا اور جس کو سب سے زیادہ خدمت واطاعت کی توفیق ملی وہ دہلی کے یہ تاجر تھے جو مولانا کی خدمت میں مختلف اوقات میں اور خصوصیت کے ساتھ شب جمعہ کو حاضر ہوتے۔ اکثر رات وہیں گزارتے۔ میوات کے اہم جلسوں میں پوری پوری لاریاں کر کے اور کھانے کا سامان (کبھی کبھی دہلی سے تیار کر کے) اپنے ساتھ لے کر جاتے اور میواتی جماعتوں کے ساتھ قریب کے مقامات پر گشت کو جاتے۔

مولانا دہلی میں ان کی تقریبوں میں بڑی محنت وعنایت سے تشریف لے جاتے لیکن اپنا پیغام اور اپنی بات نہ بھولتے، ان کے چھوٹوں پر اولاد کی سی شفقت فرماتے۔ ان کی خوشی سے خوش ہوتے، ان کی فکر سے ملول ہوتے۔ لیکن ان کی تربیت واصلاح سے غافل نہ ہوتے اور ان کو دین کے اصلی کام میں لگانے کی ہر وقت فکر رکھتے، بڑوں خصوصاً اپنے والد اور بھائی صاحب کے ملنے والوں سے بڑے احترام سے ملتے، لیکن ان کے تعلقات کی قوت کی بنا پر ان کی طرف سے تبلیغ میں اگر کوتاہی یا بے توجہی ہوتی تو عتاب فرماتے اور وہ اس کو اپنی عقیدت اور محبت میں برداشت کرتے اور ان کے تعلق میں فرق نہ آتا۔

تبلیغ میں حصہ لینے سے، علماء اور دین داروں کے سفروں میں رہنے سے اور سب سے بڑھ کر مولانا کے یہاں کی آمد ورفت اور تعلق ومحبت کے اثر سے ان سوداگروں میں دینداری بہت زیادہ ترقی کرنے لگی اور ان کی زندگی ومعاشرت اور معاملات واخلاق میں محسوس تغیر ظاہر ہونے لگا۔ مولانا جزوی اور تفصیلی باتوں کو بہت کم چھیڑ کر کہتے، لیکن دین سے عمومی تعلق پیدا ہو جانے کی وجہ سے دین اور شعائر دین کی عظمت اور شریعت کا احترام ان کی نگاہوں میں پیدا ہو گیا اور دینی ماحول

اور اہل دین سے زیادہ انس وقرب پیدا ہونے لگا اور ان **تتقوا اللہ یجعل لکم فرقانا** کے مصداق وہ اپنے ہم جنسوں اور ہم چشموں سے ایسے ممتاز ہو گئے کہ پہچانے جانے لگے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو مولانا سے تعلق رکھتے ہیں اور تبلیغ میں حصہ لیتے ہیں۔

حتیٰ کہ بعض وہ تجار جو داڑھی رکھنے والے آدمی کو اپنی دکان پر ملازم رکھنا پسند نہیں کرتے تھے، انہوں نے خود داڑھیاں رکھیں۔ جو نمازی آدمی کے ملازم ہونے سے اپنی دکان کا حرج سمجھتے تھے، وعین کاروباری مشغولیت کے وقت دکان چھوڑ کر جماعت اور تبلیغی گشت میں شرکت کرنے لگے، بے سواری چلنے اور اپنا سامان اُٹھا کر بازاروں میں پھرنے میں ذلت، فرش زمین پر سونے میں تکلف، ساتھیوں کا بدن دابنے، کھانے پکانے اور غریبوں کے محلے میں دروازے دروازے پھرنے میں ان کو عار نہ رہا۔ غرض ماحول کے بدل جانے اور ذہنیت کے تبدیل ہو جانے سے کتنوں ہی کی زندگیاں بدل گئیں۔

## اہل ثروت کا رجوع اور مولانا کا اصول:

دہلی اور باہر کے تجار اور اہل خیر نے اس کام کی شہرت سن کر اور اس کے گراں قدر مصارف دیکھ کر بارہا مولانا کی خدمت میں مالی اعانت کی پیش کش اور بڑی بڑی رقمیں پیش کرنی چاہیں لیکن مولانا کا اس بارے میں ایک خاص اصول تھا، وہ مال کو جان کا فدیہ، وقت کا بدل اور آدمی کا قائم مقام کبھی نہیں سمجھتے تھے، آپ کے نزدیک روپیہ آدمی کے ہاتھ کا میل تھا اور آدمی قیمتی چیز کا بدل نہیں ہو سکتا، چنانچہ مالی امداد پیش کرنے والوں سے ہمیشہ فرماتے تھے کہ ہمیں تمہارا روپیہ نہیں چاہیے، تمہاری ضرورت ہے۔ انہی لوگوں کی مالی امداد قبول فرماتے جن کی کام میں عملی شرکت اور رفاقت ہوتی۔ آپ کے نزدیک انفاق (راہ خدا میں خرچ کرنے) کی صحیح شکل یہی تھی اور صدر اسلام میں یہی شکل رائج تھی کہ جو لوگ اللہ کے دین کے کاموں میں روپیہ خرچ کرتے تھے اور جن کے نام راہ خدا میں مال لٹانے والوں کی فہرست میں ہم خاص طور پر دیکھتے ہیں، یہ وہی لوگ تھے جو اسلام کی نصرت میں عملاً شریک تھے، بلکہ صف اول میں تھے۔

بہر حال احیاء دین کی اس جدوجہد میں جو لوگ عملی حصہ لیتے تھے اور مولانا کو ان کے اخلاص، تعلق اور محبت پر پورا اطمینان تھا ان کی اعانت کو بے تکلف قبول فرماتے اور دین کی خدمت کی سعادت میں ان کو خوشی سے شریک کرتے۔ حاجی نسیم صاحب بٹن والے (صدر بازار) اور محمد شفیع

صاحب قریشی کے حصہ میں خاص طور پر یہ دولت عثمانی آئی، مولانا کو ان سے کوئی تکلف اور اجنبیت باقی نہیں رہی تھی۔ دین کے کاموں اور ضرورتوں میں ان کے مال اور سامان کو بے تکلف استعمال کرتے، ان کے علاوہ چند اور مخلصین کے ساتھ بھی ایسا ہی معاملہ تھا۔

## میوات کے جلسے:

اکثر مہینہ میں ایک مرتبہ میوات کے کسی مقام پر اور سال میں ایک مرتبہ نوح کے مدرسہ میں جلسہ ہوتا تھا۔ دہلی کی تبلیغی جماعتیں اور نظام الدین کے مقیم حضرات، نیز مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور دارالعلوم ندوۃ العلماء اور مدرسہ فتح پوری دہلی کے بعض علماء اور مدرسین شرکت کرتے، مولانا رفقاء جماعت کے ساتھ تشریف لے جاتے راستہ بھر اپنی تحریک کی دعوت دیتے جاتے اور اس کے اصول و آداب پر پُرجوش اور پُر از حقائق تقریر فرماتے اور لاری کے مسافر یا ریل کے ہم سفر جن میں بڑی تعداد مبلغین اور ہمراہیوں کی ہوتی مستفید ہوتے، گویا یہ ایک متحرک جلسہ ہوتا تھا جو نظام الدین ہی سے شروع ہو جاتا تھا۔

اہل قصبہ مولانا کی آمد سن کر جوق در جوق اور گروہ گروہ پیشوائی کے لئے نکل آتے اور پروانہ وار مصافحہ کرتے اور بچوں، جوانوں اور بوڑھوں کا مجمع آپ کو گھیر لیتا۔ آپ ہر ایک سے بڑی محبت کے ساتھ مصافحہ کرتے۔ کسی سے معانقہ کرتے، کسی کے سر پر ہاتھ رکھتے اور انہی کے حلقہ میں گفتگو شروع فرما دیتے۔

مولانا ان جلسوں کے ایام میں غریب میواتیوں ہی کے بیچ میں رہتے۔ رات کو اکثر مسجد ہی کے حجرے میں یا صحن کے سامنے آرام فرماتے۔ سارا دن اور رات کا بڑا حصہ انہیں سے گفتگو میں گزرتا۔ میوات میں قدم رکھتے ہی مولانا کا جوش و نشاط اور طبیعت کی تازگی اور شگفتگی بہت بڑھ جاتی۔ علوم و معارف ابر نیساں کی طرح برستے اور دین کے اصول و حقائق چشمے کی طرح اُبلتے۔ میواتی سمجھتے یا نہ سمجھتے لیکن متاثر ہوتے۔ وہاں مولانا بہت کم خاموش ہوتے اور بہت کم آرام کرتے۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ میوات سے آکر بہت تھک جاتے اور اکثر آواز گلوگیر ہو جاتی اور کبھی بخار کی حالت میں واپس ہوتے۔

ان اجتماعات کے موقع پر ایسا دینی اور روحانی ماحول ہوتا اور فضا میں ایسی روحانیت اور نورانیت محسوس ہوتی کہ قلب پر اثر پڑتا اور قاسی القلب بھی رقت و تاثیر محسوس کرتا۔ ذکر سے فضاء اور اہل

ذکر سے مسجدیں معمور ہوتیں۔ مسجد میں جانے میں اگر ذراسی دیر ہو جاتی تو مسجد میں جگہ پانی محال تھی۔ سڑکوں اور راستوں پر بھی نماز کی صفیں ہوتیں۔ پچھلے پہر کا سماں خاص طور پر دیکھنے کے قابل ہوتا۔ سردیوں کے ایام میں جفاکش اور دین کے حریص میواتی صحن مسجد میں زیر آسمان یا درختوں کے نیچے اپنی سوتی چادریں اور کمبل اوڑھے پڑے رہتے، جاڑوں کی بارش میں برستے پانی، رستے شامیانے ٹپکتے ہوئے درختوں کے نیچے گھنٹوں صبر وسکون کے ساتھ علماء کا وعظ سنتے رہتے اور اپنی جگہ سے حرکت نہ کرتے۔

ان جلسوں میں تقریریں اور مواعظ بالکل ضمنی تھے۔ اصل مقصود اور اصل کوشش نئی جماعت بنانے اور ان کو باہر نکالنے کی ہوا کرتی تھی اور یہی جلسہ کی کامیابی کا معیار تھا کہ کتنی جماعتیں اپنے علاقہ سے باہر جانے اور یوپی کے گشت کے لئے آمادہ ہوئیں، اور کتنے آدمیوں نے کتنا وقت دیا۔ مولانا اسی کا مطالبہ اور تقاضا کرتے رہتے اور سارے جلسہ پر اسی حیثیت سے خود نگرانی کرتے اور خبر لیتے رہتے تھے کہ اس کا اہل جلسہ سے کتنا تقاضا کیا جارہا ہے، تجربہ کار میواتی اور نظام الدین کے مبلغین عام اجتماع کے علاوہ برادریوں کے چودھریوں میانجی صاحبان، علماء اور اہل اثر کو علیحدہ جمع کر کے اپنی اپنی برادری اور اپنے اپنے حلقہ اثر میں اس کی کوشش کراتے تھے اور ان کے ذریعے نئی جماعتیں بناتے تھے۔

مولانا کو جب تک اس کام کی طرف سے اطمینان نہ ہوتا ان کو کھانا پینا اور سونا دوبھر ہو جاتا اور اس کا اطمینان کئے بغیر اس قصبے سے جانا اور نظام الدین واپس ہونا مشکل ہوتا۔ اس کا اطمینان ہو جانے اور اس کی صورت بن جانے کے بعد واپسی کا قصد فرمادیتے اور پھر کسی کا اصرار کسی مخلص کی ضیافت یا آرام کا خیال سفر سے مانع نہ آ سکتا تھا۔

دہلی اور نظام الدین کے مبلغین اکثر جلسے سے کچھ پہلے جا کر زمین ہموار کرتے اور تبلیغی گشت کر کے جلسے اور علماء کے مواعظ سے فائدہ اُٹھانے کی استعداد اور طلب پیدا کرتے اور اکثر جلسہ کے ختم ہو جانے کے بعد جلسہ میں نئے آمادہ ہونے والوں کی آمادگی اور تاثر سے فائدہ اُٹھانے اور اس کو ٹھکانے لگانے کے لئے کچھ بعد تک قیام کرتے۔

مولانا کے قیام کے دوران میں میواتی بکثرت بیعت میں داخل ہوتے لیکن مولانا بیعت لیتے وقت ان کے سامنے اپنی تقریر فرماتے، اپنے کام کا ان سے عہد لیتے اور اسی کی ان کو تعلیم کرتے،

یہ نئے بیعت کرنے والے گویا تبلیغی اور دینی فوج کے لئے رنگروٹ تھے۔

اہل قصبہ مہمانوں کی (جو اکثر بڑی تعداد میں ہوتے) دل کھول کر ضیافت کرتے اور بڑی بلند و حوصلگی اور ہمت سے ان کو اور آنے والے میواتی مہمانوں کو جو سینکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں ہوتے، کئی کئی وقت مہمان رکھتے اور پھر بھی حسرت کرتے۔ سنا گیا کہ دل کی حسرت نہ نکلی۔ میواتیوں نے اپنی اس مہمان نوازی اور عالی حوصلگی سے قدیم عربوں کی روایات کو زندہ کردیا[1]۔

عام اہل اسلام کی عزت و توقیر اور اہل علم دین کے احترام و تعظیم کی ایسی عادت ڈالی گئی تھی اور اس کی ایسی تربیت کی گئی تھی کہ ہر میواتی ہر آنے والے شخص سے ایسا ملتا ہے جیسے کسی بزرگ و شیخ سے۔ باہر کے ہر شخص کو اپنا محسن سمجھتا، گویا اسی سے اس کو ایمان کی دولت اور دین کی یہ نعمت حاصل ہوئی ہے۔ ان دیہاتی میواتیوں کے دینی جوش، خلوص و محبت و تواضع، عبادت و ذکر کی حرص، رقت و سوز اور دینی مناظر کو دیکھ کر بہتیروں کو اپنی حالت پر سخت تاسف اور اپنی زندگی پر نفرین ہوتی اور اپنے اوپر نفاق کا شبہ ہونے لگا۔

ایک مرتبہ مولانا نے ایک صاحب سے جو ایک جلسہ سے واپس آئے تھے فرمایا کہ کہو کچھ اپنی حالت پر افسوس بھی ہوا؟ انہوں نے عرض کیا کہ جو کچھ دیکھا اس کے بعد تو اپنے کو مسلمان کہتے ہوئے شرم آنے لگی ہے۔

## نوح کا بڑا جلسہ:

10,9,8 ذیقعدہ 1360ھ مطابق 28,29,30 نومبر 1941ء کو نوح (ضلع گوڑگاؤں) میں ایک عظیم الشان جلسہ ہوا، میوات کی سرزمین نے انسانوں کا اتنا بڑا اجتماع کبھی نہیں دیکھا تھا۔ شرکاء جلسہ کی تعداد کا تحقیقی اندازہ 25 ...20 ہزار کیا جاتا تھا۔ ان شرکاء میں بڑی تعداد ان لوگوں

---

1 (نوح میں حاجی عبدالغفور صاحب مرحوم ہمیشہ مولانا اور ان کے کثیر تعداد اور رفقاء کے میزبان ہوتے تھے اور بڑی عالی حوصلگی سے ضیافت ہوتی تھی۔ بعض اوقات نوح سے باہر بھی بڑے اہتمام سے کھانا لے کر جاتے تھے۔ انہوں نے اپنا حق ضیافت کبھی نہیں چھوڑا خواہ مہمانوں کی تعداد کتنی بھی زائد ہو۔ حاجی صاحب حضرت حاجی امداد اللہ صاحب سے بیعت تھے۔ 11 رجب 60ھ کو وفات پائی۔

کی بھی تھی جو 30,30 ...... 40,40 کوس سے پیدل چل کر اپنا سامان کندھے پر لاد کر اپنا کھانا باندھ کر آئے تھے۔ خصوصی مہمانوں کی تعداد بھی جو بیرون میوات سے تشریف لائے تھے اور دونوں وقت مدرسہ معین الاسلام میں پُر تکلف کھانا کھاتے تھے، ایک ہزار کے قریب تھی۔

جلسے کے وسیع شامیانے کے نیچے مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے جمعہ کی نماز پڑھائی جامع مسجد اور قصبے کی تقریباً سب مسجدوں میں نماز ہوئی، پھر بھی ہجوم اتنا تھا کہ چھتوں اور بالا خانوں پر آدمی ہی آدمی تھے، سڑکوں پر نمازیوں کی صفیں تھیں اور آمدورفت بند ہوگئی تھی۔

نماز کے بعد جلسہ شروع ہوا۔ صبح سے شام تک اجلاس ہوتے تھے، لیکن نہ کوئی صدر جلسہ تھا نہ مجلس استقبالیہ اور صدر استقبالیہ نہ رضا کار، لیکن تمام انتظامات خوش اسلوبی سے ہو رہے تھے۔ کام کرنے والوں میں ایسی مستعدی اور فرض شناسی تھی جو وردی پوش رضا کاروں کی منظم جماعت میں نہیں دیکھی گئی، اس اجتماع میں دہلی کے عوام وخواص اور ہر طبقہ کے حضرات بکثرت شریک تھے۔ خان بہادر حاجی رشید صاحب، حاجی وجیہہ الدین صاحب، جناب محمد شفیع صاحب قریشی وغیرہ حضرات اپنی کاروں میں تشریف لے گئے جن سے مہمانوں اور علماء کی آمدورفت میں بڑی سہولت رہی۔

مفتی کفایت اللہ صاحب نے اس جلسہ کے متعلق اپنے تاثر کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: کہ میں 35 سال سے ہر قسم کے مذہبی اور سیاسی جلسوں میں شریک ہو رہا ہوں، لیکن میں نے اس شان کا ایسا بابرکت اجتماع آج تک نہیں دیکھا۔

یہ اجتماع اور انسانوں کا یہ جنگل ایک جلسہ سے زیادہ ایک زندہ خانقاہ تھی۔ دن کے سپاہی رات کے راہب بن جاتے تھے اور رات کے عبادت گزار دن کے خدمت گزار نظر آتے تھے۔ ان دونوں چیزوں کا جمع کرنا اور اس دعوت کے مقاصد میں سے تھا۔

اس جلسہ کے باضابطہ اجتماعات کے علاوہ خود مولانا اُٹھتے بیٹھتے اور ہر نماز کے بعد اپنی بات کہتے تھے۔ ہر نماز کے بعد کی خود فراموشانہ دعا بھی ایک پر جوش اور اثر آفریں تقریر سے کم نہ تھی۔

## تبلیغی جماعتیں باہر کو:

میواتیوں اور دہلی کے تجار اور مدارس کے طلبہ کی یہ جماعتیں اطراف اور یوپی پنجاب کی طرف جانے لگیں۔ خورجہ، علی گڑھ، آگرہ، بلند شہر، میرٹھ وہاں جماعتیں قائم ہوئیں اور وہاں کے بعض

لوگ نظام الدین آنے لگے۔

## کراچی کو جماعتیں:

حاجی عدالجبار صاحب، حاجی عبدالستار صاحب (ایس جے اینڈ جی فضل الٰہی کراچی) کی دعوت وخواہش پر (جن کو تھوڑے دن پہلے اس کام سے گہری دلچسپی اور مولانا سے تعلق پیدا ہو گیا تھا) ایک جماعت صفر 62ھ مطابق فروری 43ء کو اور دوسری جماعت اپریل کی ابتدا میں مولوی سید رضا حسن صاحب کی امارت میں کراچی گئی اور سندھ میں کام شروع ہوا۔ کراچی میں مختلف جماعتیں مختلف محلوں میں قائم ہوئیں۔

مولانا کو سواحل پر کام پھیلانے کی بڑی آرزو تھی اور اس میں یہ آرزو مضمر تھی کہ ان بندرگاہوں سے یہ آرزو سواحل عرب تک پہنچے اور وہاں سے اس ملک میں پھیلے۔ ان بندرگاہوں پر بکثرت عرب اور دوسرے ممالک کے لوگ آباد ہیں، اس لئے آپ ان ساحلی مقامات پر دعوت کے پھیل جانے سے اس کی توقع رکھتے تھے کہ ان ممالک کے لوگ اس کو قبول کر کے اپنے اپنے ملکوں میں لے جائیں گے۔

## لکھنؤ کا سفر:

لکھنؤ میں 59ھ (40ء کی ابتداء سے) دارالعلوم ندوۃ العلماء کے مدرسین اور طلبہ مولانا کے اصول اور آپ کی ہدایت کے مطابق لکھنؤ کے قرب وجوار اور دیہاتوں میں کچھ کام کر رہے تھے اور تعطیلات اور مختلف جلسوں اور تقریبات کے موقع پر مولانا کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے تھے۔ مولانا کی بھی اس جماعت سے بڑا تعلق پیدا ہو گیا تھا۔ یہاں کے کام کی روداد کو بڑی دلچسپی سے سنتے اور اس جماعت کے افراد پر خاص شفقت فرماتے۔

رجب 62ھ میں آپ نے لکھنؤ کے سفر کی دعوت قبول فرمائی۔ آپ کے تشریف لانے سے ایک ہفتہ پہلے دہلی کے تجار اور میواتیوں کی 30,40 آدمیوں کی ایک جماعت لکھنؤ آ گئی تا کہ مولانا کی تشریف آوری سے پہلے شہر میں کام کرے۔ جماعت کا قیام دارالعلوم ندوۃ العلماء کی عمارت میں ہوا۔

جماعت کا نظام اوقات یہ تھا کہ روزانہ عصر کی نماز کے بعد جماعت دارالعلوم سے نکلتی۔ نماز مغرب کے بعد کسی محلے میں گشت ہوتا۔ عشاء کے بعد اپنے اصول ومقاصد کی تشریح اور دو ایک

تقریروں کے بعد جماعت بنا کر قیام گاہ واپس آ جاتے اور کھانا کھاتے۔ اس میں رات کے 11,12 بج جاتے۔

صبح کی نماز کے بعد ان کی تعلیم کا (جو ان تبلیغی سفروں کا اہم جزو ہے) نظام اوقات شروع ہو جاتا۔ کچھ وقت تجوید وتصحیح مخارج کے لئے تھا، کچھ وقت ضروری فضائل ومسائل کی تعلیم کے لئے، کچھ وقت صحابہ کرامؓ کے حالات اور واقعات جہاد کے سننے کے لئے کچھ اپنے اصول بیان کرنے کی مشق اور دعوت وتبلیغ کا طریقہ سیکھنے کے لئے، پھر کھانا کھانے اور آرام کرنے کا وقت آ جاتا۔ عصر کے بعد بدستور روزانہ کا معمول شروع ہو جاتا۔

18 جولائی کو خود مولانا، جناب حافظ فخر الدین صاحب، مولانا احتشام الحسن صاحب جناب محمد شفیع صاحب قریشی اور حاجی نسیم صاحب کی معیت میں تشریف لے آئے۔ موتی محل کے پل سے پہلے سبزہ پر آپ نے نوافل پڑھے اور دیر تک بڑے درد اور خشوع وخضوع کے ساتھ دعا مانگتے رہے۔

دار العلوم میں سب سے پہلے مسجد میں داخل ہوئے جہاں جماعتیں اپنے اسباق واشغال میں الگ الگ حلقوں میں بٹی ہوئی اپنے اپنے معلم کی ماتحتی میں بیٹھی ہوئی تھیں۔ انتہائی تعلق اور اشتیاق کے باوجود کوئی شخص اپنا کام چھوڑ کر مولانا سے مصافحہ اور آپ کے استقبال کے لئے نہیں اُٹھا۔ مولانا نے سب پر نگاہ شفقت ڈالی اور امیر جماعت حافظ مقبول حسین صاحب سے مصافحہ اور کلام کیا اور اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔

مولانا سید سلیمان صاحب ندوی ایک روز پہلے ہی تشریف لائے تھے اور مولانا کے ساتھ ہی مقیم تھے۔ سید صاحب کو اس سے پہلے چند گھنٹوں کے لئے تھانہ بھون کے اسٹیشن پر اور تھانہ بھون کے کاندھلہ تک ریل میں معیت اور گفتگو کا اتفاق ہو گیا تھا اور آپ نے اگلے روز پھاٹک حبش خاں کے جلسے میں مولانا کی دعوت کی ترجمانی اور اپنے خیالات کا اظہار فرمایا تھا۔ اس موقع پر آٹھ، نو دن شب و روز ساتھ رہا۔

دوسرے روز شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، مولانا منظور صاحب نعمانی اور مدرسہ مظاہر العلوم کے بعض مدرسین حضرات اور مولانا عبد الحق صاحب مدنی تشریف لائے۔

لکھنؤ کے قیام میں تین روز چودھری نعیم اللہ صاحب کی کوٹھی پر اور دو روز شیخ اقبال علی صاحب کی قیام گاہ بھوپال ہاؤس میں عصر کے بعد نشست رہی اور حاضرین کے سامنے اس دعوت کا تعارف

اور اس کے مقاصد و اصول کی تشریح کی گئی۔

ان مجلسوں کے علاوہ صبح سے ظہر تک مہمان خانہ میں آنے والوں کے سامنے اس دعوت کے اصول و مقاصد اور دین کے حقائق کو بے تکلف بیان فرماتے رہتے تھے اور مشکل سے کوئی جلسہ اور کوئی نشست اس تذکرہ سے اور بلند علوم و معارف سے خالی رہتی۔ ظہر کے بعد دار العلوم کی مسجد میں اجتماع رہتا اور سلسلہ کلام عصر تک جاری رہتا۔

لکھنؤ کے قیام میں مولانا عبدالشکور صاحب کے یہاں بھی جانا ہوا، مولانا قطب میاں صاحب فرنگی محل ملاقات کے لئے تشریف لائے اور آپ بازدید کے لئے فرنگی محل تشریف لے گئے، تھوڑی دیر کے لئے ادارہ تعلیمات اسلام کو بھی مشرف فرمایا۔

آخری روز جمعہ کا دن خاص مصروفیات کا تھا۔ صبح طلباء کی جمعیۃ الاصلاح میں ایک مختصر تقریب میں شرکت کے بعد امیر الدولہ اسلامیہ کالج تشریف لے گئے جہاں ایک بڑا اجتماع آپ کے انتظار میں تھا۔ وہاں پہلے مولانا سید سلیمان صاحب نے ایک پُر اثر تقریر کی آپ کے بعد مولانا نے ارشاد فرمایا۔ وہاں سے فراغت پا کر ماموں بھانجے کی قبر والی مسجد میں نماز پڑھی۔ نماز کے بعد مقررین نے لوگوں کو دہلی کی تبلیغی جماعت کے ساتھ کانپور جانے کی ترغیب دی۔ مولانا مسجد کے اندر دالان میں تشریف رکھتے تھے، سفر کے لئے کوئی تیار نہیں ہوا، مولانا جلسے کی اس سرد اور افسردہ فضا کو دیکھ کر بیتاب ہو گئے اور دین کی اس دعوت پر جو مولانا کے نزدیک دین سے تعلق پیدا کرنے اور اس مشغولیت اور بعد کے زمانہ میں دین سیکھنے اور سکھانے کا واحد ذریعہ تھا لوگوں کے اس جمود پر بے چین اور بے قرار ہو گئے۔ خود دروازہ جا کر بند کر دیا اور اس پر پہرہ بٹھا دیا اور مسجد کے بیچ کے در میں کھڑے ہو کر لوگوں کو آمادہ کرنا شروع کیا۔ بعض لوگوں کو کھڑا کر کے پوچھا کہ تمہارا کیا عذر ہے، جب دنیا کے لئے تمام سفر کرتے رہتے ہو تو دین کے لئے کیوں نہیں کرتے۔ آپ اس وقت سراپا جوش و اثر تھے۔ سارا جسم، پوری روح اور سارے قویٰ اس کام کی طرف متوجہ تھے۔ حاجی ولی محمد صاحب کئی روز سے صاحب فراش تھے، بواسیر کی شکایت نے نقاہت پیدا کر دی تھی، آپ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا، ''تم کیوں نہیں جاتے؟'' انہوں نے کہا میں تو مر رہا ہوں! فرمایا مرنا ہی ہے تو کانپور جا کر مرو۔ وہ سفر پر آمادہ ہو گئے، اور اللہ تعالیٰ نے ان کا سفر بخیر و عافیت پورا کر دیا۔ ان کے علاوہ آٹھ دس آدمی اور تیار ہو گئے جن میں اکثر بہت کام کے

ثابت ہوئے اور ان کا سفر بہت مبارک رہا۔

رات کی گاڑی سے آپ شیخ الحدیث صاحب اور جناب حافظ فخر الدین صاحب اور بعض دوسرے رفقاء کی معیت میں رائے بریلی تشریف لے گئے۔ تین چار بجے رات کو قیام گاہ پر پہنچے [1]۔

باوجود رات کو جاگنے اور تھک کر چور چور ہونے کے آپ اپنے کام میں مشغول رہے۔ خاندان کے افراد کے سامنے بڑے حکیمانہ اور موثر طریقے پر اپنی دعوت پیش کی اور دین کی سادات سے مناسبت اور سادات کی دین سے مناسبت پر ایک نہایت لطیف اور موزوں گفتگو کی اور دین کے کام کو لے کر اُٹھنے، اس کو اپنا مشغلہ زندگی بنانے پر ابھارا اور فرمایا کہ دین کا کام اگر سادات نہیں کریں گے تو اس کو وہ ترقی نہیں ہوگی جو ان کے کرنے سے ہوتی اور سادات دین کو چھوڑ کر کوئی دوسرا کام کریں گے تو ان کو وہ حقیقی چین نصیب نہیں ہوسکتا جو اپنا فطری کام کرنے میں ہوتا ہے۔

دوپہر کی گاڑ سے لکھنؤ واپسی ہوئی اور اسٹیشن ہی سے کانپور روانگی ہوگئی، جہاں دو روز قیام فرما کر دہلی تشریف لے آئے۔

---

1 (شہر رائے بریلی کے باہر سئی ندی کے کنارے ایک مختصر سی بستی ہے جو حضرت سید علم اللہ نقشبندی وخلیفہ حضرت سید آدم بنوریؒ) کی آباد کی ہوئی اور ان کے نامور فرزند حضرت سید احمد شہیدؒ کا وطن ہے جو سید علم اللہؒ کی چوتھی پست میں ہیں)

# باب ششم

## مرض وفات اور زندگی کے آخری حالات

مولانا کی صحت ہمیشہ سے کمزور تھی اور اس پر محنت کی شدت اور تسلسل و مشغولیت اور بے آرامی نے اس کو اور بھی کمزور کر دیا تھا۔ آنتوں کی شکایت موروثی اور پیدائشی تھی، سفروں کی کثرت اور ان کی وجہ سے بے احتیاطی اور سونے کھانے کی بے قاعدگی نے نظام جسمانی کو متزلزل کر دیا تھا، نومبر 43ء میں آپ کو پیچش ہوئی، اور ایسی ہوئی کہ پھر نہ اچھی ہوئی۔ اس زمانے میں دہلی سے جو آتا اس سے معلوم ہوتا کہ مولانا کی شکایت بدستور ہے اور ضعف بڑھ رہا ہے، اپنے کام میں مشغولیت و انہماک بدستور تھا اور جوش و فکر مندی زائد 13 جنوری 44ء کو ایک دوست نے دہلی سے لکھا:

> ''بفضلہٖ تعالیٰ حضرت کو اب کافی افاقہ ہے مگر ضعف بہت ہے، باوجود حکماء کی تاکید کے بولنا بند نہیں کرتے، فرماتے ہیں کہ تبلیغ کے لئے بول کر مر جانا پسند کرتا ہوں بہ نسبت اس کے اس سے خاموش رہ کر صحت حاصل کروں، فرماتے ہیں کہ میری بیماری کی خاص وجہ یہی ہے کہ علماء توجہ نہیں کر رہے ہیں۔ علماء آئیں جو سمجھنے کے اہل ہیں۔ اگر اس کے لئے ان کو قرض لینا پڑے تو نہ گھبرائیں، اللہ تعالیٰ برکت دے گا، میری بیماری نعمت ہے، اسی کو سن کر لوگ آئیں مگر لوگ نہیں آتے اس کی برکتوں کا کھلا ہوا مشاہدہ کر رہا ہوں، ان کلمات کو فرماتے وقت حضرت کی وہ حالت تھی کہ میں بیان نہیں کر سکتا، خاص کر آخری جملہ''۔

21 محرم 63ھ (17 جنوری 44ء کو لکھنؤ کی ایک جماعت دہلی کے لئے روانہ ہوئی، شرکائے جماعت میں مولانا حافظ عمران خاں صاحب مہتمم دارالعلوم ندوۃ العلماء اور حکیم قاسم حسین صاحب بھی تھے، مولانا کو دیکھا بہت ضعیف ہو رہے تھے، مگر چلتے تھے اور اکثر نماز خود پڑھاتے تھے، گفتگو اور تقریر میں کوئی کمی نہیں تھی، البتہ بیٹھ جاتے تو اُٹھنے کے لئے بعض اوقات سہارا دینا پڑتا۔ مرض کافی ترقی کر چکا تھا اور خطرے کے آثار تھے۔ ان دنوں مولانا محمد یوسف صاحب کشمیری (میر

واعظ صاحب) مقیم تھے، اور مولانا پوری طاقت کے ساتھ علماء کو اس کام کی اہمیت اور عظمت سمجھانے کی طرف متوجہ تھے، اور یہی ان دنوں مولانا کی سب سے بڑی فکر اور موضوع سخن تھا۔ مولانا اس وقت اس کی بڑی ضرورت محسوس کر رہے تھے کہ اہل فہم اور اہل بصیرت ان کے قریب رہیں، صبر و سکون سے ان کی باتیں سنیں اور اس دعوت کے اصول و قواعد کو اخذ کریں، اور اس تحریک کو اپنا لیں، علماء کے نام مولانا کا بار بار پیغام تھا کہ یہ تحریک و دعوت آپ ہی کے لائق ہے اور آپ ہی اس کے لائق ہیں، اور آپ ہی کے اس کو لے کر کھڑے ہونے سے اس کو صحیح فروغ ہو گا۔ میری مثال محض اس شخص کی سی ہے جس نے کہیں آگ لگی ہوئی دیکھی تو آگ بجھانے کے لئے لوگوں کو پکارنے لگا، اس شخص کا کام لوگوں کو بچانا تھا۔ آگ بجھانے والے دوسرے ہی ہیں۔

دہلی کے تاجر اور مبلغین کو تاکید فرماتے تھے کہ علماء سے فائدہ اُٹھائیں، شہر میں جلسے کریں اور ان کے خیالات سے عوام کو مستفید اور ان کی تائید و تصدیق سے اپنی دعوت کو تقویت پہنچائیں۔ چنانچہ ان دنوں جا بجا جلسے ہوئے جن میں جناب مفتی کفایت اللہ صاحب مولانا عبدالحنان صاحب، مولانا عمران خان صاحب اور بعض دوسرے اصحاب نے تقریریں کی، جناب مفتی کفایت اللہ صاحب نے بڑے کھل کر اور بڑے جوش کے ساتھ تحریک کی تائید کی، مولانا کو اس سے بڑی مسرت ہوئی اور اعتراف و شکر کے کلمے زبان سے نکلے۔

مولانا ان جلسوں کی روداد سننے کے لئے مضطرب و بیتاب رہتے تھے اور جب تک متعدد آدمیوں سے نہیں سن لیتے تھے سوتے نہیں تھے۔ اکثر ہم لوگوں کی واپسی جلسہ سے فراغت پا کر دیر رات کو ہوتی تھی، مولانا برابر بیدار رہتے، آہٹ پاتے ہی طلب فرماتے اور جلسے کی کیفیت اور تفصیلات بڑے شوق و محویت کے ساتھ سنتے، بعض اوقات مقررین سے اپنے خیال کی ترجمانی میں کوتاہی یا تسامح سن کر زبان قال سے کچھ نہ فرماتے، مگر زبان حال سے کہتے۔

ہر کسے از ظن خود شد یار من
وز درون من نجست اسرارِ من

صبح کی چائے اور رات کے کھانے کے بعد عموماً گفتگو فرماتے جو بعض اوقات کئی کئی گھنٹے جاری رہتی جس سے ضعف بڑھ جاتا، ہم لوگ ادب سے چپ رہتے، ایک روز میر واعظ صاحب نے خوب فرمایا کہ شاید اسی موقع کے لئے ہے۔ (حتی قلنا لیتہ سکت)

ان ہی دنوں میں صاحب زادہ مولانا محمد یوسف صاحب کی امارت میں گھاٹ میکا کا ایک کامیاب تبلیغی سفر پیش آیا جس میں میوات کے ان جلسوں کی تمام خصوصیات اور مناظر دیکھنے میں آئے جو مولانا کی موجودگی میں دیکھنے میں آتے تھے۔

علماء سے ربط:

مولانا کی دعوت کا ایک اہم مقصد یہ تھا کہ امت کے مختلف حلقوں اور طبقوں میں جو بعد و بیگانگی اور غلط فہمیوں کی بناء پر ایک دوسرے سے جو وحشت و تنفر پیدا ہو گیا ہے وہ دور ہو اور ان میں پھر ربط و الفت پیدا ہوا اور وہ اسلام کے لئے تعاون اور اشتراک عمل کریں، ایک دوسرے کی تعظیم اور قدر کرنا جانیں، اور ہر ایک کے دوسرے کے محاسن سے فائدہ اُٹھانے کی توفیق ہو۔

مولانا اس سلسلہ میں (جیسا کہ آگے آئے گا) کسی ایسے طبقے اور حلقے کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہتے تھے جو دینی حیثیت سے بہت پست اور بعید ہو، اس لئے عوام اور علماء کی بیگانگی اور ایک دوسرے سے دوری اور وحشت کو کسی طرح دیکھ نہیں سکتے تھے اور اس کو امت کی بہت بڑی بد قسمتی اور اسلام کے مستقل کے لئے بہت بڑا خطرہ اور الحاد و بے دینی کا پیشہ خیمہ سمجھتے تھے۔ مولانا اس دعوت سے یہ اُمید رکھتے تھے (اور اس کے آثار ظاہر ہونے لگے) کہ اس میں شریک ہونے سے عوام اور علماء ایک دوسرے سے قریب ہو جائیں گے) ہر ایک دوسرے کو پہچاننے لگے گا اور اس کی طرف اپنی احتیاج محسوس کرے گا۔

خاکسار نے گھاٹ میکا میں مولانا محمد یوسف صاحب کے حکم سے علماء میوات کے سامنے ایک مختصر سی تقریر کی جس میں عرض کیا گیا کہ اگر علماء نے اس دعوت کے ذریعہ عوام سے اپنا رابطہ نہ بڑھایا اور ان میں کام نہ کیا تو قوی اندیشہ ہے کہ علماء بھی ملک میں ایک ایسی اچھوت اقلیت اور اجنبی صفر بن کر رہ جائیں گے جس کی تہذیب و معاشرت سے عوام بالکل بیگانہ ہوں گے۔ زبان و خیالات تک عام طبقے کے لئے نامانوس ہو جائیں گے اور شاید دونوں کے درمیان ترجمان کی ضرورت پیش آئے۔ مولانا نے جب مولوی یوسف صاحب سے اس تقریر کا خلاصہ سنا تو بہت پسند فرمایا۔ یہ دراصل مولانا ہی کی گفتگو اور مجلسوں سے اخذ کیا ہوا مضمون تھا جس کی تصدیق اس دعوت تحریک کے سلسلہ میں بار ہا ہوئی۔

مولانا ایک طرف علماء کو عوام سے اس دعوت کے ذریعے قریب ہونے کی اور ان کا درد اپنے دل

میں پیدا کرنے کی تاکید فرماتے تھے، دوسری طرف عوام کو علماء کی مرتبہ شناسی اور قدر دانی اور ان سے استفادہ کی طرف توجہ دلاتے رہتے تھے، ان کو بتا کر اصول کے مطابق علماء کی خدمت میں حاضر ہونے کی فہمائش کرتے تھے، ان کی ملاقات اور زیارت کا ثواب بیان فرماتے تھے۔ ان کی خدمت میں حاضر ہونے کے آداب واصول سمجھاتے تھے، ان کی دعوت دینے اور ان سے فائدہ اُٹھانے اور ان کو مشغول کرنے کا طریقہ بتاتے تھے، ان کی جو باتیں سمجھ میں نہ آئیں ان کی تاویل اور ان کے ساتھ حسن ظن رکھنے کی عادت ڈالتے، ان کو ان کی خدمت میں بھیجتے تھے اور پھر ان سے پوچھتے تھے کہ کس طرح گئے اور کیا باتیں ہوئیں، پھر ان کی تنقیدوں اور تاثرات کی اصلاح و تصحیح فرماتے تھے، اس طرح عوام تجار اور کاروباری لوگوں کو علماء سے اتنا قریب کر دیا کہ پچھلے برسوں میں (غالباً تحریک خلافت کے بعد) کبھی اتنے قریب نہیں ہوئے۔

بد قسمتی سے شہروں میں سیاسی تحریکات اور مقامی اختلافات کی وجہ سے عوام میں علماء کی طرف سے ایک عام بیزاری پیدا ہونے لگی تھی اور بغیر کسی استثناء اور تخصیص کے عام حاملین دین اور علماء کے خلاف ایک عام جذبہ عناد پیدا ہونے لگا تھا۔

مولانا کی ان کوششوں اور حکمت عملی سے کم سے کم اس دعوت کے حلقہ اثر میں یہ بات پیدا ہو گئی کہ سیاسی اختلافات کو عوام دین کے لئے گوارا کرنے لگے، اور سیاسی مسلک کے اختلاف کے باوجود علماء حق کی تعظیم اور قدر واعتراف کی گنجائش نکل آئی۔ بڑے بڑے تاجر جو علماء سے متوحش تھے علماء کی خدمت میں مودبانہ حاضر ہونے لگے اور اپنے تبلیغی جلسوں اور تقریروں میں ادب واحترام کے ساتھ لے جانے لگے۔ مرض وفات کی ابتداء میں مولانا کی اس طرف بڑی توجہ تھی اور اس میں خاطر خواہ کامیابی ہوئی۔

## مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کی طرف توجہ:

خیالات کے تھوڑے تھوڑے اختلاف سے اور عرصے سے ایک دوسرے سے دور رہنے سے اہل سنت کی مختلف جماعتوں میں ایک وحشت سی پیدا ہو گئی تھی، ہر جماعت اپنے دین کی حفاظت اسی میں سمجھتی تھی کہ دوسرے کے سائے سے بھاگے، ایک دوسرے کے محاسن کی بالکل خبر نہیں تھی۔ ایک دوسرے سے نفع اُٹھانے کے راستے عرصے سے بند ہو چکے تھے۔

ان اختلاف کو زائل کرنے کا طریقہ لوگوں نے صرف مناظرہ ومباحثہ، دوسرے کے مسلک کی

تردید اور اپنے مسلک کا اثبات اور دلائل و براہین کو سمجھا، لیکن تجربہ سے ثابت ہو گیا کہ اس سے اختلافات دُور نہیں ہوتے بلکہ اور بڑھتے ہیں، ضد اور عناد پیدا ہوتا ہے اور وحشت میں اور ترقی ہوتی ہے۔

مولانا کی نزدیک اس کا طریقہ یہ تھا کہ اخلاق و اکرام سے ان کے ذہن میں گرہیں کھولی جائیں اور دل کی سلوٹیں اور شکنیں دور کی جائیں، تعلق پیدا کیا جائے اور مانوس کیا جائے۔ ایک دوسرے کو قریب سے دیکھنے اور برتنے سے غلط فہمیاں خود بخود رفع ہو جائیں گی۔ ان کے دین کے صحیح اور اصولی کام میں لگ جانے اور اختلاط و صحبت سے اختلافات میں اعتدال پیدا ہو جائے گا اور افراط و تفریط باقی نہ رہے گی۔

اس مرض وفات میں اس کی طرف خاص توجہ ہوئی۔ اس کے لئے آپ خاص اصول و ہدایات تعلیم فرماتے تھے اور اس سلسلہ میں ایسی نازک باتیں ذہن میں آتی تھیں اور اس کے لئے اپنی دقیق رعایتیں اور وسیع انتظامات اور سلسلے اختیار فرماتے تھے جو شاید اہل سیاست بھی اپنے اہم اور نازک کاموں میں اختیار نہیں کرتے۔

مولانا کی عیادت کے لئے یا مسجد میں ان علماء میں سے جن کی آمد و رفت زیادہ نہیں رہتی تھی، اگر کوئی بزرگ تشریف لے آتے تو مولانا ان کی تواضع و اکرام میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھتے۔ ان کی آمد کا اتنا اہم اور ان کی خاطر و دلجوئی کا اتنا لحاظ رکھتے جس سے زیادہ تصور میں نہیں آتا اور ان کو کسی طرح کی بیگانی و اجنبیت اور جماعتی عصبیت کی بو بھی محسوس نہ ہونے دیتے۔

### علالت کا اشتداد:

مارچ 44ء میں ضعف بڑھ چکا تھا۔ نماز بھی پڑھانے سے معذور تھے، لیکن جماعت میں دو آدمیوں کے سہارے تشریف لاتے تھے اور کھڑے ہو کر نماز پڑھتے تھے، کئی بار فرمایا کہ میں اس مرض سے جانبر نہیں ہوں گا۔ ظاہر اسباب میں صحت نہیں معلوم ہوتی، یوں اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ اہل زمانہ کی شکایت فرماتے کہ فروعی اور تکمیلی کاموں اور شاخوں اور پتیوں میں اس قدر مشغول ہیں کہ اصلی اور بنیادی کام کے لئے وقت نہیں رہا۔ انہی دنوں میں دو نہایت لطیف تقریریں فرمائیں جن میں بند بند لفظوں میں اس کا اظہار تھا کہ وقت اخیر کچھ دور نہیں، اور اس میں بھی اللہ کے بڑے مصالح ہیں۔

### علماء کی آمد:

سندھ جانے والی جماعتوں کے ذریعہ مولانا حافظ ہاشم جان صاحب مجددی کو اس تحریک سے دلچسپی اور مولانا کی ذات سے غائبانہ تعلق پیدا ہو گیا تھا، مارچ میں وہ دہلی تشریف لے آئے، مولانا نے ان کی آمد کا بڑا اہتمام اور اس پر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا۔ مولانا اپنے اس کام میں ان لوگوں کی شرکت سے بے حد مسرور ہوتے تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے خاص دل و دماغ اور خاص جوہر عطا فرمایا اور ان کے اسلاف سے دین کی بڑی خدمت و ترقی ہوئی۔ حضرت مجددؒ سے نسبت فرزندی کی وجہ سے مولانا نے مخدوم زادوں کی طرح ان کا اکرام فرمایا۔

مارچ ہی کے مہینے میں پیر صاحب کی آمد کے چند روز بعد راقم سطور کے برادر محترم ڈاکٹر مولوی سید عبدالعلی صاحب کی آمد ہوئی۔ مولانا نے لیٹے لیٹے ان سے معانقہ فرمایا اور ان کی آمد پر مسرت کا اظہار کیا اور فرمایا کہ میں آپ کے آنے کی خوشی سے پہلے سے اچھا ہوں، اس بیماری میں یہ معمول رہا کہ کام کے سلسلے میں اگر کوئی خوشی کی بات پیش آتی تو مولانا کی صحت دفعتاً ترقی کر جاتی اور نشاط پیدا ہو جاتا۔ روح کو توانائی پہنچتی جس سے مرض کے کچھ اثرات دب جاتے۔

مولانا نے ان دونوں صاحبوں سے دہلی کے ان حلقوں میں کام لینا چاہا جہاں کے لوگ ابھی کام سے مانوس نہیں ہوئے تھے اور ان سے زیادہ مانوس تھے۔ مولانا نے ان کی آمد کو محض ذاتی نہیں رہنے دیا بلکہ کام کے لئے مفید بنانے کی کوشش کی۔ مولانا اپنے لوگوں سے برابر تقاضا فرماتے رہتے تھے کہ ان کے حسب حال اور شایان شان اس سے کام لیا جائے، اور ان کی آمد سے وہ خصوصی فائدہ اُٹھایا جائے جو دوسروں سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

بار بار فرماتے تھے کہ ڈاکٹر صاحب کا وقت ضائع ہو رہا ہے تم ان سے فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ بار بار کہنے کے بعد ایک بار ان سے یہ فرمایا کہ کہیں آپ تو یہ نہیں سمجھتے کہ وقت ضائع ہو رہا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ''نہیں!'' فرمایا بس کہیں آپ بھی میرے بار بار کہنے سے یہ نہ سمجھ لیں کہ وقت ضائع ہو رہا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کو پرانے تجربہ کار میواتیوں سے ملنے اور ان کے پاس وقت گزارنے کی تاکید فرماتے رہتے تھے۔ آپ کا قیام پیچھے دارالاقامہ کے کمرے میں تھا، مگر مولانا کو اس سے خوشی نہ تھی، ایک مرتبہ فرمایا کہ جو مسجد سے باہر رہے وہ اپنے کو آیا ہوا نہ سمجھے۔ ڈاکٹر صاحب نے مسجد ہی

میں زیادہ وقت گزارنا شروع کر دیا اور اس کا اعتراف کیا کہ مسجد میں میواتیوں اور مبغلین کے ساتھ وقت گزارنے سے ان کو نمایاں فرق معلوم ہوا اور محسوس فائدہ ہوا۔

ایک مرتبہ مولانا کے تقاضے سے مدارس کے علماء اور ارباب اہتمام بھی جمع ہوئے اور اس پر مشورہ کیا کہ ان کے مدارس اس کام میں کیا حصہ لے سکتے ہیں۔ مولانا طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند، مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب، مولانا محمد شفیع صاحب مہتمم مدرسہ مدرسہ عبدالرب دہلی، مولانا عبداللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، مولانا اعزاز علی صاحب استاد دارالعلوم دیوبند اور شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب نے اس مجلس مشاورت میں شرکت کی۔

مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری بھی نظام الدین تشریف لائے اور نظام الدین کی رونق دوبالا ہوگئی۔

آخر مہینہ میں یہ محفل انجم منتشر ہوئی، بھائی صاحب رخصت ہونے لگے تو مولانا نے فرمایا۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد

## سندھ کو تیسری جماعت:

اپریل کی ابتدائی تاریخوں میں 60,70 آدمیوں کی ایک جماعت حافظ مقبول حسن صاحب کی امارت میں سندھ روانہ ہوئی، اس قافلہ کی پہلی منزل لاہور ہوئی جہاں اس نے دو تین روز ٹھہر کر کام کیا۔ اس جماعت کے پہنچنے کے دوسرے روز پیر ہاشم جان صاحب بھی تشریف لے آئے۔ ایک روز پیر صاحب کی معیت میں حضرت نور المشائخ صاحب (کابل) کی خدمت میں جو ان دنوں لاہور میں مقیم تھے، چند اصحاب نے حاضری دی اور مولوی سید رضا حسن صاحب نے اس تحریک کا تعارف کرایا۔

## پشاور کی جماعت کی آمد:

پشاور میں مولانا کے تذکرے اور تحریک کے تعارف سے متاثر ہو کر دوستوں کی ایک جماعت نے اپریل میں دہلی جانے اور مولانا کی خدمت میں حاضر ہونے کا فیصلہ کیا تھا۔ مولانا کی خدمت میں لکھا گیا اور اسی خط میں عرض کیا گیا کہ آپ کی زندگی وصحت اسلام کی ملکیت اور مسلمانوں کی

ایک دولت ہے، آپ اس کے مقابلے کے لئے خود بھی اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں۔ مولانا کی طرف سے اس کا حسب ذیل جواب گیا:

''اپریل میں جماعت کا آنا مبارک ہو، مگر مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ قبل ازیں کہ وہ جماعت یہاں تشریف لاوے پہلے پہلے اگر جناب کی زیر نگرانی اصول کی پابندی کرتے ہوئے، وہیں پر کچھ دنوں کام کرے اور اس طریق سے مناسبت پیدا کرے تو پھر اپریل میں یہاں آنا بہت زیادہ مفید ہوگا، لہذا وقت مقررہ سے پہلے اس جماعت سے آپ اپنی نگرانی میں وہاں کام کرالیں''۔

''میں اپنی تندرستی کے لئے دُعا گو ہوں مگر بدیں شرط کہ میں اپنے اوقات کو نظام الاوقات سے گزار سکوں، اور میرے اوقات کا کوئی حصہ لایعنی میں صرف نہ ہو جیسا کہ میری موجودہ حالت اب ہے، جو چیز میرے بغیر نہ ہو سکے اس میں دخیل بنوں، ورنہ سب کام کا انصرام جماعت کرے۔ یہ سبق میں نے اپنی بیماری سے حاصل کیا ہے۔(14 مارچ 1944ء)

8 اپریل کو متعدد تبلیغی گشتوں اور عملی کام شروع کردینے کے بعد ایک مختصر جماعت پشاور سے دہلی کو روانہ ہوئی، جن میں ارشد صاحب، مولانا احسان اللہ صاحب ندوی، مستری عبدالقدوس صاحب اور دو بچے تھے۔ 10 اپریل سے 14 اپریل تک ان کا قیام نظام الدین میں رہا۔

## نظام الدین کا نظام اوقات اور ماحول:

ارشد صاحب نے اس سفر کے مشاہدات وتاثرات قلمبند کر لئے تھے جو اب ایک تاریخی دستاویز ہے۔ اس کے کچھ اقتباسات جن سے اس وقت کے حالات وماحول پر روشنی پڑتی ہے یہاں نقل کئے جاتے ہیں:

''ایک بجے ایک بچہ پیغام لایا کہ کھانا تیار ہے۔ مسجد ہی کے ایک کونے میں مولانا کا حجرہ ہے، وہاں کھانا چنا تھا اور چارپائی پر حضرت لحاف اوڑھے تکیوں کے سہارے بیٹھے تھے، ان کے سامنے ان کا پرہیزی کھانا رکھا تھا، چہرہ سے نور صاف عیاں تھا اور جسم تھا کہ بس ہڈیوں کا پنجر، ان کی چارپائی کے پاس زمین پر ان کے معالج حکیم صاحب بیٹھے تھے۔ ہم سب افراد سلام کر کے کھانے پر بیٹھ گئے، کوئی بیس تیس اشخاص ہوں

گے۔ کھانے کے دوران میں حضرت نے مندرجہ ذیل ارشادات فرمائے:

1- حکیم صاحب! میں آپ کے پرہیز کے مطابق عمل کرنا شرعی فرض سمجھتا ہوں، کیا یہ کم ہے کہ میں نماز میں قیام کے ثواب سے محروم ہوں۔

2- بھائیو! خداوند کریم کا اپنے بندوں سے خاص لگاؤ ہوتا ہے، یہاں تک کہ کافروں کے ساتھ بھی یہ لگاؤ موجود ہے۔ یہ لگاؤ ہی تو تھا جس نے حضرت یونس علیہ السلام کے حق میں قرآن حکیم کے یہ کلمات کہلوائے۔

'' حکیم کے لفظ حضرت نے زور دیا۔ جب کافروں تک سے اللہ کو اتنا لگاؤ ہے تو مومنین سے کیا کم ہوگا، بھائیو! مومنین کی خدمت عبدیت کا اصل مقام ہے۔ عبدیت کیا ہے؟ مومنین کے لئے ذلیل ہونے کی عزت کو حاصل کرنا، یہی ہماری تحریک کا اولین اصول ہے اور ایک ایسا اصول ہے کہ کوئی اجتہادی (یعنی علماء کرام) تقلیدی (عوام الناس) یا مادی (جو لوگ ہر کام کو دولت یا دنیا کے حصول کے لئے کرتے ہیں) اس کی تردید نہیں کرسکتا۔ اس کے بعد مولانا نے کبر وریا کی مذمت فرمائی اور مجلس برخاست ہوئی۔ ظہر کے وقت حضرت دو آدمیوں اور ایک لکڑی کے سہارے باہر نکلے، حضرت منبر کے سہارے بیٹھ گئے اور فرمایا:

1- بھائیو! ہم رسول کریم ﷺ کے راستے سے صرف بھٹکے ہی نہیں بلکہ بہت زیادہ بھٹک گئے ہیں۔ کبھی حکومت یا اور کسی قسم کا سیاسی اقتدار مسلمانوں کا مقصد نہیں ہوسکتا۔ رسول کریم ﷺ کے راستے پر چلتے ہوئے اگر حکومت مل جائے تو اس سے ہمیں ہٹنا نہیں لیکن یہ ہمارا مقصد ہرگز نہیں۔ بس اس راہ میں ہمیں سب کچھ بلکہ جان تک بھی لٹا دینا چاہیے۔

2- دوسری بات یہ یاد رکھو کہ مسلمانوں کی برائیوں کا انسداد ان کی برائیوں کی برائیاں بیان کرنے سے نہیں ہوسکتا، بلکہ چاہیے کہ ان میں جو ایک آدھ بھی اچھائی موجود ہو اس کی تکثیر کی جائے، برائیاں خود بخود دُور ہو جائیں گی۔

اس کے بعد نماز کھڑی ہوگئی اور حضرت کو دو آدمیوں نے پکڑ کر کھڑا کیا۔ حیرت ہے کہ جو شخص

بغیر دو آدمیوں کی امداد کے اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتا وہی شخص نماز کی چار رکعتوں میں قیام، رکوع، سجدہ، جلسہ مکمل طور پر کمال اطمینان اور چستی سے کر رہا ہے۔

نماز کے بعد حضرت نے ہمیں مخاطب کر کے کہا۔ دیکھو تم لوگ مسند نشینی کے لئے نہیں آئے، اپنا وقت بیکار نہ ہونے دو۔ ہمیشہ ذکر و تعلیم میں مصروف رہو۔ تم لوگ بہت ہی کم وقت کے لئے آئے ہو، یہ وقت تو کچھ نہیں، پھر نہایت لجاحت سے کہا، بھائی دوسری دفعہ ایک کثیر جماعت لے کر آنا اور کافی عرصہ قیام کرنا یہاں زیادہ سے زیادہ عرصہ قیام کی ضرورت ہے۔

دو آدمیوں کے سہارے نماز کے بعد مولانا حجرہ میں واپس تشریف لے گئے۔ حاضرین کو دو گروہوں میں منقسم کیا گیا۔ ایک عربی داں طبقہ اور ایک غیر عربی داں۔ غیر عربی داں طبقہ کو تحریک کے متعلق اُردو کتابوں کی تعلیم ہوتی رہی اور عربی داں طبقہ کو کتاب الایمان سے چند حدیثیں پڑھ کر سنائی گئیں اور ان پر باہم مذاکرہ رہا۔ معلوم ہوا کہ یہاں کے مقیم حضرات کو اس نصاب کی تکمیل ضروری ہے۔ رات کو پشاور کی جماعت نے دوسری جماعت کے ساتھ پہاڑ گنج میں تبلیغ کی اور وہیں رات گزاری۔

دوپہر سے پہلے حدیث کا دورہ رہا اور خوب رہا۔ چائے کے وقت حضرت کی طبیعت اچھی معلوم ہوتی تھی، مجھ سے فرمانے لگے کہ بھائی کثیر جماعت بھیجو، دنیا کا معمولی کام بغیر سیکھے نہیں آتا، حتیٰ کہ چوری کے لئے بھی استاد کی ضرورت ہے، اگر بے سیکھے چوری کرو گے تو پکڑے جاؤ گے تو پھر تبلیغ جیسا اہم کام بغیر سیکھے کیوں کر آ سکتا ہے؟ پھر نہایت ملائمت سے فرمانے لگے کیوں بھائی جماعت لاؤ گے؟ میں نے عرض کیا حضرت اگر پہلے یہاں سے ایک جماعت پشاور آ جائے تو انشاء اللہ پھر پشاور کے لوگ اس کام کی طرف بہ آسانی متوجہ ہو سکتے ہیں۔

فرمانے لگے بھائی دیکھو کہ ایک کام کرو۔ تم .......... و.......... کو خود بھی لکھو اور وہاں کے بااثر لوگوں سے لکھواؤ کہ وہ جماعت لے کر پشاور آئیں، ایک تو آپ کے شہر میں جماعت آ جائے گی، دوسرے یہ لوگ خود بھی اب تک مسند نشینی کر رہے ہیں، عمل کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

آج ظہر کی نماز کے بعد حضرت تبلیغی جماعتوں کی تشکیل اور ان کی روانگی کے متعلق ہدایات فرماتے رہے۔

..........

ظہر کے بعد حدیث کا دورہ رہا اور خوب رہا، مولانا واصف نے کتاب الجہاد سے عجیب وغریب حدیثیں سنائیں۔

میلہ اور عرس کے سلسلے میں لوگ کثرت سے آئے ہوئے ہیں، ان میں تبلیغ ہوتی رہی۔ شام کو 5 بجے تبلیغی جماعت حسب معمول روانہ ہوئی۔۔

13 اپریل 1944ء آج چائے کے وقت حضرت نے فرمایا جس طرح پہلے پیغمبر شریعت لائے تھے اسی طرح ہمارے سرکار ﷺ بھی تشریف لائے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل نے تورات کو منسوخ نہیں کیا تھا، اس کے احکام میں ترمیمات کی گئی تھیں، لیکن رسول کریم ﷺ کے قرآن نے پہلی سب کتابوں کو منسوخ کردیا۔ اب ان کا براہ راست اتباع حرام ہے۔

جس چیز میں ہمارے حضور ﷺ دیگر انبیاء سے ممتاز تھے وہ طریقہ تبلیغ تھا۔ پہلے انبیاء کے بعد سلسلہ نبوی جاری تھا، اس لئے انہیں اس اہتمام کی ضرورت پیش نہ آئی، جس اہتمام کو حضور ﷺ نے ملحوظ رکھا، کیونکہ ان کے بعد سلسلہ نبوت ختم تھا اور تبلیغ کا تمام بوجھ ان کی امت کے افراد پر پڑنا تھا۔

آپ جماعتیں بنا بنا کر احکام دین سکھانے کے لئے بھیجتے تھے، اور ضرورت ہے کہ اس طریقہ تبلیغ کا پھر احیاء ہو۔

پھر حضرت نے لا طاعۃ لمخلوق فی معصیتہ الخالق کے مسئلہ پر روشنی ڈالی اور فرمایا کہ دنیاوی معاملات حتیٰ کہ مرشد، والدین واستاد تک کے تعلقات میں اسے ہمیشہ نظر رکھنا چاہیے۔

مولوی احسان اللہ صاحب سے مخاطب ہو کر فرمانے لگے "سمجھے مولوی جی! یہ کام قرن اول کا ہیرا ہے، اس کے لئے اپنی جانیں قربان کردو، اور اپنا سب کچھ مٹادو، اس کے لئے جتنا زیادہ قربان کروگے اتنا زیادہ پاؤگے۔

یہ سب کچھ جو تم سن رہے ہو اور لطف اُٹھا رہے ہو، یہ یوں ہے جیسے کوئی دوسرے کے باغوں کے میووں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ اصل خوشی تو یہ ہے کہ اپنے باغ کا پھل پیدا کرو اور یہ چیز بغیر محنت اور قربانی کے کیونکر آسکتی ہے۔

عصر کے وقت بہت زور کی بارش ہونے لگی۔ آج تبلیغ کا ارادہ ملتوی تھا۔ عصر کے وقت جب حضرت باہر نکلے تو ناراضگی کا اظہار فرمایا کہ آج جماعت کیوں گشت کے لئے نہیں گئی۔ آپ نے

میواتیوں کی قربانی اور ایمان کا تذکرہ فرمایا اور کہا کہ یہ لوگ تمہارے محسن ہیں۔ان لوگوں نے تمہیں صحیح راستہ بتایا، پھر ایک غریب میواتی کو بلا کر اپنے پاس بیٹھایا اور کہا کہ جب پہلے پہل میں نے اس سے کہا کہ جاؤ تبلیغ کرو تو یہ مجھ سے کہنے لگا کہ تبلید کیا ہوتی ہے؟ میں نے کہا تم لوگوں کو کلمہ سکھاؤ۔اس نے کہا کہ کلمہ تو حضرت مجھے خود نہیں آتا۔ میں نے کہا جاؤ تم لوگوں سے یہی کہو کہ دیکھو میری یہ عمر ہو گئی ہے اور نہ سیکھنے کی وجہ سے مجھے اب تک کلمہ نہیں آتا۔ بھائیو، تم کسی کے پاس جا کر کلمہ ضرور سیکھو۔

مولانا کی تقریر کے اثر سے سخت بارش میں نماز عصر کے بعد جماعت روانہ ہوئی۔اللہ کی شان دیکھئے کہ روانہ ہوتے ہی بارش تھم گئی اور موسم نہایت خوشگوار ہو گیا۔آدھ میل پر ایک گاؤں میں مولانا واصف کی زیر قیادت تبلیغ ہوتی رہی۔نماز مغرب پڑھ کر واپسی ہوئی۔

یہاں جمعرات کی رات دہلی کے بڑے بڑے لوگ مولانا کی زیارت کو آتے ہیں۔آج باوجود بارش کے رونق ہے۔کئی مبارک صورتیں دیکھنے میں آتی ہیں۔

تہجد کے وقت اکثر کو ذکر و تہلیل میں مصروف پایا۔نماز فجر حضرت مولانا کے حکم سے ہمارے رفیق مولانا احسان اللہ نے پڑھائی۔ چائے کے وقت 50,60 کا جمع تھا، حضرت نے ارشاد فرمایا:

1- نماز میں قرآن شریف کی ایک چھوٹی سی سورہ فاتحہ کا جتنا ثواب ہے، نماز کے باہر تمام قرآن شریف ختم کرنے کا اتنا ثواب نہیں، پھر جماعت لوگوں میں نماز کی تلقین کرے اس کے اجراء کا اندازہ کون کیا لگا سکتا ہے۔ ہر کام اپنے محل اور موقع پر اپنی خاصیت رکھتا ہے، اسی طرح جہاد و دین کے پھیلانے کی کوشش کے دوران میں ذکر کا ثواب گھر میں بیٹھ کر یا خانقاہ میں ذکر کرنے سے کہیں زیادہ ہے۔پس دوستو ذکر کی کثرت کرو۔

2- یہ تحریک کیا ہے؟ انفروا خفافاً و ثقالاً پر عمل کرنا۔اس نفر میں کوتاہی عذاب الٰہی کی دعوت دینا ہے! دوستو! اس تبلیغ میں اصولوں کی پابندی نہایت ضروری ہے، اگر کسی اصول میں ذرا بھی کوتاہی کرو گے تو اللہ کا وہ عذاب جو شاید بدیر آئے فوراً ہی تمہارے سر پر آموجود ہوگا۔اس تحریک کی تاریخ میں دو واقعات ایسے پیش آئے جب یہ تحریک ظاہراً اپنے بام ترقی پر پہنچ کر اصول کی غیر پابندی ہی کی وجہ سے پھر نیچے گری بس بھائیو! چھ اصولوں کی سختی سے پابند کرو۔

3۔ اسلام کیا ہے؟ حال کا جو حکم ہو اس کے آگے گردن رکھنا۔ شیطان ہمیں حال کے حکم کی پابندی سے روکتا ہے۔ شیطان دو قسم کے حجابات ہماری آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے۔ ایک تو ظلماتی حجاب یعنی نفس کو بُرے کاموں کی حلاوت دے کر ان کے کرنے پر لگا دیتا ہے اور ایک نورانی حجاب اور نورانی حجاب یہ ہے کہ ایک افضل کام سے ہٹا کر کم اہم کام پر لگا دیتا ہے، فرض کے وقت میں نوافل میں مشغول کر دیتا ہے اور نفس یہ سمجھتا ہے کہ میں تو اچھا کام کر رہا ہوں۔ حال کا سب سے بڑا فریضہ تبلیغ ہے اور اس میں کوتاہی کا بدل بڑی سے بڑی عبادت نہیں ہو سکتی۔

چائے کے بعد قرار پایا کہ پشاور کی جماعت دہلی کی جماعت کے ساتھ کل صبح تبلیغ کے لئے روانہ ہو، ہم حضرت سے رخصت ہونے کے لئے آئے۔ بچے ساتھ نہ تھے، فرمایا بچوں کو کیوں نہیں لائے؟ ہم نے عذر پیش کیا، فرمایا بھئی تم خود بچوں کو سمجھانے سے قاصر ہو اور اپنے قصور کو محمول کرتے ہو بچوں کی نا سمجھی پر بچوں کے لئے کسی چیز کا سمجھنا ضروری نہیں ہے۔ ان کے کان میں ڈالنا، انہیں رکھنا، اور احساس دلانا اصل چیز ہے۔ اگر یہ نہیں تو بچے کے کان میں اذان کا کیا مطلب ہے؟

اس کے بعد بشدت اور بکرات و مرات ذکر کرتے رہنے کی تلقین فرمائی۔ فرمایا ذکر حصن کے مانند ہے تا کہ شیطان تم پر حملہ اور غلبہ حاصل نہ کرے۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب نیز بھائیو اپنے بچوں کو نیک اور اچھی باتیں سناتے رہو۔

آخر وقت تک ذکر کے فضائل اور تاکید فرماتے رہے، سہارنپور میں مولوی عبدالغفار صاحب ندوی جو دہلی مولانا سے مل کر ہمارے پاس سہارنپور آئے تھے۔ ملے اور ہمارے نام مولانا کا یہ پیغام لائے ''تم لوگ آئے اور چند روز مسند نشینی کر کے چل دیئے، یاد رکھو اس راہ میں بھوک اور پیاس کی تکلیفات برداشت کرنے کی ضرورت ہے۔ اس راہ میں اپنا پسینہ بہاؤ اور خون بہانے کے لئے تیار رہو''۔

## دعوت کا انہماک:

یہاں چند واقعات مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدیر ''الفرقان'' کی روایت اور حوالہ سے نقل کئے جاتے ہیں جن سے اس شدت علالت میں بھی اپنے کام میں مولانا کی یکسوئی اور کامل

انہماک واستغراق کا اندازہ ہوگا۔

''اپریل کے آخری ہفتے میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری زیارت اور مزاج پرسی کے لئے تشریف لائے، اس سے پہلے حضرت پر نہایت سخت دورہ پڑ چکا تھا، جس کی وجہ سے ضعف بے حد ہو گیا تھا کہ دو چار منٹ بھی بات کرنے کی سکت نہ تھی، شاہ صاحب کی خبر سن کر اس ناچیز کو طلب فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ مجھے ان سے ضروری باتیں کرنی ہیں، لیکن صورت یہ ہوگی کہ تم اپنے کان میرے منہ کے قریب کر دینا اور میں جو کہوں وہ ان سے کہے جانا، چنانچہ جب شاہ صاحب اندر بلائے گئے تو بات شروع ہوئی تو مجھ سے فرمائی، لیکن دو تین ہی منٹ کے بعد اتنی قوت آ گئی کہ خود مخاطب ہو گئے اور تقریباً آدھ گھنٹے مسلسل تقریر فرماتے رہے[1]۔

اسی اپریل کے مہینہ میں جس روز آپ پر وہ شدید دورہ پڑا جس کا ذکر اوپر بھی آ چکا ہے۔ اس دن آپ پر قریب دو گھنٹے کے غشی کی سی کیفیت طاری رہی۔ آنکھیں تک بند رہیں۔ دیر کے بعد آنکھیں کھولیں اور زبان پر یہ کلمات جاری ہوئے۔ **الحق یعلو، الحق یعلو، الحق یعلو ولا یعلی** پھر ایک وجد کی سی کیفیت میں ایک گونہ ترنم کے ساتھ (جو عام عادت نہ تھی) تین دفعہ یہ آیت فرمائی:

| | |
|---|---|
| **کان حقا علینا نصر المومنین ط** | ایمان والوں کی مدد کرنا ہمارے ذمہ حق ہے |

جس وقت بلند آواز سے آپ نے یہ آیت تلاوت فرمانی شروع کی میں صحن مسجد میں تھا اور آواز سن کر حضرت کے حجرہ کے دروازے پر جا کر کھڑا ہوا، جو خاص خادم اندر تھے ان سے میرا نام لے کر ارشاد فرمایا کہ وہ کہاں ہے؟ میں سنتے ہی اندر حاضر ہو گیا، ارشاد فرمایا:

''مولوی صاحب اللہ کا وعدہ ہے کہ یہ کام ہوگا اور اللہ کی مدد اس کو اتمام تک پہنچا دے گی، مگر شرط یہ ہے کہ اس کے وعدہ نصرت پر کامل یقین اور بھروسہ کے ساتھ اس سے

1 (اس موقع پر جو ارشاد فرمایا وہ باب ہشتم میں ملاحظہ ہو)

نصرت مانگتے ہو اور اپنی امکانی کوششوں میں کمی نہ کرو"۔

یہ فرمانے کے بعد پھر آنکھیں بند ہو گئیں، تھوڑی دیر کی گہری خاموشی کے بعد صرف اتنا فرمایا" کاش علماء اس کام کو سنبھال لیتے اور پھر ہم چلے جاتے"۔

عجب تماشا تھا۔ اس علالت میں حضرت کی قوت و محبت جوں جوں گرتی تھی احیاء دین کی تڑپ اور اعلاء کلمۃ اللہ کا جذبہ روز بروز اسی قدر بڑھتا جاتا تھا۔ ضعف و نقاہت کے لحاظ سے حضرت کی مہینوں وہی حالت رہی جس میں اچھے اچھوں کو سوائے خاموش پڑنے رہنے کے اور کچھ گوارا نہیں ہوتا، لیکن اس سارے عرصے میں دیکھنے والوں نے اکثر ان کو تین ہی حالتوں میں دیکھا۔

نمبر 1: اس کام (احیاء دین) کی سوچ فکر میں ڈوبے ہوئے ہیں۔

نمبر 2: یا اس کے لئے دل کی انتہائی شکستگی کے ساتھ دُعائیں فرما رہے ہیں، کارکنوں کے لئے اخلاص ثبات، استقامت، اتباع طریقہ محمدی اور اصول مرضیہ کی پابندی اور رضاء و قبول اپنے اللہ سے مانگ رہے ہیں اور ایسے سوز کے ساتھ مانگ رہے ہیں کہ بعض اوقات پاس والوں کو رونا آجاتا ہے۔

نمبر 3: یا اس سلسلہ میں احکام و ہدایت دے رہے ہیں۔

"حتیٰ کہ علاج کے سلسلہ میں جو طبیب ڈاکٹر آتے، ان سے پہلے اپنی بات کہتے اس کے بعد ان کو دیکھ بھال کا موقع دیتے۔ ایک دن حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب دہلی کے ایک مشہور ڈاکٹر کو لائے، مولانا نے اپنی بات کیسے عجیب انداز میں ان سے کہا، فرمایا:

"ڈاکٹر صاحب! آپ کے پاس ایک فن ہے جس سے مخلوق استفادہ کرتی ہے، لیکن وہ فن وہ ہے جس کو ماند کرنے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو چند ظاہری معجزے (اندھوں اور کوڑھیوں کو اچھا کر دینا مردوں کو زندہ کر دینا) دے کر بھیجا گیا تھا، اور یہ آپ جان سکتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جو روحانی علوم دیئے گئے تھے، وہ ان ظاہری معجزوں سے بدرجہا اعلیٰ اور افضل تھے تو مجھے آپ سے یہ کہنا ہے کہ ہمارے حضرت خاتم الانبیاء ﷺ کے ذریعہ جو روحانی علوم و احکام بھیجے گئے ہیں، وہ ہیں جنہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے روحانی علوم اور ان کی لائی ہوئی شریعت کو بھی

غیر چلن دار کر دیا تو ذرا سوچئے کہ حضور ﷺ کی لائی ہوئی ان روحانی چیزوں کی طرف توجہ نہ کرنا کتنی بڑی چیز کی ناقدری ہے! لوگوں سے ہم بس یہی کہتے ہیں کہ وہ اس نعمت سے فائدہ اُٹھائیں ورنہ بڑے گھاٹے میں رہیں گے"۔

اس موضوع (احیاء دین) کے سوا کوئی بات کہنا تو درکنار سننا تک گوارا نہ تھا۔ اگر کوئی شخص دوسری بات سامنے شروع کر دیتا تو اکثر اوقات برداشت نہ فرما سکتے اور فوراً روک دیتے، خدام میں سے کوئی خیرت مزاج پوچھتا تو فرماتے۔

"بھئی تندرستی بیماری تو انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہے، اس میں کیا خیریت اور بے خیریت؟ خیرت جب ہے کہ جس کام کے لئے پیدا کئے گئے ہیں وہ کام ہو، اور حضور ﷺ کی روح مبارک کو چین ہو، صحابہ کرامؓ کو حضور ﷺ نے جس حال میں چھوڑا تھا اس میں ادنیٰ تغیر آنے کو بھی خلاف خیریت سمجھتے تھے[1]۔

حاجی عبدالرحمٰن صاحب راوی ہیں کہ مولانا کے وطن کاندھلہ سے آپ کے کچھ اعزہ عیادت کے لئے آئے۔ مولانا نے پوچھا کس لئے آئے؟ کہنے لگے آپ کی خیریت دریافت کرنے کے لئے! فرمایا جو مٹنے کے لئے بنا ہے، اس کی خیرت پوچھنے کے لئے کاندھلہ سے یہاں تک آؤ اور رسول کریم ﷺ کا دین عزیز جو مٹنے والا نہیں وہ مٹا جا رہا ہے اور تم اس کی خبر نہیں لیتے[2]۔

ایک جمعہ کو فجر کی نماز مولانا یوسف صاحب نے پڑھائی اور قنوت نازلہ پڑھی۔ نماز کے بعد ایک میواتی خادم نے آواز دی کہ حضرت یاد فرماتے ہیں۔ مولانا نے ارشاد فرمایا کہ قنوت نازلہ میں دوسرے کفار کے ساتھ ان غیر مسلم فقراء اور اہل ریاضت کی نیت بھی کرنی چاہیے جو اپنی قلب قوت کو اسلام کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ سہارنپور کے اس مناظرہ کے واقعہ کی طرف اشارہ فرمایا جس میں ایک ہندو سنیاسی مناظر اسلام کے خلاف اپنی قوت قلب استعمال کر رہا تھا اور مسلمان مناظر اظہار خیال میں دقت محسوس کر رہا تھا۔ مولانا خلیل احمد صاحب تشریف رکھتے تھے، ان کی توجہ دلائی گئی۔ آپ نے جب توجہ کی تو سادھو متوحش ہو کر جلسہ سے اُٹھ گیا اور مناظر اسلام

---

1 (رسالہ الفرقان ماہ رجب و شعبان 1363ھ)

2 (روزنامچہ جماعت تبلیغ پشاور ارشد صاحب)

کی زبان کھل گئی [1]۔

اس صبح کو خاکسار اور مولانا محمد منظور صاحب نے مختصر تقریریں کیں، مولانا کی تشویشناک اور نازک حالت کو دیکھ کر اور یاد کر کے کبھی مولانا اس جگہ خطاب فرمایا کرتے تھے، لوگوں پر ایک رقت طاری تھی، خصوصاً جب مقرر نے اس جگہ کی طرف اشارہ کر کے کہا'' خدا اس محراب و منبر کو آباد رکھے، آپ نے یہاں سے کئی بار سنا ہے کہ............ تو حاضرین کی آنکھیں اشکبار تھیں۔

جمعہ کی رات کو برسوں کا معمول تھا کہ مولانا مجمع سے تبلیغی گفتگو فرماتے تھے، اور مختلف محلوں اور بعض اوقات دوسرے شہروں سے لوگ بڑی تعداد میں جمع ہوتے تھے۔ آخری علالت میں یہ مجمع بہت زیادہ ہو جایا کرتا تھا۔ مولانا خود خطاب فرمانے سے معذور تھے، لیکن یہ گوارا نہ تھا کہ یہ لوگ اپنے مشاغل اور گھر کی راحتیں چھوڑ کر دین کے لئے یہاں آتے ہیں وہ بیکار وقت گزاریں یا ان کی آمد ایک ذاتی آمد بن کر رہ جائے کہ مزاج پرسی کر کے اور خیرت دریافت کر کے یا ہاتھ پاؤں دبا کر چلے جائیں۔ مولانا اس کو خیانت سمجھتے تھے کہ ان کی یہ للہی محبت اور دینی جذبہ بے محل صرف یا ضائع ہو، اس لئے طبیعت پر سخت تقاضا ہوتا تھا کہ ان کو دینی کام میں مشغول کیا جائے اور ان کے سامنے دین کی وہ خصوصی دعوت جو اس جگہ سے دی جا رہی ہے پیش کر دی جائے، اس میں اگر ذرا تاخیر ہوئی تو مولانا کی نازک طبیعت اس کا تحمل نہ کر سکتی۔

اس روز شب جمعہ کو مغرب کی نماز کے بعد لوگ مسجد کی چھت پر جمع کر دیئے گئے تھے اور خطاب کا حکم ہوا تھا، شروع کرنے میں چند منٹ کی تاخیر ہوئی۔ اسی اثناء میں دو تین پیغامبر آئے اور یہ پیغام لائے کہ مولانا فرماتے ہیں کہ جلد شروع کرو مجھ پر ایک ایک منٹ بار ہے۔ جب خطبہ مسنونہ شروع ہو گیا اور مولانا کو اس کی اطلاع ہوئی، اس وقت اطمینان ہوا۔

## آخری مہینہ:

حالت بروز بروز نازک ہوتی چلی جاتی تھی۔ پہلے کھڑے ہو کر نماز پڑھ لیتے تھے، اب اس سے بھی معذوری تھی۔ چارپائی صف کے کنارے لگا دی جاتی تھی اور آپ جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔

---

1 (تفصیل کے لئے دیکھا جائے'' تذکرہ الخلیل)

ان دنوں مولانا ظفر احمد صاحب کا بھی قیام تھا، اور وہی گویا علاج کے نگراں مشیر تھے عام مجالس اور اجتماعات میں عموماً وہی خطاب کرتے اور جلسوں میں وعظ وتقریر فرماتے، مولانا ان کے قیام سے بڑی تسکین واطمینان محسوس کرتے تھے۔

28 جمادی الثانی (21 جون) کو شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب بھی تشریف لے آئے۔

30 جمادی الثانی 63ھ (جون 44ء) کونوح کے مدرسہ معین الاسلام کا سالانہ جلسہ تھا، یہ غالباً پہلا جلسہ تھا جس میں مولانا کی شرکت نہیں ہورہی تھی۔

23ء کی صبح کولاری سے نظام الدین کا قافلہ روانہ ہوا، جماعت نے مولانا یوسف صاحب کو اپنا امیر بنایا۔ مولانا ظفر احمد صاحب، مولانا منظور صاحب، مولانا زکریا صاحب قدوسیؒ مولوی امیر احمد صاحب پروفیسر مہاراجہ کالج جے پور، عم محترم مولوی سید عزیز الرحمٰن صاحب اور لکھنؤ کی جماعت کے افراد ہمراہ تھے۔ راستہ کچھ ذکر، کچھ تذکیر اور کچھ علمی نداکرہ میں گزرا 12 بجے کے قریب نوح پہنچے اور اسی وقت جلسہ شروع ہوگیا، مولانا کا لگایا ہوا باغ سامنے تھا اور خوب کھلا ہوا تھا۔ باغبان ہی نہ تھا اور سب تھے۔

رات کو پھر جلسہ شروع ہوا، جلسہ کے اثناء میں نوح کے انگریزی ہائی اسکول کے دارالاقامہ کی ایک عمارت میں آگ لگ گئی، جلسہ آگ بجھانے میں مشغول ہوگیا، بڑی مشکل سے آگ پر قابو پایا گیا۔ عمارت کا بڑا نقصان ہوا۔

آج کی رات مسجد کا وہ گوشہ سونا تھا جس میں ہمیشہ مولانا کی چارپائی ہوتی تھی اور میوات کے پروانے اس شمع کے گرد جمع رہتے تھے۔ اخیر جون کی گرمی تھی مگر نوح کی فضاء میں اور لوگوں کے دلوں میں وہ حرارت نہ تھی جو مولانا کی گفتگو اور نماز کے بعد کی والہانہ اور خود فراموشی کی دُعاؤں اور اس مسلسل اضطراب اور بے چینی سے پیدا ہوتی تھی جو میوات کے قیام اور جلسہ کے ایام میں برابر رہتی تھی۔

نوح سے واپسی پر مولانا نے جلسہ کی روداد سنی۔ آگ لگنے کا واقعہ سنا تو فرمایا تم نے ذکر میں کمی کی، شیاطین کو موقع مل گیا۔

ایک صاحب نے اس پر کچھ مسرت کا اظہار کیا کہ انگریزی کے مدرسہ میں آگ لگ گئی، مولانا نے اپنے سامنے اس وقت تو کچھ نہیں کہا مگر مسلمانوں سے تعلق رکھنے والی چیز کے نقصان پر خوشی

مولانا کو بڑا ناگوار ہوئی۔ دوسرے موقع پر فرمایا کہ مجھے یہ بات بہت ناپسند ہوئی، اس پر خوشی کا کوئی موقع نہ تھا۔

مولوی یوسف صاحب سے فرمایا کہ تبلیغی وفود کی روانگی کا منظر بھی تم نے مولانا ظفر احمد صاحب کو دکھایا، انہوں نے کہا نہیں! فرمایا بڑی غلطی کی، یہی تو دیکھنے کی چیز تھی کہ رسول کریم ﷺ کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے وفود کس طرح روانہ ہوتے تھے۔

## خطرہ کا قرب:

مولانا کو اس کا اچھی طرح احساس تھا کہ خطرہ قریب ہے اور وقت مقررہ ٹل نہیں سکتا۔ بعض موقع پر کسی دینی مصلحت سے یا کام کی سرگرمی بڑھانے کے لئے اس کا اظہار بھی فرما دیا کرتے تھے۔ مولانا ظفر احمد صاحب ملنے آئے تو فرمایا تم نے مجھے وقت دینے کا وعدہ کیا تھا، ابھی تک اپنا وعدہ وفا نہیں کیا، مولانا نے کہا کہ آج کل تو گرمی بہت ہے، انشاءاللہ رمضان کی تعطیل میں آؤں گا اور کچھ وقت صرف کروں گا۔ فرمایا تم رمضان کہتے ہو، مجھے شعبان پکڑنے کی بھی اُمید نہیں۔ مولانا ظفر احمد صاحب نے قیام کا فیصلہ کرلیا۔

چودھری نواز خاں سے فرمایا، بھائی تم یہیں پڑے رہو۔ بیس دن کا حساب و کتاب ہے ادھر یا ادھر ہو جائے گا۔ (اللہ کی شان اس فرمانے سے بیس ہی دن بعد آپ کا وصال ہوگیا)

خاکسار سے بھی کئی مرتبہ فرمایا کہ مجھے اپنے جانبر ہونے کی اُمید نہیں۔ اس مرض سے بچنا نظر نہیں آتا، یوں اللہ کی قدرت میں سب کچھ عجیب بھی نہیں ہے۔ لیکن کبھی کبھی ایسے فقرے بھی فرما دیئے کہ تیمارداروں کی آس بندھ جاتی اور وہ صحت کی طرف سے پُر اُمید ہو جاتے۔

## علاج کی تبدیلی:

ابتداء سے حکیم کریم بخش صاحب (پہاڑ گنج) کا علاج تھا، یونانی علاج تبدیل ہوا تو مولانا ظفر احمد کے مشورہ سے بایوکیمک علاج شروع ہوا۔ آخر میں دہلی کے مشہور معالج ڈاکٹر عبداللطیف صاحب کا علاج شروع ہوا، مرض بہت بڑھ چکا تھا، ڈاکٹر شوکت اللہ صاحب انصاری کی تشخیص شروع سے آنتوں کی دق کی تھی اور وہ تقریباً مایوسی ظاہر کر چکے تھے۔ انہوں نے غالباً پرانی پیچش تجویز کی تھی، ان دنوں میں برابر حرارت رہنے لگی تھی، آخر میں ڈاکٹر صاحب نے انجکشن تجویز کئے

اور بڑی اُمیدواراں اور دُعاؤں سے یہ انجکشن دیئے گئے مگر ناکام رہے۔

## تیماردار اور خاص خدمت گزار:

مولوی اکرام الحسن صاحب کاندھلوی مولانا کے بھانجے دوا پلانے کے ذمہ دار تھے۔ غذا کے مہتمم مولوی لطیف صاحب تھے۔ مولانا ظفر احمد صاحب اور مولانا احتشام الحسن صاحب کا عام مشورہ اور نگرانی رہا کرتی تھی۔ مولوی واصف علی صاحب وضو اور نماز کے منتظم تھے۔ چودھری نواز خاں، نمبردار محراب خاں اور خصوصیت کے ساتھ اُمید خاں، رحیم خاں، رحیم بخش، سلیمان بڑی دلسوزی جانفشانی سے خدمت کررہے تھے۔ محمد یوسف صاحب تاجر کشن گنج گھنٹوں رات کو جاگ کر سر پر مالش کرتے تھے، مولانا اپنے سب خدمت گزاروں کے اور مخلصین کے بڑے ممنون تھے۔ فرماتے تھے کہ میرے خادموں کو خادم نہ سمجھو یہ مخدوم ہیں۔ ان لوگوں نے حقیقت میں بڑی دولت کمائی۔

## دہلی کے تاجر:

دہلی کے سواداگر اپنے تعلق کے مطابق مولانا کی اس نازک حالت سے بڑے دل گیر اور رنجیدہ رہتے تھے، بہت سے لوگوں نے باریاں مقرر کرلی تھیں، اکثر دو دو تین تین روز کے لئے آکر پڑجاتے تھے اور حسب مقدور خدمت کی کوشش کرتے تھے۔

## محض جسمانی خدمت اور ذاتی تعلق سے خفگی:

مولانا کو اگر کسی بات سے یہ اندازہ ہوتا کہ کسی شخص کو محض میری ذات سے تعلق ہے تو بہت ناراض ہوتے اور فرماتے تھے کہ دین سے تعلق ہونا چاہیے، کسی ایسے شخص کی خدمت قبول کرنے اور اس سے راحت حاصل کرنے کے روادار نہ تھے جو محض جسمانی خدمت پر اکتفا کرتا۔ ایک مرتبہ ایک میواتی سر پر تیل کی مالش کررہے تھے، تھوڑی دیر بعد ان نظر پڑھی، پہچان لیا فرمایا تم کبھی تبلیغ میں حصہ نہیں لیتے، میں تم سے کام نہیں لے سکتا، چھوڑ دو۔ ایک مرتبہ ایک پیرمرد آگے بڑھے مولانا منظور صاحب سے فرمایا کہ ان کو مجھ سے بہت تعلق ہے مگر کبھی انہوں نے میری بات نہیں مانی اور میری دعوت قبول نہیں کی۔ یوں دل و جان سے میری خدمت کے لئے حاضر ہیں، آپ ان کو لے جاکر سمجھایئے کہ اس کام میں حصہ لیں، اس کے بغیر مجھے تکلیف ہوتی ہے، مولانا الگ

لے گئے اور ان سے گفتگو کی، انہوں نے کہا میں تہیہ کر کے آیا ہوں کہ اب حصہ لوں گا۔ مولانا نے جا کر اطلاع کی، آنے کی اجازت دی اور ان کے ہاتھ چھوم لئے۔

## باہر کام کا فروغ:

باہر سے جو خطوط آتے تھے ان سے معلوم ہوتا تھا کہ اس زمانے میں کام بڑے جوش و خروش سے ہو رہا ہے۔ جن شہروں اور مقامات پر مدت سے افسردگی تھی، اور وہاں کام بڑا مشکل معلوم ہوتا تھا، وہاں خلاف توقع آسانیاں پیدا ہو گئی تھیں اور نئی روح پیدا ہو گئی تھی، اس زمانہ علالت میں بعض نئے مرکزوں میں کام کی داغ بیل پڑی، مولوی عبدالرشید صاحب مسکین کی طلب و خواہش پر بھوپال ایک بڑی جماعت گئی جس میں جناب مفتی کفایت اللہ صاحب بھی تشریف لے گئے، مولوی عبدالرشید صاحب نعمانی اور پروفیسر عبدالمغنی صاحب کی تحریک پر دو مرتبہ جماعتیں جے پور گئیں۔ سب سے پہلے زیادہ کام کا جوش نئے مقامات میں سے مراد آباد میں تھا جہاں سے کام کی برابر خبریں آ رہی تھیں اور کئی بار وفود بھی آئے۔

## دعوت کی سرگرمی:

جس قدر وقت موعود قریب آتا جاتا تھا، طبیعت کی نزاکت اور بے تابی اور کام کی سرگرمی بڑھتی جاتی تھی۔ دعوت کے سوا کسی کے سننے اور دیکھنے کا تحمل جاتا رہا تھا، انتہائی ضعف اور ناطاقتی کے باوجود بستر علالت پر پڑے ہوئے پورے کام کی نگرانی خود فرما رہے تھے اور برابر دن رات میں کئی کئی بار بلا کر اس کے متعلق جزوی ہدایات اور لوگوں کے نام پیغامات دیتے رہتے تھے۔ اس کا بھی اندازہ لگاتے تھے اور برابر خیال رکھتے تھے، کہ مجلسوں میں، حلقہ درس اور دستر خوان پر تبلیغ و دعوت کے سوا کوئی اور گفتگو تو نہیں ہوتی۔ اگر کبھی اس کا علم ہو جاتا تو طبع نازک پر بڑا گراں گزرتا، ذکر و تعلیم میں مصروف رہنے کی تاکید فرماتے رہتے اور بجائے زجر و تنبیہ اور ملامت کے وعظ و ترغیب سے کام لیتے اور اکثر کسی واسطہ اور کنایہ سے فرماتے اور متوجہ کرتے، ایک مرتبہ ظہر کے بعد علماء کی مجلس درس میں شرکت میں غفلت ہو گئی، نہایت للطیف طریقہ پر پیغام بھیجا جس سے تنبیہ ہوا۔ خواص میں ایک عالم اپنی مشغولیت کی وجہ سے غیر حاضر رہتے، ایک روز بلا کر ارشاد فرمایا کہ اپنی طرف سے ان کے نہ ہونے پر اظہار تعجب کیجئے۔

بعض چیزوں کی طرف توجہ دلانے کے لئے یہ طریقہ اختیار فرماتے کہ ان کے فضائل وترغیبات بیان کرنے کا حکم دیتے جس سے خود ان کی اہمیت کا احساس ہوتا۔

جلسوں کی کاروائی اور تبلیغی کام کی روداد کا بے چینی سے انتظار رہتا۔ ایک رات میر در دروڈ کے جلسہ کے بعد سواری نہ مل سکی اور رات کو نظام الدین پہنچنا نہ ہوا، رات کو کئی بار دریافت فرمایا۔ صبح جاتے ہی پورا حال سنا اور اطمینان ہوا۔

ضعف کی وجہ سے طبیعت کی نزاکت اور اپنی چیز کا غلبہ اتنا بڑھ گیا تھا کہ پہلے جن چیزوں کا تحمل فرما لیتے تھے اب ان کے سننے کی قوت نہیں رہی تھی۔ غیر موضوع کی بات کا تحمل نہیں ہو سکتا تھا۔ ایک مرتبہ حلقہ درس میں کوئی تاریخی موضوع چھڑ گیا اور شاہان اسلام پر تنقید شروع ہو گئی، لوگوں نے اس میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ اللہ جانے مولانا کو کس طرح اس کی اطلاع پہنچی، مولوی معین اللہ مخفی پیام لائے کہ روئے سخن فوراً بدل دو، تقریر کے لئے بھی تاکید تھی کہ اصل پیغام ما قل و دل کے اصول پر کہو، تقریر کی مقدار زیادہ نہ ہو، کیفیت وہ ہو جو رسول ﷺ کے خطبہ دیتے وقت ہوتی تھی **کانہ منذر جیش یقول صبحکم و مساکم** معلوم ہوتا تھا کہ کسی لشکر کے خطرہ کا اعلان فرما رہے ہیں اور بتلا رہے ہیں کہ صبح وشام سر پر آیا چاہتا ہے۔ تقریر میں لطائف وقصص اور امثال واشعار سننے کی تاب نہیں تھی، جہاں کسی مقرر نے اپنے بیان میں کچھ وسعت اختیار کی اور خطابت اور وعظ کے طرز پر تنوع اور تکلف کیا مولانا کو گرانی شروع ہوئی اور تقاضا فرمایا کہ یا تو مطلب کی بات کہو یا ختم کرو۔ فرماتے ہمیں وعظ تھوڑی کہلانے ہیں، وعظ تو جلسوں اور مدرسوں میں ہوتے ہی ہیں، اس وجہ سے تیماردار اکثر اہتمام کرتے کہ مقرر کی آواز مولانا تک نہ پہنچنے پائے، تاکہ وہ اپنی بات کہہ بھی سکے اور مولانا کو کوفت نہ ہو۔

ایک جمعہ کی صبح کو بڑا مجمع تھا، مراد آباد کی جماعت اور کچھ علماء آئے ہوتے تھے۔ کہنے کے لئے اس خاکسار کا انتخاب ہوا، میں نے تقریر تقریر کے انداز پر شروع کی، اور مضمون کو پھیلایا، کچھ دیر کے بعد مولانا کا حکم پہنچا کہ اصل موضوع پر آؤ اور پیغام پہنچاؤ۔ چار پائی حجرہ میں پہنچائی گئی اور میں نے اصل بات کہہ کہ تقریر ختم کی۔ عصر کو معمولاً مجمع ہو جاتا اور عموماً مولانا حاضرین کے نام کوئی پیغام دیتے جو لوگوں کو سنا دیا جاتا، اس روز حرارت تیز بھی تھی اور غفلت تھی کہ کچھ فرما نہ سکے۔ میں صبح کا ڈرا ہوا تھا، شیخ الحدیث صاحب نے فرمایا بھی، مگر میں نے کہا کہ کیا کہوں۔ تقریر تو مقصود

نہیں اور اس وقت کہنے کی کوئی خاص بات معلوم نہیں۔ ہوش آیا تو فرمایا آج مجمع سے خطاب کیوں نہیں ہوا؟ وقت کیوں ضائع کر دیا گیا، عرض کیا گیا جناب نے کچھ کہنے کو فرمایا نہیں، ارشاد ہوا مجھ سے پوچھا کیوں نہیں؟ جواب دیا، جناب کو تیز حرارت تھی، ایسی حالت میں تکلیف دینا مناسب نہ معلوم ہوا، فرمایا تم نے مجھے دین پر مقدم کیوں رکھا، میری تکلیف کا کیوں خیال کیا؟ وقت کے نکل جانے پر بہت افسوس فرماتے رہے۔

میری طبیعت کچھ متاثر تھی۔ مغرب کی نماز بڑی بے لطفی میں پڑھی، خیالات اور وساوس کا ہجوم تھا، طبیعت پست ہو رہی تھی۔ سلام پھیرتے ہی طلبی ہوئی، نہایت شفقت سے سر پر ہاتھ رکھا اور بڑے الطاف فرمائے۔ فرمایا پست ہمت ہو گئے' تھک گئے' ہمت بلند کرو' پھر فرمایا تمہارا کوئی معین نہیں' پھر فرمایا مولوی واصف، مولوی سعید خاں اور مولوی عبید اللہ ہیں۔

## خصوصی اہتمام:

ان دنوں میں چند باتوں کا زندگی بھر سے زیادہ اہتمام رہا، اول اور سب سے زیادہ علم و ذکر کی تاکید و ترغیب، اس تصور سے کہ یہ کام عام عصری تحریکات کی طرح محض ایک بے روح ڈھانچہ، قواعد و ضوابط کا مجموعہ اور ایک مادی نظام بن کر نہ رہ جائے، آپ برابر لرزاں و ترساں رہتے تھے اور طبیعت پر اس کا ایک بوجھ تھا، بار بار اس سے ڈراتے تھے، بار بار علم و ذکر کے اہتمام کی تاکید فرماتے تھے، بار بار کہتے تھے اور کہلواتے تھے کہ علم و ذکر اس گاڑی کے دو پہیے ہیں جن کے بغیر یہ گاڑی نہیں چل سکتی، دو بازو ہیں جن کے بغیر اس کی پرواز نہیں، علم کے لئے ذکر اور ذکر کے لئے علم کی ضرورت ہے، علم بغیر ذکر کے ظلمت ہے، ذکر بغیر علم کے فتنہ ہے اور یہ تحریک و نظام ان دونوں کے بغیر سراسر مادیت ہے۔

دوسرے مسلمانوں کے پست و جاہل طبقہ پر ترحم و شفقت اور ان کی تعلیم و تبلیغ کی فکر و حرص۔ بڑے اہتمام سے ایک مکتب سڑک کے کنارے اور ایک مکتب آگے بڑھ کر چوراہہ پر قائم کرایا[1]۔

---

1۔ (مکتب کے لفظ سے غلط فہمی میں مبتلا ہو کر ناظرین مروجہ قسم کا مکتب یا مدرسہ نہ سمجھ لیں۔ اس کی حقیقت بس یہ ہوتی تھی کہ ٹاٹ کے قسم کا کوئی فرش ایک درخت کے نیچے بچھا دیا گیا اور تبلیغ میں کام کرنے ہی والوں کی ایک جماعت وہاں صفہ نبوی کے طور پر دین سیکھنے اور سکھانے کا کام میں مشغول ہو گئی، (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اس میں حقہ پانی کا اہتمام کرایا.......... اور شہری اور میواتی مبلغین کو تاکید کی وہاں بیٹھیں اور آتے جاتے راہ گیر مسلمانوں کو محبت وشفقت سے بلائیں۔ حقہ پانی سے ان کی تواضع کریں، ان کا کلمہ سنیں اور ان کو کلمہ خیر سنائیں اور دین سیکھنے کا شوق دلائیں۔ اس کا مولانا کو اتنا اہتمام تھا کہ آدمیوں کو وہاں بھیجتے تھے، وہاں کے حالات کی تفتیش و تجسس رکھتے تھے۔ ان کے حقہ پانی کے اہتمام کی فضیلت اور ثواب بیان کرتے تھے۔ یہ زمانہ اجمیر کے عرس کا تھا۔ ہندوستان کے اکناف واطراف کے بکثرت غریب مسلمان حضرت نظام الدین اولیاء کی زیارت کے لئے آتے اور راستہ میں تازہ حقہ ٹھنڈا پانی اور گھنا سایہ دیکھ کر دم لینے کے لئے ٹھہر جاتے اور اتنی دیر میں مبلغین اپنا کام کر جاتے، کبھی ان کو نرمی اور ملاطفت سے بلالاتے اور اپنا پیغام سنا دیتے۔ اس طرح صدہا جاہل مسلمانوں کے کان میں دین کی بات پڑگئی اور اللہ ہی کو علم ہے کہ اس کے کتنے بندوں کے لئے راستہ چلتے ہدایت کا سبب بن گئی، بعض اوقات صبح کی نماز سے پہلے بعض علماء کو متھرا جانے والی سڑک پر بھیجتے کہ گاڑی بانوں اور شتربانوں کو تبلیغ کریں۔

تیسرے زکوۃ ادا کرنے اور راہ خدا میں خرچ کرنے کے صحیح شرعی طریقے اور آداب کی تلقین کی، مولانا کو اپنی زندگی میں اس کی طرف خاطر خواہ توجہ کی نوبت نہیں آئی تھی، لیکن ان دنوں اس کی طرف بڑی توجہ تھی، تجار اور اہل ثروت کا مجمع رہتا تھا۔ مولانا نے یہ مضمون بار بار بیان فرمایا اور دوسروں سے کہلوایا کہ آدمی کو اپنی زکوۃ کا اہتمام اپنی عبادت کی طرح کرنا چاہیے، اس کے مستحقین کو خود تلاش کرنا چاہیے، اس کو ادا کرتے وقت خود ممنون ہونا چاہیے، مولانا ظفر احمد صاحب اور دوسرے حضرات نے اس پر بار بار تقریریں کیں۔

چوتھے ڈاک کا اہتمام، تاکید تھی کہ روانہ صبح کی نماز کے بعد آئی ہوئی تبلیغی ڈاک مجمع کو سنائی جائے، حاضرین سے جوابات کے لئے مشورہ کیا جائے، ومسائل و حالات جو خطوط میں درج ہیں، حاضرین کے سامنے پیش کئے جائیں اور ان پر ان سے مشورہ لیا جائے ڈاک پیش کرنے سے پہلے ایک مختصر تقریر کرنی ہوتی تھی کہ یہ ڈاک اس لئے آپ کے سامنے پیش کی جاتی ہے تاکہ

---

(بقیہ حاشیہ) ساتھ ہی حقہ پانی کے انتظام کے ذریعہ راہ گیر مسلمانوں سے تبلیغی باتیں کرنا اور حسب ضرورت ان کو دین کی تلقین کرنا بھی ان کا کام تھا بلکہ سرراہ ان مکتبوں کی یہی غرض وغایت تھی)

آپ ان حالات و مسائل پر غور کریں اور دینی باتوں پر غور کرنے کی عادت ڈالیں۔ اپنی قوت فکر یہ کہ جو ابھی تک دنیاوی امور و مسائل میں صرف ہوتی رہی ہے، دین کے امور و مسائل پر صرف کرنے کی ابتدا کریں۔ ان خطوط میں اکثر وہ باتیں جن میں دہلی اور میوات کے تجربہ کار مبلغین کے مشورہ کی ضرورت ہوتی اور ان کی باہمی گفتگو اور تبادلہ خیال سے وہ مسائل طے ہوتے، کہیں کام کی مشکلات کا ذکر ہوتا یہ حضرات اپنے تجربہ سے ان کا حل پیش کرتے۔ کہیں اپنے طریق کار کی تفصیل ہوتی۔ اس میں اگر کوئی کوتاہی ہوتی جس کی وجہ سے دقتیں پیش آرہی ہوتیں تو متنبہ کرتے۔ کہیں سے جماعتوں کی فرمائش ہوتی اور اس کا امراء جماعت اور منتظمین انتظام کرتے اور اسی مجمع میں اس کی تدبیر کی جاتی۔

ابتداء میں یہ خطوط مولانا کی موجودگی میں پیش کئے جاتے لیکن عموماً مولانا کو بولنا پڑتا جس سے ضعف وتعب بڑھ جاتا، اس لئے آخر میں کچھ فاصلہ سے مشورہ ہوتا۔ یہ خدمت اس عاجز کے سپرد تھی، دن میں کسی وقت حاضری کا موقع ہوتا تو دریافت فرماتے کہ آج ڈاک میں کیا تھا اور مجمع نے کیا طے کیا؟ غلطیوں کی اصلاح اور اپنی رائے کا اظہار فرماتے۔ پھر وہ دوسرے روز مجمع کو سنائی جاتی۔

اس طرح گویا مولانا اپنے بعد کام کو جاری رکھنے اور اس کا نشیب و فراز سمجھا جانے کی مشق کرا رہے تھے، اور کوئی شبہ نہیں کہ یہ مشورہ بڑا سبق آموز اور مفید ہوتا۔

### دہلی کے جلسے:

مولانا اہل دہلی اور تجار سے تقاضا فرماتے رہتے تھے کہ وہ مولانا ظفر احمد صاحب کی موجودگی سے فائدہ اُٹھائیں، جلسے کریں اور مولانا سے تقریر کرائیں۔ ان حضرات کے اہتمام سے شہر میں کئی جلسے ہوئے۔ آخری چہارشنبہ کے جامع مسجد والے جلسہ کے علاوہ حوض والی مسجد، کالی مسجد (ترکمان دروازہ) کی سرائے والی مسجد قصاب پور اور جامعہ ملیہ میں جلسے ہوئے۔ مولانا ظفر احمد صاحب اور دوسرے مقررین نے تقریریں کیں۔ سب سے زیادہ مولانا کو میر درد روڈ کے اتوار والے جلسے اور گشت کا اہتمام رہتا جس کو آپ نئی دہلی کا تبلیغی مرکز سمجھتے تھے، اکثر اس خاکسار و برادر عزیز مولوی معین الدین اور مولوی واصف علی صاحب کے حصہ میں یہ سعادت آتی تھی۔

## مجمع کی زیادتی اور ہجوم:

مجمع روز افزوں تھا۔ ایک ایک وقت میں دو دو سو اور تین تین سو آدمی وہیں کھانا کھاتے اور رات کو سوتے۔ نظام الدین کی مسجد اور دارالاقامہ کے چپہ چپہ پر آدمی ہی آدمی نظر آتے۔ ہر طرف حرکت اور چہل پہل رہتی۔ نمازوں میں اندر اور باہر صفیں ہوتیں۔ آدمی ذرا تاخیر کر دے تو جگہ پانی مشکل اور رات کو غفلت ہو جائے تو سونے کے لئے بھی جگہ ملنی مشکل۔

میں کبھی کبھی اس مجمع کو دیکھتا اور سمجھتا کہ یہ ساری رونق اور بہار اس شخص کے دم سے ہے جو ایک طرف بستر پر پڑا ہوا سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ سینکڑوں آدمی اس کے دستر خوان پر کھانا کھا رہے ہیں اور خود اس کے پیٹ میں بہت تھوڑی سی غذا پہنچی ہے۔ یہ درس کے حلقے یہ ذکر کی صدائیں، یہ نورانی شکلیں، یہ رکوع و سجود کی کثرت یہ پچھلے پہروں کی رونق کب تک ہے، اس ساری بہار کو دیکھتا اور کہا۔

اللہ رکھے آباداں ساقی تری محفل کو

## مولانا عبدالقادر صاحب کی آمد:

شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب چند دنوں کے لئے اسباق کا انتظام کرنے سہارنپور تشریف لے گئے تھے، اب آئے تو مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری بھی ساتھ تشریف لائے، مولانا اس آمد سے بے حد مسرور ہوئے اور شیخ الحدیث کا بڑا شکریہ ادا کیا اور دُعائیں دیں کہ مولانا کی تشریف آوری کا سبب بنے۔

مولانا کے ساتھ ان کے مخلصین اور اہل ذکر کی ایک جماعت تھی جس سے یہاں کی دینی رونق اور برکت دوبالا ہوگئی۔

## غلط خبر:

مولانا کی علالت کی نزاکت کی اطلاع اہل شہر کو تھی۔ روزانہ بس اور تانگوں سے لوگ آتے جاتے رہتے تھے۔ رات کے رہنے والے صبح کو جاتے تو ان کے دوست احباب خیریت دریافت کرتے۔ اس اثناء میں اللہ جانے کس طرح غلط خبر مشہور ہوگئی اور بجلی کی طرح سارے شہر میں دوڑ گئی۔ تانگے اور سواریوں کا تانتا لگ گیا۔ ہر بس سے لوگ اترتے تھے اور خیریت معلوم کر کے

واپس چلے جاتے تھے۔ ٹیلی فون پر لوگ دریافت کر رہے تھے، خبر کی تردید کی گئی مگر بروقت موثر نہیں ہوئی اور بڑا مجمع ہو گیا۔ یہ سنت بھی ادا ہو گئی۔ مولانا منظور صاحب نے مسجد کے نیچے درخت کے تلے **و ما محمد الا رسول قد خلت من قبل الرسل** کے مضمون پر ایک برمحل اور موثر تقریر کی۔ یہ اہل شہر کے لئے ایک تازیانہ اور تنبیہ تھی کہ جن لوگوں نے ابھی تک توجہ نہیں کی ہے اور ان کے مشاغل اور مصروفیتوں نے ان کو اس کی مہلت نہیں دی کہ وہ مولانا کی دعوت کی طرف ان کی زندگی میں متوجہ ہوں، وہ اب بھی توجہ کر سکتے ہیں ورنہ آج تو یہ خبر غلط ہے، کسی نہ کسی دن سچ ہو کر رہے گی۔

**و ما كان الفنس ان تموت الا باذن الله كتابا مؤجلا ط**

## آخری ایام وفات:

وفات سے دو تین روز پہلے کچھ بارش ہو گئی تھی اور ہوا میں کسی وقت خنکی آجاتی تھی۔ مولانا کو مرض کے آخری ایام میں گرمی بہت محسوس ہوتی تھی۔ آپ کے اصرار سے دیر تک چارپائی باہر رہتی۔ ان ہی دنوں میں نمونیہ کا حملہ ہوا اور اس کا علم نہ ہو سکا۔ بہت دیر میں اس کا اندازہ ہوا۔ پلاسٹر لگایا گیا اور احتیاط کی گئی۔

محفل جلد تاریک ہونے والی تھی، اس لئے شمع بھڑک بھڑک کر جل رہی تھی، دماغ بڑی تیزی سے کام کر رہا تھا۔ جلد جلد پیغام دے رہے تھے۔

8 جولائی کی شب کو 12 بجے رات کے قریب میں چوراہہ کی طرف ٹہلنے چلا گیا تھا۔ واپس ہوا تو جو شخص ملا اس نے کہا تمہاری تلاش میں آدمی دوڑ رہے تھے، مولانا نے یاد فرمایا تھا۔ حاضر ہوا۔ کان ہونٹوں کے قریب لے گیا تو پہلی دفعہ آواز کا ارتعاش محسوس ہوا، بیچ بیچ میں غوطہ ہو جاتے تھے۔ دو دو تین تین مرتبہ بمشکل الفاظ ادا کر کے بات پوری کی، لوگوں کو ذکر کی تاکید تھی اور مولانا عبدالقادر صاحب کی مجلس میں بیٹھنے کی ہدایت۔ پوری بات اس وقت یاد نہیں، صبح پھر طلبی ہوئی اور کوئی پیغام کہا۔

9 جولائی کو رات کے ایک بجے کے قریب حجرے کے سامنے سے گزرا تو دیکھا کہ مولانا بیدار ہیں اور کچھ تیمار دار بھی موجود ہیں، جو کسی اہتمام میں ہیں، میں بھی جا کر بیٹھ گیا۔ کچھ دیر غفلت کے بعد ایک صاحب کا ذکر فرمایا اور ارشاد ہوا کہ کیا وہ اپنے وطن میں جا کر کام شروع کریں گے؟

غرض کیا انشاء اللہ ضرور اور مزید خوشی کے لئے یہ بھی عرض کیا کہ الحمدللہ وہ صاحب اثر ہیں، انشاء اللہ ان کی بات کا اثر ہوگا، فرمایا جی ہاں اہل اللہ کا اثر ہوتا ہی ہے۔ اس کے بعد پھر غفلت ہوگئی، تھوڑی دیر کے بعد آنکھیں کھولیں اور فرمایا، مولوی طیب صاحب (رامپور منہاران) مولوی ظہیر الحسن صاحب (کاندھلہ) اور حافظ عثمان صاحب پروفیسر اسلامیہ کالج پشاور کی مدد سے اگر باغپت میں جلسہ ہو سکے تو بہت اچھا ہے۔

10 جولائی کی شام کو غفلت سے ہوشار ہو کر علماء کو اپنی سطح کے مطابق اشتغال کی تاکید فرمائی۔

11 جولائی کی صبح کو آب زمزم پیتے ہوئے حضرت عمرؓ کی یہ دُعا اللہ سے مانگی۔

اللھم ارزقنی الشھادۃ فی سبیلك واجل موتی بلد رسولك۔

(اے اللہ مجھے اپنے راستہ میں شہادت نصیب فرما اور میری موت اپنے رسولؐ کے شہر (مدینہ) میں مقدر فرما۔

اسی دن ایک صاحب کو دیکھ کر فرمایا کہ ان سے دریافت کرو کہ اپنی قوم میں اس دعوت کو پیش کیا، اور اس کا کیا انتظام کیا؟ اسی روز حافظ عثمان صاحب آئے۔ مولانا نے مجھے پیغام بھیجا کہ حافظ عثمان میرے عزیز ہیں ان کا خاص اکرام کیجئے۔

آخری ایام میں ایک دن معالج ڈاکٹر نے کہا کہ ان کے تمام اعضاء ایک ایک کر کے ماؤف ہو چکے ہیں، صرف قلب کی طاقت ہے جو ان کے تھامے ہوئے ہے، یہ بھی کہا کہ ان کی حالت کو اپنے اوپر قیاس نہ کیجئے، جو کچھ آپ دیکھ رہے ہیں جسمانی طاقت نہیں ہے، یہ روحانی قوت ہے جس کو عام لوگ نہیں سمجھتے۔

12 جولائی چہار شنبہ کے دن شیخ الحدیث، مولانا عبدالقادر صاحب اور مولانا ظفر احمد صاحب کو یہ پیغام پہنچا کہ مجھے اپنے آدمیوں میں سے چند پر اعتبار ہے، آپ لوگ جسے مناسب سمجھیں اس کے ہاتھ پر ان لوگوں کو بیعت کرا دیں جو مجھ سے بیعت ہونا چاہتے ہیں۔ حافظ مقبول حسن صاحب، قادری داؤد صاحب، مولوی احتشام الحسن صاحب، مولوی یوسف صاحب، مولوی انعام الحسن صاحب، مولوی سید رضا حسن صاحب۔

ان حضرات نے دوبارہ مشورہ کر کے مولانا کی خدمت میں عرض کیا کہ مولوی محمد یوسف صاحب ماشاء اللہ ہر طرح اہل ہیں۔ حضرت شاہ ولیؒ نے خلافت کے لئے القول الجمیل میں جو شرائط لکھے

ہیں، وہ سب بحمد اللہ ان میں پائے جاتے ہیں۔ عالم ہیں، متورع ہیں اور علوم دینیہ سے اشتغال رکھتے ہیں، فرمایا اگر تم نے یہی انتخاب کیا ہے تو اللہ اسی میں خیر و برکت دے گا، مجھے منظور ہے، یہ بھی فرمایا کہ پہلے مجھے بڑا کھٹکا اور بے اطمینانی تھی، اب اطمینان ہو گیا ہے، امید ہے کہ انشاء اللہ میرے بعد کام چلے گا۔

شام کو فرمایا کہ جس کو مجھ سے بیعت کرنا ہے بیعت کر لے۔ مشورہ ہوا کہ اس وقت تکان بہت ہے کل پر موخر رکھا جائے۔ **و کان امر الله قدرا مقدورا۔**

آخری شب:

رات کے سفر کا اہتمام تھا، پوچھا کہ کیا کل جمعرات ہے؟ عرض کیا گیا جی ہاں! فرمایا کہ میرے کپڑوں کو دیکھ لو کہیں کوئی نجاست تو نہیں ہے؟ یہ معلوم کر کے کہ نہیں ہے اطمینان و خوشی ہوئی۔ چارپائی سے اتر کر وضو کے ساتھ نماز پڑھنے کی خواہش کی مگر تیمارداروں نے منع کیا۔ جماعت کے ساتھ عشاء کی نماز شروع کی گئی مگر قضائے حاجت کی ضرورت پیش آ گئی، بعد میں دوسری جماعت سے حجرہ میں نماز پڑھی۔ فرمایا آج کی رات دُعا اور دم کثرت سے کراؤ۔ یہ بھی فرمایا کہ آج میرے پاس ایسے لوگ رہنے چاہیں جو شیاطین اور ملائکہ کے اثرات میں امتیاز کر سکیں۔ مولوی انعام الحسن صاحب سے پوچھا کہ وہ دُعا کس طرح ہے۔ **اللهم ان مغفرتك** انہوں نے پوری دعا یاد دلائی: **اللهم ان مغفرتك اوسع من ذنوبی و رحمتك ارجیٰ عندی من عملی** (اے اللہ! تیری مغفرت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اور مجھے عمل سے زیادہ تیری رحمت کا آسرا ہے) یہ ورد زبان رہی۔ فرمایا آج یوں جی چاہتا ہے کہ مجھے غسل کرا دو اور نیچے اتار دو۔ دو رکعت نماز پڑھ لوں۔ دیکھو نماز کیا رنگ لاتی ہے۔

12 بجے گھبراہٹ کا ایک دورہ پڑا جس پر ڈاکٹر کو فون کیا گیا۔ ڈاکٹر آئے اور گولی دی، رات کو بار بار اللہ اکبر اللہ اکبر کی آواز آتی رہی۔ پچھلے پہر مولوی یوسف صاحب اور مولوی اکرام الحسن صاحب کو یاد فرمایا۔ مولوی یوسف صاحب سے فرمایا، آ مل لے، ہم تو چلے اور صبح کی اذان سے پہلے جان جاں آفریں کے سپرد کر دی اور عمر بھر کا تھکا مسافر جو شاید کبھی اطمینان کی نیند سویا ہو، منزل پر پہنچ کر میٹھی نیند سویا۔

**یایتها النفس المطمئنة ارجعی الی ربك راضية مرضية فادخلی فی عبادی**

**وادخلی جنتی**

صبح کی نماز کے بعد بہتے ہوئے آنسوؤں کے درمیان مولوی یوسف صاحب کی جانشینی عمل میں آئی اور مولانا کا عمامہ ان کے سر پر باندھا گیا۔

## غسل وتجہیز وتکفین:

اس کے بعد غسل ہوا علماء وفقہاء نے اپنے ہاتھوں سے غسل دیا اور تمام سنن ومستحبات کا التزام کیا گیا۔

مساجد (اعضاء سجود) پر جب خوشبو لگانے لگے تو حاجی عبدالرحمٰن صاحب نے فرمایا کہ پیشانی پر اچھی طرح خوشبو لگاؤ یہ گھنٹوں سجدے میں ٹکی رہتی تھی۔

شہر میں عام اطلاع ہوگئی تھی اور لوگوں کی آمد صبح سے شروع ہوگئی تھی۔ تھوڑی دیر میں مجمع بڑا گیا۔ وہ مجمع جس کو مولانا کبھی فارغ نہیں دیکھ سکتے تھے۔ شیخ الحدیث صاحب اور مولانا محمد یوسف صاحب کا حکم ہوا کہ لوگوں کو نیچے میدان میں جمع کیا جائے اور ان سے خطاب کیا جائے۔ **وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل** کے مضمون سے بڑھ کر اس موقع کے لئے تعزیت اور موعظت کیا ہو سکتی تھی۔ مولانا ظفر احمد صاحب اور مفتی کفایت اللہ صاحب نے بھی لوگوں کو صبر کی تلقین کی اور نصائح فرمائے۔

مجمع برابر بڑھ رہا تھا، ظہر کی نماز کے وقت بے اندازہ مجمع تھا، حوض کا پانی وضو کرنے والوں کی کثرت سے نیچا ہو گیا۔ مسجد کی تمام وسعتیں زیریں وبالائی حصے بالکل بھر گئے، جنازہ نماز پڑھنے کے لئے باہر لایا گیا، مجمع قابو اور نظم وضبط سے باہر تھا، بلیاں باندھ دی گئی تھیں، تاکہ لوگ کاندھا دے سکیں۔ بڑی کش مکش کے بعد جنازہ درختوں کے نیچے لایا گیا۔ شیخ الحدیث صاحب نے نماز پڑھائی اور دفن کے لئے جنازہ واپس ہوا۔ مسجد کے اندر پہنچنا مشکل تھا۔ بہت سے لوگ رسیاں ڈال ڈال کر اندر پہنچے۔ مسجد کے جنوبی مشرقی گوشے میں باپ اور بھائی کے پہلو میں لحد تیار تھی، بڑی مشکل اور کش مکش سے جنازہ قبر تک پہنچا۔ نعش قبر میں اتاری گئی اور دین کی یہ امانت خاک کے سپرد کی گئی۔ سورج جب غروب ہوا تو دین کا یہ آفتاب جس کی تابش سے ہزاروں خاک کے ذرے چمک اُٹھے تھے اور دور دور تک دین کی حرارت پیدا ہوگئی تھی خاک میں او جھل ہو چکا تھا۔

................................................................

## پس ماندگان:

مولانا نے صرف ایک صاحبزادہ مولانا محمد یوسف اور ایک صاحبزادی (اہلیہ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب، متع اللہ المسلمین بحیاتہ) چھوڑیں۔ خود شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا محمد صاحب مولانا کے حقیقی بھتیجے، محبوب بھائی کے فرزند، مولانا کے داماد اور شاگرد، مولانا کے محبوب ومعتمد اور ان کی یادگار ہیں۔

وما مات من كانت بقاياه مثلهم
ثبابٌ تسامى للعلى و كهول

ان حقیقی جانشینوں کے علاوہ وابستگان کا پورا حلقہ اور بالخصوص اہل میوات آپ کی جیتی جاگتی یادگار ہیں۔ انتقال سے ایک روز پہلے فرمایا کہ لوگ آدمی چھوڑ کر جاتے ہیں، میں اپنے پیچھے الحمد للہ پورا ملک چھوڑ کر جارہا ہوں۔

حلیہ:

رنگ گندمی۔ قد پستہ، جسم نہایت نحیف مگر نہایت چاق وچست، سستی کا نام ونشان تک نہیں تھا، ڈاڑھی گھنی اور سیاہ، چند بال سفید جو صرف قریب سے دیکھے جاتے تھے۔ صورت سے تفکر چہرہ سے ریاضت اور مجاہدہ، پیشانی سے عالی ہمتی اور بلند نظری نمایاں تھی، زبان میں کچھ لکنت لیکن آواز میں قوت اور جوش تھا اور اس جوش سے اکثر گفتگو کا سیل رواں لکنت کی رکاوٹوں سے ٹکرا کر ایک آبشار کی صورت اختیار کر لیتا تھا۔

باب ہفتم

# خصوصی صفات وامتیازات

## ایمان واحتساب:

مولانا کی ایک امتیازی صفت جوان کی عملی زندگی پر حاوی اوران کے اعمال کی روح رواں تھی ایمان واحتساب ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ کواللہ سمجھتے ہوئے، اس کے حکم کواس کا حکم سمجھتے ہوئے اس کے وعدوں پر پورے یقین وثوق کے ساتھ اوراس کی رضاء اوراس کے موعود اجر و انعام کے شوق وطمع میں کام کیا جائے۔ حدیث میں آیا ہے۔

من صام رمضان ایمانا واحتسابا غفرله ما تقدم من ذنبه (بخاری)

من قام لیلة القدر ایمانا واحتسابا غفرله ما تقدم من زنبه (بخاری)

جو رمضان کے روزے اللہ کے وعدوں پر یقین کرتے ہوئے اوراس کے اجر وانعام کے شوق میں رکھے گا اس کے سب پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے جوشب قدر میں ایماناً احتساباً شب بیداری کرے گا اس کے سب پچھے گناہ معاف ہو جائیں گے

یہی عمل کی روح ہے جس سے عمل دفعتاً فرش سے عرش تک پہنچ جاتا ہے اوراس کے بغیر بڑے سے بڑا عمل پرواز کی طاقت نہیں رکھتا۔ ایک حدیث سے اس کی مزید توضیح ہوتی ہے۔

عن عبدالله بن عمرو بن العاص رضی الله عنها قال قال رسول الله صلی الله علیه و سلم اربعون خصله اعلاها ما منیحة العنز ما من عامل یعمل بخصله منها رجائثوابها و تصدیق موعودها الاادخله الله بها الجنة (بخاری)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا چالیس باتیں ہیں جن میں چوٹی کی بات یہ ہے کہ بکری کسی کو دے دے کہ اس کے دودھ سے

فائدہ اُٹھائے پھر واپس کردے جو شخص ان میں سے کسی بات پر بھی اس کے ثواب کی امید میں اور اس پر جو اللہ کا وعدہ ہے اس کے یقین اور تصدیق کے ساتھ عمل کرے گا اللہ اس کی وجہ سے اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

مولاناؒ نے اس کی بڑی اہمیت سمجھی اور اس کو زندہ کرنے کی پوری کوشش کی۔ مندرجہ ذیل اقتباسات سے جو ان کے خطوط سے لئے گئے ہیں انداز ہوگا کہ ان کے ذہن میں اس کی کس قدر اہمیت تھی۔

1- باطن مذہب ایمان واحتساب ہے، بہت سے اعمال میں مصرح ذکر کیا جاتا ہے، ایماناً و احتساباً، لہذا ہر عمل کے بارہ میں جو خطابات وارد ہوئے ہیں ان میں دھیان کرنا اور اس کے ذریعہ حق تعالیٰ کی عظمت، اس کی بڑائی اور اس کے قریب ویقین کو بڑھانا اور ان اعمال پر جو دینی و دنیوی مصالح اور انعامات وعطیات کا وعدہ فرمایا گیا ہے ان کو بطور عطا کے نہ بطور معاوضہ کے یقین کرنا یہ باطن ہے۔

2- اعمال اپنی ذات سے کوئی قیمت نہیں رکھتے، ان کے اندر جو قیمت آتی ہے وہ اللہ کے حکم کے امتثال کے ذریعہ اس ذات عالی سے وابستگی سے آتی ہے تو جس قدر وجوہ وابستگی پر قابو ہوگا اور وہ ملکہ قوی ہوگا اور جتنا بھی عمل زیادہ طمانیت اور دل سے اور قوت سے ہوگا، ان اعمال کی اصلی قدر و قیمت اسی قدر ہوگی۔

3- جناب عالی نے جذبہ اور ولولہ نہ ہونے کا تذکرہ فرمایا ہے۔ مجھے اس پر بڑا ہی رشک ہے۔ مومن کے لئے اللہ کے امتثال امر کی اصلیت یہ ہے کہ حکم کے یقین اور اس کی عظمت سے اتنا دبا ہوا ہو کہ وہ ولولہ کو دبا دے، ولولہ طبیعت سے پیدا ہوتا ہے ولولہ اگر ہو تو یہ حب طبعی ہوئی اور جب تعمیل حکم کی عظمت سے اور فرضیت کے احساس سے ہو تو یہ حب عقلی اور حب ایمانی ہے۔

4- بسا اوقات تھوڑے سے کئے ہوئے کو دیکھ کر ان پر خوش ہو جانا باقیوں کی کوتاہیوں کے محسوس ہونے سے حجاب ہو جاتا ہے، اور وہ اپنے اس مطالعہ سے بچنے کی بہت زیادہ فکر رکھیں۔ کرنے والوں کو دد یکھ کر ان کی خوشی کا صرف اتنا ہی اثر لیں کہ فطرۃً اپنی غلطی سے اثرات مرتب ہونے کو جو ہم اپنی کامیابی سمجھتے ہیں وہ نہ ہونی چاہیے۔ اصل کامیابی کوشش میں لگ جانا ہے، نہ کہ ثمرات کا

مرتب ہونا، چنانچہ دینی امور کا اصل ثمرہ اجر وثواب ہے، وہ محض کام میں مشغول ہونے سے تعلق رکھتا ہے دنیاوی اثرات سے اس کو کیا علاقہ۔ بہرحال اگر اثرات مرتب ہو رہے ہیں تو ان سے صرف اتنا ہی اثر لیں کہ ہم غلطی سے جن اثرات کو دنیا میں ڈھونڈتے ہیں وہ بھی ہو رہے ہیں۔ اثرات مرتب نہ ہونے پر بھی کوشش چاہیے تھی۔ اثرات مرتب ہونے پر بھی کوشش میں کمی کرنا بڑی غلطی ہے، بس اتنا محسوس کر کے اپنی اصل توجہ کو صرف کوتاہی اور نقصان کے محسوس کرنے میں متوجہ کریں۔

5- ''عبادات واذکار'' کے بارے میں جو نصوص وارد ہوئے ہیں ان نصوص کو دیکھتے رہنا اور ان کے پڑھنے پر جو وعدے فرمائے گئے ہیں ان کا یقین کرنا اور اس کی کوشش کرتے ہوئے ان سب اوراد کو نبھانا چاہیے، بڑی چیز ان وعدوں پر یقین کی کوشش ہے۔ یہ یقین چونکہ قلب سے تعلق رکھتا ہے۔ لہذا یہ ان عبادات کے قلب کا درجہ رکھتا ہے اور روحانیت کی اُمید اسی سے وابستہ ہوتی ہے۔

6- ''ہر وقت کے لئے ان کے اپنے وقتوں کی عظمت اور حرمت میں آئی ہوئی تعریفیں اور فضیلتیں حدیثوں میں الگ الگ وارد ہیں اور ہر ایک کے الگ الگ برکات ہیں اور انوار ہیں۔ ہم جیسے عامی لوگوں کے لئے بس اتنا ہی کافی ہے کہ ہر وقت کی نماز ادا کرتے وقت یہ مانگ لے کہ ہر وقت کے جو برکات اور انوار ہیں ان کا اللہ تعالیٰ ہمیں حصہ نصیب کرے''۔

7- ''جی لگنے اور مزہ آنے کا دھیان نہ کریں بلکہ اللہ اور رسول کا حکم سمجھتے ہوئے کرتے رہیں اور ان کی اقتداء کو عظیم سمجھیں۔ فرمان کی تعمیل اور امر کی اقتداء بہت بڑی چیز ہے''۔

مولانا کی پوری تحریک وسعی اسی ''ایمان واحتساب'' پر مبنی تھی، یعنی اس کے ذریعے اللہ کو راضی کرنا، رسول اللہ ﷺ کا اتباع، دلالت علی الخیر (بھلائی کی طرف رہنمائی) کے طویل اور مسلسل اجر وثواب کا مستحق بننا اور مرنے کے بعد زندگی کے لئے سامان کرنا۔

ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

تبلیغ کا طریقہ کچھ دل سے متعلق ہے کچھ جوارح سے۔ دل سے جو متعلق ہے وہ چند امور ہیں۔

1- اس کام کے لئے پھرنے میں انبیاء علیہم السلام اور سب نبیوں کے سردار محمد ﷺ کا اتباع اور اس پاک دولت سے اللہ کو راضی کرنا ہے۔

2- الدال علی الخیر کفاعلہ (بھلائی کی طرف راہنمائی کرنے والا خود عمل کرنے والے کی طرح ہے) کے مضمون کو قوت کے ساتھ دھیان میں رکھتے ہوئے اپنی کوشش سے جتنا بھی کوئی نماز، قرآن اور ذکر وغیرہ میں مصروف ہو ان میں سے ہر ایک کے کئے ہوئے کو اپنے لئے ذخیرہ آخرت یقین کرنا ہے اور ان میں سے ہر ایک کے تفصیلی ثواب کو دھیان میں رکھنا ہے۔

3- اللہ جل وجلالہ، وعم نوالہ کی طرف دُعا والتجا کی قوت پیدا کرنی، قدم قدم پر اللہ کے فضل اور اس کے حاضر وناظر ہونے کو یقین کرتے ہوئے اس کی رضا کو اور تبلیغ کی کامیابی کو مانگتا رہے۔

4- اس کار خیر کے لئے قدم اُٹھانے کو محض غیبی فعل سمجھ کر اس کے شکر کا دھیان رہے۔

5- مسلمان کی خوشامد اور اس کے ساتھ ساتھ تواضع اور نرمی کی دل سے مشق کرنی ایک دوسرے گرامی نامہ میں فرماتے ہیں:

''دین کے کام اس وقت پائیدار اور جاری رہتے ہیں کہ آدمی قیامت کے منظر کو سامنے رکھے اور قیامت میں کام دینے والے ان کارناموں کو جو آدمی نے یہاں کئے ہیں۔ حضور ﷺ کی بڑائی کو ذہن نشین کرتے ہوئے اور ان کارناموں کے اس معاوضہ کو جو حضور ﷺ نے بتلایا ہے (بشرطیکہ اللہ کے ہاں قبول ہو گئے ہوں) اپنے لئے ذخیرہ تصور کرے۔

جوں جوں یہ تصور جمے گا حق تعالیٰ سبحانہ تصدیقی ایمان کی حلاوت نصیب کرے گا اور جوں جوں حلاوت نصیب ہوگی شوق بڑھے گا اور شوق میں برکت ہوگی۔ مثلاً تمہاری وجہ سے جتنے بے نمازی نمازی ہو گئے، تلاش کرو کہ شریعت میں اس کا کتنا ثواب ہے۔ فی نماز شریعت نے جتنا ثواب بتلایا ہے خوب دھیان جماؤ کہ وہ سب ذخیرہ مجھے ملے گا۔

ایک دوسرے موقع پر تحریر فرمایا:

کلمۃ اللہ کے اعلا اور وحی کے نشر میں سعی اور کوشش خالص اپنے مولیٰ کو مولیٰ سمجھ کر اس کی رضا کے لئے ہو اور موت کے بعد کے سامان کے یقین کے ساتھ حق تعالیٰ کے یہاں سے فیضان موعود اسی زندگی کے ساتھ ہے جس پر اولئك یرجون رحمۃ اللہ کا حصر شاہد ہی نہیں بلکہ ہزارہا آیات قرآنیہ سے مؤید ہے۔

''اپنے نفس کو تجربہ سے ایسا گندہ، ناقص خودغرض اور کام کا بگاڑ دینے والا دل سے یقین کرے کہ الطاف خداوندی کا قصہ تو کچھ اور ہے، یہ موت تک راست ہوتا نظر نہیں آتا، لہذا اس نیت سے سعی کرے اور حضورﷺ کی باتیں دوسروں میں پھیلا دے کہ میرے علاوہ اللہ کے سب بندے جو اپنی ذات سے نیک طینت اور پاک نفس ہیں دین کے جس کام کو کریں گے وہ ظاہر و باطن میں اچھا عمل ہوگا۔ حق تعالیٰ بقاعدہ الدال علی الخیر کفاعلہ اپنے الطاف سے ان پاک ہستیوں کی برکت سے مجھے بھی اس سے حصہ عطا فرما دے''۔

فکر کی تاکید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''فکر کوئی بڑی چیز نہیں ہے، تنہائیوں میں بیٹھ کر اپنے نفس سے یہ کہنا کہ یہ چیز قطعاً اللہ کو راضی کرنے والی ہے اور موت جو یقیناً ایک آنے والا وقت ہے میری نفسانی زندگی کو قطعاً درست کرنے والا ہے اور الدال علی الخیر کفاعلہ کو سچ سمجھ کر اس نکلنے کی وجہ سے جتنی نیکیاں وجود میں آتی ہیں یا آسکنے والی ہوں ان سب کو جمع کر کے اللہ کی خوشنودی کو ان سے بہ تکلف یقین کے ساتھ وابستہ کرنا بس یہی فکر ہے''۔

مولانا یہ چاہتے ہیں کہ جو لوگ اللہ کے دین کو لئے ہوئے اللہ کے راستے میں نکلے ہوئے ہوں، ان کے اعزہ اور متعلقین بھی اپنی خوش دلی، صبر، ہمت افزائی اور قدر دانی سے ان کا اس کام اور اجر ثواب میں شریک ہوں۔ مولانا پوری امت کے دل میں اس اجر و ثواب کا شوق اور ایمان و احتساب پیدا کرنا چاہتے تھے۔ اس کی ابتداء آپ نے اپنے گھر سے کی۔ حجاز سے آپ نے گھر کو حسب ذیل خط لکھا:

''تم خیال کر کے دیکھو کہ دنیوی غرض کی وجہ سے لوگ اپنے اہل و عیال کو کتنی مدت کے لئے چھوڑتے ہیں، خیال تو کر کے دیکھو کہ اس وقت بھی کفار کے لشکر میں ہزاروں مسلمان سر بکف جان خطرہ میں محض ایک پیٹ کے کارن ہر وقت سدا کو دنیا سے چلے جانے کے لئے موت کے کنارہ پر ہیں۔ ایسی کم ہمتی ہرگز نہیں چاہیے۔ تم ہمت اور جواں مردی کے ساتھ خوشی سے میرے دین کی خدمت کے لئے ہجر اور فرقت پر راضی ہو کر چھوڑے رکھو تو خوشی کے بقدر اجر و ثواب میں شریک رہوگی۔ دنیا میں غنیمت سمجھو

کہ تمہارے گھر والے دین کی خدمت کے لئے تکلیف اُٹھا رہے ہیں۔ شکر کرو اس تکلیف کا جب اجر و ثواب ملے گا تو کبھی ختم نہ ہوگا۔ ایک ایک صدمہ باغ و بہار ہو کر ملے گا"۔

مولانا کے نزدیک عاجز و ضعیف اور مشغول انسان کے لئے اس محدود اور مختصر زندگی میں اپنی مجبوریوں اور کمزوریوں کے ساتھ طویل ترین، کثیر ترین اور مسلسل اجر و ثواب اور ذخیرہ عمل کی صورت اخلاص و احتساب کے ساتھ اس دلالت علی الخیر اور تبلیغ میں مشغولی کے سوا کچھ نہ تھی۔ اگر کوئی شخص دن بھر روزہ رکھے اور رات بھر نفلیں پڑھے اور ایک قرآن مجید روزانہ ختم کرے یا لاکھوں روپے روزانہ صدقہ و خیرات کرے تو بھی کثرت میں، نورانیت اور قبولیت میں ان لوگوں کے اجر کو نہیں پہنچ سکتا جن کو ان کی دلالت علی الخیر کی وجہ سے ہزاروں لاکھوں انسانوں کی فرض نمازوں، ارکان اور ایمان کا ثواب رات دن کے ہر لحہ میں پہنچ رہا ہے اور ان کی روح پر اجر و انعام اور انوار و برکات کی صدیوں سے مسلسل بارشیں ہو رہی ہیں۔ ایک شخص کا عمل، اس کی طاقت اور اس کا اخلاص سینکڑوں آدمیوں کے عمل و طاقت اور اخلاص و شغف و انہماک کا ہم پلہ نہیں ہوسکتا۔ اسی لئے مولانا شخصی عبادات اور نوافل پر (ان میں پورے طور پر خود منہمک رہنے اور ان کی انتہائی حرص و شوق رکھنے کے باوجود) اس متعدی خیر اور دلالت علی الخیر کو ترجیح دیتے تھے اور اس کو زیادہ امید کی چیز سمجھتے تھے۔ ایک بزرگ جو اپنی عمر میں بڑے بڑے کام کر چکے تھے اور اب جسمانی انحطاط و تنزل کے دور میں تھے ان کے ایک دوست کے ذریعہ اسی کا مشورہ دیا کہ اب آپ میں خود کرنے کی زیادہ طاقت نہیں رہی۔ وقت کم اور کام بہت زیادہ ہے اس لئے مصلحت اندیشی اور وقت شناسی کا تقاضا اور تفقہ اور حکمت دین یہ ہے کہ دوسروں کے اعمال کا ذریعہ بننے کی کوشش کیجئے۔ تقریر و تحریر، خطوط و ترغیب کے ذریعہ اپنے دوستوں اور بات ماننے والوں کو اس دعوت و تبلیغ کی طرف متوجہ کیجئے اور ان کے اجر و ثواب میں شریک ہوئیے۔

یہ تحریک و دعوت تو مولانا کے نزدیک ایمان و احتساب کا سب سے سہل اور قوی ذریعہ تھا۔ یوں عام طور پر بھی آپ پر ایمان و احتساب کا ایسا غلبہ تھا کہ مشکل سے کوئی قدم ثواب کی نیت اور دینی نفع کی توقع کے بغیر اُٹھتا ہوگا اور کوئی کام محض نفس کے تقاضے سے ہوتا ہوگا، گویا لا یتکلم الا فیما رجا ثوابہ (شمائل ترمذی) [1] (حاشیہ اگلے صفحہ پر) آپ کا حال تھا، ان کی ہر نقل و حرکت دلچسپی

..................................................................

اور شرکت کا محرک اور باعث، اجر اور دینی نفع کی امید اور طمع تھی اسی لئے گفتگو فرماتے تھے۔ اسی لئے تقریبوں میں شرکت کرتے تھے اور اسی بناء پر غصہ آتا تھا اور پھر اسی لئے راضی ہو جاتے تھے، جو چیز اس مقصد اور اس اُمید سے خالی ہو اس سے ان کو دلچسپی اور تعلق نہیں ہوتا تھا، چھوٹے چھوٹے روزمرہ کے کاموں میں بھی یہی حال تھا، بقول مولانا محمد منظور صاحب نعمانی کے شاید بغیر نیت کے ایک چائے کی پیالی بھی نہیں پیتے تھے اور نہ کسی کو پیش کرتے تھے۔

ہر کام میں اور ہر موقع پر اس کے بہترین دینی منافع او برکات حاصل کرنے کے لئے اور اس کو تقرب الی اللہ کا ذریعہ بنانے کے لئے اس کی خصوصی نیت کرتے اور اس عمل کا رُخ بڑی لطافت کے ساتھ عادت سے عبادت کی طرف پھیر دیتے۔ اس بارہ میں ان کی قوت فکریہ اور ذکاوت کتابی علم کی سطح سے اونچی ہوکر حکمت وتفقہ کے بلند درجہ تک پہنچ گئی تھی، وہ اس بارے میں اتنے باریک بیں اور حاضر دماغ تھے کہ ایک ہی کام میں الگ الگ نیتوں کے ذریعہ ہر شخص کی سطح کے مطابق خصوصی فائدہ اور اجر وثواب کی رہنمائی کرتے تھے۔ مولانا محمد منظور نعمانی صاحب نے ایک لطیف واقعہ لکھا ہے جس سے اس کا اندازہ ہوگا۔

> ''اخیر زمانہ علالت میں جبکہ حضرت اُٹھ بیٹھ نہیں سکتے تھے، ایک روز دوپہر میں نظام الدین پہنچا، ظہر کی نماز کے لئے بعض میواتی خدام حضرت کو وضو کرا رہے تھے۔ اس وقت مجھ پر حضرت کی نظر پڑی۔ اشارہ سے بلایا اور فرمایا:
>
> ''مولوی صاحب! حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے باوجود یکہ حضورﷺ کو برسوں وضو فرماتے ہوئے دیکھا تھا اور ایسے ہی حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو بھی دیکھا تھا پھر بھی وہ معلمانہ طور پر حضرت علیؓ کو وضو فرماتے ہوئے دیکھتے تھے''۔

حضرت کا یہ ارشاد سننے کے بعد جب اس نظر سے میں نے حضرت کو وضو فرماتے ہوئے دیکھا تو محسوس کیا کہ فی الحقیقت ایسی بیماری کی حالت میں وضو کے لئے ہمیں حضرت کے وضو سے بہت کچھ سبق حاصل ہوسکتا ہے۔

حضرت کو جو تین چار خادم وضو کرا رہے تھے، یہ سب میواتی تھے۔ ان کی طرف اشارہ فرماتے

---

1 (رسول کریمﷺ صرف اس معاملہ پر گفتگو فرماتے ہیں جس میں آپ کو ثواب کی امید ہوتی (حدیث)

ہوئے ارشاد فرمایا:

''یہ بے چارے مجھے وضو کراتے ہیں۔ میں ان سے کہہ رہا ہوں کہ تم لوگ اللہ کے لئے مجھ سے محبت اور میری خدمت کرتے ہو اور تمہارا یہ گمان ہے کہ میں نماز اچھی پڑھتا ہوں جیسی تم نہیں پڑھ سکتے، لہٰذا مجھے وضو اس نیت سے کرادیا کرو کہ میری نماز کے اجر میں تمہارا حصہ ہو جائے اور اللہ سے یوں عرض کرو کہ اے اللہ............ ہمارا گمان ہے کہ تیرے اس بندہ کی نماز اچھی ہوتی ہے جیسی کہ ہماری نہیں ہوتی، اس لئے ہم اس کے وضو میں مدد دیتے ہیں تاکہ تو اس کی نماز کے اجر میں ہمارا بھی حصہ کردے''۔

اور میں یہ دُعا کرتا ہوں کہ اے اللہ تیرے یہ سادھے اور بھولے بندے میرے متعلق ایسا گمان کرتے ہیں، ان کے گمان کی لاج رکھ لے اور میری نماز قبول فرما کر انہیں بھی اس میں شریک فرمادے۔

فرمایا اگر میں سمجھنے لگوں کہ میری نماز ان سے اچھی ہوتی ہے تو اللہ کے یہاں مردود ہو جاؤں، میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ اللہ پاک اپنے ان سادہ دل بندوں ہی کی وجہ سے میری نمازوں کو رد نہ فرمائے گا''

دیکھئے اس ایک وضو میں مختلف احوال کے تین فریقوں کے لئے محض ایک نیت سے دولت دین حاصل کرنے کے کیسے راستے کھول دیئے۔ مولانا منظور صاحب کے لئے تعلیم کی مستقل فضیلت، سنتوں کا تتبع اور اس ذریعہ سے اپنے وضو کی تکمیل وترقی کی نیت کا مستقل ثواب، میواتیوں کے لئے درجۂ احسان کی نماز کے ثواب اور قبولیت میں شرکت اور خود اپنے لئے ان کے حسن ظن کے ذریعہ نماز کی مقبولیت۔

ان مختلف نیتوں اور ایمان واحتساب کے بغیر یہ ایک روزمرہ کا وضو تھا۔ ایک شخص وضو کر رہا تھا، چند آدمی خادمانہ حیثیت سے وضو کرا رہے تھے۔ ایک شخص بغیر کسی دھیان اور مقصد کے دیکھ رہا تھا۔

### احسانی کیفیت:

حدیث میں صفت احسان کی حقیقت یہ بیان کی گئی ہے کہ:

" ان تعبد اللہ کانک تراہ " (و فی روایۃ) ان تخشی اللہ کانک تراہ (یعنی اللہ کی عبادت واطاعت اور اس کا خوف ایسا ہو کہ گویا وہ آنکھوں کے سامنے ہے) حضرت مولانا محمد

الیاسؒ اس کا مجسم نمونہ تھے، جلوت میں بھی اکثر حالت ایسی رہتی تھی کہ گویا وہ اللہ کے حضور میں ہیں۔ مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے بالکل صحیح لکھا ہے، اور خاکسار کا بھی مشاہدہ ہے کہ:

اللہ کی تسبیح وتحمید، توحید وتمجید اور توبہ واستغفار اور استغاثہ اور استمداد کا جامع کلمہ **سبحانك اللهم و بحمدك۔ اشهد ان لا اله الا انت وحدك لا شريك لك: استغفرك واتوب اليك يا حى يا قيوم برحمتك استغيث اصلح لى شانى كله و لا تكلنى الى نفسى طرفة عين۔** جو اکثر ورد زبان رہتا تھا، بعض اوقات ایسے حال اور ایسے انداز سے کہتے کہ گویا اللہ پاک کے عرش جلال کے سامنے حاضر ہو کر عرض کر رہے ہیں۔

## قیامت کا استحضار اور آخرت کا تمثل:

اسی قبیل کی ایک چیز یہ تھی کہ قیامت کا استحضار اور آخرت کا تمثل (آنکھوں کے سامنے تصویر کی طرح رہنا) ایسا بڑھا ہوا تھا کہ اکثر حضرت حسن بصریؒ کا یہ قول یاد آجاتا تھا **كانهم راى عين** (صحابہ کرامؓ کے سامنے آخرت ایسی رہتی تھی گویا آنکھوں دیکھی چیز ہے) ایک مرتبہ ایک میواتی سے دریافت فرمایا کہ دہلی کیوں آئے؟ سادہ دل میواتی نے جواب دیا کہ دہلی دیکھنے کے لئے، پھر مولانا کے انداز سے اس کو اپنی غلطی محسوس ہوئی فوراً کہا کہ جامع مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے، پھر بدل کر کہا کہ آپ کی زیارت کے لئے اس پر مولانا نے فرمایا کہ دہلی اور جامع مسجد کی جنت کے سامنے کیا حقیقت ہے اور میں کیا ہوں جس کی زیارت کے لئے تم آئے، سڑگل جانے والا ایک جسم، پھر جنت کا جوذکر کرنا شروع کیا تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ جنت سامنے ہے۔

اس زندگی کی ناپائیداری اور آخرت کی زندگی کے جاوداں اور اصلی ہونے کا یقین اس طرح طبیعت بن گیا تھا کہ روزمرہ کی باتوں اور خطوط سے صاف عیاں ہوتا تھا۔

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں لکھا کہ مولانا عبدالقادر صاحب سے کہو کہ ''اس آتی جاتی دنیا میں ایک آٹھ دن کے لئے تو نظام الدین تشریف لے آئیں۔

ایک مرتبہ مجھ سے فرمایا کہ کہ لکھنؤ میں ملاقات ہوگی، پھر فرمایا کہ حضرت سفر میں کیا ملنا انشاء اللہ آخرت میں ملیں گے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ریل کا ایک مسافر دوسرے مسافر سے کہتا ہے کہ گاڑی کی ملاقات کیا گھر پر ملیں گے، وہی یقین وہی سادگی۔

مولانا سید طلحہ صاحب سے ان کی اہلیہ کی تعزیت کرتے ہوئے فرمایا'' دنیا کی زندگی کی اس سے

زیادہ بساط نہیں کہ کسی دروازہ کا ایک پٹ پہلے بند کیا پھر دوسرا پٹ۔اسی طرح انسان آگے پیچھے دنیا سے جاتا ہے۔

## کامل یکسوئی اور انہماک:

مولانا نے اپنے کام اور اپنی دعوت کے لئے برسوں سے اپنے کو کامل طور پر یکسو کر لیا تھا اور خلاف مقصد اور غیر متعلق چیزوں سے کوئی تعلق نہیں رکھا تھا۔بہت عرصہ پہلے شیخ الحدیث کو ایک خط میں تحریر فرمایا تھا:

> ''میرے دل کی تمنا ہے کہ کم سے کم میرا دماغ اور خیال اور وقت اور قوت اس امر کے سوا ہر چیز سے فارغ رہے''۔

فرماتے تھے کہ ''میرے لئے کسی دوسری چیز سے اشتغال کب جائز ہے جبکہ میں دیکھتا ہوں کہ آپ ﷺ کی روح مبارک کو (مسلمانوں کی موجودہ حالت اور دین کے ضعف وتنزل اور کفر کے غلبہ سے) اذیت ہے''۔ایک روز ایک خادم نے شکایت کی کہ جو شفقت اور نظر خاص پہلے تھی اس میں کمی معلوم ہوتی ہے۔''فرمایا'' میں بہت مشغول ہوں، میں محسوس کر رہا ہوں کہ آنحضرت ﷺ کو اذیت ہے، میں کسی اور چیز کی طرف متوجہ نہیں ہوسکتا''۔کبھی اپنی مثال اس سپاہی سے دیتے جو چوراہے پر کھڑا سواریوں اور گاڑیوں کو قابو میں رکھتا ہے اور ان کو چلنے اور رُکنے کے اشارے کرتا ہے،فرماتے کہ دوسرے کام بھی اہم اور مفید ہیں مگر اس کے لئے اپنی جگہ سے ہٹنا خطرناک اور ممنوع ہے۔دوسری چیزوں سے ایسی توجہ ہٹالی تھی اور اپنے کام میں ایسے مشغول ہو گئے تھے کہ ماحول کی بہت سی چیزوں کی طرف توجہ کا موقع نہیں ملتا تھا۔نئی دہلی سے گزرتے وقت محبّ مکرم مولانا محمد ناظم صاحب ندوی کے ایک اہم عمارت کو دریافت فرمایا......... فرمایا میرے لئے یہ علوم معدوم ہیں۔

مجلسوں میں جب تک مولانا کو اپنی دعوت کے پیش کرنے کا موقع ملنے کی اُمید نہ ہوتی ان میں شرکت پسند نہ کرتے۔محض رسماً اخلاقاً شرکت بہت گراں گزرتی۔فرماتے تھے'' کہیں جاؤ تو اپنی بات لے کر جاؤ اور اس کو پیش کرو،اپنی دعوت کو غالب رکھو''۔

ایک مرتبہ میں نے مولانا سید سلیمان صاحب کا ایک فقرہ سنایا جو انہوں نے ایک جلسہ سے واپس آکر فرمایا تھا کہ اپنی ایک بات کہنے جاؤ تو دوسروں کی دس باتیں (مروۃً) سننی پڑتی ہیں

مولانا دیر تک اس کا لطف لیتے رہے اور فرمایا کہ بڑے درد سے کہا:

خلاف موضوع اور بے مقصد بات کا دیر تک سننا طبیعت پر بہت بار ہوتا تھا، بعض اوقات بے تکلف آدمی کو منع فرما دیتے اور کبھی اگرا کراہاً و مروۃً طبیعت پر جبر کر کے سنتے رہتے لیکن جاننے والا جانتا کہ کیسا مجاہدہ فرما رہے ہیں۔ ریل کے ایک سفر میں مولانا کے ایک عزیز رفیق نے دوسرے رفیق سے کوئی بات چھیڑ دی اور سلسلہ گفتگو شروع ہوا، فرمایا کہیں اور بیٹھ کر باتیں کرو۔ اہل مجلس اور رات دن کے آنے جانے والے اس بات سے واقف تھے اور حتی الامکان اس کا لحاظ رکھتے تھے، لیکن نئے آنے والوں اور بالخصوص علماء کے لئے سب کچھ جائز تھا اور اس کا کشادہ پیشانی سے تحمل فرماتے۔

وطن عزیز کاندھلہ کے سفر اور عزیزوں سے ملنے میں بھی اپنی دعوت اور بات کو کبھی نہ بھولتے اور کوئی سفر اور کوئی مجلس شائد اس سے خالی ہوتی ہو لیکن اس کے لئے بڑی مناسب اور لطیف تقریب پیدا فرما لیتے اور اکثر کسی مناسبت ہی سے اپنی بات چھیڑتے جو اہل مجلس پر گراں نہ گزرتی اور نکتہ داں لطف لیتے۔

ایک دفعہ دہلی میں کسی مخلص کے یہاں شادی میں آپ کو شرکت کرنی پڑی۔ آپ نے شادی کی خاص مجلس میں بھرے مجمع میں فریقین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: آج آپ کے یہاں وہ خوشی کا دن ہے، جس دن میں کمینوں تک کو خوش کیا جاتا ہے۔ گوارا نہیں ہوتا کہ گھر کی بھنگن بھی ناخوش رہے، بتلایئے حضور ﷺ کے خوش کرنے کی بھی کوئی فکر آپ لوگوں کو ہے، پھر آپ نے تبلیغ اور حضور ﷺ کے لائے ہوئے دین کو سرسبز کرنے کی کوشش کو حضور ﷺ کی خوشی کا سب سے بڑا ذریعہ بتلاتے ہوئے اس کے لئے حاضرین کو دعوت دی۔ مولانا اول تو کسی دعوت و تبلیغ کے سوا کسی اور ضرورت سے شاذ و نادر ہی خط لکھتے پھر اگر لکھتے تو پہلے اپنی بات لکھتے پھر کوئی دوسری بات۔ ایک مرتبہ میرے سامنے ایک میواتی طالب علم نے درخواست کی کہ اس کے لئے مولانا طیب صاحبؒ (مہتمم دارالعلوم دیوبند) کو سفارش کا ایک خط لکھ دیا جائے۔ مولانا نے وہ خط لکھوایا۔ سارا تبلیغ کا ذکر تھا آخر میں ایک دو سطروں میں اس کی سفارش تھی۔

خاکسار کبھی اپنے بعض عزیزوں سے ملنے جاتا تو واپسی پر پوچھتے کہ اپنی بات بھی کہی تھی اور ان کو اس کام کی دعوت بھی دی تھی؟ میں نفی میں جواب دیتا تو فرماتے" مولانا تعلقات جب تک

محمد ﷺ کے قدموں کے نیچے نہ آئیں، مردہ ہیں (یعنی جب تک ان کو دین کی تقویت و دعوت کا سبب نہ بنایا جائے، ان میں خیر و برکت اور روح نہیں)۔

تقریبات میں شرکت و دعوت کو صرف اسی مقصد کے لئے درست سمجھتے تھے، اور آپ کے نزدیک ان کا یہی فائدہ تھا۔ خود اپنے گھر کی ایک مجلس عقد کی اطلاع اس طرح دیتے ہیں: ''اس دور انحطاط میں بندہ ایسے موقعوں کے اجتماع کو مسلمانوں کی بے حسی سمجھتا ہے مگر چونکہ اپنے بزرگ علماء و مشائخ تشریف لا رہے ہیں اس لئے اطلاعاً تحریر ہے تاکہ جملہ احباب تشریف لا کر سعادت دارین حاصل کریں اور بندہ کو اپنے تبلیغی نظام کے پیش کرنے کا موقع دیں۔

لایعنی (جو بات دینی حیثیت سے مفید اور دنیاوی حیثیت سے ضروری نہ ہو) سے بڑی نفرت اور اجتناب تھا اور اس کی دوسروں کو بھی وصیت فرماتے اور تبلیغ میں نکلنے والوں کو بالخصوص تاکید فرماتے۔ فرماتے تھے ''لایعنی میں اشتغال کام کی رونق کو کھو دیتا ہے'' جس کام میں دین کا فائدہ نہ دیکھتے اس کو تضیع اوقات سمجھتے۔ ایک مرتبہ میں چبوترہ کے پاس کھڑا ہوا ذوق وشوق کے ساتھ مولوی سید رضا حسن صاحب سے کوئی پرانا واقعہ اور کسی تبلیغی سفر کی روداد سن رہا تھا، مولانا نے سنا اور فرمایا کہ یہ تو تاریخ ہوئی کچھ کام کی بات کیجئے۔

وقت کی بڑی قدر کرتے تھے اور اس کا اپنا سرمایہ سمجھتے تھے، اس کو بیکار صرف کرنے سے بڑا درد ہوتا تھا۔

ایک مرتبہ نئے خطوط دیکھے جا رہے تھے، ایک پرانا لفافہ ملا جو پڑھا جا چکا تھا۔ کچھ منٹ اس کی تحقیق میں صرف ہوئے۔ پھر معلوم ہوا کہ وہ پڑھا جا چکا ہے، فرمایا اس کو پھاڑ ڈالو ورنہ یہ پھر وقت ضائع کرے گا۔ پھر فرمایا یہی وقت تو ہمارا سرمایہ ہے۔

اس سرمایہ کو مولانا نے جس طرح دیکھ بھال کر صرف کیا اور اس کی جیسی قدر و قیمت پہچانی وہ ان کے اس عظیم الشان اور عہد آفریں کام سے ظاہر ہے جو اس وقت دنیا کے سامنے ہے، اتنا بڑا کام اسی وقت انجام پا سکتا تھا کہ وقت بالکل ضائع نہ کیا جائے اور کسی خلاف مقصد اور غیر مفید مطلب بات میں اس کا کوئی حصہ صرف نہ ہو۔

### مقصد کا عشق:

مولانا نے ایک مرتبہ عشق کی یہ تعریف کی تھی کہ ''آدمی کی لذتیں اور دلچسپیاں جو دنیا کی بہت سی

چیزوں میں بٹی ہوئی ہیں سب نکل کر کسی ایک چیز میں سمٹ آئیں، یہی عشق ہے''۔ مولانا کی یہ تعریف دین کے بارہ میں خود ان پر صادق تھی۔ اس سے ان کی روح کو عشق ہو گیا تھا جس کے سامنے تمام حسی لذتیں اور تاثرات ماند پڑ گئے تھے، اور یہ روحی لذت ان کے لئے بالکل حسی اور طبعی لذت بن گئی تھی۔ اس سے ان کے وہ قوت و توانائی اور نشاط و تازگی حاصل ہوتی تھی جو لوگوں کو غذا اور دوا سے حاصل ہوتی ہے، چنانچہ ایک کارکن کو (جنھوں نے خانہ نشینی کی حالت میں اپنی بے چینی کی شکایت لکھی تھی) جواب میں یہی حقیقت لکھی تھی جو کسی اور کے متعلق صحیح ہو یا نہ ہو ان کے متعلق بالکل صحیح نہیں۔

''میرے محترم یہ تبلیغی کام درحقیقت انسان کی روح کی غذا ہے، حق تعالیٰ نے اپنے فضل سے آپ کو اس غذا سے بہرہ ور فرمایا۔ اب اس کے عارضی فقدان یا کمی پر بےچینی لازمی شے ہے آپ اس سے پریشان خاطر نہ ہوں''۔

بارہا ایسا ہوا کہ کسی خوشخبری کو سن کر یا کسی ایسے آدمی سے مل کر جس کو وہ اپنی دعوت کے لئے مفید سمجھتے تھے، وہ اپنی بیماری بھول گئے طبیعت کو اتنی قوت حاصل ہوئی کہ وہ مرض پر غالب آ گئی۔ دفعتہً صحت ترقی کر گئی۔ اس کے برعکس کسی تشویش یا ذکر سے ان کی صحت گر گئی۔ ان کی تمام فکریں اسی فکر میں گم ہو گئی تھیں جیسا کہ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''طبیعت میں سوائے تبلیغی درد کے اور خیریت ہے''۔

ان کی ذکاوت حس سب سے منتقل ہو کر اسی ایک چیز میں مرکوز ہو گئی تھی، بعض اوقات فرماتے مجھے مشغولیت کی وجہ سے بھوک کا احساس نہیں ہوتا۔ سب کے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں یا کھانے کا وقت آ جاتا ہے تو کھا لیتا ہوں۔

تبلیغی اطلاعات کے خطوط سے ان کو وہ تقویت اور خوشی حاصل ہوتی تھی جو حقیقتاً عاشق کو مژدہ وصال اور نامۂ دلبر سے ہوتی ہے، ایک کارکن کو جو کبھی تبلیغ کی روداد لکھا کرتے تھے، تحریر فرماتے ہیں۔

''تمہارے خطوط کا خیال ہی گویا زندگی اور روح رواں کی جگہ ہے، میری یہ بات اگر پوری صحیح نہیں تو پوری غلط بھی نہیں، اور میں اپنے عقیدہ میں اس خیال کو جان سے زیادہ سمجھنا فرض سمجھتا ہوں، تم میرے دل کی تسلی سمجھ کر خطوط بھیجنے میں کمی مت کیا کرو''۔

مبلغین کی آمد کا انتظار عید کے چاند کے انتظار سے کم نہیں تھا، ایک کارکن کو جو ایک جماعت لانے والے تھے، لکھتے ہیں:

''جمنا کے کنارہ کنارہ جو مبلغین کی جماعت آوے گی اس کا مجھے ایسا ہی انتظار ہے جیسے عید کے چاند کا ہوتا ہے، بہت اہتمام سے اس جماعت کو لاؤ''۔

آخری علالت میں ضعف کی وجہ سے بعض مرتبہ ایسی کسی خوشی کا تحمل نہ ہوتا۔ جنوری 1944ء میں جب لکھنؤ کی جماعت گئی تو ایک دن صبح کی نماز کے بعد مولانا نے مجھ سے فرمایا کہ میرے آنے کے بعد تو کانپور میں کام ختم ہو گیا ہوگا۔ (اس کی اطلاعات غالباً مولانا کو پہنچی تھیں) میں نے عرض کیا کہ لکھنؤ سے ایک جماعت گئی تھی اور الحمدللہ کام پھر شروع ہو گیا ہے۔ حاجی ولی محمد صاحب کی طرف میں نے اشارہ کیا کہ یہ بھی اس جماعت میں تھے، مولانا نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھائے اور ان کے ہاتھ چوم لئے اور فرمایا کہ میرا خوشی سے سر دُکھ گیا، مجھے اب بہت خوش بھی نہ کیا کیجئے، مجھ میں خوشی کا تحمل نہیں رہا ہے۔

اسی طرح بعض اوقات جماعتوں کی کسی بے اصولی اور کوتاہی کا اثر ایسا پڑتا کہ بیمار ہو جاتے۔ ایک مرتبہ حاضر ہوا تو فرمایا کہ میں تو سہارنپور سے آکر بیمار ہو گیا! میں نے عرض کیا کیا سبب ہوا؟ فرمایا ہر سے جو جماعتیں آئی تھیں انہوں نے اصول کی پابندی نہیں کی لایعنی سے احتراز نہیں کیا، اور شہر میں سیر و تفریح کرتے رہے۔

مولانا کے اس جذبہ و جوش کا اندازہ مندرجہ ذیل اقتباسات سے ہوگا۔

''اس کے اوپر جان و مال کو قربان اور وقف کر کے اس میں اپنی عمروں کو گنوانے والے پیدا کرنے چاہئیں، بے پس و پیش اس میں اپنی جان گنوا دینی ضروری ہے''۔ (بنام مولانا ابوالحسن ندوی)

''ہر کوشش کو اس کے درجہ میں رکھتے ہوئے اور **لا یضیع اجر المحسنین** پر ایمان رکھتے ہوئے بے چون و چرا اپنے اس معاملہ میں جنوبی ہونے اور کہلائے جانے کی تمنا رکھتے ہوئے ان کوششوں میں اپنے فنا میں اپنا بقا سمجھتے تو ان کوششوں میں دنیا ہی میں جنت کا مزہ پاتے۔

مولانا کی کیفیت یہی تھی کہ ان کوششوں میں ان کو جنت کا مزہ آتا تھا، اس راستہ میں گرم لُو ان کے لئے نسیم سحری سے زیادہ خوشگوار اور فرحت بخش تھی۔ ایک مرتبہ مئی کی کسی آخری تاریخ میں مولاناؒ، شیخ الحدیث، مولانا زکریا صاحب، مولوی اکرام الحسن، صاحب ایک کار پر قطب صاحب

گئے، لُو کے سخت جھونکے آرہے تھے، مولانا نے فرمایا لُو آرہی ہے، کھڑکیاں بند کردو"۔ شیخ الحدیث صاحب نے فرمایا جی ہاں! اس وقت لُو معلوم ہورہی ہے۔ کوئی تبلیغی سفر ہوتا تو یہ ہوا گرم نہ معلوم ہوتی، فرمایا: بے شک!

اس عشق کا نتیجہ تھا کہ جب کسی میں کوئی خوبی، کمال، جودت طبع، ذہانت یا مہارت ملاحظہ فرماتے تو فوراً ذہن دین کی خدمت کی طرف منتقل ہوتا اور یہ تمنا ہوتی کہ یہ کمال یہ دولت دین کے راستے میں صرف ہوتی اور اپنا رنگ لاتی۔

حجاز سے شیخ الحدیث کے نام ایک خط میں فرماتے ہیں:

"حکیم رشید کا خط آیا، ان کے خط سے ان کی جودت طبع کو دیکھ کر بہت ہی جی للچایا کہ اللہ نے ہمارے خاندان کو کیسی مکارم اخلاق والی طبیعتیں نصیب فرمائی ہیں اور کیسا صالح معدن بنایا ہے، کاش یہ طبائع استقلال کے ساتھ جہاں کے لئے پیدا ہوئی ہیں، اس میں لگ جائیں تو اللہ چاہے دین میں سبقت کرنے والوں پر سابق ہوں یہی مضمون میاں فراغت کی نظم پر سمجھو[1]"۔

ڈاکٹر ذاکر حسین خاں فرماتے ہیں کہ علالت کے زمانہ میں ایک مرتبہ پشت پر کچھ نجاست دھلانے میں خطرہ تھا کہ بدن بھیگ جائے اور سردی لگ جائے، کسی کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ بغیر نہلائے کس طرح صفائی ہوسکتی ہے، مولوی یوسف صاحب نے لوٹے کی ٹونٹی سے اس طرح پانی بہایا کہ نجاست دور ہوگئی اور پیٹھ بھیگنے نہیں پائی، نہایت خوش ہوئے اور دُعائیں دیں اور فرمایا کہ ذہانت اور سلیقہ دین کی خدمت میں صرف ہونا چاہیے"۔

## درد و بے قراری:

مولانا کا سا درد اور بے قراری دیکھنے میں نہیں آئی جس شخص نے نہیں دیکھا وہ تصور نہیں کر سکتا، بعض اوقات ماہی بے آب کی طرح تڑپتے، آہیں بھرتے اور فرماتے "میرے اللہ میں کیا کروں کچھ ہوتا نہیں، کبھی کبھی دین کے اس درد اور اس فکر میں بستر پر کروٹیں بدلتے اور بے چینی بڑھتی تو اُٹھ اُٹھ کر ٹہلنے لگتے۔ ایک رات والدہ مولانا یوسف صاحب نے پوچھا کہ آخر کیا بات ہے کہ نیند نہیں آتی، فرمایا کیا بتلاؤں، اگر تم کو وہ بات معلوم ہوجائے تو جاگنے والا ایک نہ

---

1 29 ذی الحجہ 57 ہجری

رہے، دو ہو جائیں۔ بعض اوقات دیکھنے والوں کو ترس آتا اور تسکین دیتے۔ بعض مرتبہ اس جوش کے ساتھ گفتگو کرتے کہ معلوم ہوتا سینے میں تنور گرم ہے، حمیت اسلامی اور جذبات کا ایک طوفان برپا ہے، زبان ساتھ نہیں دیتی اور الفاظ مساعدت نہیں کرتے۔ بعض مرتبہ پورا درد دل کہنے کے بعد غالب کے مشہور شعر کو بڑی لطیف ترمیم کے ساتھ پڑھتے۔

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ تو سمجھے اللہ کرے کوئی

کبھی سامعین کے اضطراب اور وحشت کا خیال کر کے خاموش ہو جاتے، لیکن یہ شعر (جو حضرت مجددؒ نے بہت سے خطوط کے آخر میں بار بار لکھا ہے) حسب حال ہوتا۔

اند کے پیش تو گفتم غم دل ترسیدم!
کہ تو آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

اس کیفیت کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو ان کے زمانہ کے لوگ مجنوں کیوں کہتے تھے اور **لعلك باخع نفسك الایکونوا مومنین** کی تنبیہ کی بار بار ضرورت کیوں پیش آئی تھی۔ اس درد و بے قراری سے عہد سلف کے اولوالعزم انسانوں کے سوز و اضطراب کا اندازہ ہوتا تھا کہ دین کے انحطاط و تنزل اور اپنے زمانے کی ویرانی کا ان کو کیسا احساس تھا اور دین کی وہ کیا غیرت و حمیت تھی جس نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے قلم سے بار بار یہ شعر لکھوایا۔

آنچہ من گم کردہ ام گراز سلیماں گم شدے
ہر سلیماں ہم پری ہم اہرمن بگر یستے !

اور یہ الفاظ ان کے قلم سے نکلتے۔ **واویلاہ واخرناو امصیبتاہ** محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبوب رب العالمین است اتباع او رذلیل وخوار اند و دشمنان او رباعزت و اعتبار۔

مولاناؒ پوری کوشش کے بعد بھی جب اس کام کی ضرورت اور تحریک کی حقانیت کے مقابلہ میں اس مساعی کو دیکھتے تھے جو دین کے فروغ کے عمل میں لائی جارہی ہیں تو ان کو بہت ناکافی سمجھتے تھے اور اداء حق تقصیر و کوتاہی پر مواخذہ کا خوف طاری ہو جاتا تھا اور یہی ان کے درد و بے قراری کا سبب تھا۔ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''جس قدر اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اس بارے میں حق کا وضوح فرما دیا ہے، اس کے مقابلہ

میں اپنی مساعی، اپنے درد اور اپنی آواز کی کچھ نسبت نہیں پاتا۔ لہٰذا کرم ہو تو اس کے شایان شان ہے اور اگر عدل ہو تو کوئی صورت نجات کی نہیں"۔

اس زمانے کے فتنوں کی تیز رفتاری، لادینیت کے سیلاب اور ملحدانہ اثرات کی طاقت کو دیکھتے اور اس کے مقابلہ میں دینی کوششوں کی سست رفتاری کو دیکھتے تو طبیعت پر افسردگی طاری ہو جاتی اور کام کی خوش کن خبریں خوش نہ کر سکتیں۔ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:

"کئی روز ہوئے گرامی نامی پہنچا چاہیے تھا کہ دل کو بڑی زندگی اور چین بخشے لیکن میرے بزرگ، دوست، ایماں سوز، جذبات کش، فتن مظلمہ مدلہہ کی رفتار ڈاک گاڑی سے بھی زیادہ تیز ہے اور اس کا مقابل (یہ تبلیغی تحریک) جو صرف وہی ظلمت کو نور سے بدلنے والی ہے اس کی رفتار چیونٹی سے بھی زیادہ ضعیف ہے، فتنہ کی روانی دیکھ کر یہ مقداریں کچھ پیاس کے بجھانے کے لئے کافی نہیں ہیں [1]۔

میوات کی جماعتیں اور قافلے باہر نکلتے، لوگ ان کی تعداد اور ہمت دیکھ دیکھ کر خوش ہوتے مگر مولانا کا پر سوز اور مضطرب دل کچھ اور چاہتا۔ آپ کی متجسس نگاہیں اور انکا دل ٹٹولتیں، اگر ان کے جذبات میں ذرا بھی خامی اور ان کے پائے ثبات میں کچھ لغزش اور گھروں کو لوٹنے کا شوق و تقاضا دیکھتے تو دل بجھ جاتا اور مسرت حسرت سے بدل جاتی۔

ایک خط میں چند تبلیغی خوشخبریوں کے جواب میں لکھتے ہیں:

"(آپ کے خط میں) تبلیغ کی سرگرمیوں کا ذکر ہے، اس میں ذکر ہے کہ 80 آدمی یہاں تبلیغ کے لئے آئے اور 35 آدمیوں کی جماعت تیار ہے، پہلی خبر الحمد للہ ثم الحمد للہ، اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل و کرم واحسان اور نعمت جلیلہ ہے کہ اس نے 80 آدمیوں کی مقدار ایسے نازک زمانہ میں کہ جہاں اس عمل کو حقارت سے دیکھا جا رہا ہے اور اس کی ناقدری کی جا رہی ہے، ایسے زمانہ میں دین کے فروغ دینے کے لئے گھر سے نکلے۔ مگر میرے عزیز اللہ کا شکر بجالانے کے بعد اپنی کوتاہی پر ندامت کے ساتھ ایک گہری نظر ڈالنی چاہیے کہ پندرہ سالہ کوشش کے بعد تبلیغ کے یہ انوارات، یہ برکات اور عزت

---

1. بنام مولانا عبدالغفار صاحب مجددی ندوی

اور یہ دنیا کے اندر نام آوری اور یہ ہر طرح کی نورانیت اور بہبودی کھلی آنکھوں محسوس کرتے ہوئے پھر کل 80 آدمیوں کی مقدار نکلی تو اتنے لاکھ مقدار میں کتنی قلیل ہے اور پھر نکل لینے کے بعد گھر واپس جانے کو ایسی بے قرار کہ ان کا تھامنا مشکل، گھر سے نکلیں تو مشکل سے اور نکلنے کے بعد یہ ختم ہونے والا گھر اپنی طرف کھینچتا رہے تو یہ دین کا گھر کس طرح آباد ہوگا۔ جب تک گھروں پر رہنا اتنا دشوار نہ ہونے لگے جیسا اس وقت تبلیغ کے لئے نکلنا دشوار ہے، اور جب تبلیغ کے لئے چار چار مہینے ملک در ملک پھرنے کو اپنی قوم میں جزو زندگی بنانے کی کوشش کے لئے پورے اہتمام کے ساتھ آپ لوگ کھڑے نہیں ہوں گے اس وقت تک قومیت صحیح دینداری کا مزہ نہیں چکھے گی اور حقیقی ایمان کا ذائقہ کبھی نصیب نہیں ہوگا''[1]۔

انہی مکتوب الیہ کو ایک دوسرے خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''عزیز دوست میں اس کا دکھ کیا ذکر کروں کہ سالہا سال کی کوشوں کے بعد نکلتے ہیں اور مہینوں بھی نہیں ٹکتے۔ دینی کوشش کے اندر چند مہینے بھی نہیں گزار سکتے۔ میرا مقصد ہے کہ جب تک فی گھر ایک آدمی ہمیشہ باہر دین کا گھر بنانے کے اہتمام کو یعنی تبلیغ میں باری باری سے نکلنے کو لازمی نہیں کرے گا اس وقت دین کے ساتھ اُنس اور پائیداری پیدا نہیں ہوسکتی''۔

''عیسیٰ! تم غور کرو کہ دنیا فانی میں کام کے لئے تو گھر کے سارے افراد ہوں اور اس کے لئے صرف ایک کو کہا جاوئے، اور اس پر بھی نباہ نہ ہو تو آخرت کو دنیا سے گھٹایا یا نہیں گھٹایا وہ جماعتیں تمہیں دیکھ لو کہ خط لکھے ہوئے کئی دن ہوئے وہ سب واپس ہی ہو گئے، جماعتوں کے نکلنے پر خوش نہیں ہونے پاتا کہ واپسی کی آوازیں آجاتی ہیں''۔[2]

کبھی کسی دقیق مضمون کو الفاظ میں ادا نہ کرسکتے اور جو بات کہنا چاہتے تھے، اس کے لئے الفاظ نہ ملتے تو اس سے ایک بے چینی پیدا ہو جاتی تھی۔ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''بندہ ناچیز اس تبلیغ کے سلسلہ میں ایک تحیر کی حالت میں ہے، اپنے میں مغز کی بات

---

1+2 بنام میاں محمد عیسیٰ فیروز پور نمک

ادا کرنے کی اہلیت بھی نہیں، عمل تو درکنار، اور عادت خداوندیہ اٹل ان کی نصرت اور رحمت اسی راستہ میں ہے"۔

ایک خط میں یہ مضمون لکھاتے ہوئے کہ دین کو فروغ دینے کی کوشش میں لگنا ہی بلاؤں کو ٹال سکتا ہے اور مقاصد کو تروتازہ کرتا ہے، اور اس طرز زندگی سے غافل ہوتے ہوئے بہبودی کا انتظار اور بلاؤں کے کم ہونے کا وہم ایک مجنونانہ اور غلط خیال ہے، بے اختیار خط ان الفاظ پر ختم کرتے ہیں:

"یہ مضمون لکھاتے ہوئے طبیعت بے چین ہوگئی، لہذا اسی پر اکتفا کرتا ہوں"۔

دل کی اس تپش اور حرارت کے ساتھ اور طبیعت کی اس بے چینی اور بے قراری کے ساتھ یہ انہیں کا ظرف وضبط تھا کہ ہنستے بولتے بھی تھے، لوگوں کا اکرام بھی کرتے تھے اور یہ شعلہ جانسوز جس کو برسوں سے سینے میں لئے ہوئے تھے، کسی اور کا کام کا نہ رکھتا تو تعجب نہ تھا اور بالآخر اس کے سوز سے شمع کی طرح پگھلتے پگھلتے شب عمر سحر کردی۔

ہمچو شبنم دیدۂ گریاں شدم     تا امین آتش پنہاں شدم
شمع را سوز عیاں آموختم     خود نہاں از چشم عالم سوختم
شعلہ ہا آخر زہر مویم دمید     از رگ اندیشہ ام آتش چکید

**جہد ومشقت:**

دین کی دعوت اور تبلیغ وہدایت کے لئے زبان وقلم سے زیادہ سے زیادہ کام لینے کا دستور بھی تھا، لیکن اس مقصد کے لئے محنت ومشقت اور دوڑ دھوپ کو زیادہ اہمیت دینا اور اس کی مقدار کو زبان وقلم کی حرکت کی مقدار سے بڑھانے کو ضروری سمجھنا اس زمانہ میں مولانا کا امتیاز تھا اور اللہ تعالیٰ نے یہ علم آپ کے قلب میں بڑی قوت سے منکشف کیا تھا۔ آپ اپنے رفقاء کو اس اصول پر مضبوطی سے قائم رہنے کے لئے ہدایتیں فرماتے تھے، خود دُعائیں کرتے تھے اور اللہ کے مقبول بندوں سے اس مقصد کے لئے دُعائیں کرانا چاہتے تھے، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

"میں بہت ہی دل وایمان سے متمنی ہوں کہ بہت ہی اہتمام کے ساتھ ہمت کو لگا کر یہ دُعا کریں کہ میری یہ تحریک سراسر عمل ہو، اقوال کی کثرت اس کے عمل کو مکدر نہ کرے

بلکہ قول اور تقریر بقدر ضرورت اور اعانت کے درجہ میں رہے۔ و ما ذلك علی اللہ بعزیز فرمایا کرتے تھے کہ "دین کے فروغ کے لئے جان دینے کے شوق کو زندہ کرنا اور جان کو بے قیمت کر دینا ہماری تحریک کا مقصود اور خلاصہ ہے۔ طبعی ضعف اور لاغری کے باوجود آپ نے ابتداء سے میوات کے دوروں اور تبلیغ کے سفروں میں ایسی محنت کی جو اچھے جفاکش اور توانا آدمیوں کے لئے مشکل ہے۔ اپنے مقصد کے پیچھے اپنا آرام، کھانا پنیا بھول جاتے تھے۔ خلاف عادت 24...24 میل پیدل چلے، خلاف طبیعت کھانا کھایا اور کئی کئی وقت بھوکے ہے، کبھی کھانا موجود ہونے کے باوجود بھی 36,38 اور 48,48 گھنٹے کھانا کھانے کی نوبت نہ آئی۔ کئی بار ایسا ہوا کہ جمعہ کی شب کو یا جمعہ کی صبح کو نظام الدین سے کھانا کھا کر روانہ ہوئے اور اتوار کو نظام الدین واپس آ کر کھانا کھایا، راتوں کو جاگے، پہاڑیاں عبور کیں، دشوار سے دشوار گزار راستے طے کئے۔ مئی، جون کی قاتل لُو، اور پھر میوات کے ریگستانی علاقہ کی گرم لوہ کے جھونکے اور دسمبر و جنوری میں کھلے میدان کو ہوا کے سرد جھونکے یکساں برداشت کئے اور ساتھیوں سے یہ کہہ کر ان کا دل بڑھاتے رہے کہ "جبل جہد (محنت و تکلیف) کے پرلی طرف خدا ہے جس کا جی چاہے مل لے"۔

بعض حالات میں میوات کا سفر گرمی کی ایسی شدت اور صحت کی ایسی کمزوری کی حالت میں کیا ہے کہ زندگی کا اطمینان کم اور موت کا خطرہ زیادہ تھا مگر راہ خدا کے اس سفر کو سفر جہاد اور میوات کی زمین کو میدان کارزار سمجھتے ہوئے تکالیف و خطرات سے بے پرواہو کر قدم اُٹھایا۔

16 مئی 36، کو ایک سفر میوات کے موقع پر شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب و صاحبزادہ مولانا محمد یوسف صاحب کو تحریر فرمایا:

"اس قدر ضعف ہے کہ خلاف طبع الجھی ہوئی بات سے اختلاج اور خفقان ہوتا ہے اور آرام کے ساتھ موٹر سے دہلی تک کی سواری سے بخار آتا ہے۔ اس پر الحمد للہ ثم الحمد للہ ایک مہینہ کی مسافت کے لئے میوات کی سخت ترین باد سموم اور نہایت جہال کی باتوں کے الجھاؤ کا نشانہ بن کر موت کے لئے اپنی جان کو پیش کرنے کی نیت سے اس سفر کو کارزار کا میدان تصور کرتے ہوئے، مصمم ارادہ سفر ہے گویا یہ سفر جہاد ہے مگر اپنے

ضعف سے اور اپنی مجربہ کم ہمتی سے نہایت خوف ہے۔ کسی جگہ یہ نفس شریر کرب و شدائد کے مقابلہ سے فرار کر کے نامرادی سے واپس ہوگا۔ دعا کرو کہ جان کے جانے تک تحمل میں حق تعالیٰ شانہ شدائد و کرب کا نصیب کریں۔ و ما ذلك على الله بعزیز۔ اور یا کام کو پورا کر کے سلامتی کے ساتھ بغنیمت عود نصیب فرمائیں۔ اپنے اس سفر کو، اہم فریضہ اور صحت کی رعایت کو سنگین ترین معصیت سمجھ کر اپنی زندگی سے مایوس ہو کر سفر کر رہا ہوں''۔

کلناچ پور میں پہاڑ کی چڑھائی تھی۔ بیل گاڑی کا سفر تھا۔ گاڑی راستہ میں الٹ گئی۔ لوگوں کو چوٹ آئی۔ خدا خدا کر کے لوگ اوپر پہنچے لیکن نہایت خستہ گرد آلود بعض وہ علماء بھی ساتھ تھے جو تکلیفوں کے عادی نہیں تھے لیکن قبل اس کے کہ لوگ تکان اور تکلیف اور خستگی کی شکایت کریں مولانا نے یہ کہہ کر ان کی طبیعت کا رُخ بدل دیا کہ دوستو! ساری عمر میں آج ایک دن تم کو جو ذرا کی سی چڑھائی پیش آئی بتاؤ وہ رسول اللہ ﷺ کو کتنی بار پیش آئی تھی، ہمیں اپنی اس محرومی اور کوتاہی پر شرمندہ ہونا چاہیے۔ اب کون تھا کہ حرف شکایت زبان پر لاتا۔

مولانا جب کسی کام کا عزم فرما لیتے تو پھر کسی زحمت کا خیال مانع نہیں ہوتا تھا۔ مولانا کے نزدیک دنیا کی بہت تھوڑی چیزیں ناممکن تھیں۔ یاس و ناامیدی کا ان کے یہاں بہت کم گزر تھا، جس بات کا خیال آتا تو فوراً ارادہ فرما لیتے۔ ایسا ہوا کہ نوح کے لوگوں سے کوئی بات کہنا ضروری معلوم ہوئی۔ رات کے چار بجے نظام الدین سے پیدل روانہ ہوئے، دہلی میں حاجی نسیم صاحب کے یہاں پہنچ کر کار لی اور سحر کے وقت نوح پہنچے۔ سب کو سوتا پایا

مقصد و مدعا کہا پھر فجر کی نماز پڑھتے ہی واپس آ گئے۔ کبھی ایسا ہوا کہ بارش کا پانی جمع ہے اور سڑک پر نالہ بہہ رہا ہے، میوات کا سفر ہے، کسی مقام کا قصد فرمایا۔ لوگوں نے کہا تانگہ لے آئیں، فرما ضرورت نہیں، اور گھٹنوں گھٹنوں پانی میں چل دیئے۔

مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے بالکل صحیح لکھا ہے:

''جسمانی لحاظ سے اگر چہ نہایت ضعیف و ناتواں تھے مگر اس مقدس مقصد کے لئے ایسی ان تھک اور اس قدر بے پناہ جدوجہد کر کے دکھا گئے کہ میرا اندازہ ہے کہ اگر بالفرض کسی شخص کے سامنے جنت اپنی ساری نعمتوں اور دلفریبیوں کے ساتھ اور جہنم اپنی

ساری ہولناکیوں سمیت منکشف کردی جائے اوراس سے کہا جائے کہ یہ کام کروگے تو یہ جنگ ملے گی اورنہیں کروگے تو اس جہنم میں ڈالے جاؤ گے تو شاید اس کی سعی و جہد اس سے زیادہ نہ ہو سکے گی جو مولانا محمد الیاسؒ کی بالخصوص آخری زمانہ میں تھی''۔

(میری زندگی کے تجربات از مولانا محمد منظور صاحب نعمانی)

اس کے باوجود رفقاء کی راحت و عافیت کا بہت اہتمام فرماتے، ان کو خواہ مخواہ تکلیف میں نہ ڈالتے، ان کے لئے ضروری راحت کی تدبیریں سوچتے اوراس کا سامان بڑی کوشش سے بہم پہنچاتے ۔لیکن ان کو جدو جہد کے لئے تیار کرتے۔

ایک مرتبہ میوات کے ایک سفر میں چند رفیقوں سے جو آپ کے بعد میوات میں کچھ دن رہنے والے تھے فرمایا کہ آپ جہد کو تلاش کیجئے گا اور میواتی رفقاء سے فرمایا آپ ان کو راحت پہنچانے کی کوشش کیجئے گا، پھر ان مہمانوں سے فرمایا اگر آپ کے حصہ میں صرف راحت آئی تو آپ ہارے۔خود بھی اللہ کے دیئے ہوئے سامان راحت کو نہ ٹھکراتے اوراس کی ناقدری نہ کرتے بلکہ اللہ کا عطیہ اور نعمت سمجھتے، اپنے لئے نہ اس کی فکر میں رہتے، نہ ملتا ہوا رو کرتے۔

**لا یتکلف غائباً و لا یرد موجدا** اصول تھا۔

طبیعت میں خواہ مخواہ کی مشکل پسندی اور دشوار طلبی نہ تھی، البتہ دین کے لئے حوصلوں کے بلند کرنے کی ترغیب دیتے رہتے۔میواتی مبلغین کو باہر جاتے ہوئے وصیت فرماتے کہ اپنی سادگی اور جفاکشی کی خو نہ چھوڑیں کہ یہ ان کا جوہر ہے اورشہریوں کی راحت پسندی اور تکلفات کو اختیار نہ کریں کہ یہ ان کا بڑا فرض ہے، سادہ کھانا کھائیں، زمین پر سوئیں اور مشقت برداشت کرنے کے عادی رہیں، اس سے ڈرتے رہتے تھے کہ یہ شہروں میں جا کر شہریوں کے عادات واطوار اختیار نہ کرلیں اوران کی پُر راحت اور پُر تکلف زندگی کا ان کو چسکا نہ لگ جائے۔

مولانا فرماتے تھے کہ انسان کے لئے مشقت فطری امر ہے **لقد خلقنا الانسان فی کبد** اگر وہ دین کے کام میں مشقت نہ برداشت کرے گا تو دنیا کے بے ثواب کاموں میں مشقت کرے گا جیسا کہ اس وقت ہو رہا ہے۔جہاں دنیا اپنے موہوم مقاصد کے لئے اور دنیاوی زندگی کی حقیر چیزوں کے لئے مجنونانہ محنتیں کر رہی ہے وہاں دین جیسی قیمتی اور ثواب آخرت جیسی یقینی چیز کے لئے تھوڑی سی تکلیف برداشت کرلینا کیا وقعت رکھتا ہے، ایک صاحب کو بیماری کے متعلق

فرمایا:

"ایسے زمانہ میں کہ روٹیوں کے واسطے جانیں جارہی ہوں دین کی کوشش میں بخار کا آجانا کچھ بڑی بات نہیں"۔

ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

"دنیاوی معیشت کے اندر کے اسباب کی کوشش اور سعی کو جب تک دین کے درست کرنے والی چیزوں میں کوششوں اور سعی سے مغلوب نہیں کیا جاوے گا اس وقت تک غیرت خداوندی دین کی دولت سے مالامال نہیں کرسکتی۔ (مکتوب بنام محمد عیسیٰ خان صاحب فیروز پور نمک)

ایک دوسرے مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں:

"عادات خداوندی عموماً دین میں اپنی جہد کی مقدار کے ساتھ وابستہ ہیں۔ آدمی کسی مقصد کے لئے جتنا اپنے آپ کو ذلیل کرتا ہے اور تکالیف کو جھیلنے کے ذریعہ اپنے حالات، جوارح، قلب اور قوتوں کی شکستگی اور تعب وانکسار کو پہنچتا ہے اتنی ہی حق تعالیٰ کی رحمت کے نزول کا سبب ہوتا ہے"۔

" انا عند المنكسرة قلوبهم " والذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا "۔

(کسی راہ کی ذلت اُٹھائے بغیر اس کی عزت کو پہنچنا عادتاً ہوتا نہیں)

لیکن اس زمانہ کے بعد اور اہل زمانہ کی پست ہمتی کو دیکھتے ہوئے اگر کوئی اس راستہ میں ایک قدم بھی اُٹھاتا تو اس کی بڑی قدر فرماتے اور کوئی اس راستہ میں ذرا سی بھی تکلیف گوارا کرتا تو اس کو بہت محسوس کرتے اور شکر گزار ہوتے۔ احسان مندی اور قدر افزائی کا یہی شیوہ تھا جس سے پست ہمت اور تن آسان رفقاء کار کے حوصلے بھی بلند تھے اور وہ افتاں وخیزاں اسی راستے پر چلے جا رہے تھے، اس نیاز مند کو اس کی ایک علالت میں (جو ایک تبلیغی سفر میں پیش آئی تھی تحریر فرماتے ہیں:

"میرا تو جی چاہتا ہے اس پر مبارک باد دوں کہ اس چودھویں صدی میں محض جہد فی سبیل اللہ والا سفر مرض کا سبب ہوا۔

هل انت الا اصبع دميت

وفي سبيل الله ما لقيت

صورۃً بیماری اس سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی کہ دنیا میں جیسے ہزاروں کو بخار آتے ہیں ایک آپ کو بھی آ گیا۔ لیکن یہ بخار اس نسبت سے روئے زمین پر غالباً ممتاز ہوگا کہ بظاہر اس کا سبب ایک ایسی چیز کے لئے قدم اُٹھانا ہے کہ وہ طرز زندگی اگر رائج ہو جائے اور جانیں جا کر بھی یہ راستہ کھل جائے تو اُمت محمدیؐ کے نہایت مشغول رہنے والی اور اپنے مشاغل سے فارغ نہ ہوسکنے والے افراد کو رشد وہدایت سے پورا پورا حصہ ملنے کا مردہ طریق زندہ اور پائیدار ہو جائے گا۔

ایک دوسرے گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''جس مذہب کے لئے ہزاروں جانوں کا طیب خاطر سے پیش کر دینا اس کی قیمت کیلئے کافی نہیں ہوسکتا اور جس مذہب کی اصل قیمت سوزش جگر اور خون دیدہ بہانا تھی اس کے لئے ہمارا برائے نام قدموں کا اُٹھانا اور اس قدر ضعیف اور کم مقدار اپنی محنتوں کا وابستہ رکھنا اصلی طریقہ سے کچھ نسبت نہیں رکھتا، لیکن خدائے پاک کی ذرہ نوازی اور مراحم خسروانہ اور اس اخیر زمانہ کے لئے ان کی مساعی پر صحابہ کے پچاس کے برابر اجر د ثواب کے ملنے کی خوش خبریاں اور سچے وعدے اور لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا کی جیسی بشارتیں ہماری ان مساعی کے بارے میں بڑی اُمید دلا رہی ہیں''۔

تحریص اور تالیف قلب دونوں کے مولانا نے جمع کر رکھا تھا، تحریض و دعوت کے وقت انتہائی بات فرماتے، لیکن کم سے کم عمل کو بھی شکریہ کے ساتھ قبول فرما لیتے اور اس کی انتہائی قدر دانی فرماتے مگر سامنے بلند منتہاہی رکھتے جس کو دیکھ دیکھ کر عمل کرنے والا اپنے عمل پر اترا نہ سکتا اور اس کو کمال نہ سمجھتا۔

## علو ہمت:

مولانا کی زندگی کا خاص جوہر اور ان کی امتیازی صفت بلند ہمتی اور عالی حوصلگی تھی جس کی شہادت ان کی پوری زندگی، ان کے خطوط اور ان کے ارشادات ہیں، انہوں نے جس کام کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا تھا اور جس کی دعوت دی تھی وہ ان کے ماحول سے بالکل مناسبت نہیں رکھتا تھا اور اس زمانہ اور گرد و پیش کی سطح سے بہت بلند تھا، اس لئے بلند عزائم اور اپنے دلی حوصلوں کا اظہار بہت کرتے تھے۔

پر عمل تھا۔ پھر بھی کبھی کبھی اس کا ترشح ہو جاتا۔ ایک مرتبہ عزیز مولوی ظہیر الحسن صاحب ایم اے علیگ سے فرمایا جو ایک وسیع النظر عالم ہیں۔

''ظہیر الحسن میرا مدعا کوئی پاتا نہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ تحریک صلاۃ ہے، میں قسم سے کہتا ہوں کہ ہرگز تحریک صلاۃ نہیں''۔

ایک روز بڑی حسرت سے فرمایا ''میاں اظہر الحسن ایک نئی قوم پیدا کرنی ہے''۔

مولانا دین کی اس دعوت کو ایک وقتی اور ہنگامی تحریک نہیں سمجھتے تھے اور اپنی عالی ہمتی اور بلند حوصلگی سے اس پر بھی قانع نہیں تھے کہ دو چار صدیوں تک اس کا اثر رہے، وہ اس کے ایک لازوال تجدید دین ہونے کی اللہ سے تمنا رکھتے تھے۔ ان کی اس بلند ہمتی کا اندازہ مندرجہ ذیل اقتباس سے ہوگا:

خاکسار کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں:

> ''گرامی نامہ عالی ہمت بہت خوشیوں کو لئے ہوئے آرائش مجلس ہوا، لیکن خبروں کو اللہ تعالیٰ واقعات پر منتج فرمادیں اور ان خبروں اور واقعات کو اپنی اس قدرت سے کہ جس پر تن تنہا بلا کسی سہارے کے یہ ساتوں زمین اور آسمان ٹکے ہوئے ہیں اپنے فضل سے اور رحمت سے اپنی ذاتی قدرت کے ساتھ ایسا پائیدار بنادیں کہ یہ تحریک مدتوں چلنے والی ہو۔ یہ محض ایک ابال اور سطحی نہ رہے کہ جو دو چار صدیوں میں ختم ہو جائے۔ بنا کے مستحکم ہونے کی بہت ہی دُعا فرماتے رہیں''۔

منشی نصر اللہ صاحب راوی ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ مجدد وقت ہیں، فرمایا تم سے کون کہتا ہے' میں نے کہا لوگوں میں چرچا ہے! فرمایا نہیں میری جماعت مجدد ہے۔ (یعنی اُس دور کے علماء وصالحین کی وہ جماعت جس سے مولانا کا تعلق تھا)

مولانا کی آرزو تھی کہ اس تحریک دعوت میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جس کی وجہ سے وہ ان کی ذات اور ان کے دور کے ساتھ مخصوص سمجھ لی جائے اور ان کے بعد عام مسلمانوں کو اس میں جدوجہد کرنے کی ہمت نہ ہو، اسی بناء پر اس کی نسبت اپنی طرف پسند نہیں کرتے تھے اور چاہتے تھے کہ یہ مسلمانوں کی عمومی اور مشترک دعوت ہو جو ان کے ساتھ مخصوص نہ سمجھی جائے، اس لئے تمام علماء کو اس میں شرکت کی دعوت دیتے تھے، تاکہ وہ صرف انہیں کی تحریک نہ کہلائے۔ اسی سلسلہ کی یہ

بات ہے کہ ایک مرتبہ فرمایا کہ میں نے اللہ سے دُعا کی ہے کہ ہماری یہ تحریک کرامتوں سے نہ چلے۔ایک صاحب کے استفسار پر ایک رفیق نے اس کی مصلحت بتلاتے ہوئے عرض کیا'' تا کہ لوگوں کو ہر زمانہ میں اس کو چلانے کی ہمت ہو اور اس میں جدو جہد کریں۔اگر کرامتوں سے چلے گی تو لوگ ایک ذات اور ایک دور کی خصوصیت سمجھ لیں گے، مولانا نے اس کی تصویب فرمائی۔

مولانا کے نزدیک چند آدمیوں کا تبلیغ اور علم دین حاصل کرنے کے لئے گھر سے باہر نکلنا اور شہر شہر پھرنا کوئی بڑی بات نہ تھی۔ان کی ہمت تو چاہتی تھی کہ:۔

'' کاش ایسا وقت ہو جائے کہ قوم کے لاکھوں باہر گئے ہوں، قوم کے لاکھوں آدمیوں کا باہر پھرتے رہنا جزو زندگی بنا دیا جائے [1]''۔

ان کے نزدیک میوات کے اخلاق و عادات کا بدل جانا کافی نہ تھا، وہ ملک کی زبان تک بدل دینا چاہتے تھے۔ان کی خواہش تھی کہ سارے ملک میوات کی زبان عربی ہو جائے اور ان کے نزدیک اللہ کی مدد اور انسان کی (اللہ کی توفیق سے) کوشش کے سامنے دنیا کی کوئی چیز بھی ناممکن نہ تھی۔ان کی خواہش تھی کہ کم از کم عربی مدارس کے حلقہ میں ضرور عربی زبان کا احیاء ہو۔خاکسار کے نام ایک گرامی نامہ میں تحریر ہے۔

'' بندہ ناچیز کے دماغ میں کچھ ایسے ایسے خیالات ہیں کہ قبل از وقت ہونے کی بناء پر زبان سے نکالنے کو جی نہیں چاہتا۔اگر اس زمانہ تبلیغ میں طلباء کی باہمی گفتگو کے عربی ہونے کے لازمی ہونے کا اہتمام اور التزام چل سکتا ہو تو اس پر بھی نظر غائر فرمالیں''۔

اور جب اس کی اطلاع دی گئی کہ اس پر عمل ہوا تو نہایت مسرور ہو کر تحریر فرمایا:۔

'' زبان عربی کے احیاء سنت سے مسرت ہوئی، حق تعالیٰ دیگر اہل مدارس کی توجہ کے میلان کا ذریعہ بنائیں''۔

مولانا کی ہمت عالی اس کام کو صرف ہندوستان کے حدود کے اندر محصور و محدود دیکھنے پر راضی نہ تھی، وہ اپنے ذہن میں اس پیغام اور نظام عمل کو ساری دنیا میں اور بالخصوص تمام ممالک اسلامیہ اور بالاخص ممالک عربیہ میں پہنچانے کا پورا نقشہ رکھتے تھے اور کبھی کبھی اس آرزو کا بڑے جوش اور

---

لے (بنام میاں محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

درد سے اظہار کرتے تھے، ان کے اس کام کے سلسلے میں اس کے اثرات برکات اور نتائج کے متعلق بڑے بڑے حوصلے اور خیالات تھے۔ ان کے یہاں ناممکنات ومحالات کی فہرست اتنی طویل نہ تھی جتنی کوتاہ ہمت فرضی طور پر بنا لیتے ہیں۔ وہ دل کھول کر پورے وثوق اور یقین کے ساتھ کوشش کرتے اور دل کھول کر پورے وثوق اور یقین کے ساتھ اللہ سے مانگتے اور کسی چیز کو بھی اس کی رحمت، قدرت اور نصرت سے بعید نہ سمجھتے۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں بڑے جذبہ اور درد سے لکھتے ہیں:

''بہت لجاحت اور عزم کے ساتھ میں آپ پر اللہ اور رسول کا واسطہ دے کر عرض کرتا ہوں کہ اس امر کے ساتھ اس کے دشوار ہونے اور ناممکن الوجود ہونے کا خیال کو بہ نظر انا عند ظن عبدی بی اور بہ نظر قدرت الٰہیہ نہایت سہولت کے ساتھ ہونے والی چیز کے ہونے کے خیال سے اپنے اس خیال کو ضرور بالضرور بدل دیجئے۔ میرے دوستو! اللہ اور زمانہ اور خالق اور مخلوق کے درمیان دائر ہونے والے امر میں خالق کی قدرت پر نظر کرنے کے بجائے زمانہ پر نظر کرنا اور ہاتھ توڑ کر بیٹھ رہنے والے اسباب پر نظر کر کے ہمت بڑھانے والے خطابات خداوندانہ پر نظر نہ کرنا اولوالابصار کی بصیرت کے شایان شان نہیں ہے۔ خدائے قدوس جل مجدہ کے قوانین ازلیہ بہ بانگ دُہل صدائے بلند دے رہے ہیں کہ اللہ سے جو کچھ مانگو گے اور جس چیز کی اُمید کرو گے وہی حاصل ہوگا، پھر کیوں نہ تم جیسے فہیم جذبات محمدیہؐ کے اوپر نظر لڑا کر دربار خداوندیہ میں اڑ بیٹھو۔

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ تو سمجھے خدا کرے کوئی

''مجھے اپنے غلبہ جنون میں آسمان منزلت بزرگوں کے منصب بھی نظر میں نہیں رہتے۔ اُمید ہے کہ عفو کو کار فرما کر دُعائے خیر سے امداد فرمائیں گے''۔

لیکن جو ہمت اور وسعت نظر بادشاہوں اور فاتحین کے یہاں مورخین کی زبان ''میں عزم ملوکانہ'' اور ''ہمت جہاں کشا'' کے الفاظ سے تعبیر کی جاتی ہے، افسوس ایک درویش بے نوا کے یہاں جذب وحال کہہ کر اس کی اہمیت گھٹا دی جاتی ہے

ع چوں نہ دیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

دینی حمیت:

مولانا کی فطرت میں دین کی حمیت وغیرت کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ ان کی اس دعوت میں ایک بڑی محرک طاقت اوران کے اس سوز دردمندی اور بے قراری کی ایک بڑی وجہ جوان کو کسی کل اور کسی پل چین نہیں لینے دیتی۔ دین کا یہی بڑھتا ہوا تنزل وانحطاط اور کفر کا روز افزوں غلبہ واقتدار تھا جس کو ان کی حساس اور بیدار فطرت اوران کا غیور مزاج ایک لمحہ کے لئے برداشت نہیں کرسکتا تھا، مگر اللہ کی توفیق اور دین کی گہری نظر کی بنا پر انہوں نے دین کے کام کی جو ترتیب اپنے ذہن میں قائم کرلی تھی اس میں کسی فوری تاثر اور جذبہ کی وجہ سے وہ ترمیم اور تغیر نہیں کرنا چاہتے تھے اور اپنی عالی ظرفی اور خداداد ضبط وتحمل سے دوسری چیزوں کو اس طرح براشت کرتے تھے گویا ان کو اس کی طرف توجہ ہی نہیں یا ان کا سرے سے علم ہی نہیں، لیکن کبھی کبھی پیمانہ ضبط سے کچھ قطرے چھلک کر گرتے اور دل کی انگیٹھی کے کچھ شرارے بھڑک کر اُڑتے تو پاس والوں کو بھی محسوس ہوتا کہ دینی حمیت کے کس طوفان کو مولانا نے دل کے کوزہ میں بند کر رکھا ہے۔

ایک دن خاکسار راقم نے لال قلعہ کے پاس گزرتے ہوئے پوچھا کہ کبھی جناب نے لال قلعہ بھی دیکھا ہے؟ فرمایا میں لال قلعہ کی سیر کو بےحمیتی سمجھتا ہوں، ہاں میں نے بچپن میں اس وقت دیکھا ہے جب دکھانے والے رورو کر دکھایا کرتے تھے۔

غیر مسلم اہل شوکت کے مقامات ومرکزوں کے متعلق فرماتے تھے کہ اگر کوئی شخص ان جگہوں سے قنوت نازلہ پڑھے بغیر گزرے تو سلب ایمان کا خطرہ ہے۔

مولانا کو سرکاری یونیورسٹیوں کے مشرقی امتحانات سے بڑی کوفت تھی، فرماتے تھے کہ اس سے نسبت بدل جاتی ہے یعنی علم دین کا تعلق اللہ کے بجائے دنیا اور مادیت سے قائم ہوجاتا ہے اور برکت اور نورانیت ختم ہوجاتی ہے۔

مولانا پر بہت گراں تھا کہ عربی زبان اور دینی علوم میں بھی مسلمان غیروں کے دست نگر اور ماتحت ہوں، غالباً مولانا حافظ عبدالطیف صاحب کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

"حافظ صاحب مجھے بڑی غیرت آتی ہے کہ مسلمانوں کی عربیت کی جانچ کرنیوالے کفار ہوں"۔

مولانا اپنے بعض نامور معاصرین کو جو **اشداء علی الکفار** کا مظہر ہیں، **البغض للہ** کے فن کا امام سمجھتے تھے، ان کی فضیلت کے قائل تھے اور فرماتے تھے کہ یہ چیز ان سے سیکھنے کی ہے۔

کسی حکم شرعی کو نہ ماننا یا احکام شریعت میں سے کسی کو معیوب سمجھنا مولانا کی برداشت سے باہر تھا، بے اختیار ان کی رگ صدیقی اس دینی قطع و برید پر حرکت میں آ جاتی[1] اور بعض اوقات کوئی مصلحت اس کے انکار و مذمت سے مانع نہ ہوتی۔

مولانا عبداللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم کو ایک ایسے ہی موقع پر میوات کے لئے تحریر فرماتے ہیں:

''زیادہ زور اس بات پر دیا جائے کہ قوم اپنی پنچائتیں اور سب کاروبار اور سب فیصلے شریعت کے موافق کرنے ہی کو اسلام سمجھے، ورنہ اسلام نہایت ناقص ہے بلکہ بسا اوقات احکام شرعیہ کے بے وقعتی اور بے رخی اور توہین کی بدولت اسلام جاتا رہتا ہے اور یقیناً کفر ہوجاتا ہے''۔ اسی میں سے باہمی نکاح کا استنکاف [2] ہے جس کو پہلے تو سنا ہے کہ حرام اور کفر سمجھتے تھے۔ اب زبان سے تو حلال اور جائز کہتے ہیں کہ مگر معاملہ وہی ہے چنانچہ موضع اٹا اور تحصیل نوح کے ایک مرد و عورت نے باہمی راضی رضا ہوکر اس خیال سے کہ اگر یہاں نکاح ہوگیا تو قوم سخت ستاوے گی ملک سے نکل کر نکاح کر لیا اور ضلع گوڑگانواں میں بود و باش اختیار کرلی تھی مگر افسوس کہ جاہل قوم نے دولہا کو (جس کا نکاح رمضان المبارک کے اخیر جمعہ کو ہوا تھا) عید کے تیسرے دن جمعہ کے روز قتل کر کے ہاتھ پیر توڑ کر مٹی کے تیل سے جل کر راکھ کو دریا میں بہا دیا۔ یہ مضمون بہت زور سے بیان کرنے کے قابل ہے کہ کفر و شرک کو زنا اور کسی اکبرالکبائر کو ایسا معیوب اور قبیح نہ سمجھیں اور اللہ کے حلال کردہ کو اس قدر معیوب سمجھیں۔ آپ ضرور بیان

---

1 (حضرت ابوبکر صدیقؓ کے اس جملہ کی طرف اشارہ ہے جو انہوں مانعین زکوۃ کے لئے فرمایا تھا: اینقص الدین و انا حی کیا میرے جیتے جی دین میں قطع و برید ہو سکتی ہے۔ مولانا نسباً صدیقی تھے۔ اس موقع پر حضرت مجددؒ کا جملہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے ''بے اختیار رگ فاروقیم در حرکت می آید'')

2 معیوب سمجھنا اور اس سے عار آنا

فرمادیں کہ کس طرح ایمان ان کا باقی رہا اور کیا سبیل ان کے ایمان کے باقی رہنے کی ہو سکتی ہے''۔

اسی دینی حمیت کی بناء پر آپ نے ابتداء میں حکومت کی جبری تعلیم کی سخت مخالفت کی اور علماء کو اس طرف متوجہ کیا۔ شدھی سنگھٹن کے زمانہ میں تحریک ارتداد کی طرف پوری طرح متوجہ ہوئے اور وہ میوات میں کامیاب نہیں ہونے پائی۔

## اتباع سنت:

مولانا کو اتباع سنت کا جیسا اہتمام تھا، اس کی نظیر اس زمانہ میں ملنی مشکل ہے۔ ان کے اس اہتمام والتزام سے ائمہ سلف کی یاد تازہ ہوتی تھی۔ چھوٹی چھوٹی سنتوں کی تلاش اور تتبع، پھر ان کی پابندی اور اشاعت کا شوق چھوٹی چھوٹی او جزئی سنتوں کو بھی عملاً بڑا اور اہم سمجھنا مولانا کا طبعی ذوق تھا۔ آخری دن جو زندگی کا مصروف ترین دن ہوتا ہے شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو بلا کر بڑے اہتمام سے فرمایا کہ میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ احادیث سے حضورﷺ کے واقعات و عادات واخلاق کا تتبع کر کے ان کے پھیلانے کی جتنی سعی کر سکتے ہو کرتے رہیو۔

بعض خدام جو حاضر نہیں تھے حاجی عبدالرحمٰن صاحب کے ذریعہ ان کو وصیت فرمائی اور انکے نام پیغام چھوڑا جس میں سب سے زیادہ تاکید اتباع سنت کی تھی اور یہ فقہاء کی اصطلاحیں اور تقسیم برحق اور بجائے خود صحیح ہے مگر آپﷺ سے جس چیز کی نسبت ہو اس کو عملاً ضروری سمجھنا چاہیے۔

محبت واتباع کے غلبہ نے عبادات کے علاوہ عام عادات پر بھی اثر کیا تھا۔ عادات وطبعی امور میں آپﷺ سے مشابہت کو ان کا جی چاہتا تھا، مرض وفات کے درمیانی زمانہ میں دو آدمیوں کی مدد سے مسجد میں نماز کے لئے آتے جاتے تھے کہ اس میں بھی وہی مسنون کیفیت ہو جو آنحضرتﷺ کے مرض وفات میں مسجد میں آنے کی احادیث میں بیان کی گئی ہے۔

دو آدمیوں کے سہارے تشریف لاتے اور پاؤں پر زور نہیں دے سکتے تھے کبھی اگر اس کے خلاف کیفیت ہوتی تو گرانی ہوتی [1]۔

اتباع سنت کا ایک ایک دقیق، نہایت لطیف اور بلند درجہ یہ ہے کہ عام انسانی حالات وحوادث

---

1 (روایت قاری سید رضا حسن صاحب)

سے حدود شریعت کے اندر طبعی طور پر متاثر ہوا جائے۔ آنحضرت ﷺ کو ان واقعات پر جو بشری طور پر رنج وحزن کا باعث ہیں طبعی طور پر حزن بھی ہوتا تھا اور سرور کے مواقع پر سرور شکر کی کیفیت بھی پیدا ہوتی تھی۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ سلوک وتصوف اور کمال وترقی یہ ہے کہ انسانی احساسات اور بشری تاثرات وکیفیات سے انسان بالکل آزاد ہو جائے، نہ اس پر کبھی حزن طاری ہو نہ کوئی چیز سرور پیدا کر سکے۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ایک کامل بزرگ کے اس واقعہ پر تنقید کی ہے کہ جب ان کو فرزند کے انتقال کی خبر دی گئی تو انہوں نے بہت بے اعتنائی کے ساتھ اپنے عدم تاثر کا اظہار کیا اور ذرا بھی رنج کا اظہار نہیں کیا، مجدد صاحبؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے فرزند حضرت ابراہیم کا انتقال ہوا تو آپ ﷺ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ سنے گئے۔

| | |
|---|---|
| تدمع العین و یحزن القلب | آنکھوں میں نمی ہے، دل میں غم ہے، مگر |
| نقول الاما یرضی ربنا | زبان سے وہی نکلے گا جو ہمارے رب کو |
| و انابك یاابراهیم | پسند ہے اور ہمیں اے ابراہیم تمہارا بہت ہی |
| لمحزونون | رنج ہے |

غالباً مولانا کی نظر سے مجدد صاحب کی یہ تنقید کبھی نہیں گزری ہوگی، لیکن ایک بچہ کے حادثہ پر اس کے والد کو بالکل یہی مضمون لکھا جو کمال اتباع، فہم شریعت اور تحقیق کا نتیجہ ہے۔

''آپ نے یوسف کو تحریر لکھی اس سے آپ کے رنج کا نہ ہونا ٹپکتا ہے، یہ شرعاً منکر ہے۔ رنج کی باتوں سے واقعی رنجیدہ ہونا یہ انشاء اللہ تمہیں ضرور ہوگا، لیکن رنج سے متاثر ہونے کا اظہار بھی ضروری ہے۔ حق تعالیٰ جیسے تاثرات بھیجیں، ان کے مناسب تاثر اور اس کا اظہار آپ بھی خوب سمجھتے ہیں ضروری ہے''۔

اس طرح ایک بچے کی ولادت کے موقع پر انہی بزرگ عالم کو لکھوایا:

''یہ حق تعالیٰ شانہ کی نعمت عظمیٰ ہے جس پر دل سے خوش ہونا چاہیے اور اگر حقیقی اور قلبی خوشی نہ ہو تو کم سے کم اظہار خوشی، اگر مصنوعی ہو ہونی چاہیے اور شکرانہ میں بطور خوشی آنا چاہیے''۔

## حلم و بردباری:

حد درجہ کی ذکاوت حس و لطافت حس کے باوجود بڑے ضابط و حلیم تھے۔ اپنے مذاق اور مقصد کے خلاف سننا اور دیکھنا ان کے لئے بڑا سخت مجاہدہ تھا مگر کام کی مخصوص ساخت اور اس وجہ سے کہ اس کا تعلق دعوت اور اختلاط سے ہے، یہ مجاہدہ ان کو دن رات کرنا پڑتا تھا۔ آخر زمانہ میں اپنے مقصد کے خلاف بات سننا طبیعت کی نزاکت اور مقصد کے غلبہ کی وجہ سے برداشت سے باہر ہو گیا لیکن ساری عمر یہ مجاہدہ کرتے ہی گزری۔

ایک سفر میں ایک صاحب جو ذی علم بھی تھے، راستہ بھر بے عنوانیاں کرتے رہے اور مولانا بڑے ضبط و تحمل سے دیکھتے اور سنتے رہے۔ آخر میں فرمایا کہ:

"تم سمجھتے ہو کہ میرا غصہ اتنا بے قیمت ہے کہ تم پر غصہ کرلوں گا، میں ہرگز تم پر غصہ نہیں کروں گا[1]"۔

گلاؤٹھی تبلیغی جماعت گئی ہوئی تھی، مولانا مسجد میں تھے۔ جماعت گشت کر کے واپس ہوئی تو اپنے ساتھ ایک نوجوان کو لائی۔ مولانا مسجد سے نکل رہے تھے، جماعت کے لوگوں نے کہا حضرت یہ شخص ایک وقت کی بھی نماز نہیں پڑھتا، اور اس کے تمسخر اور استہزاء کی شکایت کی، وہ مولانا کو دیکھ کر بجائے احترام کے زور سے ہنسا، مولانا نے اس کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: "اللہ تجھے ہنستا ہی رکھے"۔ اور بڑی سادگی سے نماز کی نصیحت کی۔ اس نے فوراً اقرار کرلیا اور لوگ اسے مسجد میں لے گئے[2]۔

ایک مرتبہ دوران تبلیغ میں آپ نے ایک شخص پر ہاتھ رکھ دیا، وہ آگ بگولہ ہو گیا اور کہنے لگا کہ اگر اب کے تم نے ہاتھ لگایا تو لٹھ ماروں گا۔ آپ نے فوراً اس کے پاؤں پکڑ لئے اور فرمایا کہ "پاؤں کو تو نہیں کہا تھا"۔ اس کا غصہ کافور ہو گیا اور فوراً نرم پڑ گیا[3]۔

ایک سفر میں بیل گاڑی کی سواری تھی۔ لاری کے اڈے پر پہنچنا تھا، لاری کے چھوٹنے کا وقت قریب تھا اور لوگ روکنے کے لئے گئے ہوئے تھے۔ گاڑی بان سے ہر چند کہا گیا کہ تیز چلا مونر

---

1 (روایت مولانا انعام الحسن صاحب) 2 (روایت منشی محمد احمد صاحب خوشنویس دہلوی)

3 (از مولانا احتشام الحسن صاحب کاندھلوی)

چھوٹ جائے گی مگر بار بار کے تقاضوں اور منت پر بھی اس نے بیل نہیں ہانکے اور بڑی مستقل مزاجی کے ساتھ آہستہ آہستہ رفتار سے چلاتا رہا، یہاں تک کہ لاری چھوٹ گئی۔ بعض رفقائے سفر نے گاڑی بان کو سخت زجر وتوبیخ کی، اور بعض نے فرط غضب میں خلاف عادت سخت سست کہا۔ مولانا نے صرف اتنا فرمایا کہ بھائی اگر تو ان صاحبوں کی بات مان لیتا تو تیرا کیا نقصان تھا؟

ایک مرتبہ ایک صاحب کو جو کسی ملازمت کے سلسلہ میں کسی مسلمان افسر بالا کے زخم خوردہ اور بے روزگاری سے اتنے دل شکستہ تھے کہ توازن بائی کھو چکے تھے۔ مولانا کی خدمت میں آئے اور اس آشفتہ خاطری میں ایسی ناہمواری اور گستاخانہ باتیں کرتے رہے جن کا کوئی مسلمان برداشت نہیں کرسکتا۔ مولانا نے فرمایا یہ اس وقت معذور ہے، ایسے وقت دُعا اور وظیفہ بتلانا بھی مناسب نہیں، آپ نے ان سے کہا کہ چند دن قیام کیجئے اور مطمئن ہوکر رہیے۔ چنانچہ وہ رہے، مولانا نے بڑی خاطر اور دل جوئی کی اور ایک دو دن میں ان کی یہ کیفیت جاتی رہی۔

مولانا کبھی کبھی اپنے کام کے سلسلہ میں ان لوگوں پر جن کے خلوص وتعلق پر اعتماد ہوتا تھا سخت غصہ ہوتے تھے، ان لوگوں کو زارو قطار روتے ہوئے دیکھا گیا ہے مگر ان کے تعلق میں اور اضافہ ہوگیا۔ مولانا فرماتے تھے کہ ''میں نے اپنے اللہ سے دُعا کی ہے کہ میں جس پر غصہ کروں اس کے حق میں میرا غصہ باعث رحمت ہو''۔

## رعایت حقوق:

مولانا کو مسلمانوں کے حقوق کا اور پھر ان میں درجہ بدرجہ اہل علم، اہل دین اور اہل شرف کے حقوق کا جیسا اہتمام رہا کرتا تھا اور اس بارے میں ان کی نگاہ جیسی باریک بین اور دقیقہ شناس اور ان کا ذہن جیسا رسا اور مجتہد واقع ہوا تھا، اس کی شہادت اس کتاب کے صفحات پر جابجا موجود ہے۔ جس کو مولانا کے ساتھ چند روز بھی رہنے کا اتفاق ہوا ہے اور وہ فطرتاً احساس وادراک کی دولت سے محروم نہیں ہے وہ شہادت دے گا کہ مولانا اس فن کے مجتہدین میں سے تھے اور اس آخر زمانہ میں اس شعبہ کے امام اور حکیم تھے، ان کے معاملات حالات واقوال سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا آدھا سلوک وتصوف معرفت حقوق وادا حقوق میں مضمر تھا اور اس کو وہ اہم ترین فرائض میں سمجھتے تھے، ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''ایک دوسرے کے ساتھ عزت وحرمت ومحبت کو ہر چیز سے بہتر سمجھتے رہیں۔ ہزار

مسائل حقہ کی حمایتوں سے ایک حق کی نگہداشت اور اس پر پختہ ہونا افضل و اعلیٰ اور موجب رضا خداوندی ہے"۔

ان خصوصی حقوق کے علاوہ جن کا بے حد اہتمام رہا کرتا تھا، حقوق عامہ اور عام انسانی حقوق کا بھی بڑا اہتمام تھا، وہ ہر انسان یہاں تک کہ کفار و غیر مسلمین تک کی حق تلفی کو گوارا نہیں کر سکتے تھے اور سفر و حضر میں ان حقوق عامہ کی نگہداشت سے غافل نہیں رہتے تھے۔

ریل گاڑی میں ایک مرتبہ ایک رفیق نے سیٹ پر زیادہ جگہ گھیر لی، فرمایا یہ حقوق عامہ میں سے ہے، اس جگہ دوسرے مسافروں کا حق ہے۔

مغرب کے نوافل پڑھتے وقت ایک رفیق نے ریل میں مسافروں کو سامنے سے گزرنے سے روکنے کا انتظام کیا، آپ نے منع فرمایا اور کہا یہ حقوق عامہ ہیں۔ تم دوسروں کو گزرنے سے نہ روکو بلکہ سترہ کا انتظام کرو۔

ایک مرتبہ موٹر ٹھہرا کر نماز پڑھی۔ بعض ساتھیوں نے نوافل کی نیت باندھ لی، فرمایا، بھائی ان سواریوں کا زیادہ حق ہے۔

بعض مرتبہ کسی دعوت میں مہمان شوربہ پینے لگتے تو آپ منع فرماتے اور کہتے کہ یہ دیانت کیخلاف ہے، صاحب دعوت نے اس کی اجازت نہیں دی۔

کاندھلہ کے سفر میں ایک مرتبہ کثرت ہجوم کی وجہ سے آپ سیکنڈ کلاس میں بیٹھے اور خیال کیا کہ ٹکٹ چیک کرنے والا آئے گا تو ٹکٹ بنوالیا جائے گا۔ وہ آیا تو اس نے ایسی بے ڈھنگی گفتگو کی کہ مولانا کو غصہ آ گیا اور اس کو ڈانٹ دیا، ٹکٹ بنانے کے بعد وہ چلا گیا تو مولوی انعام الحسن صاحب نے جو ساتھ تھے کہا کہ حضرت اس کو تو کہنے کا حق تھا (جس کا حق آتا ہو وہ کہنے سننے کا مجاز[1] ہے) مولانا نے فوراً ہی اپنی غلطی کا اعتراف کرلیا اور واپسی میں اسٹیشن پر اتر کر اس ٹی ٹی آئی سے معذرت کی اور معافی مانگ لی۔

## اخلاق و تواضع:

اخلاق و ظاہرداری کی جنس اس بازار میں نایاب نہیں، لیکن اگر یہ شرط لگا دی جائے کہ اخلاق و

---

1 (حدیث نبویؐ)

مدارات ایمان واحتساب کے ماتحت ہو، شریعت کے اصول کے مطابق ہو اور سنت کے موافق ہو تو یہ جنس کمیاب ضرور ہو جاتی ہے۔

مولانا کا اخلاق کے متعلق نظریہ تھا کہ اخلاق جب تک جناب محمد ﷺ کے قدموں کے نیچے نہ آئیں، وہ اخلاق نہیں، کئی بار یہ واقعہ سنایا کہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ مالٹا سے رہا ہو کر تشریف لائے تھے، ایک دعوت میں میں بھی تھا اور حضرت کے پاس بیٹھا تھا، صاحب دعوت دیر تک کسی انگریز افسر کی خوش اخلاقی کا تذکرہ اور اس کے حسن اخلاق کی تعریف بڑے ذوق و محویت کے ساتھ کرتے رہے، مولانا نے دیر تک صبر وضبط کے ساتھ سنا، مگر طبیعت پر بہت گرانی ہوئی۔ مجھ سے آہستہ سے فرمایا کہ کافر کے بھی اخلاق ہوتے ہیں؟

حدیث پر نظر ہونے کے بعد مولانا کی خدمت میں رہ کر اس کا اندازہ ہو سکتا تھا کہ کن اخلاقی باریکیوں پر مولانا کی نظر ہے، اور روزمرہ کے سلوک و معاملہ اور نشست و برخاست میں کس قدر ان کی رعایت ہے۔ اس خاکسار نے اپنے مدرسہ کے چند طلبہ کو جو مولانا کی خدمت میں ٹھہرے ہوئے تھے لکھا کہ آپ لوگوں نے حدیث پڑھی ہے اب غور سے دیکھئے کہ اخلاق و معاملت کی حدیثوں پر کس طرح عمل ہوتا ہے''۔

مولانا نے ایک دوست کو ایک خط میں لکھا تھا:

''مسلمان کتنے ہی کم درجہ کا ہو عظمت سے اس کی طرف نگاہ کی مشق کرو''۔

یہ مشق مولانا کی اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ بے عمل سے بے عمل اور پست سے پست درجہ کا مسلمان ان کی نگاہوں میں معظم و محترم تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مولانا اس کو اپنے سے افضل اور اللہ کے یہاں زیادہ مقبول سمجھتے ہیں۔ ہر مسلمان سے ملتے وقت ان کی نگاہ ہمیشہ اس کی صفت اسلام اور ذرہ ایمان پر ہوتی تھی اور اس کے سارے عیوب اور کمزوریوں کا احساس اور مشاہدہ اس ایمان کی توقیر اور احترام سے ہمیشہ مغلوب ہو جایا کرتا تھا، ان کی یہ قوت تمیز اس بارہ میں اتنی بڑھ گئی تھی کہ وہ آسانی سے ایک آدمی میں خیر و شر کے شعبوں کو ممتاز کر لیتے اور اپنی نگاہ خیر کے شعبہ پر مرکوز کر کے اس کی توقیر اور احترام کرتے۔ ایک مرتبہ ایک شخص سے ملنے کے بعد فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ اس شخص نے ایک دینی جماعت اور ادارہ کو نقصان پہنچایا ہے، جس کا مجھے سخت درد ہے لیکن میں اس کے علم سے بھی واقف ہوں اور میں نے صرف اس کے علم کی تعظیم کی ہے۔

مولانا کا آیت کل ذی حق حقه [1] اور انزلوا الناس منازلهم [2] پر بڑا عمل تھا۔ اہل فضل اور اہل علم کی حد درجہ توقیر فرماتے اور من لم یوقر کبیرنا و لم یرحم صغیرنا فلیس منـــا کے ماتحت ان کے اعزاز واکرام کی بڑی تاکید فرماتے، ان کو ان کے مراتب کے مطابق شایان شان جگہ پر بٹھاتے عام فرش کے باوجود ان کے بیٹھنے کے لئے خاص طور پر کپڑا بچھا دیتے اور کوئی امتیازی سلوک ضرور فرماتے، ان کے سامنے اتنی تواضع فرماتے کہ ناواقف آدمی کو پہچانا مشکل ہو جاتا۔ باہر سے بڑی بڑی جماعتیں آتیں لیکن مولانا اپنی نگاہ مردم شناس اور ذکاوت حس سے آنے والوں کی حیثیتوں اور فرق مراتب کا احساس کر لیتے یا کسی ذریعہ سے اس کا اندازہ ہو جاتا اور ہر ایک کے ساتھ اس کے شایان شان معاملہ فرماتے، بہت کم لوگوں کو اس کی شکایت ہوتی کہ ان کی طرف التفات نہیں ہوا، اس چیز کا اتنا اہتمام تھا کہ آخری علالت میں کہ دل ودماغ کام کی فکروں میں اور جسم بیماریوں اور اس کی تکلیفوں میں مشغول تھا اور کھانے پینے کا بھی پورا حس نہیں تھا، اس بات سے غفلت نہیں تھی۔

حافظ محمد حسین صاحب (اجڑاڑ اوالے) ایک معذور سے بزرگ ہیں اور مولانا گنگوہیؒ کے خدام میں سے ہیں، وہ بیماری سن کر تشریف لائے ہوئے تھے اور اکثر روزانہ حجرے میں آکر دم کرتے تھے، مولانا کو چارپائی کے ہلنے سے تکلیف ہوتی تھی اور اکثر جب نمازوں کے بعد لوگ دم کرنے کے لئے آئے تھے تو دو ایک آدمی چارپائی کے پاس کھڑے ہو جاتے تھے کہ اس کو دھکا نہ لگے اور حرکت نہ ہو، بایں ہمہ مولانا حافظ صاحب کو پائنی چارپائی پر بٹھا لیتے تھے اور لوگ تعجب کرتے تھے کہ یہ کون بزرگ ہیں جو چارپائی پر مولانا کے پاس بیٹھے ہیں۔

ایک مرتبہ باہر حوض کے قریب دسترخوان بچھا تھا حافظ صاحب بھی کھانے میں شریک تھے، مولانا کی چارپائی صحن میں تھی۔ حافظ صاحب ذرا فصل سے جماعت میں بیٹھے ہوئے تھے، ایک آدمی شیخ الحدیث کے نام پیغام لائے کہ مولانا فرماتے ہیں کہ حافظ صاحب کو اپنے اور مولانا عبدالقادر صاحب کے درمیان بٹھاؤ۔

میرے ایک بزرگ عزیز تشریف لائے ہوئے تھے، ان کی بڑی خواہش تھی کہ مولانا سے گفتگو

---

1 ہر حق دار کا حق ادا کرو 2 (لوگوں سے ان کے درجات کے مطابق سلوک کرو)

اور کچھ عرض کرنے کا موقع ملے، لیکن ہجوم کی کثرت اور ضعف کی وجہ سے موقع نہ مل سکا، وہ چلنے لگے تو انہوں نے اس تمنا کا پھر اظہار کیا، میں نے مولوی صاحب سے عرض کیا انہوں نے مولانا سے کہہ کر بلا لیا، مولانا نے ان کا بڑا ہی اکرام فرمایا، انکے ہاتھ لے کر اپنے سارے بدن پر پھیرے، پھر سادات کے متعلق فرمایا اور کام کے متعلق فرماتے رہے اور وہ روتے رہے، رخصت ہوئے تو صاحبزادہ سے فرمایا کہ میری ذاتی رقم میں سے دس روپے آپ کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر پیش کرو۔

نومبر 1944ء میں مولانا سید طلحہ صاحب ٹونک سے تشریف لائے تو بے حد اکرام فرمایا! ان کی اہلیہ (میری پھوپھی مرحومہ) کی نہایت عمدہ الفاظ میں تعزیت کی۔ کھانے کا خصوصی اہتمام فرمایا۔ خود اپنے ہاتھ سے روٹی گرم کر کے دیتے تھے۔ دوسرے روز صبح حضرت سید صاحب کے فضائل و مناقب میں تقریر کی اور اس خاندان کے ایک فرد کی آمد پر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا، اس کے بعد میوات کا ایک سفر پیش آیا، مولانا طلحہ بھی ساتھ تھے، ہر جگہ ان کے ساتھ خصوصی برتاؤ کرتے۔

اس خصوصی اکرام و مدارت کے علاوہ عمومیت بھی ایسی تھی کہ ہر شخص کو خصوصیت معلوم ہوتی تھی اور حدیث لا یحسب جلیس ان احداً اکرم علیه منه (کوئی ہم نشیں یہ نہیں سمجھتا کہ کوئی شخص رسول کریم ﷺ میں اس سے زیادعزیز ہے) کا مضمون تھا، ہر شخص اپنے واقعات یاد کر کے کہتا تھا کہ جو معاملہ میرے ساتھ تھا وہ شاید کسی کے ساتھ نہ تھا۔

سفر و حضر میں مخصوص رفقاء کے ساتھ مساوات کا پورا اہتمام رہتا اور امتیاز و تشخص پسند نہ فرماتے۔ ایک سفر میں چارپائیاں اس طرح بچھائی گئیں کہ مولانا کی چارپائی کا پتیانہ ایک رفیق کے سرہانے کی طرف تھا، بڑی ناراضگی فرمائی اور ساتھ رہنے والوں سے فرمایا کہ تم اتنے دن سے ساتھ رہتے ہو مگر تم کو اب تک ان چیزوں کی حس نہیں۔

ایک رفیق نے ایک مرتبہ چلتے وقت جوتا ہاتھ میں اُٹھا لیا۔ اس سے جوتا لے لیا اور اس کے ہاتھ چوم لئے، مہمانوں کی بالخصوص تبلیغ میں آنے والوں اور علماء کی خاطر مدارت اپنے ذمہ فرض سمجھتے تھے اور اس میں طبیعت کو کسی طرح سیری نہ ہوتی۔ فرماتے حدیث میں عام مہمان کے اکرام اور خاطر کی بڑی تاکید ہے۔

مولوی معین اللہ ندوی راوی ہیں کہ میں بیمار تھا۔ رمضان کا مہینہ تھا۔ میرا کھانا جانے لگا مولانا

نفل کے لئے کھڑے ہوئے تھے، لڑکے سے کہا کہ کھانا رکھ دو میں لے جاؤں گا۔ وہ سمجھا نہیں، کھانا کوٹھے پر پہنچا دیا، نماز پڑھ کر تشریف لائے اور فرمایا کہ میں نے بچہ سے کہا تھا کہ کھانا میں لے جاؤں گا، یہ خود لے آیا، پھر میرے پاس بیٹھے ہوئے دیر تک شفقت ومحبت اور دلجوئی کی باتیں کرتے رہے۔

اکرام اور خصوصی برتاؤ کرنے میں بھی بڑا لطیف طریقہ اختیار فرماتے جس سے دوسرے شرکاء حال کو کوئی شکایت اور احساس نہ ہوتا۔

ایک مرتبہ شب عرفہ کو سحور کے وقت ایک پیالی چائے لے کر بالا خانہ پر تشریف لائے ندوہ کے طلباء کی جماعت کے 13،12 افراد تھے اور پیالی ایک تھی، فرمایا بھائی اپنی جماعت میں کسی ایک کو منتخب کر لیجئے، میں یہ پیالی اس کو پیش کر دوں، طلباء نے خاکسار کی طرف اشارہ کیا اور مولانا نے وہ پیالی بڑھا دی۔

لکھنؤ کی تشریف آوری کے موقع پر اسٹیشن سے روانہ ہو کر قیصر باغ میں ایک سبزہ زار پر نوافل پڑھے اور دُعا فرمائی، ایک رومال بچھا دیا جس پر مولانا نے نماز پڑھی، جماعت کے دوسرے افراد قریب کھڑے تھے، مولانا نے جناب حافظ فخر الدین صاحب کو رومال پر بٹھایا، اس کے بعد فرمایا کہ بھائی اہل لکھنؤ کا بھی ایک نمائندہ ہونا چاہیے، جماعت میں لکھنؤ کا میں ہی تھا او میری ہی طرف اشارہ تھا۔ میں نے اتنے معززین کی موجودگی میں خصوصیت کی جگہ بیٹھنے میں تکلف کیا تو فرمایا کہ رومال حضرت سہارنپوریؒ کا ہے، آپ برکت کے لئے بیٹھے، اس طرح مجھے بھی ہمت ہوئی اور ارشاد کی تعمیل کی۔

ایک مرتبہ قریشی صاحب اور ان کے رفیق کار ملک صاحب کی خواہش واصرار پر خلاف عادت ایک سفر میں سکینڈ کلاس میں بیٹھ گئے، فرماتے تھے کہ مجھے وہاں بیٹھ کر تکلیف ہوئی اور دل گھبرایا، اتنے میں ان صاحبوں نے کہا کہ حضرت کچھ تکلیف تو نہیں ہوئی، راحت ملی؟ فرماتے تھے کہ میں نے سوچا اگر کہوں تکلیف ہوئی تو ان کو تکلیف ہوگی اور ان کو افسوس ہوگا کہ ہم نے آرام پہنچانے کے لئے اتنا خرچ کیا اور اس کو تکلیف ہوئی اور اگر کہتا ہوں کہ نہیں حضرت بڑا آرام ملا تو خلاف واقعہ ہے۔ میں نے کہا ہمارے بیٹھنے سے آپ کو خوشی اور راحت ہوئی؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں، بہت میں نے کہا بس آپ کی خوشی اور آرام سے ہم کو بھی آرام ہے۔

..................................................

تواضع کی بات یہ تھی کہ مولانا اپنے کو حقیقتاً کسی عزت کا مستحق نہیں سمجھتے تھے، اپنے عالم، شیخ اور اتنی بڑی جماعت کے مقتدا ہونے کا احساس بالکل نہیں تھا، ایک خط میں ایک مرتبہ اس خاکسار کو تحریر فرمایا تھا:

''بندہ ناچیز کے بارے میں جناب مشورہ قبول فرمالیں تو دلی تمنا ہے کہ معمولی نام سے زائد کسی لفظ کا اطلاق الفاظ کی بےقدری ہے''۔

طبیعت کا یہ رنگ ان کے خطوط سے بےتکلف جھلکتا ہے، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب عمر میں چھوٹے، رشتہ میں بھتیجے اور آپ کے شاگرد بھی ہیں، ایک خط میں ان کو تحریر فرماتے ہیں۔

''گرامی نامہ موجب مسرت وعزت ہوا، آں عزیز کی تشریف آوری کا بےحد اشتیاق ہے، اگر بقول آپ کے میں حضرت ہوں تو ماشاء اللہ آپ حضرت گر ہیں۔ مجھ نکمے اور ناکارہ کو کون پوچھتا۔ اگر آپ کی توجہ اور کرم نہ ہوتا۔ حضرتؒ کے بعد سب سے پہلے آپ ہی نے الطاف واکرام فرمایا، پھر شیخ جی نے اظہار تعلق کیا اور یہ سب آپ ہی حضرات کا طفیل ہے''۔

آپ کی تشریف آوری کا جس قدر اشتیاق ہے اسی قدر خیال ہے کہ سامنے ہونے سے میری گندگیاں اور ظاہر ہوں گی مگر اسی اُمید پر جی چاہتا ہے کہ آپ جیسوں کی مجالس اور ہم نشینی سے شاید اپنی بھی کچھ اصلاح ہو جائے۔[1]

ایک دوسرے خط میں موصوف کو تحریر فرماتے ہیں:

''رمضان المبارک کی دل بستگی اور اس پاک ماہ کی برکات وانوارات سے استفادہ اہل دل کو مبارک ہو۔ حق تعالیٰ شانہ آں عزیز کو مزید توفیق وکمالات رضا سے کامیاب وفائز المرام کریں اور روز افزوں ترقیات قرب سے بہرہ اندوز رکھیں۔ ہم جیسے ضعفا کا کچھ حال نہ پوچھو، بس جوانان تیز رفتار کی دُعا وہمتوں سے حق تعالیٰ اس ضعیف ومسکین کا بھی بیڑہ پار فرمائیں''۔[2]

---

1. حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری
2. حاجی شیخ رشید احمد صاحب

چوبا حبیب نشینی و بادہ پیمائی

بیاد آر حریفان بادہ پیمارا

آپ نے آخری وقت تک اپنی طرف سے اطمینان نہیں کیا اور نفس کے محاسبہ اور نگرانی سے غافل نہیں ہوئے بلکہ جس قدر لوگوں کا رجوع بڑھتا رہا اپنی طرف سے زیادہ غیر مطمئن اور خائف ہوتے گئے اور احتساب نفس کا کام بڑھاتے رہے۔ بعض اوقات اہل حق اور اہل بصیرت کو بڑی لجاجت سے اس طرف متوجہ فرماتے کہ وہ آپ پر نظر رکھیں اور اگر کہیں عجب کا ذکر کا شائبہ نظر آئے تو متنبہ کریں۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا اور مولانا حافظ عبداللطیف ناظم مدرسہ مظاہر العلوم کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''عزیز محترم حضرت شیخ الحدیث وحضرۃ المحترم جناب ناظم دامت برکاتکم''۔

السلام علیکم'' اُمید ہے کہ مزاج سامی بعافیت ہوں گے۔ ایک مضمون جس کا قبل از رمضان مجھے بہت زیادہ اہتمام تھا، اپنی قوت بشریہ کے ضعف وضعف ایمانی کی بنا پر بالکل نسیاً منسیا ہوگیا۔

وہ یہ کہ حق تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ کام اتنا وسیع ہوگیا ہے کہ اب اس کی روز افزوں ترقی ومقبولیت کو دیکھ کر میں اپنے نفس سے بالکل مامون نہیں ہوں کہ وہ کہیں عجب وکبر میں مبتلا نہ ہو جائے، لہٰذا آپ جیسے اہل حق کی نگرانی کا میں سخت محتاج ہوں اور اپنی نگرانی کا آپ حضرات مجھے ہر وقت محتاج خیال کریں کہ اس میں اس کی خبر پر مجھے جمنے کی تاکید فرمادیں اور اس میں کی شر سے مجھے جھنجھلاہٹ سے منع کر دیں۔

(22 رمضان 62ھ 23 ستمبر 43)

مولانا سید سلیمان ندوی مدظلہ، مولانا کے تذکرہ (معارف اعظم گڑھ بابت ماہ نومبر 1944ء) میں تحریر فرماتے ہیں۔

''لکھنؤ کے قیام میں ایک دفعہ ایک دوست کے یہاں عصر کے وقت چائے کی دعوت تھی، پاس کوئی مسجد نہ تھی، ان کی کوٹھی ہی میں نماز باجماعت کا سامان ہوا، خود کھڑے ہوکر اذان دی۔ اذان کے بعد مجھے ارشاد ہوا کہ نماز پڑھاؤ۔ میں نے معذرت کی تو نماز پڑھائی۔ نماز کے بعد مقتدیوں کی طرف رخ کر کے فرمایا: بھائیو! میں ایک ابتلا

میں گرفتار ہوں۔ دُعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس سے نکالیں۔ جب سے میں یہ دعوت لے کر کھڑا ہوا ہوں لوگ مجھ سے محبت کرنے لگے، مجھے یہ خطرہ پیدا ہونے لگا ہے کہ مجھ میں حجاب نفس نہ پیدا ہو جائے، میں بھی اپنے کو بزرگ نہ سمجھنے لگوں، میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتا ہوں کہ مجھے اس ابتلا سے بسلامت نکال لیں، آپ بھی میرے حق میں دُعا فرمائیں"۔

ایک مرتبہ ایک صاحب نے ایک قالین ہدیہ کیا، مولانا کی طبیعت پر یہ قیمتی قالین بڑا بار ہوا، اس میں ایک بڑی لطیف تقریر فرمائی اور شہر کے ایک بڑے عالم کی خدمت میں یہ کہہ کر اس کو پیش کر دیا کہ ہدیہ کرنے والے نے مجھ کو عالم سمجھ کر پیش کیا تھا، میں جس کو عالم سمجھتا ہوں اس کی خدمت میں پیش کر کے سبکدوش ہو جاتا ہوں۔

مولانا کو ہٹو بچو سے بڑی نفرت تھی۔ فرماتے تھے کہ ہٹو بچو فرعون وہامان کی سنت ہے، چاہتے تھے کہ بے تکلف رہیں اور چلیں پھریں، کوئی ہٹو بچو نہ کہے۔ میوات کے سفروں اور جلسوں کے موقع پر بھی جہاں ہزاروں آدمیوں کا مجمع ہوتا تھا اور مولانا ہی مرکز توجہ ہوتے تھے، اسی کا اہتمام رکھتے تھے کہ کوئی پابندی اور اہتمام نہ ہو، آخری علالت میں بھی اس کو پسند نہیں کرتے تھے کہ لوگوں کو روکا اور ہٹایا جائے۔

آخری علالت کے آخری ایام میں جبکہ زائرین کی کثرت ہوتی تھی اور حالت کی نزاکت کی وجہ سے مصافحہ سے آپ کو روک دیا گیا تھا، ایک اجنبی شخص ایک دن ملنے آئے اور حاضرین مجلس کے اوپر سے پھلانگتے ہوئے مصافحہ کے لئے بڑھے۔ ایک میواتی خادم نے بڑھ کر ان کو ہاتھ سے روک دیا، جس سے وہ بہت غضبناک ہوئے اور علماء مولویوں کو بُرا بھلا کہتے ہوئے چل دیئے۔ حضرت مولانا نے اس میواتی خادم کو اشارہ سے قریب بلا کر بہت تنبیہ کی اور فرمایا کسی مسلمان کا دل دکھانا اللہ کے یہاں بہت مبغوض ہے، جاؤ اس شخص سے معافی چاہو اور اس کو راضی کر کے واپس آؤ۔ چنانچہ اس بے چارہ نے ایسا ہی کیا، اور راقم سطور نے بھی مسجد سے باہر یہ تماشا دیکھا کہ وہ صاحب بے تکان گالیاں دے رہے ہیں، اور وہ بے چار میواتی ہاتھ جوڑے سامنے کھڑا ہے اور صرف یہ کہتا ہے کہ دل میں نے آپ کا دل دکھایا ہے یا تو مجھے اس کی سزا دے کر یا ویسے ہی للہ واسطے معاف کر دیجئے۔

### وسعت قلب:

ہندوستان میں مدت سے دین وعلم کے چھوٹے چھوٹے دائرے اور خانے بن گئے ہیں، ہر حلقہ اور ہر جماعت کے لوگوں نے علم دین کو اپنے اپنے دائرے میں ایسا محصور سمجھ لیا ہے کہ اس کے باہر وہ علم دین کا تصور نہیں کر سکتے دوسرے دائرے کے لوگوں کے علم وفضل اور دینداری وتقویٰ کا اعتراف کرنا مشکل ہوتا ہے اور ان سے مل کر وہ قلبی انبساط وانشراح نہیں ہوتا جو اہل دین اور ہم مذاق لوگوں سے مل کر ہونا چاہیے، یہ بات بڑھتے بڑھتے یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ ایک ہی جماعت اور حلقہ کے ایسے دو افراد کے ساتھ محبت وعقیدت رکھنا بعض لوگوں کے نزدیک ناممکن ہو گیا ہے جن کے مذاق طبیعت یا سیاسی خیالات یا مشاغل میں اختلاف ہے اور ان کا ایک قلب میں جمع کرنا جمع بین الاضداد نظر آنے لگا ہے، اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ افادہ اور استفادہ کا دائرہ برابر محدود ہوتا چلا جارہا ہے، بیگانگی اور بعد بڑھ رہا ہے اور اہل دین اور اہل حق کے درمیان دیواریں کھڑی ہوتی چلی جارہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے مولانا کو وسعت قلب کی بڑی طاقت عطا فرمائی تھی اور بڑا وسیع ظرف بخشا تھا جس میں تمام دینی جماعتوں اور ہر قسم کے اختلافات وخصوصیات کے ساتھ تمام اہل حق کی بیک وقت گنجائش تھی۔ ہر شخص کے لئے مرتبہ اور شخصیت کے لحاظ سے الگ خانہ تھا اور قلب میں خاص جگہ تھی۔عربی شاعر کے بقول۔

لکل امری شعب من القلب فارغ

وموضع نجویٰ لایرام اطلاعها

مولانا کے نزدیک مسلمانوں کا کوئی طبقہ جوہر اور مسلمانوں کا کوئی فرد ہنر سے خالی نہیں، ہر طبقہ میں کوئی نہ کوئی ایسی صفت ہے جو دوسرے میں نہیں۔

لہٰذا ہر طبقہ کو دوسرے سے اس صفت میں استفادہ کرنا چاہیے۔ مولانا ان تمام طبقوں کی ان امتیازی صفتوں سے اپنی تحریک ودعوت میں استفادہ کرنا چاہتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے اس کا خاص ملکہ عطا فرمایا تھا کہ ان صلاحیتوں سے وہ اپنے کام میں فائدہ اُٹھا لیتے۔

خصوصاً جن لوگوں یا جن طبقوں کو اللہ تعالیٰ نے خاص جوہر یا فطری صلاحیتیں اور دین سے مناسبت عطا فرمائی ہے ان کو دین میں مشغول کرنے وران کی اس نجابت وصلاحیت سے استفادہ

کرنے اور دین کے فروغ اور ترقی کا ذریعہ بنانے کا بڑا اشتیاق رکھتے تھے۔

ایک بزرگ کو ایک کارکن کے متعلق لکھتے ہیں:

''سادات کے متوجہ کرنے کی طرف توجہ دلاتے رہیں۔ تعلیم میں بھی اور تبلیغ میں بھی اور یہ یاد رکھیں اور سمجھتے رہیں کہ جو لوگ جس قدر زیادہ اہل ہیں ان کے اصلی مرکز تک پہنچنے میں نزاکتیں بھی بہت زیادہ ہیں''۔

ایک روز میں نے عرض کیا حضرت ندوہ کے لوگوں نے اہل دین کی طرف ہمیشہ عقیدت کا ہاتھ بڑھایا مگر ان کی طرف سے اس کے جواب میں محبت کا ہاتھ نہ بڑھا، ان کو ہمیشہ بیگانگی اور غیرت کی نگاہ سے دیکھا گیا۔ خدا کا شکر ہے کہ آپ نے ہمارے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھا اور ہمارے ساتھ یگانگت کا معاملہ کیا، مولانا کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، اور فرمایا آپ کیا فرماتے ہیں، آپ کی جماعت تو اہل دین کی جماعت ہے، میں تو علی گڑھ والوں کو بھی چھوڑنے کا قائل نہیں۔ ان سے بھی بعد اور وحشت صحیح نہیں۔

اسی کا نتیجہ تھا کہ اس دعوت و تحریک میں مظاہر العلوم سہار نپور، دار العلوم دیو بند، ندوۃ العلماء جامعہ ملیہ اور ان کے ساتھ انگریزی کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلبہ اور اساتذہ اور تجارت پیشہ، ملازمت پیشہ اور ہر طرح کے کاروباری مسلمان دوش بدوش ہیں اور کوئی دوسرے سے متوحش نہیں، مولانا ہر ایک کے امتیاز خصوصی کی خصوصی داد دیتے تھے اور تعریف کرتے تھے، کسی کی دینداری کی، کسی کی سلیقہ مندی کی، کسی کی حاضر دماغی اور تجربہ کاری کی۔ ہاں ان کے نزدیک ہر فطری صلاحیت دین کے کام میں لگنی چاہئے تھی، اس کو کسی اور مصرف میں دیکھ کر ان کو بڑا درد ہوتا، ان کے نزدیک جن لوگوں کو اللہ نے اچھا دل و دماغ چستی اور مستعدی اور بلند ہمتی دی ہے، ان کی توجہ کا دین دنیا سے زیادہ مستحق ہے اور ان کی توجہ اور دلچسپی سے دین کا کام بڑی تیزی اور قوت سے ہو سکتا ہے، ایک دیندار معاملہ فہم کامیاب تاجر کو لکھتے ہیں:

''میں آپ جیسے سب احباب اور بزرگوں سے طالب رہا کہ آپ میرے معین اور مددگار بلکہ اس کے اندر ایسی ہمت مردانہ سے کھڑے ہوں کہ آپ ہی اصل ہوں، کیونکہ آپ کی ہمت آپ کا حوصلہ، آپ کی قوت، آپ کی طبیعت، آپ کا دماغ اس قابل تھا اور اس کی اہلیت رکھتا ہے کہ کسی جاندار کام کو آپ اُٹھالیں، جاندار کام کے لئے جاندار ہی

اہل ہیں''۔

تمام افراد اور جماعتوں کے متعلق مولانا کا یہی خیال تھا۔

اداروں کے علاوہ روحانی سلسلوں اور مشائخ طریقت کے منتسبین کے متعلق بھی مولانا کی وسعت قلب کا یہی حال تھا، کسی شیخ طریقت کے منتسبین اس کام کی طرف توجہ کرتے تو بے حد خوش ہوتے اور ان کا بڑا اکرام کرتے۔ میں نے مجددی طریقہ اور کبھی حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحبؒ کے سلسلہ سے تعلق رکھنے والوں کا تعارف کرایا تو بہت مسرور ہوئے اور ان کا بڑا اکرام کیا اور فرمایا کہ میں بچپن سے اپنے بزرگوں سے سن رہا ہوں کہ اس زمانہ کے دو قطب تھے، پچھّم میں حضرت گنگوہیؒ اور پورب میں حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحبؒ۔ میری بڑی آرزو ہے کہ مولاناؒ کے لوگ اس طرف متوجہ ہوں، ایک مرتبہ حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحبؒ کے اہل تعلق میں سے ایک مشہور ہستی کے متعلق (جن کو دنیاوی وجاہت اور ریاست بھی حاصل ہے اور جن کے دینی و علمی کمالات کے لئے ان کی امارت پردہ بن گئی ہے) فرمایا کہ میں ان کو اہل اللہ میں سے سمجھتا ہوں اور مجھے بار بار اس کام کی طرف ان کی توجہات منعطف کرانے کے لئے متوجہ فرمایا۔

نامور معاصرین اور اہل فضل کے متعلق کبھی اظہار خیال فرماتے تو ان کے اعلیٰ درجہ کی مرتبہ شناسی، بالغ نظری اور دقیقہ رسی کا اندازہ ہوتا۔

اس وسعت قلب اور وسعت نظر کا یہ نتیجہ تھا کہ انہوں نے ایسے لوگوں سے کام لے لیا اور دین اور اہل دین سے ان کا تعلق پیدا کرادیا اور پھر رفتہ رفتہ ان کی زندگی میں تبدیلی پیدا کردی جن کے متعلق عام نگاہوں کا فیصلہ یہی ہوتا کہ ان کو قطعاً اس کام سے مناسبت نہیں اور یہ کبھی بھی دین سے قریب نہیں ہوسکتے۔ برابر یہ تماشہ نظر آتا رہتا تھا کہ جن لوگوں کی عدم مناسبت کا قلب فیصلہ کرتا وہ تھوڑے دنوں میں بڑے کار آمد آدمی بن جاتے، وہ ہر شخص سے ایک ہی درجہ اور ایک ہی مقدار کا کام کرنے کا مطالبہ اور اصرار نہ کرتے، ہر شخص کے حسب حال اور اس کی سطح اور مخصوص حالات اور صلاحیتوں کے مطابق اس سے دین کی نصرت و تائید کا کام لیتے اور اس کے اس کام پر اتنے ہی شکر گزار ہوتے جتنے دوسروں کی انتہائی جد و جہد اور محنت شاقہ پر، اس کے کام کی قیمت کا فراخ دلی سے اعتراف کرتے اور اس کی قدر و قیمت کو بیان کرکے اس کا دل بڑھاتے اور عملی کام کی ہمت دلاتے۔

## استقامت:

مولانا نے اس زمانہ میں (جس میں استقامت سے زیادہ کوئی چیز عنقا نہیں) اپنی استقامت سے سلف کبار کی یاد تازہ کردی، چھوٹی چھوٹی سنتوں پر ایسی استقامت تھی جو اس زمانہ میں فرائض وواجبات پر ہو تو محل شکر ہے۔

آخری علالت کا زمانہ ان کی بے نظیر استقامت کا بہترین شاہد ہے، اس چھ مہینے کی علالت میں (جس میں قوت میں برابر انحطاط اور ضعف میں روز افزوں ترقی تھی اور ضعف اور سقوط قوت کا یہ عالم تھا کہ بعض دن لبوں پر کان رکھے بغیر آواز سننی مشکل تھی) نماز باجماعت کا وہ اہتمام تھا کہ اس پوری علالت میں غالباً کوئی نماز بے جماعت نہیں پڑھی، آخری عشاء کی نماز میں نماز کے اندر قضاء حاجت کی ضرورت پیش آگئی تو حجرہ میں دوسری جماعت کے ساتھ نماز پڑھی، وفات سے تقریباً دو مہینے پہلے تک یہ عجیب وغریب منظر پانچوں وقت نظر آتا تھا کہ خود اُٹھنے بیٹھنے کی طاقت نہیں بیٹھ جاتے تو کھڑے نہیں ہوسکتے تھے، دو آدمی پکڑ کر صف میں کھڑا کردیتے، پھر امام کے اللہ اکبر کہتے ہی ایسی طاقت آجاتی کہ پورے سکون وطمانیت کے ساتھ رکوع وسجود اور فجر کی نماز کا قیام (جو نسبتاً طویل ہوتا ہے) کرتے ہیں اور جہاں امام نے سلام پھیرا اور پھر وہ طاقت گویا سلب ہوگئی کہ خود کھڑے نہیں ہوسکتے، پھر دو آدمیوں کے سہارے اپنی جگہ پہنچتے ہیں۔ سنتوں میں ایک آدمی رکوع و سجود کرا دیتا ہے، لیکن وتر کی نیت باندھتے ہی از خود رکوع وسجود کرتے اور کسی کی امداد قبول نہ کرتے۔ کھڑے ہونے سے بالکل معذور ہوگئے تو بیٹھ کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے، اطباء اور علماء کی سخت ممانعت تھی، ورنہ کھڑے ہونے کی ہمت رکھتے تھے اور اگر لوگ اجازت دیتے تو کھڑے ہوکر ہی نماز پڑھتے۔ بیٹھنے سے بھی ضعف اور تعب ہونے لگا لیٹے لیٹے نماز پڑھنے لگے، چارپائی صف کے ساتھ لگادی جاتی اور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے لیکن وضو ومسواک کا وہی اہتمام رہا جو زندگی میں تھا، پورے آداب وسنن واذکار کے ساتھ وضو کرتے علماء اور میواتیوں کی ایک جماعت اس خدمت کے لئے مخصوص تھی، وہ نہایت اہتمام کے ساتھ وضو کراتی، پانی کا استعمال بھی جب مضر ہونے لگا تو علماء کے فتویٰ اور اطباء کی تاکید سے تیمّم کرنا شروع کیا، لیکن اس طرح کہ سہل انگاری اور سہل پسندی کو اس میں قطعاً دخل نہ تھا بلکہ اللہ کی نعمت سمجھتے ہوئے اور اس نیت کے ساتھ کہ اللہ کی رخصت پر اس کے صحیح موقع پر عمل کرنا بھی عزیمت ہے اور اس کو ٹھکرانا

کفران نعمت۔

سفر وحضر میں اذان واقامت اور جماعت کا پورا اہتمام رہتا۔ مجھے اس عرصہ میں کہ بار بار ریل، لاری اور گاڑیوں کے سفر میں ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا کبھی بے اذان واقامت اور بے جماعت نماز پڑھنا یاد نہیں، ریل میں خواہ کیسا ہی ہجوم ہوا اذان دیتے اور اقامت و جماعت کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھتے۔ اذان سنتے ہی لوگ جگہ دے دیتے اور مولانا اپنے رفقاء کو قاعدہ کے ساتھ کھڑا کر کے نماز ادا کرتے۔

ایک مرتبہ میں ایک سفر سے آیا، میرے ساتھ ایک رفیق اور تھے جن کو ریل پر ہجوم کی وجہ سے نماز پڑھنے کی نوبت نہیں آئی تھی، ملتے ہی دریافت فرمایا، نماز پڑھ لی؟ عرض کیا کہ میں نے تو پڑھ لی، میرے رفیق پڑھ رہے ہیں، بڑا افسوس کیا اور اس سلسلہ میں فرمایا کہ میں جب سے اس کام میں لگا ہوں (تقریباً بیس سال سے) ریل پر کوئی نماز جماعت کے بغیر نہیں پڑھی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے تراویح بھی پڑھوا دی، اگرچہ بعض اوقات تراویح دو ہی رکعت پڑھنے کی نوبت آئی، لیکن کلیۃً ترک نہیں ہوئی۔

مولانا امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے بارے میں خاص اصول اور ترتیب و تدریج کے قائل تھے [1]۔ لیکن جب کھلا ہوا منکر پیش آتا تو قطعاً کوئی مداہنت اور رواداری گوارا نہ کرتے۔ **فاذا تعدی الحق لم یقم لغضبہ شی** [2] پھر اس استقامت اور تورع کا اظہار فرماتے جو ان کے اسلاف کرام، مشائخ اور علماء راسخین کا شیوہ ہے۔

57ھ کے آخری حج میں کراچی کے دو جہازوں میں مقابلہ ہو گیا۔ ایک جہاز نے 55 روپیہ کرایہ کر دیا اس جہاز کے مسافروں کو ایک عورت انجکشن لگا رہی تھی، مولانا نے غصہ میں فرمایا کہ فریضہ ادا کرنے جا رہے ہیں اور حرام کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ میں غیر محرم عورت کے ہاتھ سے ٹیکہ نہیں لگوا سکتا۔ لوگوں نے کہا کہ اگر عجلت نہ کی گئی اور اس سے ٹیکہ لگوا کر اس جہاز پر نہ بیٹھ گئے تو 55 کا ٹکٹ 182 کا ہو جائے گا۔ فرمایا چاہے جتنے کا ہو جائے۔ مولانا نے انکار کر دیا اور جماعت

---

1 (جب کوئی بات حق کے خلاف ہوتی تو رسول کریم ﷺ کے غصہ کو کوئی چیز نہ روک سکتی)

2 روایت مولوی نور محمد صاحب رفیق حج

ساری ٹھہر گئی، فون پر فون کیا گیا اور ڈاکٹر جھنجھلاتا ہوا آیا اور کہا کہ وہ پیر صاحب کہاں ہیں جو لیڈی ڈاکٹر سے ٹیکہ نہیں لگواتے؟ مولانا نے اس ڈاکٹر سے ٹیکہ لگوایا اور رفقاء نے بھی ٹیکہ لیا اور ٹکٹ بھی 55 ہی کا ملا۔ مولانا نے فرمایا کہ آج تک کسی غیر محرم نے میرے جسم کو مس نہیں کیا، صرف ایک مرتبہ ایک عورت بیمار تھی، میں گیا تو نزع کی سی کیفیت تھی، اس نے جلدی میں میرے ہاتھ میں ہاتھ دینا چاہے۔ میں نے ہاتھ کھینچ لئے، صرف میرے پورے سے اس کا ہاتھ لگ گیا[1]۔

## دُعا و انابت الی اللہ:

اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع و انابت و دُعا اور ذکر کی کثرت مولانا کی زندگی کی روح رواں اور ان کے نزدیک ان کی اس دعوت وتحریک کا قلب تھا، ایک مرتبہ ارشاد فرمایا:

''ہماری اس تحریک کی صحیح ترتیب یہ ہے کہ اس میں سب سے زیادہ کام دل کا ہو (یعنی اللہ پاک کے سامنے تضرع اور اس کی نصرت پر کامل اعتماد کے ساتھ اس سے استعانت اور دنیا اور مافیہا سے بالکل منقطع ہو کر اس کی طرف انابت) اس کے بعد دوسرے درجہ میں جوارح کا کام ہو (یعنی اللہ کی مرضیات کے فروغ کے لئے دوڑ دھوپ اور محنت ومشقت) اور تیسرے درجہ میں زبان کا کام ہو (مطلب یہ کہ سب سے کم مقدار تقریر کی ہو، اس سے زیادہ مقدار سعی جدوجہد کی ہو اور سب سے زیادہ مقدار دل کے کام کی ہو، یعنی اللہ کی طرف انابت اور اس سے استغاثہ و استعانت [2]۔

اسی پر مولانا کا عمل تھا اور اسی کی دوسروں کو تاکید و وصیت، اس خاکسار کو ایک گرامی نامہ میں تحریر فرمایا:

> ''یہ بات ہمیشہ نظر رہے اور کبھی نظر خطا نہ کرے کہ مقصود دین کی ہر چیز کا محض قوت دُعا کا بڑھانا ہے، اس میں ہر وقت بہت ہی زیادہ سعی کی جاوے۔ اگر جوارح کے کام میں مشغول ہونے کے وقت قلب قوت کے ساتھ دُعا میں مشغول رہنے کی برداشت کر سکے تو اس میں بہت کوشش فرماویں، ورنہ اس امر کے لئے مکتوبات [3] اور سحر اور اس امر

---

1 (روایت مولوی نور محمد صاحب رفیق حج)

2 (نصرت دین اور اصلاح مسلمین کی ایک کوشش'' از مولانا محمد منظور صاحب نعمانی)

3 یعنی فرض نمازوں کے بعد

کے نکلنے کے اطراف[1] اور درمیان کے خالی اوقات کو دُعا سے آباد رکھیں۔

نیابت انبیاء کے اس عظیم وجلیل، نازک ولطیف کام کے لئے جس کا طبیعت پر بے حد بوجھ رہا کرتا تھا، اہل دل سے مضطر و بے قرار ہو کر دعا کی درخواست فرماتے اور اسی کو سب سے بڑی نذر تصور فرماتے، شیخ الحدیث کو تحریر فرماتے ہیں:

''شعبان کے سارے مہینے کے ہر جمعہ کو میوات جانا ہوا، میرے خیال میں ایک بات ہے وہ میری قابلیت، میری حیثیت سے اونچی بہت ہے، عمل میں لانا تو درکنار فہم وذکا کی رسائی سے بھی بہت عالی ہے، لیکن بایں ہمہ میری طبیعت اس امر میں کوشش کرنے سے اور اس خیال میں رہنے سے ہٹتی نہیں ہے، اس لئے بوجہ نہایت فوق الطاقہ ہونے کے اپنے نہایت اعلیٰ اور نازک اور لطیف اور دین کی اشاعت اور ترقی کا محض واحد مدار ہونے کے باعث آپ جیسوں کی ہمت اور توجہ اور دُعا کا نہایت مستحق ہے۔ اس لئے اپنی پوری دعوات سے میری مدد فرمانے میں دریغ نہ فرماویں، حق تعالیٰ شانہ کی بارگاہ سے کسی مطلوب کا ملنا عزیز وبعید نہیں ہے، آپ دُعا وہمت اور توجہ کے ساتھ طلب میں کمی نہ فرمادیں، میرے دل کی تمنا ہے کہ کم سے کم میرا دماغ اور خیال اور وقت اور قوت اس امر کے سوا ہر چیز سے فارغ رہے، خیر بس زیادہ کیا لکھوں مطلب یہ ہے کہ آپ بھی دُعا سے مدد فرماویں اور بھی سب بزرگوں کے یہاں جہاں تک ہو سکے ان سب سے دُعا کرانے اور ہمت کو متوجہ کرنے میں آپ وسیلہ اور شفیع وساعی بنیں''۔

حضرت شیخ ہی کے نام ایک دوسرے خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''میرے عزیز! اس تبلیغ کے بوجھ کو بھاری سمجھتے ہوئے بطور اضطرار کے آپ کی خدمت میں دُعا اور ہمت کا سائل ہو کر یہ خط لکھ رہا ہوں۔

''میرے عزیز! اس میں شک نہیں کہ آپ کی ہر طرح کی ہمت اور ہر طرح کی شرکت اس کے فروغ کا سبب ہے۔ اللہ جل شانہ نے جیسی تبلیغ کی نہایت فائدہ بخش اور اصول اسلام کو حاوی نہایت سہل اور نہایت عظیم صورت اس ناچیز کو عنایت فرمائی ہے۔ یہ ناچیز

---

1 یعنی تبلیغ کے لئے نکلنے اور واپس آنے کے وقت

اس نعمت عظیمہ جلیلہ کی قدر دانی اور شکر گزاری اور تواضع میں اپنے نفس کو بہت کمزور پا کر اس نعمت کے کفران نعمت سے بہت خائف ہے۔ نیز تمہاری اس ہمت کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ بندہ ناچیز کو اس تبلیغ کے اصول قرار دینے میں آپ کی صحبت کا بڑا دخل ہے، حق تعالیٰ مجھے آپ کے شکر کی توفیق بخشیں۔ اللہ کو منظور ہوا اور جیسے کہ آثار ہیں یہ تبلیغ فروغ پکڑ گئی تو انشاء اللہ تمہاری تصانیف اور فیوض ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ عرب وعجم کو سیراب کریں گی، اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دیں، میری اس میں دُعا سے ضروری ہی مدد کیجیو اور میں بھی دُعا کرتا ہوں"۔

ایک تیسرے گرامی نامہ میں موصوف کو لکھتے ہیں:

"اس نازک زمانے میں دلوں سے نکل چکنے والے، قدر سے گرے ہوئے، آنکھوں میں حقارت سمائے ہوئے دین کی بابت کسی آواز کا کسی کان تک پہنچنا رتی اور ذرہ برابر کسی دل کے اندر اترنے کی اُمید رکھنا محال اور بادیدست آوردن کے برابر ہے، کتنی ضرورت ہے، اسوقت اس کا استحالہ برابر دوش بدوش چل رہا ہے، فضول خیالات میں عمر گنوادینا نہایت مرغوب و مستحسن نظر آرہا ہے۔ تھوڑے سے تھوڑا وقت سلف کے طریقہ میں گزار دینے سے اور پھر اس کے ساتھ ساتھ اپنے اندرونی جذبہ ہمت کا ضعف اور اپنا عجز، عقل وفہم کا فتور اس طرف چھوٹی سے چھوٹی حرکت کرنے سے روکتا ہے، بایں ہمہ حق جل علا شانہ، کے فرمان عالی کی حقانیت ومواعید کی عظمت اور اس کے اوامر عظیمہ پر نظر بیٹھنے بھی نہیں دیتی، طرفین کی کشاکش سے ضعیف طبع پر اضمحلال وحیرانی رہتی ہے اس نازک مقام پر کیا کیا جاوے۔ میرا مقصد اس تحریر سے یہ ہے کہ آپ جیسے باہمت اہلِ دل اصحاب موقع کی نزاکت کے بقدر اور حیثیت کے موافق حق تعالیٰ کے جناب عالی میں تضرع اور زاری کے ساتھ دست بدعا ہوں اور دوسرے دوستوں کو کہیں کہ یہ کام اس زمانہ میں ہم جیسوں کی طاقت سے بہت اونچا ہے چھوڑنا اور بے التفاتی بھی خطرناک ہے اور قدم اُٹھانے کا بھی یارا نہیں، اللہ ہی بڑا سہارا ہے"۔

اہم مواقع پر (اور مولانا کے نزدیک ہر تبلیغی موقع کی اہمیت تھی) خود بھی دُعا کی طرف متوجہ ہوتے اور اہل دل کو بڑے اضطرار کے ساتھ دُعا کی طرف متوجہ فرماتے۔ 20 جنوری 39ء کو شیخ

الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو تحریر فرماتے ہیں:

''اس جمعہ کو طرفین کے میوؤں میں خاص تبلیغی فرض کے لئے پہاڑ گنج کی جماعتوں کی طرف سے انعقاد جلسہ قرار پایا نہایت فضل عظیم یہ ہے کہ اس کی پہلی شب میں مولانا حسین احمد صاحب مبلغ محرک قرار پائے ہیں، خدا جانے کیوں میرے دل پر ان کے اس مقصد کے لئے تشریف آوری پہلی مرتبہ اور انوکھی ہونے کی بنا پر اثر عظیم کر رہی ہے، اسی اثر کی بناء پر سائل وطالب عاجز ہو کر آپکی بارگاہ کی طرف ملتجی ہوں کہ اس جلسہ کے مقررین وسامعین کے باستقلال وطمانیت نامہ اس کام پر جمنے اور نہایت جمنے اور چالو ہونے کے لئے بارگاہ ایزدی میں ملتجی وداعی بخشوع وخضوع بہت استقلال سے رہیں اور اس کے لئے پوری طرح صرف ہمت فرما دیں اور بھی جس کو آپ مناسب سمجھیں اور موقع ہو تو اس کی کامیابی کی دُعا وصرف ہمت میں مشغول رکھیں نیز ظاہری کوئی تدابیر اس کی تثبیت وتنشیط کی ذہن میں آوے اس میں سعی کریں''۔

مولانا بڑی دیر تک اور بڑی بے قراری اور اضطرار کی کیفیت کے ساتھ دُعا فرماتے تھے اور دُعا کی حالت میں اکثر ان پر خود فراموشی کی سی کیفیت طاری ہو جاتی اور عجیب عجیب مضامین کا ورود ہوتا۔ پانچوں وقت کی نمازوں کے بعد خصوصاً میوات کے سفروں میں بڑی پُر اثر دُعائیں فرماتے اور اکثر وہ مستقل تقریریں ہوتیں، وہ اللہ سے دل کھول کر مانگتے اور مانگتے وقت اپنی طرف سے کمی نہ کرتے تقریروں کے درمیان یہ فقرہ ابھی تک سننے والوں کے کانوں میں گونج رہا ہے ''مانگو اللہ سے''۔

ادعیہ ماثورہ میں سے یہ دُعائیں اکثر وخصوصاً اس کام کے سلسلہ میں وردزبان رہتیں۔

**اللهم ان قلوبنا و نواصينا و جوارحنا بيدك لم تملكنا منها شيئا فاذا فعلت ذلك بنا فكن انت ولينا و هدنا الى سواء السبيل۔ اللهم اصنع بنا ما انت اهله و لا تصنع بنا ما نحن اهله اللهم لا سهلا الا ما جعلته سهلا و انت تجعل الحزن سهلا اذا شئت لا اله الا الله الحكيم الكريم**

اے اللہ! ہمارے دل ہماری پیشانیوں کے بال اور ہمارے قوی وجوارح سب تیرے ہاتھ میں ہیں تو نے ان میں کچھ بھی ہمارے اختیار میں نہیں دیا اور جب تو نے ایسا

کیا ہے تو ہی ہمارا کارساز ہو جا اور ہم کو سیدھے راستے کی طرف ہدایت دے۔ اے اللہ ہمارے ساتھ اپنے شایان شان سلوک فرما اور ہمارے شایان سلوک نہ فرما۔ اے اللہ آسان وہی ہے جس کو تو آسان کر دے اور تو دشوار کو بھی آسان کر دیتا ہے جب تو چاہے اللہ حکیم وکریم کے سوا کوئی معبود نہیں

اور یہ دُعا تو تھوڑے وقفے سے ہمیشہ وردِ زبان رہتی:

یا حی یا قیوم برحمتك استغیث اصلح لی شأنی كله و لا تكلنی الی نفس طرفة عین فانك ان تكلنی الی نفسی تكنی الی ضعف و عورة و ذنب وخطیئة انه لا یغفر الذنوب الا انت

اے وہ جو زندہ ہے اور جس کے سہارے زمین و آسمان تھمے ہوئے ہیں میں تیری رحمت سے داد خواہ ہوں میری ساری حالتیں درست کر دے اور مجھے پل بھر بھی اپنے نفس کے حوالے نہ کر، اس لئے کہ اگر تو مجھے اپنے نفس کے حوالے کر دے گا تو کمزوری، عیب، گناہ اور جرم کے حوالہ کرے گا۔ گناہوں کا بخشنے والا تو ہی ہے۔

تبلیغی سفر کے وقت تمام اذکار دادعیہ، ماثورہ کا التزام کرتے اور دُعا وذکر کی بڑی کثرت کرتے، بعض لوگوں کو مستقل دُعا اور سورہ یسین کے ختم کی ہدایت کرتے اور بہت ہی اضطرار اور انابت الی اللہ کی کیفیت ہوتی گویا سفر جہاد ہے اور اذا لقیتم فئة فاثبتوا و اذكروا الله كثيرا لعلكم تفلحون کا موقع۔

اللہ سے تعلق اور اس کی طرف رجوع وانابت اور اس کی رحمت پر اعتماد کا نتیجہ تھا کہ اللہ پر پورا بھروسہ تھا اور بڑی سے بڑی اور مشکل سے مشکل بات کے لئے اطمینان تھا کہ ہو سکتی ہے۔ ایک روز اپنے عزیز رفیق سے فرمایا کہ اگر تم کو اصلاح کے سلسلہ میں مکاتب و مدارس ہی پر اعتماد ہے تو میوات میں ایک ہزار مکتبوں کا نظام بناؤ اور اپنی ذمہ داری پر اس کام کو اٹھاؤ، اگر تم اس کے لئے تیار ہو جاؤ میں تمہارے جواب دینے سے دو دن بعد ایک ہزار مکتبوں کا ایک سال کا پورا خرچ (چھ

لاکھ روپیہ) تم کر دے دوں گا مگر شرط یہ ہے کہ میں اس پر اپنا وقت اور اپنا فکر بالکل صرف نہیں کروں گا، تم ہی کو ذمہ داری سنبھالنا ہوگی، میں اسی طرح اپنے کام میں لگا رہوں گا۔ پھر فرمایا کہ تم کو معلوم ہے کہ میرے پاس شاید چھ روپے بھی نہ نکلیں، لیکن مجھے یقین ہے کہ جس دن اللہ کے کسی کام کا ارادہ کرلیا جائے گا اس کے بقدر روپیہ تو اللہ تعالیٰ ایک دن میں مہیا کر دے گا۔

ایک روز چندہ کی پیش کش کرنے والے ایک صاحب سے بڑے استغنا اور اعتماد علی اللہ کے ساتھ فرمایا کہ مجھے یقین ہے کہ اگر میں رسول کریم ﷺ کے دین کا کام کروں گا تو اللہ تعالیٰ اس عمارت کو (دار الاقامۃ کی طرف اشارہ کر کے) سونے چاندی کا بنا دے گا۔

سفروں میں وہ خواہ کیسے ہی تھک کر چور ہو گئے ہوں نوافل کے لئے تازگی اور توانائی پیدا ہو جاتی، فرماتے تھے کہ میرا تکان نماز سے دور ہوتا ہے، ایسا ہوا ہے کہ پہاڑ کی چڑھائی عبور کر کے اور پہنچے ہیں، لوگ بے دم ہو کر آرام کے لئے پڑ گئے اور مولانا نے نفل کی نیت باندھ لی دن بھر کے تھکے ہوئے اور رات کے جگے ہوئے ہیں، مغرب کے بعد دیکھئے تو اوابین پڑھ رہے ہیں اور کئی کئی پارے اس نشاط کے ساتھ پڑھ رہے ہیں گویا تازہ دم ہیں۔

باب ہشتم

# مولانا کی دعوت کا ذہنی پس منظر اس کے اصول ومبادی

# اور اس کی دینی فکری اساس

## مسلمانوں میں ایمان ویقین کے تنزل کا احساس:

جس مبارک دینی ماحول میں مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی عمر کا ابتدائی حصہ گزرا تھا، اس کی مخصوص دینی وروحانی فضا کی وجہ سے بمشکل اس بات کا احساس ہوسکتا تھا کہ مسلمانوں سے ایمان ویقین کی دولت سرعت سے نکلتی جارہی ہے۔ دین کی طلب اور قدر سے دل تیزی کے ساتھ خالی ہوتے چلے جارہے ہیں۔ اس ماحول میں چونکہ صرف خواص اہل دین اور اہل طلب سے واسطہ پڑتا تھا، اس لئے مسلمانوں کی دین سے بڑھتی ہوئی بے نیازی اور اس کی ناقدری اور اس کی تحقیر کا کوئی عملی تجربہ اور احساس نہ ہونا بے موقع نہ تھا، وہاں رہ کر یہی تصور ہوسکتا تھا کہ مسلمانوں کی زندگی مکی دعوت وتبلیغ اور دین کی ابتدائی جدوجہد کی منزل سے آگے بڑھ چکی ہے اور اب صرف مدنی زندگی کے تکمیلی مشاغل کی ضرورت ہے، اس لئے وہاں رہ کر مدارس دینیہ کے قیام واہتمام، کتاب وسنت کی اشاعت، درس حدیث، دینی تصنیف وتالیف، قضا وافتاء، رد بدعات، اہل باطل سے مناظرہ اور احقاق حق اور سلوک وتربیت باطنی کے علاوہ کسی اور طرف ذہن کا منتقل ہونا بہت مشکل تھا، وہاں کام کی نوعیت یہ تھی گویا زمین ہموار تیار ہے، اس پر پودے لگانا اور درخت بٹھانا ہے اور یہ بات وہاں کے حالات کے لحاظ سے غلط نہ تھی کہ اس محدود حلقہ بزرگان دین کی کوششوں سے یقیناً زمین تیار ہوچکی تھی اور دین کے باغات سرسبز تھے۔

اس ماحول کا طبعی تقاضا یہ تھا کہ آپ بھی انہیں شعبوں میں سے کسی شعبہ کی طرف متوجہ ہوتے اور اپنی خداداد استعداد وصلاحیت سے اس میں کمال پیدا کرتے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس بارہ میں آپ کی خاص رہنمائی فرمائی اور آپ کی بصیرت پر یہ حقیقت منکشف کی جس سرمایہ کے اعتماد پر یہ سارا جمع خرچ ہے وہ سرمایہ ہی مسلمانوں کے ہاتھ سے نکلا جارہا ہے۔ جس زمین پر دین کے یہ درخت

نصب کرنے ہیں وہ زمین ریت کی طرح پاؤں کے نیچے سے کھسکتی جارہی ہے امہات عقائد میں ضعف پیدا ہوگیا ہے اور بڑھتا جارہا ہے اور خود مولانا کے گہرے الفاظ میں امہات عقائد میں امہات ہونے کی شان نہیں رہی، ان میں اثبات عقائد (ضمنی وفروعی عقائد کی تربیت و پرورش کی طاقت نہیں رہی، خدا کی خدائی اور محمد ﷺ کی رسالت کا یقین کمزور ہوتا چلا جارہا ہے، آخرت کی اہمیت کم ہوتی جارہی ہے، اللہ کی بات کا وقار اور رسول کریم ﷺ کے کلام کا وزن اور دین و شریعت کا احترام کم ہورہا ہے، اجروثواب کا شوق (ایمان واحتساب) دل سے اُٹھتا جارہا ہے۔

## زندگی کے رُخ کی تبدیلی:

یہ انکشاف وادراک اس وضاحت اور قوت کے ساتھ ہوا کہ اس سے مولانا کی زندگی کا رُخ بالکل ہی تبدیل ہوگیا اور طریق کار اصولی طور پر بدل گیا، آپ کی زندگی بھر کی جدوجہد اور دعوت وتحریک کی بنیاد دراصل اسی امر واقعی کا ادراک تھا کہ مسلمانوں میں دین کی بنیاد تزلزل میں ہے اور اصل کام اسی کا استحکام ہے، آپ کی ساری جدوجہد کا محور ومرکز یہی خیال تھا جس نے آپ کی توجہ و دلچسپی کو ہر رُخ سے ہٹا کر اسی ایک نقطہ پر مرکوز کردیا۔

مولانا حسین احمد صاحب کو ایک خط میں اپنی اس تحریک کا مقصد اس طرح تحریر فرماتے ہیں:

> ''نماز، روزہ، قرآن، انقیاد مذہب اور اتباع سنت کا نام لینے اور ان چیزوں کا تذکرہ کرنے سے ان چیزوں کے ساتھ عالم اسلام میں تمسخر اور مضحکہ واستخفاف کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رہتا۔ امور مذکور کی حرمت وعظمت کی طرف دعوت دینے ہی پر اس تبلیغ کی تحریک کا دارومدار ہے اور یہی اس کی بنیاد ہے کہ استخفاف کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رہتا، امور مذکور کی حرمت وعظمت کی طرف دعوت دینے ہی پر اس تبلیغ کی تحریک کا دارومدار ہے اور یہی اس کی بنیاد ہے کہ استخفاف سے تعظیم کی طرف فضائے عالم کے انقلاب کی کوشش کی جائے''۔

## مسلمانوں میں دینی طلب اور قدر کا فقدان:

آپ نے یہ اچھی طرح محسوس کرلیا کہ ایسی حالت میں کہ مسلمانوں میں ایمان ویقین روبہ تنزل ہیں، دین کی قدر وعظمت دلوں سے اُٹھتی جارہی ہے، عالم مسلمان دین کی ابتدائی اور بنیادی

چیزوں سے محروم ہوتے جارہے ہیں، لہذا ان تکنیکی شعبوں کا قیام جو دین کی جڑ پکڑ جانے کے بعد کی چیزیں ہیں ذرا قبل از باتیں ہیں۔ طبائع اور رجحانات کے سیلاب کے رخ کو خدادا فراست و بصیرت سے پہچان کر آپ نے اچھی طرح محسوس کرلیا کہ نئے دینی اداروں کا قیام تو الگ رہا، پرانے اداروں اور دینی مرکزوں کی زندگی بھی ایسی حالت میں خطرہ سے باہر نہیں، اس لئے کہ وہ رگیں اور شرائین جن سے ان میں خون زندگی آتا تھا، مسلمانوں کے جسم میں برابر خشک ہوتی جارہی ہیں، ان کی طلب اور ان کی ضرورت کا احساس اور ان کے قائم ہوجانے کے بعد ان کی قدر اور ان کی خدمت گزاروں کی خدمات کا اعتراف ختم ہورہا ہے، شیخ حاجی رشید احمد صاحب کے نام (جو متعدد مرکزی دینی مدارس کے معاون اور رکن ہیں) ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''اب سے پندرہ برس پہلے ہی کوتاہ نظر سے لیکن اللہ کی دی ہوئی بصیرت سے میں نے اہل وفا کے طبائع کے سیل کو بھانپ لیا تھا اور یہ اندازہ لگا چکا تھا کہ یہ رفتار مکاتب اور مدارس کی جو چل رہی ہے یعنی لوگوں کا میلان اور ان کی رغبت (جس کی وجہ سے مکتبوں اور مدرسوں میں مخلصانہ کوشش کرنے والے کھڑے ہوتے ہیں اور چندہ دینے والے چندہ دیتے ہیں) یہ عنقریب ختم ہونے والی ہے اور آگے چل کر راستہ اس کا مسدود ہے''۔

آپ نے ان دینی مدارس کے عین مرکزوں میں رہ کر اپنی ذکاوت حس اور فراست ایمانی ہے یہ بھی محسوس کرلیا تھا کہ علوم دینیہ دنیا طلبی کی وجہ سے اور ایمان و اجر طلبی کی کمی کی وجہ سے ان طلبہ کے لئے غیر نافع بلکہ ان کے لئے وبال اور حجت بنتے جارہے ہیں اور دوسری طرف عام مسلمانوں کی عدم توقیر اور احترام اور ناقدری کی وجہ سے وہ ضائع اور ان کے لئے قہر کا باعث ہوتے جارہے ہیں۔ ایسی حالت میں ان مدارس کا نفع اور ان علوم کی برکت و تاثیر بھی روز بروز اٹھتی جارہی ہے۔

اسی مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

''دوسری وجہ یہ ہے کہ علوم جن اغراض کے لئے اور جن اثرات و منافع کے لئے حاصل کئے جاتے ہیں ان علوم کے ساتھ وہ اغراض وابستہ نہ رہنے کے باعث علوم بیکار ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اب علوم سے وہ منافع اور اغراض حاصل نہیں ہوتے جن کی وجہ سے توقیر اور تحصیل تھی، ان دو باتوں پر نظر کرتے ہوئے میں نے اس طرز کی

طرف اپنی توجہ کو متوجہ کیا''۔

مولانا مدارس دینیہ کے وجود کو مسلمانوں کے لئے نہایت ضروری سمجھتے تھے اور اس سایہ رحمت کے مسلمانوں کے سروں سے اُٹھ جانے کو موجب وبال اور قہر سمجھتے تھے، لوگوں کی ناقدر دانی اور غفلت سے دینی مدارس اور مکاتب کی ایک بڑی تعداد میوات میں معطل ہوگئی تھی حاجی صاحب کو اسی خط میں اس کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

''لوگوں کو یہ بات ذہن نشین کرانے میں آپ ہمت فرمادیں کہ سینکڑوں مدرسوں کا سست پڑ جانا یا بند ہو جانا، اہل زمانہ کے لئے نہایت وبال اور نہایت باز پُرس کا خطرہ رکھتا ہے کہ قرآن دنیا سے مٹا چلا جائے اور ہمارے پیسوں میں اس کا کوئی حصہ اور ہمارے دلوں میں اس کا کوئی درد نہ ہو۔ یہ سب باتیں خطرناک ہیں''۔

لیکن مولانا سمجھتے تھے کہ ان مدارس کا وجود قیام اس زمین پر ہے جو ہمارے اسلاف تیار کر گئے تھے، اصل دین کی تبلیغ اور جدوجہد کی بدولت مسلمانوں میں دین کی جو طلب اور قدر پیدا ہوگئی تھی، اسی کا نتیجہ تھا کہ اس دین کو اپنی نئی نسل میں پیدا کرنے کے لئے اور اس کو دنیا میں قائم و باقی رکھنے کے لئے دیندار مسلمانوں نے جا بجا یہ مکاتب و مدارس قائم کئے اور ان کی خدمت کو اپنی وسعت سمجھا۔ اس بچی کھچی طلب اور قدر کا نتیجہ ہے کہ ابھی تک یہ مدارس چل رہے ہیں اور ان کو طالب علم مل رہے ہیں، لیکن اس سرمایہ طلب میں برابر کمی آرہی ہے اور اضافہ نہیں ہو رہا ہے۔ یہ صورت حال دین کے مستقبل اور دینی اداروں کے وجود و بقاء کے لئے سخت تشویشناک ہے، جس ذخیرہ اور اندوختہ میں برابر کمی ہو اور اضافہ کبھی نہ ہو (خواہ کمی روزانہ ایک قطرہ کی ہو) وہ اگر سمندر بھی ہو تو ایک روز خشک ہو جائے گا۔

## طلب و احساس کی تبلیغ:

مولانا کو اس کا پوری شدت سے احساس ہوا کہ اس وقت سب سے مقدم اور ضروری کام طلب کی تبلیغ اور مسلمانوں میں مسلمان ہونے کا احساس پیدا کرنا ہے اور یہ کہ دین سیکھے بغیر نہیں آتا اور دنیاوی ہنروں سے زیادہ اس کے سیکھنے کی ضرورت ہے، یہ احساس اور طلب اگر پیدا ہوگئی تو باقی مراحل و منازل خود طے ہو جائیں گے، اس وقت کے مسلمانوں کا عمومی مرض بے حسی اور بے طلبی ہے، لوگوں نے غلط فہمی سے سمجھ لیا ہے کہ ایمان تو موجود ہی ہے، اس لئے ایمان کے بعد جن

چیزوں کا درجہ ہے، ان میں مشغول ہو گئے، حالانکہ سرے سے ایمان پیدا کرنے ہی کی ضرورت باقی ہے۔

قرون اولیٰ کے مقابلہ میں تعلیم وتبلیغ وارشاد واصلاح میں ایک عظیم تغیر یہ ہوا کہ ان کا دائرہ طالبین کے لئے محدود ہو کر رہ گیا، اہل طلب کے لئے تعلیم واصلاح اور ہدایت وارشاد کا پورا انتظام اور اہتمام تھا، لیکن جن کو اپنے مرض کا احساس ہی سرے سے نہیں اور جو طلب سے خالی ہیں ان کی طرف توجہ بالکل ہٹ گئی، حالانکہ ان میں طلب کی تبلیغ کی ضرورت تھی، انبیاء علیہم السلام کی بعثت کے وقت سارا عالم مستغنی اور سود زیاں سے بے پرواہوتا ہے۔ یہ حضرات انہی میں طالب علم پیدا کرتے ہیں اور کام کے آدمی حاصل کر لیتے ہیں، بے طلبوں اور بے حسوں میں طلب واحساس پیدا کرنا ہی اصل تبلیغ ہے۔

## طریق کار:

اس احساس طلب دین اور اسلام کے اصول ومبادی کی تلقین کا ذریعہ کیا ہے؟ اسلام کا کلمہ طیبہ ہی اللہ کی رسی کا وہ سرا ہوئے جو ہر مسلمان کے ہاتھ میں ہے، اسی سرے کو پکڑ کر اسے پورے دین کی طرف کھینچ سکتے ہیں، وہ کشمکش نہیں کر سکتا، مسلمان جب تک اس کلمہ کا اقرار کرتا ہے اس کو دین کی طرف لے آنے کا موقع باقی ہے۔ اس موقع کے (خدانخواستہ) نکل جانے سے پہلے اس سے فائدہ اُٹھالینا چاہیے۔

اب مسلمانوں کی اس وسیع اور منتشر آبادی میں دین کا احساس وطلب پیدا کرنے کا ذریعہ یہی ہے کہ ان سے اس کلمہ ہی کے ذریعہ تقریب پیدا کی جائے اور اسی کے ذریعہ خطاب کیا جائے، کلمہ یاد نہ ہو تو کلمہ یاد کرایا جائے، غلط ہو تو اس کی تصحیح کی جائے، کلمہ کے معنی ومفہوم بتائے جائیں اور سمجھایا جائے کہ اللہ کی بندگی وغلامی اور رسول کی تابعداری کا اقرار ان سے کیا مطالبہ کرتا ہے، اس طرح ان کو اللہ اور رسول کے احکام کی پابندی پر لایا جائے جن میں سب سے عمومی، سب سے مقدم اور سب سے اہم نماز ہے، جس میں اللہ نے یہ قابلیت رکھی ہے کہ وہ سارے دین کی استعداد وقوت پیدا کر دیتی ہے۔ جس بندگی کا کلمہ میں اقرار تھا، اس کا یہ پہلا اور سب سے کھلا ثبوت ہے پھر اس شخص کی مزید ترقی اور استحکام کے لئے اس کو اللہ سے تعلق پیدا کرنے اور اس تعلق کو بڑھانے کی طرف متوجہ کیا جائے اور اللہ کو زیادہ یاد رکھنے اور یاد کرنے کی ترغیب دی

جائے، نیز یہ بات اس کے ذہن نشین کی جائے کہ مسلمانوں کی طرح زندگی گزارنے کے لئے اللہ کی مرضی ومنشاء اور اس کے احکام وفرائض معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیا کا کوئی ہنر اور کوئی فن بے سیکھے اور کچھ وقت صرف کئے بغیر نہیں آتا، دین بھی بے طلب کے نہیں آتا اور اس کو آیا ہوا سمجھنا غلطی ہے، اس کے لئے اپنے مشاغل سے وقت کا نکالنا ضروری ہے۔

یہ کام اتنا بڑا اور اتنا پھیلا ہوا ہے کہ اس کے لئے چند افراد اور جماعتیں کافی نہیں اس کے لئے عام مسلمانوں کی مسلمانوں میں کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لئے کہ بقول مولانا محمد الیاس صاحبؒ اگر کروڑوں کے واسطے لاکھوں نہیں اُٹھیں گے تو کس طرح کام ہوگا، نہ جاننے والے جتنے کروڑ ہیں جاننے والے اتنے لاکھ نہیں۔

مولانا کے نزدیک اس کام کے لئے عالم اسلام میں ایک عمومی اور دائمی حرکت وجنبش کی ضرورت ہو اور یہ حرکت اور جنبش مسلمانوں کی زندگی میں اصل اور مستقل ہے۔ سکون وقوف اور دنیا کا اشتغال عارضی ہے، دین کے لئے اس حرکت وجنبش پر مسلمانوں کی جماعت کی بنیاد رکھی گئی اور یہی ان کے ظہور کی غرض وغایت ہے **کنتم خیر امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف و تنهون عن المنكر و تومنون باللہ** ورنہ دنیا کے سکون ودنیاوی انہماک، کاروبار کی مصروفیت اور شہری زندگی کے کسی ضروری شعبہ میں کوئی ایسی کمی نہ تھی جس کی تکمیل کے لئے ایک نئی اُمت کی ضرورت ہو۔

مسلمانوں نے جب سے اس جماعتی زندگی اور اصلی کام کو چھوڑ دیا ثانوی درجہ دے دیا اس وقت سے ان کا انحطاط شروع ہو گیا اور جب سے ان کی زندگی میں سکون واستقرار اور پُرسکون و مصروف شہری زندگی کی کیفیات وخصوصیات پیدا ہو گئیں اور ان کا روحانی زوال اور اندرونی ضعف شروع ہو گیا جس کا عنوان خلاف راشدہ کا خاتمہ ہے۔ مولانا محمد الیاس صاحبؒ فرماتے ہیں اور تاریخ انکی لفظ لفظ تائید کرتی ہے اور ان کے ہر دعوے پر شہادتیں پیش کرتی ہیں۔

''ہم نے جماعتیں بنا کر دین کی باتوں کے نکلنا چھوڑ دیا، حالانکہ یہی بنیادی اصل تھی۔ حضور کریم ﷺ خود پھرا کرتے تھے اور جس نے ہاتھ میں ہاتھ دیا وہ بھی مجبونا نہ پھرا کرتا تھا۔ مکہ کے زمانہ میں مسلمین کی مقدار افراد کے درجہ میں تھی تو ہر فرد مسلم ہونے کے بعد بطور فردیت وشخصیت کے منفرداً دوسروں پر حق پیش کرنے کے لئے کوشش کرتا رہا۔ مدینہ میں اجتماعی اور متمدن زندگی

تھی، وہاں پہنچتے ہی آپ نے چہار طرف جماعتیں روانہ کرنی شروع کردیں اور جو بڑھتے گئے وہ عسکریت کی طرف بڑھتے گئے، سکونی زندگی صرف انہیں کو حاصل تھی جو پھرنے والوں کے لئے فئہ (مرجع) اور پھرتے رہنے کا ذریعہ بن سکیں، غرض پھرنا اور دین کے لئے جدو جہد اور نقل و حرکت میں رہنا اصل تھا، جب یہ چھوٹ گیا جب ہی خلافت ختم ہوگئی۔

نظام کار:

اس کام کے لئے جب مسلمانوں کی جماعتیں نقل وحرکت میں آجائیں تو ان کے کام کا نظام کیا ہوگا اور ترتیب کیا ہوگی؟ کس چیز کی اور کتنی چیزوں کی دعوت دی جائے گی؟ اس کا جواب مولانا ہی کے الفاظ میں سنئے:

''اصل تبلیغ صرف دو امر کی ہے، باقی اس کی صورت گری اور تشکیل ہے، ان دو چیزوں میں ایک مادی ہے اور ایک روحانی، مادی سے مراد جوارح سے تعلق رکھنے والی۔ سو وہ تو یہ ہے کہ حضورﷺ کی لائی ہوئی باتوں کو پھیلانے کے لئے ملک بہ ملک اور اقلیم بہ اقلیم جماعتیں بنا کر پھرنے کی سنت کو زندہ کرنے کر کے فروغ دینا اور پائیدار کرنا ہے، روحانی سے مراد اور جذبات کی تبلیغ یعنی حق تعالیٰ کا حکم پر جان دینے کا رواج ڈالنا جس کو اس آیت میں ارشاد فرمایا

| | |
|---|---|
| فلا و ربك لا يومنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم ثم لا يجدوا فى انفسهم حرجا مما قضيت و يسلموا تسليما | قسم ہے آپ کے رب کی یہ لوگ ایمان دار ہوں گے جب تک یہ بات نہ ہو کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو اس میں آپ سے یہ لوگ تصفیہ کرا دیں، پھر آپ کے تصفیہ سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پاویں اور پورا پورا تسلیم کر لیں۔ |
| و ما خلقت الجن و الانس الا ليعبدون | اور میں نے جن وانس کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کریں |

یعنی اللہ کی باتوں اور اوامر خداوندی میں جان کا بے قیمت اور نفس کا ذلیل ہو جانا۔

1- نکلنے کے وقت حضور ﷺ کی لائی ہوئی چیزوں میں جو چیز جتنی زیادہ اہم ہے اس میں اس کی حیثیت سے کوشش کرنا، اس وقت بدقسمتی سے ہم کلمہ تک سے ناآشنا ہو رہے ہیں اس لئے سب سے پہلے اسی کلمہ طیبہ کی تبلیغ ہے جو کہ خدا کی خدائی کا اقرار نامہ ہے یعنی اللہ کے حکم پر جان دینے کے علاوہ درحقیقت ہمارا کوئی بھی مشغلہ نہیں ہوگا۔

2- کلمہ کے لفظوں کی تصحیح کرنے کے بعد نماز کے اندر کی چیزوں کی تصحیح کرنے اور ایمانداروں کو حضور ﷺ کی نماز جیسی نماز بنانے کی کوشش میں لگے رہنا

3- تین وقتوں کو (صبح و شام اور کچھ حصہ شب کا) اپنی حیثیت کے مناسب تحصیل علم و ذکر میں مشغول رکھنا۔

4- ان چیزوں کو پھیلانے کے لئے اصل فریضہ محمدیؐ سمجھ کر نکلنا، یعنی ملک بہ ملک رواج دینا۔

5- اس پھرنے میں خلق کی مشق کرنے کی نیت رکھنا، اپنے فرائض (خواہ خالق سے متعلق ہوں یا خلق کے ساتھ) کی ادائیگی کی سرگرمی، کیونکہ ہر شخص سے اپنے ہی متعلق سوال ہوگا۔

6- تصحیح یعنی ہر عمل کے بارے میں اللہ نے جو وعدے وعید فرمائے ہیں ان کے موافق اس امر کی تعمیل کے ذریعہ اللہ کی رضا اور موت کے بعد والی زندگی کی درستی کی کوشش کرنا۔

اس زمانہ میں ایک بڑا فتنہ جو ہزاروں خرابیوں اور فسادات کا سرچشمہ ہے اور جس نے ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کی خوبیوں سے محروم اور اسلام کو مسلمانوں کی مجموعی خوبیوں اور کمالات سے بہت کچھ محروم کر دیا ہے مسلمانوں کی تحقیر ہے۔ ہر مسلمان نے گویا ایک کلیہ کے طور پر طے کر رکھا ہے کہ اس کی ذات مجموعہ محاسن اور دوسرے مسلمانوں کی ذات مجمع معائب ہے، اس لئے وہ خود لائق تسلیم و تعظیم اور دوسرا لائق تنقید و تحقیر ہے۔ یہ ذہنیت، یہ طرز عمل ان تمام فتنوں کا اصلی سبب ہے جو مسلمانوں کی اجتماعی اور مذہبی زندگی میں رونما ہوئے اور جن سے آج مسلمان پریشان ہیں۔

یہ اللہ کی بڑی توفیق اور دستگیری تھی اس نے اس بارہ میں مولانا کو خاص توفیق بخشی، انہوں نے اکرام مسلم کو اپنی تحریک کے اصول وارکان میں خاص جگہ دی۔ اس تحریک کی ساخت اور نوعیت ہی ایسی ہے۔ ہر قسم کے مسلمانوں سے اس سلسلہ میں اتنا سابقہ اور معاملہ پڑتا ہے اور اتنے دشوار

مرحلے پیش آتے ہیں اگر اس اصول کی پابندی نہ ہو اور اس کے مطابق ذہنی اور اخلاقی تربیت نہ ہوئی تو ہزاروں فتنے اس سے اُٹھ سکتے ہیں اور خود مولانا کے قول کے مطابق جو فتنے صدیوں میں آتے اس تحریک کو بے اصولی کے ساتھ لے کر کھڑے ہونے اور خلاف اصول کام کرنے سے ہفتوں اور دنوں میں پیش آجائیں گے۔

مولانا نے اس ترتیب کو ''اپنی ذات کو آدمی مجموعہ محاسن اور دوسرے کی ذات کو مجموعہ معائب سمجھتے'' (جس کا اس زمانہ میں رواج ہے) اس طرح بدل دیا ہے کہ ''اپنے عیوب اور کوتاہیوں پر نظر رکھے اور دوسرے کے محاسن اور ہنر پر۔ اس کے اس محاسن سے منتفع ہونے کی کوشش کرے، س کے عیوب اگر کچھ نظر آئیں تو ان کی پردہ پوشی کرے اور اس کے محاسن کو ان عیوب پر غالب ,ر فتح مند کرنے کی کوشش کرے، یہ تمام فتنوں کا سد باب اور تمام امراض کا علاج ہے۔ اپنے یک گرامی نامہ میں ایک مرتبہ تحریر فرمایا:

''کوئی شخص اور کوئی مسلم ہرگز ایسا نہیں کہ کچھ خوبیوں اور کچھ خرابیوں سے خالی ہو۔ ہر شخص میں یقیناً کچھ خوبیاں اور کچھ خرابیاں ہوتی ہیں۔ اگر خرابیوں کے ساتھ نظر اندازی اور ستر (پردہ پوشی) کا اور خوبیوں کی پسندیدگی اور ان کے اکرام کا ہم مسلمانوں میں رواج ہو جائے تو بہت سے فتنے اور بہت سی خرابیاں اپنے آپ کو دنیا سے اُٹھ جائیں اور ہزاروں خوبیوں کی اپنے آپ بنیاد پڑ جائے، مگر دستور اس کے خلاف ہے،

مولانا نے نظری طور پر نہیں بلکہ عملی طور پر (اور سب سے پہلے اپنے عمل سے) میواتیوں اور تبلیغی کارکنوں کے دل میں کلمہ کی اتنی توقیر اور کلمہ گو کا ایسا احترام بٹھا دیا کہ اکرام مسلم ان کی زندگی کا جزو اور ان کی طبیعت بن گیا۔ مولانا نے ان کو عادی بنا دیا کہ ہر فاسق و فاجر مسلمان سے معاملہ کرتے وقت اور عین تبلیغ کے موقع پر ایمان کی اس چنگاری پر نظر رکھیں جو ہر مسلمان کے دل کی خاکستر میں دبی ہوئی ہے اور اس کو مشتعل کرنے کی کوشش کریں، اُن کے امتی ہونے کی اس نسبت کا لحاظ کریں جو رسول اللہ ﷺ سے قائم ہے۔

مولاناؒ نے ان کو وہ خوردبین عطا کر دی جس سے وہ ذرہ ایمان کو بھی بڑی جسامت کے ساتھ دیکھ سکیں، اس رکن سے یہ تحریک بہت سے فتنوں اور شرور آفات سے محفوظ ہوگئی جو حریف

برادریوں میں پھرنے اور نئے نئے شہروں اور مجمعوں میں جانے اور اپنی بات پیش کرنے سے پیش آسکتی تھیں۔

ذکر کی پابندی، علم میں اشتغال، لایعنی اور بے کار باتوں سے اجتناب، امیر کی اطاعت اور جماعتی نظام کے ساتھ اس کام کو کرنے کی تاکید نے، ان دوسرے فتنوں اور خرابیوں سے محفوظ کر دیا جو ان شرائط واوصاف کے بغیر دوسروں کی ''اصلاح وتادیب'' اور ارشاد وتبلیغ کا کام کرنے سے پیدا ہو جاتی ہیں۔

## دینی کاموں کے لئے زمین ہموار کرنے کی ضرورت:

مولانا کے نزدیک زمین مذہب، ایمان اور اصول دین ہیں، اور ان کی تبلیغ اور ان کو مسلمانوں میں پیدا کرنے کے لئے نقل وحرکت، ملک بہ ملک پھرنا اور ان کو عمومی رواج دینے کے لئے جدوجہد (جس کا طریق کار اوپر بیان ہوا) زمین ہموار کرنے اور اس کو سیراب کرنے کے مترادف ہے' باقی دینی ادارے دین کے شعبے اور مسلمانوں کی دینی زندگی کے دوسرے مظاہر و مناظر یہ باغات کا حکم رکھتے ہیں جو اس زمین پر لگائے جا سکتے ہیں اور اس زمین کی زرخیزی و شادابی اور خدمت وجدوجہد کے بقدر سرسبز اور بارآور ہوں گے، اس لئے پہلی اور سب سے بڑی ضرورت زمین ہموار تیار کرنے کی ہے۔

مولانا نے میوات کے چند دینداروں کے نام ایک خط میں تحریر فرمایا تھا جس میں اس حقیقت کی وضاحت فرمائی تھی۔

> ''دین کے ادارے اور جتنے بھی ضرورت کے امور ہیں ان سب (دینی امور) کے لئے تبلیغ (صحیح اصول کے ساتھ ملک ملک پھرتے ہوئے کوشش کرنا) بمنزلہ زمین ہموار کرنے کے ہے اور بمنزلہ بارش کے ہے اور دیگر جتنے بھی امور ہیں وہ اس زمین مذہب کے اوپر بمنزلہ باغات کی پرورش کرنے کے ہیں۔ باغات کے ہزاروں اقسام ہیں، کوئی کھجوروں کا ہے، کوئی اناروں کا ہے کوئی سیبوں کا کسی میں کیلے ہیں اور کوئی پھلواریوں کا باغ ہے۔ باغ ہزاروں چیزوں کے ہو سکتے ہیں لیکن کوئی باغ دو چیزوں کے اندر پوری پوری کوشش کرنے کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ پہلی چیز زمین کا ہموار اور درست ہونا، زمین کے ہموار کرنے میں کوشش کئے بغیر یا زمین میں کوشش کر کے خود

ان باغات کی مستقل پرورش کئے بغیر کسی طرح باغات پرورش نہیں پا سکتے، سودین میں تبلیغی امور کی کوشش یہ تو زمین مذہب ہے، اور سب ادارے باغ ہیں۔ اب تک زمین مذہب ایسی ناہموار اور ہر طرح کی پیداوار اور باغات اس قدر نامناسب واقع ہو رہی ہے کہ کوئی باغ اس پر نہیں لگتا''۔

مولانا کے نزدیک اس زمین کی درستی اور اس بنیاد کے استحکام سے پہلی کسی بعد کی چیز میں مشغول ہو جانا اور اس میں اپنی قوت و ہمت صرف کرنا اور اس سے اچھے نتائج کی امید کرنا غلطی تھی۔ ایک گرامی نامہ میں اپنے اس خیال کو اس طرح ظاہر فرماتے ہیں:

''جس قوم کی پستی کلمہ لا الہ الا اللہ کے لفظوں سے بھی گر چکی ہو وہ ابتداء سے درستی کئے بغیر انتہا کی درستی کے کب قابل ہو سکتی ہے' انتہا ابتدا کے درست ہوئے بغیر نہیں ہو سکتی' اس لئے میں نے درمیانی اور انتہائی خیالات بالکل نکال دیئے۔ ابتدا درست ہو کر راستے پر پڑ جائیں گے تو انتہا پر خود بھی پہنچ جائیں گے اور ابتدا کے بگڑے ہوئے انتہا کی درستی کا خیال ہوس اور بوالہوسی کے سوا کچھ نہیں۔''

ایک مرتبہ میوات میں بعض اختلافی مسائل پر مناظروں کا سلسلہ شروع ہوا، لوگ بڑے ذوق و شوق سے ان کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس موقع پر مولانا نے اہل میوات کو ایک خط لکھا جس میں ہدایت فرمائی۔

''تمام ملک کی جامع مسجدوں اور مجمعوں میں اس مضمون کی اشاعت کا اہتمام کر لیا جائے کہ جو قوم کلمہ طیبہ اور نماز کی چیزوں کی تصحیح اور کلمہ شہادت کے مضمون پر اب تک پوری طرح سے مطلع نہ ہوئی ہو جو اسلام کی بنیادی چیز ہے تو بنیادی چیزیں چھوڑ کر اوپر کی چیز میں مشغول ہونا سخت غلطی ہے۔ اوپر کی چیز بغیر بنیادی چیز کے صحیح ہوئے درست نہیں ہوا کرتی [1]''۔

## تحریک ایمان:

اسی بناء پر آپ اپنی اس دعوت و تبلیغ کو (جو مسلمانوں میں ایمان پیدا کرنے اور اصول دین کا

---

1 (مکتوب بنام حکیم رشید احمد و مولوی نور محمد صاحبان)

رواج دینے کے لئے تھی) تحریک ایمان سے منسوب کرتے تھے اور مذہب کے بقاء کے لئے اس کو ایسا ضروری سمجھتے تھے کہ اس کے لئے ہر قربانی اور ہر طرح کی قدر دانی کو صحیح سمجھتے تھے۔ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:

''ہماری یہ تحریک ایمان جس کی حقانیت کو اہل جہاں تسلیم کر چکے ہیں اس کے عمل میں آنے کی صورت بجز اس کے کہ ہر آدمی لاکھ جان کے ساتھ قربان ہونے کو تیار ہو اور کوئی ذہن میں نہیں آتی [1]''۔

وہ مضمون یعنی مضمون تبلیغ بعنوان دیگر اس خاص طریق کے ساتھ اشاعت اسلام کے لئے جہاد فی سبیل اللہ کا ایک ضروری ولازمی فریضہ ہے جس کی طرف مسلمانوں کو توجہ کرنا فرض اور لازمی ہے اور جو بے شک وشبہ دیگر طرق مروجہ کی نسبت اصلی طریقہ نبوی کے زیادہ اشبہ واقرب ہے [2]''۔

## غافلوں اور بے طلبوں کو دعوت:

اور یہی سمجھتے ہوئے کہ ایمان اور اصول دین سے وابستگی ہی زمین مذہب ہے جس پر اس کے سارے باغات اور عمارتوں کا دارومدار ہے اور دین کی طلب اور قدر ہی وہ پونجی اور راس المال ہے جو تمام منافع اور ترقیوں کی اصل ہے' آپ نے اپنی توجہ دین کے تمام بعد کے شعبوں اور تکمیلی کاموں سے ہٹا کر بالآخر اسی بنیادی اور اصلی کام پر مرکوز کر لی اور اس میں کامل یکسوئی پیدا کر لی، آپ کو ان شعبوں کے خیر اور حق ہونے میں ذرہ برابر کلام نہیں تھا اور ان کی خدمت کرنے والوں کی دل میں بڑی قدر اور عظمت تھی اور ان کے لئے دُعا گو رہا کرتے تھے لیکن تجربہ کے بعد اپنے متعلق طے کر چکے تھے کہ اب صرف اسی کام سے اشتغال رکھیں گے اور بقول خود اپنے سرمایہ درد، سرمایہ فکر اور اللہ کی دی ہوئی قوت کو اس کے سوا کہیں اور صرف نہیں کریں گے''۔

آخری مرض ہی میں ایک روز مولانا عطاء اللہ شاہ بخاریؒ سے آپ نے فرمایا:

''شاہ صاحب! میں نے شروع میں مدرسہ میں پڑھایا (یعنی مدرسہ میں درس دیا) تو طلبہ کا ہجوم ہوا اور اچھے اچھے صاحب استعداد طلبہ کثرت سے آنے لگے۔ میں نے سوچا کہ ان

---

1 (مکتوب بنام مولوی سلیمان صاحب میواتی) 2 (مکتوب دیگر)

کے ساتھ میری محنت کا نتیجہ اس کے سوا اور کیا ہوگا جو لوگ عالم مولوی بننے ہی کے لئے مدرسہ آتے ہیں، مجھ سے پڑھنے کے بعد بھی وہ عالم مولوی ہی بن جائیں گے اور پھر ان کے مشاغل وہی ہوں گے جو عام طور سے اختیار کئے جاتے ہیں۔ کوئی طب پڑھ کر مطب کرے گا، کوئی یونیورسٹی کا امتحان دے کر اسکول کالج میں نوکری کرے گا، کوئی مدرسہ میں بیٹھ کر پڑھاتا ہی رہے گا۔ اس سے زیادہ اور کچھ نہ ہوگا۔ سو سوچ کر مدرسہ میں پڑھانے سے میرا دل ہٹ گیا۔

اس کے بعد ایک وقت آیا جب کہ میرے حضرت نے مجھ کو اجازت دے دی تھی تو میں نے طالبین کا ذکر کی تلقین شروع کی اور ادھر میری توجہ زیادہ ہوئی۔ اللہ کا کرنا، آنے والوں پر اتنی جلدی کیفیات اور احوال کا ورود شروع ہوا اور اتنی تیزی کے ساتھ حالات میں ترقی ہوئی کہ خود مجھے حیرت ہوئی اور میں سوچنے لگا کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور اس کام میں لگے رہنے کا نتیجہ کیا نکلے گا، زیادہ سے زیادہ یہی کہ کچھ اصحاب احوال اور ذاکر شاغل لوگ پیدا ہو جائیں پھر لوگوں میں ان کی شہرت ہو جائے تو کوئی مقدمہ جیتنے کی دُعا کے لئے آئے کوئی اولاد کے لئے تعویذ کی درخواست کرے، کوئی تجارت اور کاروبار میں ترقی کی دُعا، اور زیادہ سے زیادہ ان کے ذریعہ بھی آگے کو چند طالبین میں ذکر و تلقین کا سلسلہ چلے، یہ سوچ کر ادھر سے بھی میری توجہ ہٹ گئی اور میں نے یہ طے کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ظاہر اور باطن کی جو قوتیں بخشی ہیں، ان کا صحیح مصرف یہ ہے کہ ان کو اسی کام میں لگایا جائے جس میں حضور ﷺ نے اپنی قوتیں صرف فرمائیں اور وہ کام ہے اللہ کے بندوں کو اور خاص طور سے غافلوں، بے طلبوں کو اللہ کی طرف لانا اور اللہ کی باتوں کو فروغ دینے کے لئے جان کو بے قیمت کرنے کا رواج دینا، بس ہماری تحریک یہی ہے کہ اور یہی ہم سب سے کہتے ہیں، یہ کام اگر ہونے لگے تو اب سے ہزاروں گنے زیادہ مدرسے اور ہزاروں گنی ہی زیادہ خانقاہی قائم ہو جائیں، بلکہ ہر مسلمان مجسم مدرسہ اور خانقاہ ہو جائے اور حضور ﷺ کی لائی ہوئی نعمت اس عمومی انداز سے بٹنے لگے جو اس کے شایان شان ہے[1]"۔

---

1 (رسالہ الفرقان رجب وشعبان 1363ء)

آخر دور میں کبھی کبھی حضرت خواجہ عبید اللہ احرار کا یہ مقولہ نقل کرتے تھے جو امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ نے مکتوبات میں نقل کیا ہے۔

اگر من شیخی کنم ہیچ شیخ در عالم مرید نیابد اما امرا کار دیگر فرمودہ اند و آں ترویج شریعت و تائید است

اگر میں پیری مریدی کروں، تو کسی پیر کو دنیا میں مرید نہ ملے لیکن میرے سپرد ایک دوسرا ہی کام ہے اور وہ ہی شریعت کو رواج دینا اور دین کو نجات بخشا

مجدد صاحب اس کی تفصیل فرماتے ہیں:

لاجرم بصحبت سلاطین می رفتند و تبصرف خود ایشاں را منقادی ساختند و تبوسل ایشاں ترویج شریعت می فرمودند

(مکتوب شصت و پنجم)

چنانچہ آپ بادشاہوں کی صحبت میں تشریف لے جاتے اور اپنے اثر سے ان کو مطیع بناتے اور ان کے ذریعہ شریعت کو رواج دیتے۔

(مکتوب 65)

مولانا نے اپنے کو اس کام کے لئے اتنا یکسو کرلیا کہ اگر کسی نے کسی اور بات کی فرمائش کی یا مشغول کرنا چاہا تو معذرت کی، اور ایک دوست کو جنہوں نے تعویذ کی فرمائش کی تھی تحریر فرمایا:

''بھائی اللہ تمہیں خوش رکھے، میں تعویذ گنڈے، جھاڑ پھونک نہیں جانتا۔ میں نے نہیں سیکھے، مجھ سے اگر مذہب پر مضبوط ہونے کے واسطے تبلیغ سیکھو تو سب سے زیادہ مفید ہے دنیا کی زندگی کو سہل کردے اور مرنے کے بعد کی زندگی کو ترو تازہ رکھے۔ تبلیغ میں مشغول رہنا چاہتا ہوں، جانتا یہ بھی نہیں''۔

ایک دوسے خط میں ایک دوسرے طالب کو تحریر فرماتے ہیں:

''تعویذ گنڈا کچھ نہیں جانتا۔ میرے یہاں ہر درد کا مرہم تبلیغ ہے، دین کے فروغ سے اللہ راضی ہوتا ہے اور محمد ﷺ کو روضہ اقدس میں ٹھنڈک پہنچتی ہے، جب اللہ کی رضا اور رسول کو راحت اور ٹھنڈک ہوگی تو اللہ ہر چیز کو خود بخود درست فرمائیں گے۔''

ایک تیسرے خط میں لکھتے ہیں:

''میرے دوست! نہ میں عامل ہوں نہ میں تعویذوں سے واقف ہوں، نہ میں گنڈوں

سے آشنا ہوں، ایک مسجد میں پڑا ہوا ناواقف آدمی ہوں، اللہ کے فضل سے اور اس کی رحمت سے اور اس کے کرم سے مرنے کے بعد کی زندگی درست کرنے کی کوشش کرنے والا ہوں۔ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اس مخلوق میں شامل کردیں جو حضور جیسی نعمت عظمیٰ سے فائدہ اُٹھا دے۔ بس اس چیز میں لگا رہتا ہوں۔ اگر آپ کو یا آپ کے دوستوں کی اس چیز کی ضرورت ہو تو آپ توجہ کریں، شاید کوئی بات ہاتھ لگ جائے اور پلے پڑ جائے''۔

## دین کی جڑ کی توجہ کرنے کی ضروت:

آپ نے اس چیز کو اچھی طرح پالیا تھا کہ دین کی جڑ کے خشک ہونے کی وجہ سے اس کی شاخیں اور پتیاں مرجھائی جارہی ہیں، ارکان وفرائض دین کے اضمحلال کی وجہ سے نوافل، طاعات کی رونق وتازگی وشادابی رخصت ہورہی ہے، اعمال کی نورانیت ومقبولیت کم ہورہی ہے، دُعاؤں اور اذکار وظائف کی طاقت وتاثر اُٹھتی جارہی ہے۔ اس حقیقت کا اظہار اس طرح فرماتے ہیں:

''میرے حضرت! یہ وظیفہ وظائف اور یہ اللہ کی بارگاہ میں دُعائیں اور دین کی لائن کی ہر چیز درحقیقت ایمان کی پگڈنڈیاں اور اس کے پھول پتے ہیں جونسا درخت اپنی جڑ سے سوکھ چکا ہو، اس کے پھول پتوں میں شادابی کہاں سے ہوسکتی ہے، اس واسطے اس بندہ ناچیز کے نزدیک اس زمانے میں نہ دُعا کارگر ہے نہ کوئی عمل نہ وظیفہ بارآور ہے اور نہ کسی کی توجہ اور ہمت کارآمد ہے، حدیث شریف میں ہے کہ جس وقت دین کے فروغ کی کوشش ترک ہوچکی ہوگی جس کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کہتے ہیں اس وقت دُعاؤں میں راتیں روکر گزارنے والوں کی دُعا مقبول نہیں ہونے کی، ابواب رحمت بند ہوچکے ہوں گے، ابواب رحمت کھلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی۔ مسلم کا فروغ اسلام کے فروغ کی کوشش میں لگنے کے اندر کے علاوہ ہرگز متصور نہیں۔ حق عزوجل نے مومن کے ساتھ رحمت کے ساتھ توجہ کرنے اور کرم والطاف کے ساتھ برتاؤ کرنے کا ارادہ صرف اسی وقت فرما رکھا ہے کہ جب وہ اسلام کے فروغ میں ہو، اسلام کے فروغ میں اپنی سعی صرف کررہا ہو''۔

دین کے اس روز افزوں انحطاط، ہندوستان میں اسلام کے زوال، عقائد وارکان دین کے

ضعف واضمحلال اور مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی لادینیت اور مادہ پرستی نے مولانا کی حساس اور غیور طبیعت پر ایسا اثر کیا کہ ساری عمر وہ اس درد سے بے چین رہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو اُمت کی اس حالت سے جو اذیت پہنچ رہی ہے اس کو مولانا گویا حسی طور پر اپنے قلب میں محسوس کرتے تھے اور اس کی وجہ سے ایک نہ مٹنے والی بے کلی اور خلش رہتی تھی، ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

"میں جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کو اپنی اس اسکیم کے زندہ ہوئے بغیر بے چین پا رہا ہوں اور اس وقت دنیا میں مذہب کی تازگی اور تمام دنیا کی اسلامی مخلوق کی بلاؤں اور آفات کا ذریعہ مجھے کھلی آنکھوں اپنی اس تحریک کی تازگی میں منحصر نظر آرہا ہے، اور کچھ اللہ جل جلالہ، عم نوالہ کی طرف سے اس کی نصرت اور تائید کی کھلی آیات نظر آرہی ہیں اور اُمیدیں بہت اچھی کامیابی کی سرسبزیوں سے شاداب ہیں۔ میں اس امر میں مباورت ومسابقت کرنے والوں کے لئے خوش نصیبی اور سعادت کا بہت ہی بڑا حصہ نمایاں دیکھ رہا ہوں لیکن کھلی رغبت کے ساتھ مباورت اور مسابقت کرنے والے بہت ہی کم ہیں"۔

دین کے درد کو مولانا ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری سمجھتے تھے، دین کے فروغ سے غفلت اور خالص دنیاوی انہماک سے ان کے نزدیک اللہ سے بعد اور آخرت کی روسیاہی اور شرمندگی کا قوی خطرہ تھا، دوستوں کو خط میں لکھتے تھے:

"اس بات کا ضرور یقین کرنا چاہیے کہ جو شخص اسلام کے مٹنے کا درد لئے ہوئے بغیر مرے گا اس کی موت بدترین موت ہے، مذہب کے فروغ سے غفلت والا اور اپنی لذت اور دنیاوی زندگی میں مست رہنے والا قیامت کے دن روسیاہ اُٹھے گا"۔

میرے دوستو! دین کی کوشش میں لگا ہوا شخص مرنے کے وقت تروتازہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سرخروئی سے منہ کر سکے گا اور محمدی دین سے غفلت میں مرنے والا روسیاہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے منہ نہ کرنے کے قابل اور بُری موت مرے گا۔ دین کے اندر کی کوشش حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درد کا مرہم ہے، اتنی بڑی ہستی کے مرہم کی فکر نہ کرنا بڑی جہالت اور سخت بُری بات ہے۔

اور دین کے فروغ اور اعلاء کلمۃ اللہ کی کوشش اور اس کے لئے مناسب چیزوں میں حصہ لینے سے مولانا کو قیامت میں بڑی توقعات تھیں اور بڑے بڑے منظران کو دیکھائی دیتے تھے۔ میوات کے ایک جلسہ کے موقع پر تحریر فرماتے ہیں:

''جلسہ کی کامیابی کی کوشش کرنے والوں کو مژدہ سنادو کہ انشاء اللہ جبکہ باہمی جدال کے منظر کو اعلاء کلمۃ اللہ کی مجلس میں بدلنے کی کوشش کی ہے تو انشاء اللہ قیامت کے دن اس بڑے مجمع میں جس میں اولین و آخرین جن وانس اور سب مخلوق انبیاء و ملائکہ کی جماعتیں ہوں گی تو یہ کارنامہ انشاء اللہ برسر منبر مذکور ہوگا، اللہ اس دن کی نیک نامی کے لئے ہمیں جانوں کا دینا اور مرمٹنا نصیب فرمائیں''۔

## سیاست سے پہلے دعوت:

مولانا دین کے تمام کاموں میں ایمان اور مذہب کے اصول وارکان کے لئے جدوجہد اور تبلیغ و دعوت کو مقدم سمجھتے تھے اور ان کے نزدیک انہیں چیزوں سے پورے دین کو اخذ کرنے اور پوری شریعت پر عمل کرنے کی قابلیت وقوت ابھرتی ہے، اسی طرح عبادات کی درستی اور حکومت کی قابلیت پیدا ہوتی ہے اور دین کی دعوت کی کامیابی اور اس میں پوری جدوجہد سے سیاست کی قابلیت اُبھرتی ہے، جس سیاست کی بنیاد دعوت پر نہیں ہے وہ سیاست بے بنیاد اور متزلزل عمارت ہے۔

سیاست سے یہاں مراد کسی کام کو قوت اور اقتدار سے اور کسی ضابطہ اور نظام کے ذریعہ کرانا ہے اور دعوت سے مراد محض تشویق وترغیب اور کسی چیز کے منافع اور فضائل بتا کر اس پر شوق سے آمادہ کرنا ہے۔

مولانا کو ایک مستقل نظریہ بلکہ اسلامی تاریخ کا مولانا کے ذہن میں ایک خلاصہ تھا کہ اس امت سے صدیوں سے سیاست کی قوت واہلیت سلب ہو چکی ہے۔

اب مدتوں پورے صبر وضبط کے ساتھ دعوت کے اصول پر کام کرنے کی ضرورت ہے، اس کے بعد مسلمانوں میں نظم و اطاعت کی قابلیت، اپنے نفس خواہشات اور اپنے مصالح و منافع کے بر خلاف کسی ضابطہ اور قانون کی پابندی میں کام کرنے کی قوت پیدا ہوگی، سیاست کی تھوڑی سی مقدار کے لئے دعوت کی بہت بڑی مقدار چاہیے۔ دعوت میں جس قدر کمزوری ہوگی اور جس قدر اس مرحلہ میں عجلت وتیز رفتاری سے کام لیا جائے گا، سیاست میں اسی قدر خامی، جھول اور بھراؤ ہو

گا، یا تو وہ سیاست وجود میں نہ آسکے گی یا وجود میں آجانے کے بعد اس کی عمارت زمین پر آرہے گی۔

واقعہ بھی یہی ہے، خلافِ راشدہ کی قوت امر و نظم اور مسلمانوں کا ضبط و نظام اور تعمیل حکم کی قوت نتیجہ تھی اس طویل دعوت کا جو نبوت کے پہلے سے سال شروع ہو کر خلافت راشدہ تک قائم رہی اور بعد کا ضعف اور جماعتی زوال نتیجہ تھا دعوت سے اس تغافل کا جو خلافت بنی اُمیہ اور بنی عباس میں پیدا ہو گیا تھا۔

مولانا حضرت حسنؓ کا ایک فقرہ اکثر دہراتے تھے جو آپ نے حضرت حسینؓ سے بے بطریق وصیت فرمایا تھا کہ اس امت کا کام بطریق دعوت ہو گا۔

مولانا نے کسی ایسی جماعت میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا جس کا کام محض ضابطہ و سیاست اور افسری و ماتحتی کے اصول سے ہو آپ کے نزدیک موجودہ اختلافات، انتشار اور خرابیوں کا سبب ہی یہ تھا کہ دعوت سے پہلے سیاست شروع کر دی گئی ہے اور دینی کام کو مغربی سیاست و تنظیم کے طریق سے کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

## اصلاح کیلئے ماحول اور فضاء کی تبدیلی ضرورت ہے:

مولانا نے جس مبارک ماحول میں ابھی تک پرورش پائی تھی وہاں کی دینی غیرت و حمیت، عشق سنت اور جذبہ حفاظت شریعت اس کی اجازت نہیں دیتا تھا کہ منکر کو زندہ رہنے کی فرصت دی جائے اور کسی چھوٹے چھوٹے معروف کی ترویج میں بھی انتظار و تاخیر سے کام لیا جائے اور حق یہ ہے کہ اسی دینی تصلب اور استقامت کا نتیجہ ہے کہ اس دینی حلقہ کے اندر بیسیوں معروفات کا رواج ہو گیا، بیسیوں منکرات دب گئے اور متعدد و مردہ سنتیں ان حضرات کی جد و جہد اور قربانیوں سے زندہ ہو گئیں۔ **فجز اھم اللہ عن الاسلام خیر الجزاء۔**

یہ حمیت دینی اور عشق سنت مولانا کے خمیر میں تھا اور اس ماحول میں اس کی مزید پرورش اور استحکام ہوا۔ مگر اس ماحول سے بالکل مختلف اللہ تعالیٰ نے مولانا کی بصیرت پر یہ نکتہ منکشف فرمایا کہ منکرات کے مٹانے کا یہ طریقہ نہیں کہ ایک ایک منکر کے مٹانے کے درپے ہو جائے۔ ایک منکر کے مٹانے کے لئے بعض اوقات عمریں گزر جاتی ہیں اور وہ پھر بھی نہیں مٹتا، اگر وہ مٹ بھی جاتا ہے تو وہ صرف ایک مقامی اصلاح ہوتی ہے اور بعض اوقات ایک دوسرا منکر پیدا ہو جاتا

ہے، دنیا میں اس وقت صدہا منکرات ہیں، عمریں ختم ہو جائیں تو بھی وہ سب نہیں مٹ سکتے۔
مولانا کے نزدیک صحیح طریقہ یہ تھا کہ ان منکرات سے بحالات موجودہ براہ راست تعرض نہ کیا جائے بلکہ ایمانی شعور اور دینی احساس کو بیدار کیا جائے اور معروفات کی تکثیر و ترویج کی جائے۔

مولانا مقامی و جزئی اصلاح کے قائل نہ تھے، وہ فرماتے تھے کہ دور سے فضا بدلتے ہوئے اور معروفات پھیلاتے ہوئے آؤ، یہ منکرات آپ اپنی جگہ پر بغیر کسی جھگڑے کے مضمحل ہو جائیں گے۔ معروفات کو جتنا فروغ ہوگا منکرات کو زوال ہوگا۔

ایک سلیم الفطرت [1] میواتی نے جو مولانا کے خاص تربیت یافتہ ہیں مجھ سے کہا کہ ایک دن میں چھڑکاؤ کر رہا تھا۔ سب چھڑکاؤ کیا اور جہاں کھڑا تھا، وہ جگہ خشک رہ گئی۔ سب طرف سے ٹھنڈی ہوائیں آئیں تو وہ جگہ خود بخود ٹھنڈی ہو گئی۔ اس وقت یہ نکتہ میری سمجھ میں آیا کہ اگر میں نے اس جگہ چھڑکاؤ کیا ہوتا اور اس کے گرد پیش خشک رہتا تو وہ جگہ بھی ٹھنڈی نہ ہوتی، اس وقت مولانا کا یہ اصول پورے طور پر سمجھ میں آیا۔ ایک گاؤں میں جہاں دین کے اثرات نہیں تھے، دین کے اثرات اور دین کی دعوت قبول کرنے کی صلاحیت پیدا ہونے کے لئے اسی طریقہ کے اختیار کرنے کی ایک خط میں ہدایت فرماتے ہیں:

> ''ان کو براہ است خطاب کرنا جبکہ خطاب کی ناقدری شروع کر دی ہے، ٹھیک نہیں اس کے پاس دو دو چار چار کوس کے جو جو گاؤں ہیں ان سب جگہوں کے میانجی صاحبان اور ٹھونڈوں (سربرآوردہ لوگوں) کے حالات تحقیق کر کے ان کو جماعتیں لے جانے کی تاکید کریں اور اس عمومی کوشش کے انداز دیکھتے رہو، اس طرح ان کے اندر صلاحیت پیدا ہو جائے گی اور پھر خطاب مفید ہوگا ورنہ پہلے سے بھی زیادہ خطرہ ہے''۔

ہمیشہ آدمی ماحول کا اثر لیا کرتا ہے، یہ ہماری تبلیغ کا خلاصہ ہے۔ عام ہوا کا اور اپنے ماحول کا ہمیشہ آدمی اثر لیا کرتا ہے، اپنے ماحول کے خلاف ہوا دینا بڑا مشکل ہے، اس لئے زیادہ تر کوشش عام ہوا کے بدلنے میں رکھنی چاہیے [2]۔

---

1 میانجی داؤد    2 (بنام میاں محمد عیسیٰ صاحب فیروز پور نمک)

مولانا اصل دین کی کوشش اور دین کے متفقہ علیہ اجزاء کی اشاعت و ترویج کو اس زمانے کے تمام فتنوں اور امراض کا علاج سنتوں کے فروغ اور ہر دینی خیر و برکت کے پھیلنے کا سبب سمجھتے تھے، آپ کے نزدیک صحیح ترتیب یہ تھی کہ مسلمانوں کی پوری زندگی کو ایمان اور دین کے سایہ کے نیچے لانے کی کوشش کی جائے۔ اسی سے اس کی زندگی کی چول بیٹھے گی۔

ایک دوست کو تحریر فرماتے ہیں:

''ہمت کو اصل دین کے لئے بلند رکھو، ہمت کو چست کرو حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی روح مبارک اس قدر سرسبز ہوگی کہ خیال وگمان وہاں تک نہیں پہنچ سکتا اور اللہ چاہے ایسی کھلی ترقی دیکھو گے کہ کوئی طاقت اس کا ادراک نہیں کرسکتی''۔

ایک دوسرے گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:

''میرے دوستو! میری کوشش کرنے سے سینکڑوں حضور ﷺ کی سنتیں زندہ ہوں گی۔ اور ہر سنت پر سو شہیدوں کا ثواب ملے گا، تم خود دیکھو کہ ایک شہید کا کتنا بڑا رتبہ ہے۔

ایک دوست کو جو غالباً مسلمان اہل حرفہ و اہل صنعت کی دینی اصلاح و ترقی کے خواہش مند تھے۔ تحریر فرمایا:

''اس بندہ ناچیز کی نظر کے اندر وہ تبلیغ جس کے لئے آپ کو بھی بلایا تھا اور خود بھی کوشاں ہے اس کا منتہا دنیا کے مسلمانوں میں صنعت و حرفت و زراعت و تجارت کو شریعت کے ماتحت اور شریعت کے مطابق کرنا ہے، تبلیغ کی ابجد اور الف، ب، ت عبادات سے ہے اور عبادات کے کمال کے بغیر ہرگز معاشرت اور معاملات تک اسلامی امور کی پابندی نہیں پہنچ سکتی۔ سو مخلصین کی صحیح اسکیم یہ ہونی چاہیے کہ تبلیغ کی ابجد الف، ب، ت یعنی عبادات کو دنیا میں پھیلانے کی اسکیم شروع کر کے اس کے منتہا پر پہنچانے کی کوشش میں لگ جائیں، معاملات و معاشرت اور باہمی اخلاق کی اصلاح و درستی کے ذریعہ سیاست نامہ تک رسائی ہوگی، اس کے سوا کسی جزئیات میں پڑ جانا اپنے سرمایہ درد کو شیطان کے حوالے کر دینے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے''۔

ترسم نہ سی بہ کعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ می روی بترکستان است

## ذکر تعلم کا عمومی طریق:

اس تحریک کے اصول وارکان میں ذکر وعلم کے لفظ بار آئے ہیں جو مولانا مسلمانوں کو دیتے تھے لیکن مولانا کی تحقیق اور اصطلاح میں ذکر وعلم کے خاص معنی ہیں، اس لئے ان کی مستقل تشریح کی ضرورت ہے۔ مولانا کی اصلاحی وتجدیدی دعوت کا یہ بہت اہم شعبہ ہے۔

سارے ہندوستان اور پورے عالم اسلام میں مدت سے ذکر وتعلم کی دو خاص اصطلاحیں اور ان کے دو اصلاحی طریقے رائج ہیں۔ ذکر کے لئے مقرر اوراد وظائف اور علم کے لئے کتابوں اور مدارس کا ایک مخصوص نظام ہے جس میں متعدد سال صرف کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، ذکر و حصول علم کو رفتہ رفتہ ان دونوں دائروں میں اس طرح محدود کر دیا گیا کہ ان دونوں طریق و نظام کے بغیر ذکر وعلم کا حصول مستعبد اور تقریباً خارق عادت سمجھا جانے لگا۔

مولانا کی دعوت وتحریک کا دوسرا انقلابی وتجدیدی جزیہ ہے کہ دونوں طریقے اور نظام بہت ضروری اور بڑی خیر و برکت کا باعث ہیں۔ لیکن یہ تکمیلی اور خصوصی درجہ ہے جس سے خواص امت اور عالی ہمت اہل طلب ہی اپنی تکمیل وترقی کر سکتے ہیں۔ لیکن امت کے لئے یہ عمومی طریق نہیں یہ اور اس راستہ سے امت کے مشغول اور عام افراد اور اس کا سواد اعظم ذکر وعلم کے منافع وثمرات اور اس کے مقاصد تھوڑے وقت میں حاصل نہیں کر سکتا، امت کا اصلی اور طبعی طریق حصول علم کا ذکر وہی ہے جو قرون اول میں تھا۔

مولانا نے قرون اول کے مسلمانوں کا بڑی غائر نظر سے مطالعہ کیا تھا، آخر وقت تک صحابہ کرامؓ کے حالات وسیر اور اخلاق وشمائل کا مذاکرہ اور دور رہا اور ان کے حالات پڑھوا کر سنتے رہے۔ صحابہ کرامؓ کے خصائص وامتیازات اور ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں اور جزئیات پر جتنی عمیق نظر تھی، اس وقت تک کہیں دیکھنے میں نہیں آئی۔ مولانا کا اصلی درد یہی تھا کہ اسی طرز زندگی اور اس طریق کا ذکر وتعلم کو زندہ کیا جائے، ذکر کے متعلق مولانا کا فرمانا یہ تھا کہ غفلت تو حرام ہے لیکن ذکر، ذکر لسانی اور ذکر لفظی میں محدود نہیں، زندگی کے مختلف احوال اور اعمال واشغال کے بارے میں جو احکام وارد ہوئے ہیں، دھیان کرتے ہوئے، ان کے مطابق ان اعمال واشغال کو انجام دینا ذکر ہے، اس طرح پوری معاشرت اور پوری زندگی ذکر میں تبدیل ہو سکتی ہے، پھر اس سلسلہ میں ''ایمان احتساب'' کی صفت کو زندہ کرنا اصلی اور اعلیٰ کام ہے۔ مسلمانوں میں اعمال وعبادات

کی اتنی کمی نہیں جتنی ایمان واحتساب کی ہے۔

''ذکرلسانی ولفظی کوبھی مولانا کے نزدیک دین کی جدوجہد اور حرکت وسعی کے ساتھ ضم کرنے کی خاص ضرورت ہے۔ یہی صحابہ کرامؓ کی زندگی کی ساخت تھی کہ وہ دین کی دعوت وجہاد اور دین کے فروغ کے لئے سعی وعمل کے ساتھ ذکر کو ضم کرتے تھے اور یہی اب بھی ہونا چاہیے۔ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں۔

> ''حق تعالیٰ کے قرب اور اس کی کامل وفا کا سہل اور اقویٰ وسیلہ سمجھ کر ذکر میں ہوتے ہوئے اور سر بسجود ہوکر دُعاؤں کی کثرت کرتے ہوئے آپ اس کام کو کرتے رہیں اور اسی طرح کرنے کی سب کو تعلیم دیتے رہیں۔ذکر اور دُعا کی کثرت اس کا پہیا ہے اور اس کی روح ہے''۔

ایک کارکن کو تحریر فرماتے ہیں:

> ''ذکر سے اپنی خلوتوں کو اور خلوص کے ساتھ اللہ کی نہایت عظمت لیتے ہوئے دعوت الی الحق سے اپنی جلوتوں کو مشغول رکھو، ہاری تھکی طبیعتیں مت رکھو، ہشاش بشاش چلتا پھرتا آدمی اللہ کو نہایت محبوب ہے، اور اسی کے مقابل آخرت کی فکر میں ملول بھی اللہ کو پسند ہے، حضورﷺ کی غالب عادت رنجیدہ رہنے کی تھی''۔

ایک دوسرے خط میں تحریر فرماتے ہیں:

> ''ہر وقت کے لئے ان کے اپنے وقتوں کی عظمت اور حرمت میں آئی ہوئی تعریفیں اور فضیلتیں معلوم کر کے ان کا اعتقاد کرتے ہوئے کرنا یہی ان کا طریقہ ہے، ہر ایک کی فضیلتیں حدیثوں میں الگ الگ وارد ہیں، اور ہر ایک کے الگ الگ برکات وانوار ہیں، ہم جیسے عامی لوگوں کے لئے بس اتنا ہی کافی ہے کہ ہر وقت کی نماز ادا کرنے کے وقت یہ مانگ لے کہ ہر وقت کے جو برکات اور انور ہیں ان کا اللہ تعالیٰ ہمیں حصہ نصیب کرے۔''

علم کے متعلق بھی مولانا کی تحقیق یہ تھی کہ دین کے تعلیم وتعلم کو کتابوں کے نقوش اور مدارس کے حدود میں محدود کر دینا قرونِ متاخرہ کا طریقہ اور امت کے بڑے طبقے کو اس دولت سے محروم کرنے کے مرادف ہے، اس طرح امت کا بہت مختصر طبقہ دین کے علم سے منتفع ہوگا اور وہ بھی

محض نظری اور ذہنی طور پر دین کے تعلیم وتعلم کا فطری اور عمومی طریقہ جس سے لاکھوں افراد بلا کسی ساز وسامان کے تھوڑے وقت میں علم دین نہیں بلکہ نفس دین حاصل کر سکتے ہیں وہ اختلاط و اجتماع، صحبت سعی وعمل میں رفاقت اور اپنے ماحول سے نکلنا ہے جس طرح زبان وتہذیب اہل زبان اور مہذب وشائستہ لوگوں کی صحبت واختلاط سے حاصل کی جاتی ہے اور یہی ان کے سیکھنے کا فطری طریقہ ہے۔ اسی طرح دین کا صحیح علم اہل دین کی صحبت واختلاط، رفاقت واجتماع سے حاصل ہوسکتا ہے اور یہی اس کے حصول کا فطری طریق ہے کہ اس کے بہت سے اجزاء ایسے ہیں جو قلم کی گرفت سے باہر ہیں۔ دین ایک جاندار اور متحرک شے ہے، کتابوں کے نقوش جامد ہیں، جامد سے متحرک کا حاصل ہونا قانون فطرت کے خلاف ہے۔ دین کا کچھ حصہ جوارح سے تعلق رکھتا ہے، وہ قلب سے قلب میں منتقل ہوسکتا ہے، کچھ حصہ ذہن سے، وہ بیشک کتابوں سے حاصل کیا جاسکتا ہے، اسی مضمون کو ایک مرتبہ اس طرح بیان فرمایا۔

''انسان کا ہر عضو ایک خاص وظیفہ کے لئے مخصوص ہے، آنکھ سے دیکھنے کا کام لیتے ہیں اور اس کام کے لئے وہ مجبور ہے، اس سے سننے کا کام نہیں لیا جاسکتا۔ اسی طرح بیرونی ماحول کا احساس دل کا کام ہے، دل جس چیز کا احساس کرتا ہے، دماغ کا کام اس کی تشکیل کرنا ہے، دماغ دل کے ماتحت ہے اور دل میں احساس ماحول سے پیدا ہوتا ہے۔ دماغ کی تشکیل کا نام علم ہے، دماغ اسی وقت صحیح تشکیل کرے گا یعنی علم حاصل کرے گا جب دل صحیح احساس رکھتا ہو، اور یہ احساس جامد کتابوں کی صحبت سے نہیں پیدا ہوسکتا۔ یہ تو عمل سے حاصل ہوگا، میں یہ نہیں کہتا کہ مدرسے بند کردیئے جائیں۔ مدرسے تعلیم کی تکمیل کے لئے ہیں۔ لیکن ابتداء کے لئے موزوں نہیں [1]''۔

یہ عمل وتعلیم کے ایک ایسا علمی، مدلل اور محققانہ بیان اور ایک ایسی گہری تقریر ہے جس کو علمی طور پر اہل علم کو اپنے بحث ونظر اور تلاش وتحقیق کا موضوع بنانا چاہیے۔ مولانا کی دعوت کا یہ تعلیمی جز ایسا اہم اور ایسا انقلاب آفریں نظریہ تعلیم ہے جس پر ہمارے تعلیمی اداروں اور اہل علم کو سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاہیے تھا اور اس سے فائدہ اُٹھانا چاہیے تھا لیکن مولانا کی دعوت کے سلسلہ میں سب

---

1 (ارشد صاحب کا روزنامچہ وسفرنامہ)

سے کم اسی جز کو سمجھنے کی کوشش اور سب سے کم اسی کی طرف توجہ کی گئی۔

علم کی ترقی کے لئے مولانا کے نزدیک دوسری شرط یہ تھی۔

''یاد رکھو کوئی عالم علم میں ترقی نہیں کر سکتا جب تک وہ جو کچھ سیکھ چکا ہے دوسروں تک نہ پہنچائے جو اس سے کم علم رکھتے ہیں اور خصوصاً ان تک جو کفر کی حد تک پہنچے ہوئے ہیں۔ میرا یہ کہنا حضورﷺ کی اس حدیث سے ماخوذ ہے (بر دیگراں پاش کہ حق بر تو پاشد) کفر کی حد تک پہنچے ہوؤں تک علم پہنچانا اصل علم کی تکمیل اور ہمارا فریضہ ہے اور جاہل مسلمانوں تک علم پہنچانا مرض کا علاج ہے[1]''۔

مولانا نے اس نکتہ کو خوب سمجھ لیا تھا کہ جس طرح ہر زمانہ کا ایک خاص فتنہ اور مرض تھا اس زمانہ کا خاص فتنہ اور مرض اپنی دینی حالت پر قناعت وسکون اور دنیا میں شدت انہماک اور مشغولیت ہے جس نے دین کے حصول کے لئے زندگی میں فرصت کا کوئی لمحہ نہیں چھوڑا، یہ مشاغل اور تعلقات اس زمانہ کے ''ارباب من دون اللہ'' اور ''بتان تو'' ہیں جو اپنی موجودگی میں کسی اور طرف توجہ کرنے اور اس کے اثرات قبول کرنے کے روادار نہیں، مولانا نے بڑی قوت کے ساتھ اس بات کی دعوت دی کہ دین سیکھنے کے لئے اور دین کے اثرات کو جذب کرنے کے لئے اپنے ماحول سے (عارضی طور پر) نکلنے اور ان بتوں کی گرفتاری سے آزاد ہونے کی ضرورت ہے۔ یہ مشاغل اور تعلقات قلب سے اتنے چسپاں ہو چکے ہیں کہ کلمہ دین کی حقیقتیں اور اثرات کے قلب میں داخل ہونے کے لئے کوئی چھوٹے سے چھوٹا دریچہ بھی نہیں پاتے اور اس کی بالائی سطح سے ہی ٹکرا کر رہ جاتے ہیں۔

مولانا کے نزدیک مسلمانوں کے ہر طبقے کو دین سیکھنے اور اپنی زندگی میں حقیقی دینداری پیدا کرنے کے لئے نیز دینداروں اور علم حاصل کرنے والوں کو اپنی سطح سے ترقی کرنے کے لئے اپنے مشاغل سے کچھ وقت نکالنے اور اپنے کو اس وقت کے لئے فارغ کر لینے کی ضرورت ہے۔

مولانا کے نزدیک علم دین حاصل کرنا اور دین سے تعلق پیدا کرنا مسلمانوں کی زندگی کا اہم جز ہے جس کے بغیر مسلمان کی زندگی اس ساخت کے مخالف ہے جس پر مسلمان کی زندگی بنائی گئی، محض کھانا کمانا اور دین سے جاہل اور غافل رہنا حقیقتاً مسلمانوں کی زندگی نہیں اسی طرح مسلمان کی زندگی میں تبلیغ اور دین کے لئے حرکت وسعی اور عملی جدوجہد کا کوئی نہ کوئی حصہ ضرور ہونا

---

چاہیے۔ صحابہ کرامؓ کی زندگی میں یہ چار چیزیں عموماً جمع رہتی تھیں۔ تعلیم، ذکر تبلیغ خدمت دین، معاش، اب پہلی تین چیزوں کی جگہ چوتھی چیز (معاش) نے لے لی ہے اور زندگی کی پوری وسعت اس طرح گھیر لی ہے کہ کسی چیز کے لئے قطعاً کوئی گنجائش نہیں رہی ہے۔

مگر اس صورت حال کی اصلاح کی شکل یہ نہیں کہ ان چھوٹے ہوئے کاموں کے لئے اپنے تمام متاغل ترک کر دینے اور اپنے کو ہمہ تن وقف کر دینے کی دعوت دی جائے بلکہ صحیح طریق کار یہ ہے کہ صحابر کرامؓ ہی کے طرز زندگی کے دوبارہ زندہ کرنے کی کوشش کی جائے کہ وہی سب سے سہل اور سب سے اعلیٰ اور معیاری درجہ ہے۔ ان کو اپنے مشاغل کلیۃ ترک کرنے پر مجبور نہ کر دیا جائے بلکہ ان مشاغل میں سے دین کے لئے وقت نکالنے کی ترغیب دی جائے اور اس وقت کو زیادہ سے زیادہ کارآمد بنایا جائے اور اس سے حتیٰ الامکان ان نتائج کے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے جو دینی تعلیم کا مقصود ہیں۔

اس کی صورت یہ ہے کہ یہ وقت اہل طلب اور اہل دین کے ساتھ گزارا جائے، کچھ سیکھا جائے، کچھ سکھایا جائے۔ دین کو اس دینی ماحول میں آنکھوں، کانوں اور اپنے حس وادراک کی دوسری طاقتوں کے ذریعہ سے پورے طور پر اخذ کیا جائے، دین کا اور اہل دین کا اس طرح مطالعہ کیا جائے جس طرح کسی اجنبی ملک کی ہر چیز کا غور سے مطالعہ کیا جاتا ہے، اور اس کے اثرات کو اپنے میں اس طرح جذب کیا جائے جس طرح ہوا اور پانی کے ذریعہ کسی زمین کے اثرات قبول کئے جاتے ہیں۔ وہاں دین کے کسی ایک جز کا مطالعہ نہ ہو بلکہ اس کے پورے اجزاء کا مطالعہ ہو، صرف عبادات وفرائض ہی کے احکام وآداب نہ سیکھے جائیں بلکہ معاشرت تہذیب واخلاق، معاملہ وگفتگو، سلوک وحسن خدمت ورفاقت ومحبت کا شرعی طریق اور اس کے آداب وضوابط اور سونے کھانے' اٹھنے بیٹھنے کے آداب ومسائل سیکھے جائیں' سیکھے بھی جائیں اور برتا بھی جائے، اسی کے ساتھ دین کے جذبات اور اُمنگیں اور دین کی روح بھی پیدا کی جائے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ اہل دین اور اہل علم اور کم سے کم اہل طلب کی رفاقت ہو جو سب اس مقصد کے لئے جمع ہوئے ہوں۔ سابق ماحول کے اثرات وخیالات سے حتیٰ الامکان دور اور آزاد ہوں اور اتنا وقت گزرے کہ بہت سے وہ منازل ومراحل پیش آجائیں جو انسانی زندگی کے ضروری منازل ہیں اور ان سے متعلق شرعی آداب واحکام بر وقت وبر موقع معلوم ہوں۔

---

دوسری ضرورت یہ ہے کہ اس وقت میں فضائل و مسائل کا مذاکرہ ہو۔ فضائل دینی زندگی کی روح اور اس کی قوت محرک ہیں۔ مسائل ان کے ضوابط و احکام ہیں اور دونوں ضروری ہیں لیکن دونوں میں وہی فرق ہے جو روح اور جسم میں ہے۔

اسی طرح صحابہ کرامؓ کے ان واقعات و حالات کا بھی مذاکرہ ہے جن سے دین کے جذبات اور ولولے پیدا ہوں اور ان کی اقتدا کا شوق ہو۔

مولانا نے تبلیغی سفر میں ان تمام خصوصیات کو جمع کر دیا، ان کی آرزو تھی کہ دین کی تعلیم و تعلم کا یہ عام راستہ جس سے مدارس کے شاہانہ مصارف اور وسیع انتظامات کے بغیر اُمت کے ہزاروں لاکھوں مشغول افراد دین کی ضروری تعلیم اور دینی تعلیم و تربیت کے اعلیٰ نتائج (جن کا اب مدارس میں بھی حصول مشتبہ ہو گیا ہے) حاصل کر سکتے ہیں، عام طور پر کھل جائے اور اسکا رواج پڑ جائے۔ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:

> ''وہ طرز زندگی اگر رائج ہو جائے اور جائیں جا کر بھی اگر یہ راستہ کھل جائے تو اُمت محمدی کے نہایت مشغول رہنے والے اور اپنے مشاغل سے فارغ نہ ہو سکنے والے افراد کو رشد و ہدایت سے پورا پورا حصہ ملنے کا طریق زندہ اور پائیدار ہو جائے گا''۔

دوسرے گرامی نامہ میں فرماتے ہیں:

> ''جس طرح مدارس میں تعلیم اور دین سیکھنے کے لئے مستقل عمریں اس کے لئے خرچ کی جاتی ہیں اسی طرح بڑے استقلال سے اس طرز سے دین محمدی کی تعلیم کے لئے وقتوں کے فارغ کرنے کی اپنے سے ابتداء کریں اور دوسروں کو دعوت دیں، اس کے لئے حوصلوں کو بلند کرنے کی بڑی سخت ضرورت ہے''۔

حقیقت یہ ہے کہ اس مشغول زمانے کے لئے جو غالباً پوری انسانی تاریخ میں اپنے انہماک اور شدت مشغولیت کے اعتبار سے ممتاز ہے، دین سیکھنے کے لئے اس سے زیادہ عام اور قابل عمل طریقہ نظر نہیں آتا کہ پابندی سے یا وقتاً فوقتاً اپنے مشاغل سے وقت نکال کر اور اپنے کو کچھ وقت کے لئے فارغ کر کے ایسے اجتماعات و ماحول میں یا ایسے تبلیغی قافلوں کے ساتھ رہا جائے جو اصول کے مطابق تعلیم و تعلم اور تبلیغ میں مشغول ہوں۔

ایسے سفر میں جو دینی برکات، علمی فوائد، اخلاقی تربیت، اصلاح نفس اور قلب و دماغ پر جو اچھے

اثرات ہوتے ہیں، ان کو تحریر میں لانا مشکل ہے کیفیات و جذبات تو قطعاً تحریر میں نہیں آسکتے۔ ایثار، رفقاء کی خدمت، ادائے حقوق، حسن معاشرت، امارت اور دوسری خدمات کے فرائض کی ادائیگی، ذمہ داری کا احساس، مستعدی، حاضر دماغی، مختلف طبیعتوں اور مزاجوں کے ساتھ گزر، یہ سب اسلامی زندگی کے وہ شعبے ہیں جن کے احکام ہم صرف قرآن و حدیث اور فقہ کی کتابوں میں اور ان کے واقعات صرف سیرت اور تاریخ کے اوراق میں پڑھتے ہیں لیکن مدتوں سے ہماری شہری زندگی کی ساخت ایسی بن گئی ہے کہ ان میں سے بعض بعض چیزوں کی عمر بھر نوبت نہیں آتی ہمیں ان کا کوئی عملی تجربہ نہیں ہے اور بعض اوقات جب ان کا کوئی موقع آجاتا ہے تو ہم ان کے بارے میں ناکام رہتے ہیں، بسا اوقات ایک تبلیغی سفر میں ان سے اکثر یا سب چیزوں کی نوبت آجاتی ہے اور ان کی عملی تعلیم ہو جاتی ہے۔

پھر دین کو عملی طور پر برتنے، مختلف لوگوں کے ساتھ معاملہ کرنے خوش سلیقہ دینداروں اور اہل علم کے ساتھ رہنے اور سیرت نبویؐ اور صحابہ کرامؓ کے حالات کا مطالعہ کرنے سے دین کی حکمت اور سلیقہ کے ساتھ عام عقل اور سلیقہ بھی پیدا ہوتا ہے اور آدمی کا فہم اور ذکاوت حس بھی ترقی کرتی ہے۔ بعض دوستوں کو اپنے رفقاء میں اس ترقی کا احساس ہوا ہے اور انہوں نے خطوط میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

جن اصحاب کو کسی ایسے سفر میں شرکت کا کبھی موقع نہیں ملا، ان کے لئے اس کے تاثرات کا پورا اندازہ کرنا بہت مشکل ہے، ایک سرسری اور معمولی اندازہ کے ایک معمولی سے تبلیغی سفر کی مختصر سی روداد پیش کی جاتی ہے جو ایک گریجویٹ دوست کے خط سے ماخوذ ہے۔ اشخاص کے نام قصداً حذف کر دیئے گئے ہیں۔

> ''4 نومبر ہفتہ کے روز 3 بجے دوپہر جماعت کھڑک پور روانہ ہوئی۔ امیر جماعت ........ صاحب منتخب ہوئے، جماعت 22 افراد پر مشتمل تھی جس میں سوائے ایک جماعت کے باقی تمام علاقہ دار جماعتوں کے نمائندے شامل تھے۔ اس جماعت میں دس افراد تو ایسے تھے جو پہلے (ایک تبلیغی) سفر اختیار کر چکے تھے اور باقی 14 اصحاب کا یہ پہلا تجربہ تھا''۔

کھڑک پور کلکتہ سے 72 میل دُور ہے۔ تھرڈ کلاس اور وہ بھی بمبئی میل کی تھرڈ کلاس میں

تمام جماعت کا (جنگ کے زمانہ میں) نہ صرف سما جانا بلکہ نہایت اطمینان سے سب کو جگہ کامل جانا اس کام کی خاص برکات سے ہے۔

مغرب سے کچھ قبل کھڑک پور پہنچے۔ پلیٹ فارم پر نماز مغرب با جماعت ادا کی گئی، نماز کے بعد جماعت شہر کی طرف روانہ ہوئی۔ شہر میں داخل ہونے سے قبل حسب دستور دُعا مانگی گئی، جامع مسجد میں قیام کی اجازت مسجد کے انتظامی انجمن کے صدر صاحب سے حاصل کی جا چکی تھی، کھانے کا بندوبست......... کے سپرد تھا، تمام جماعت نے اکھٹا کھانا کھایا' نماز عشاء کے بعد دس پندرہ منٹ تک مختصر الفاظ میں جماعت کا مقصد بیان ہوا اور حاضرین سے گشت میں شمولیت کی استدعا کی گئی۔ سونے سے پہلے تمام جماعت نے ''حکایات صحابہ'' میں سے چند صفحے سنے۔

تہجد کی نماز میں اکثر افراد شامل ہوئے۔ وظائف اور اشراق سے فارغ ہو کر جماعت نے مل کر ناشتہ کھایا۔ ناشتہ کے بعد ساڑھے بارہ بجے تک مسلسل تعلیم کا سلسلہ رہا۔ اول میں نے ''الفرقان'' سے مولانا محمد منظور نعمانی کا وہ مضمون جو جمادین میں چھپا تھا پڑھ کر سنایا۔ یہ مضمون تحریک کے تعارف اور جماعت کے لئے ضروری ہدایات کا کافی مصالحہ رکھتا تھا۔ پھر ''حکایات صحابہ'' سے کچھ پڑھ کر سنایا گیا۔ اس کے بعد ہمارے ساتھ.......... کے ایک قاری صاحب تھے، انہوں نے ہر ایک سے سورہ فاتحہ سنی اور تصحیح فرمائی۔ پھر فقہ کی کتاب سے وضو کے فرائض، سنن اور مستحبات یاد کرائے گئے اور سمجھائے گئے۔ اس کے بعد باری باری چند افراد سے جماعت کے چھ نمبر (اصول) سنے گئے اور ضروری تشریح کی گئی، بعد ازاں میں نے اور امیر صاحب نے اپنے سفر دہلی اور میوات کے حالات بیان کئے۔ اس تمام پروگرام میں تقریباً ساڑھے چار بجے گھنٹے صرف ہوئے۔ پروگرام کے ختم ہوتے ہی کھانے کا وقت ہو گیا تھا۔

کھانے کے بعد نماز ظہر پڑھ کر مسجد میں اچھا خاصا اجتماع ہو گیا تھا۔ ان کے سامنے ایک مختصر تقریر میں میں نے گشت کے اصولوں کی تشریح کی اور جماعت گشت کے لئے روانہ ہو گئی تولیت کلام میرے، امیر صاحب اور ......... صاحب کے سپرد ہوئی جماعت کے علاوہ مقامی اصحاب کی کافی تعداد تھی، ہر جگہ تبلیغ الحمد للہ توقع سے بڑھ کر

کامیاب ہوئی، تمام مسلمانوں نے ہماری گزارشات سنیں، گشت کرتے ہوئے ایک دوسرے محلے میں پہنچ گئے، عصر کی نماز وہاں کی مسجد میں پڑھی، نماز کے بعد مختصر تقریر میں انہیں میوات کے انقلاب سے خبردار کیا گیا اور وہاں کے امام صاحب کے تعاون سے جماعت تشکیل پذیر ہوئی۔ اس جماعت کو تبلیغ کا نمونہ دکھاتے ہوئے مغرب کی نماز کے وقت تک جامع مسجد میں پہنچ گئے، مغرب کی نماز میں حاضرین کی کثیر تعداد تھی خصوصاً ان بھائیوں کو دیکھ کر بڑی مسرت ہوتی تھی جن سے گشت کے دوران میں درخواست کی گئی تھی، وہ نہا دھو کر اجلے کپڑے پہنے اپنی نئی زندگی شروع کرنے والے تھے، اللہ تعالیٰ انہیں استقامت بخشے۔ آمین!

نماز کے بعد امیر صاحب مجھ سے تقریر کرنے کو کہا۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ اللہ نے مجھ سے کیا کیا کہلوایا لیکن اس کے فضل سے توقع سے زیادہ اثر ہوا اور خوب جوش پھیلا اور تقریر کے بعد بغیر کسی مزید تحریک کے 25 اصحاب نے اپنے نام تبلیغی جماعت کے لئے پیش کئے۔ انجمن کے صدر صاحب نے بھی اپنا نام پیش کیا اور امیر جماعت منتخب ہوئے۔ **الحمد للہ علی ذلک.**

چونکہ ........... آج کل یہیں مقیم ہیں، انہیں جماعت کو کام پر لگانے اور اصولوں کے مطابق کام کی نگرانی کے لئے مقرر کیا گیا، اجتماع کے بعد دیر تک ملاقاتیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ خداوند کریم ان کے ولولے کو باقی رکھے اور ان کے ارادہ میں استقامت اور برکت دے۔ آمین

کھانے سے فارغ ہو کر جماعت اپنا اپنا سامان اُٹھا کر اسٹیشن آئی اور وہیں پڑ کر سو رہے۔ ساڑھے بارہ بجے گاڑی آئی۔ الحمد للہ اس تنگی کے زمانہ میں بھی ایک ایسا ڈبہ مل گیا جہاں تمام جماعت نہایت اطمینان سے سما گئی اور 4...5 کم عمر افراد کے تو سونے کی بھی جگہ نکل آئی، فجر کی نماز ریل میں سب نے ادا کی اور خداوند کریم نے اس کے لئے تمام سہولتیں مہیا کر دیں۔ پونے آٹھ بجے صبح پیر کے روز واپس پہنچے۔ پلیٹ فارم پر دُعا کرنے کے بعد ایک دوسرے سے معانقہ کے بعد جماعت کے افراد اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے''۔

........................................

## اس سفر کے خاص تاثرات:

1- صاحب نے امارت کے فرائض اس خوبی سے سرانجام دیئے کہ دل باغ باغ ہو گیا۔ میں اب تک جتنی جماعتوں میں شامل ہو چکا ہوں ان سے بڑھ کر کسی امیر جماعت کو مستعد نہیں پایا۔ ریل کے سفر میں ہر فرد کے آرام کا خیال کرنا، باوجود بزرگی کے اپنے سامان کے علاوہ ہر فرد سے اس کا سامان چھیننا، کھانا کھاتے وقت گلاس بھر بھر کر پانی پلانا اور جب تک سب اطمینان سے بیٹھ نہ جائیں کھانے پر نہ بیٹھنا ریل میں نماز کے وقت اپنے ہاتھ سے سب کو وضو کرانا، وضو کرتے وقت انگلیوں کے خلال اور دیگر سنن و مستحبات کی طرف توجہ دلانا، سونے والوں کی حفاظت کا خیال کرنا، ذکر کی کثرت کی تلقین کرتے رہنا، غرض کیا کیا شمار کروں، خدمت کا ایسا معیار....... صاحب نے پیش کیا کہ اس معیار پر کسی اور (ہم میں سے) کا پورا اترنا بہت مشکل معلوم ہوتا ہے اور اس سفر کا سب سے بڑا تاثر دنیوی اور مالی اور عمر کی حیثیت سے ہم میں سے سب سے بڑے (فرد کا اس طرح اپنے آپ کو سب کا خادم ثابت کرنے کی سعی کرنا تھا۔ اللہ تعالیٰ اس جذبہ خدمت کی وجہ سے ان پر اپنی خاص رحمتیں نازل فرمائے۔

2- امیر صاحب کے بعد ........... صاحب نے اپنی شخصیت سے ہم کو متاثر کیا۔ ہر وقت کے کھانے چائے، ٹکٹ وغیرہ کا سب انتظام آپ نے نہایت بہترین طریقہ پر کیا، سب اخراجات اپنی طرف سے کئے اور سفر کے بعد ہر ایک صاحب کو اس کا مفصل بل ٹرام کا بھاڑا ریل کا ٹکٹ، چائے، کھانے وغیرہ کا خرچ اس کے حساب کے مطابق پیش کیا اور رقم وصول فرمائی۔ وہ چستی، طاقت اور انتظامی امور کی اہلیت کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے جذبہ میں مزید ترقی فرمائے۔

3- جو اصحاب پہلے سے کسی سفر میں شامل نہیں ہوئے تھے بیک زبان کہہ رہے ہیں یہ اوقات ان کی زندگی کے بہترین اوقات تھے اور ایسی صحبت اور ایسی خوشی انہیں اپنی عمر میں کبھی نصیب نہیں ہوئی۔

اس تعلیم و تعلم کے خاکہ میں ترقی کی بڑی گنجائش ہے، مولانا اس کو اتنا جامع اور مکمل دیکھنا چاہتے تھے کہ ہر دینی و علمی سطح کے لوگوں کو اپنی تربیت و ترقی کا پورا موقع مل سکے۔ ان کے ذہن میں اہل علم کے لئے الگ خاکہ تھا جو ان کے مناسب حال اور ان کی علمی سطح کے مطابق ہو۔ ایک گرامی نامہ فرماتے ہیں:

''اہل علم کے لئے عربیت، صحابہ کے کلام، اعتصام بالکتاب والسنتہ اور نشر دین کی تحریص کے مضامین جمع کرنے کی خصوصی اور بہت اہتمام سے غور کی ضرورت ہے۔ علمی طبقہ کے لئے اس کے تیار ہونے کی بہت شدید ضرورت ہے اس کے بغیر اس تحریک میں لگنے میں عملی ٹھیس اور نا قابل انجبار شکستگی اور کسر کا قوی خطرہ ہے اور اسی کی خوبی اور کمی پر علمی طبقہ کا نہوض اور تعوذ مبنی ہے۔ اس لائن میں بندہ ناچیز کے دماغ میں کچھ ایسے ایسے خیالات ہیں کہ قبل از وقت ہونے کی بنا پر زبان سے نکالنے کو جی نہیں چاہتا''۔

حقیقت میں اس پورے نظام دعوت تعلیم میں بڑی ترقی و تنظیم کی گنجائش ہے اور اس میں زمانے کے ساتھ چلنے اور مخالف دینی تحریکات اور دعوتوں کا مقابلہ کرنے اور عوام کے لئے ان کا بدل بننے کی بہترین صلاحیت ہے، اہل نظر جانتے ہیں کہ اس وقت کی لادینی تحریکات کی سب سے بڑی قوت یہ ہے کہ وہ عوام سے براہ راست رابطہ پیدا کرتی ہیں۔ ان کے اپنے اصول پر تربت کرتی ہیں،۔ ان کے داعی لوگ ہیں، سرگرم و متحرک ہیں، ایثار و قربانی کی روح رکھتے ہیں' اپنے مقاصد کی خاطر ہر قسم کی مشقتیں برداشت کرتے ہیں' ان کے پاس عوام کو مشغول رکھنے کے لئے کام ہے، یہ تمام پہلو اس وقت کی مضطرب بے چین طبیعتوں کے لئے مقناطیس کی سی کشش رکھتے ہیں۔ ان لادینی تحریکات کا مقابلہ کرنے کے لئے نہ صرف نظری فلسفے موزوں ہیں، نہ کاغذی خاکے، نہ محض دلائل و براہین اور نہ محض وہ دعوتیں جو خواص کے دائرے میں محدود ہیں اور عوام کو خطاب کرنے اور ان کو کام میں لگانے کے لئے انکے پاس کچھ نہیں، (یہ لادینی (یا کم سے کم خالص مادی) تحریکیں تمام دنیا میں آگ کی طرح پھیل رہی ہیں اور ان کی سرنگیں تمام دنیا میں بچھی ہوئی ہیں'' ان تحریکات کا مقابلہ صرف وہ دینی تحریک کر سکتی ہے جو عوام سے ربط و تعلق پیدا کرنا ضروری سمجھتی ہو۔ اس کے کارکن کسی طبقہ کو نظر انداز نہ کریں، وہ غریب کا کوئی جھونپڑا، کسان کا کوئی کھلیان نہ چھوڑیں، کارگاہوں میں جائیں، بیٹھکوں اور چوپالوں میں بھی اپنا خطاب کریں ان میں سرگرمی و حرکت، جفاکشی اور سخت جانی، کسی دعوت و تحریک کے پُر جوش کارکنوں سے کم نہ ہو اور خیر خواہی و دل جوئی اور سوز و دردمندی ان سے کہیں زائد ہو اس لئے کہ وہ صرف ان کی معاشی حالت بلند کرنا چاہتے ہیں اور ان کو صرف ان کی ظاہری پست حالی کا درد ہے لیکن اس دعوت کے کارکنوں کا کام اس سے کہیں زیادہ بلند اور وسیع ہے، ان کو اس خدا فراموش بہیمانہ زندگی کا درد ہے جس میں اللہ کی یہ مخلوق پڑی ہوئی ہے، انکو ان کی دینی، اخلاقی، روحانی اور ذہنی سطح بلند کرنی ہے۔ ان میں انسانیت، اسلامی شائستگی اور علم کا شوق پیدا کرنا ہے، وہ بالکل بے غرض قسم کے انسان ہوں جو اپنا بار خود اُٹھائیں اور کسی پر بار نہ ہوں، ان کے پاس تہذیب و شائستگی، اخلاق اور تعلیم کے

مقاصد ونتائج پیدا کرنے کے لئے زیادہ سہل اور قابل عمل طریقے ہوں جو بغیر کسی صرف کے بہتر نتائج واثرات پیدا کرسکیں۔ پھر وہ ان کو وہ کام سپرد کریں جوان کو مشغول کرے اور کبھی ختم ہونے والا نہ ہو یعنی دوسروں میں اسی کی کوشش کرنا جو دوسروں نے ان میں کی، ان کے پاس ایسا کام اور نظام ہو جو امت کے مختلف طبقات میں ربط وتعاون پیدا کرے، مقصد کا اشتراک، ایک جگہ کا اجتماع سفروں کی رفاقت، باہمی خدمت واعانت، ایک دوسرے کے لئے ایثار، ان میں الفت و محبت پیدا کرے، کوئی ایسا راستہ ہو جس میں نوجوان اپنی قوت عمل صرف کرسکیں کہ یہ ان کے لئے فطری طور پر ضروری ہے۔ اگر ان کو صحیح کام نہ ملا تو وہ غلط راستہ پر پڑ جائیں گے۔

مولانا محمد الیاسؒ نے جو چیز پیش کی ہے اس میں یہ تمام خصوصیات موجود ہیں اور اس کے خاکہ میں اس سے زیادہ گنجائش ہے، وہ کوئی وحی وتنزیل نہیں ہے، قرآن وحدیث کے فہم سیرت وصحابہ کرامؓ کے حالات وواقعات کے علم، اصول دین سے گہری واقفیت اور خداداد بصیرت وحکمت دین کے ماتحت انہوں نے اس زمانہ میں کام کا ایک طرز پیش کیا اور قرآن وحدیث کے گہرے مطالعہ اور اپنے طویل تجربہ کی بناء پر اس کے کچھ اصول وضوابط مقرر کئے جو سب قرآن وحدیث سے ماخوذ ہیں اور تجربہ کے بعد معلوم ہوا کہ صدہا مصلحتوں پر مبنی ہیں، اب ضرورت صرف اس کی ہے کہ اللہ نے جن لوگوں کو علم دین، خلوص اور عقل وفہم کی دولت بخشی ہے اور اس زمانہ سے بھی بے خبر نہیں ہیں وہ اس کی طرف توجہ فرمائیں اور اپنے جوش عمل، قوت تنظیم، سلیقہ خداداد، اصول کی پابندی اور اللہ سے ربط وتعلق کے ذریعہ اس کو ترقی دیں۔

خطرات سامنے ہیں، لادینی تحریکات جس قوت وسرعت کے ساتھ پھیل رہی ہیں اور جو وسعت وعمومیت اختیار کر رہی ہیں اور مذہب اور اہل مذہب کے لئے ان کی طرف سے جو خطرہ ہے وہ اب کسی کے لئے راز نہیں۔ اگرچہ ہمارے دینی وعلمی حلقوں میں ابھی اس خطرہ کا پورا احساس نہیں اور عمومی دعوت عمومی تعلیم وتربیت اور عمومی حرکت وجدوجہد کی طرف پوری توجہ نہیں۔

جو راز ے کدہ میں ہے اک اک زبان پر
افسوس مدرسہ میں ہے بالکل نہاں ہنوز

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ اَحْسَنَه
اُولٰئِکَ الَّذِيْنَ هَدَاهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰئِکَ
هُمْ اُولُو الْاَلْبَابِ ٥

۞